خسرو اور اقبال

فارسی غزلیات اور منظوم اردو تراجم



شامِ غریب
منتخب کلام شیدائی

مترجم:
ڈاکٹر خالد حمید شیدا (ایم ڈی)

سوچ


کلیاتِ غالب

سوچ

صبا ڈی

نئی دہلی
۶

خسرو اور اقبال

ڈاکٹر خالد حمید شیدا

سورج پبلشنگ بیورو

2/12- میاں چیمبرز، 3- ٹمپل روڈ، لاہور- پاکستان۔
E-mail: surajquarterly@yahoo.com 7146970 :فون

معیار کی علامت

سورج

وہ کتاب جو آپ پڑھنا چاہتے تھے۔

U
891
KSSKI

جملہ حقوق بحقِ مترجم محفوظ

- کتاب : خُسرو اور اقبال
- ناشر : حُر حامیم
- اشاعت : اکتوبر 2008
- مطبع : شرکت پرنٹنگ پریس، لاہور
- قیمت : 400 روپے
  بھارت 500 روپے
  دیگر ممالک 40 امریکی ڈالر

خُسرو اور اقبال

اہلِ نظر کی آراء

- **محسن بھوپالی**

خسرو جیسے عظیم و باکمال شاعر کے اشعار کو اردو میں منتقل کرنے کی سعادت حاصل کرنے پر خالد حمید شیدا جتنا ناز کریں بجا ہے اور ان اشعار کی تفہیم کو سہل بنانے پر قارئین کرام خالد حمید شیدا کو جس قدر بھی داد دیں کم ہے۔

- **ڈاکٹر محمد علی صدیقی**

اگر ڈاکٹر خالد حمید شیدا اسی طرح فارسی کے دیگر اہم شعراء مثلاً عطار، سنائی، جامی اور عرفی کے کلام کے منتخب نگینے اردو میں تراشتے رہے تو اردو زبان کا دامن وسیع تر ہوتا چلا جائے گا۔

- **ڈاکٹر رشید امجد**

ڈاکٹر خالد حمید شیدا کے تراجم کی یہ خوبی ہے کہ انھوں نے امکان بھر کوشش کی ہے کہ اصل کے قریب تر رہتے ہوئے اردو زبان کی سلاست و روانی بھی برقرار رکھیں جن کی وجہ سے ان کے تراجم پڑھتے ہوئے احساس نہیں ہوتا کہ یہ ترجمہ ہے۔

- **ڈاکٹر قراۃ العین طاہرہ**

ڈاکٹر خالد حمید شیدا ترجمہ یوں کرتے ہیں کہ اصل تخلیق سے اس کا رشتہ برقرار رہتا ہے، کہیں کوئی خلیج، کوئی دراڑ دکھائی نہیں دیتی، انھوں نے جس جگر کاوی، جاں فشانی اور لگن سے کام کیا ہے اس کا اعتراف نہ کرنا ادبی بددیانتی ہو گی۔

- **ڈاکٹر تنظیم الفردوس**

ڈاکٹر خالد حمید شیدا تعریف کے مستحق ہیں کہ دیارِ غیر میں بیٹھ کر نہ صرف اردو میں نظم و نثر تخلیق کر رہے ہیں بلکہ اردو کے اصل مراکز سے بہت دور ہو جانے کے بعد بھی وہ اردو پر فارسی کے کلیدی اثر کے قائل ہیں۔ نہ صرف قائل ہیں بلکہ اس اثر کے عملی اظہار کی صورت پیدا کرنے کے لیے فارسی منظومات کا اردو ترجمہ کرنے میں بھی مصروف ہیں۔

عرضِ شیدائی

تصور صاحب سے میں نے بہت کہا کہ حضور والا: عاشقان کشتگانِ معشوق اند، بر نیاید زکشتگاں آواز، مگر وہ نہ مانے اور فرماتے رہے کہ اے عاشقِ شیدائی تیری کہانی تیری ہی زبانی سنی جائے گی۔ ناچار بسم اللہ کر کے قلم اٹھانا پڑا۔

میری اچھی بہن بشریٰ انیس کو شاید زیادہ معلوم ہو مگر میں جو جانتا ہوں اس کے حساب سے تو میرا شجرۂ نسب صرف میرے دادا ڈاکٹر عنایت خان تک پہنچتا ہے۔ انھوں نے لاہور سے ڈاکٹری کی تھی اور کافی عمر فوج میں گزاری تھی مگر بعد میں کوچہ چیلاں دہلی میں ایک چماروں کے کٹھڑے میں آکر بیٹھ گئے تھے۔ وہیں رہتے تھے اور طبابت بھی کرتے تھے جس میں خدمت خلق زیادہ تھی اور معاش کم۔ ان کا جب انتقال ہوا تو میرے والد مولانا عبدالحمید خاں کی عمر صرف آٹھ سال تھی۔ ناداری کی بنا پر دن بھر مزدوری کرتے تھے مگر کیونکہ فراقِ پدر سے پہلے پڑھنا لکھنا سیکھ لیا تھا۔ رات پڑھائی لکھائی میں گزارتے تھے۔ استاد کوئی میسر نہ تھا مگر ہمت خداداد تھی۔ آہستہ آہستہ علم و فضل حاصل کرتے رہے اور ایک وقت ایسا آیا کہ وہ علم اسلامی پر حاوی ہو گئے اور کیونکہ ان کا رسالہ ''مولوی'' ہندوستان کا مقبول ترین جریدہ بن گیا تھا۔ ساری دنیا کے اردو دان مسلمانوں میں ان کی شہرت ہو گئی۔

میری پیدائش ۱۹۲۹ء میں کوچہ چیلان دہلی میں چماروں کے کٹھڑے میں ہوئی تھی وہیں بچپن بھی گزرا مگر تعلیم و تربیت اینگلو عربک ہائی اسکول میں ملی۔ میٹرک پاس کیا تو والد محترم نے پوچھا کہ بیٹا کیا بنو گے۔ میں نے فوراً کہا وکیل۔ سنتے ہی چہرے کا رنگ بدل گیا اور فرمایا وکیل جھوٹ بولتے ہیں تم ڈاکٹر بنو گے اور خدمتِ خلق کرو گے۔ میں نے جا کر اپنے اسکول کے سائنس کے ماسٹر صاحب سے مشورہ کیا تو انھوں نے فرمایا کہ تو نے اسکول میں سائنس نہیں پڑھی ہے تو

میرے والد محترم کو فارسی عربی پر عبور تھا جس کی وجہ سے فارسی سے میرا بچپن ہی میں تعارف ہو گیا تھا اور پھر علی گڑھ میں میرے اُستادِ مہرباں حضرت معین احسن جذبی نے اس کی نشو و نما کی

ڈاکٹر کبھی نہیں بن سکتا۔ اس کے باوجود کیونکہ فرمان پدری حکم خداوندی سے کچھ تھوڑا سا ہی کم ہوتا ہے میں نے ڈاکٹری کا قصد کر لیا اور ۱۹۴۴ء میں علی گڑھ چلا گیا ۱۹۴۷ء میں چونکہ میری والدہ اور بہن بھائی پاکستان آ گئے تھے میں نے بھی علی گڑھ چھوڑ کر لاہور میں پناہ لی۔ وہاں خوش قسمتی سے کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں داخلہ مل گیا اور ۱۹۵۳ء میں ڈاکٹر بن گیا اور فرمانِ پدر بجا لایا۔ پورا نہیں آدھا۔ خدمت اپنی ہی کی۔ خلق کی نہیں۔ اس زمانے میں ہر ڈاکٹر کے لیے ملکی ملازمت لازم تھی۔ کیونکہ سپاہ گری میرا آبائی پیشہ تھا اور فوج میں خطرۂ جاں کے باوجود پیسے اچھے تھے میں فوجی بن گیا۔

۱۹۵۷ء میں "ملکی خدمت" پوری کرنے کے بعد ایک نئی چراگاہ کی ضرورت ہوئی۔ کیونکہ برطانوی آفتاب غروب ہو رہا تھا اور امریکہ کی دنیا میں بادشاہی تھی۔ فطرتاً میں نے امریکہ کا رخ کیا۔ خوش قسمتی سے مجھے ایک دوست کی مدد سے یہاں ایک تعلیمی نوکری مل گئی اور میں امریکہ چلا آیا۔ بس اب پچاس سال سے یہاں پر ہی ہوں گو درمیانی دس سال کینیڈا میں گزرے۔ آجکل ہیوسٹن ٹیکساس میں مقیم ہوں۔ یہاں ایک قبر خرید لی ہے اور اسی میں دن رات ٹانگیں لٹکائے بیٹھا رہتا ہوں۔

مجھے یقین ہے آپ سوچ رہے ہوں گے کہ اس قدر نالائق آدمی کا اردو و فارسی ادب و عبارت اور شعر و شاعری، سے کیا تعلق ہو سکتا ہے۔ بات آپ کی ٹھیک ہے مگر آدھی۔ یہ صحیح ہے کہ میں نے ۶۴ سال کی عمر سے پہلے ذرا بھی تک بندی نہیں کی اور فارسی تو کیا پچاس سال سے اردو تک نہیں بولی اور فارسی میں نے صرف اسکول ہی میں پڑھی تھی مگر میرا مزاج بچپن ہی سے عاشقانہ تھا۔ دو سال کی عمر میں میرے والدین مجھے لیلیٰ مجنوں کا تھیٹر دیکھنے لے گئے تھے۔ وہاں مجنوں نے کئی فارسی کی غزلیں گائی تھیں جو مجھے ازبر ہو گئی تھیں اور میں روز و شب گاتا پھرتا تھا۔ سر مستم و مدہوشم دیوانہ، منزل ام۔ گو فارسی میں نے تھوڑی سی اسکول میں پڑھی تھی میرے والد محترم کو فارسی عربی پر عبور تھا جس کی وجہ سے فارسی سے میرا بچپن ہی میں تعارف ہو گیا تھا اور پھر علی گڑھ میں میرے اُستادِ مہرباں حضرت معین احسن جذبی نے اس کی نشو و نما کر دی تھی۔ لیکن اس کے بعد خلاص۔

بڑھاپے میں جب بے روزگاری کا خوف بڑھنے لگا تو بچپن یاد آیا اور میں نے اردو فارسی کی شاعری کا رخ کیا۔ حافظ سے مجھے لڑکپن سے لگاؤ تھا ۶۴ سال کی عمر میں جب پھر انھیں

حافظ کے ترجمے کے بعد جناب جمیل الدین عالی نے فرمایا کہ میں غالب کا رخ کروں اور اسلم فرخی صاحب نے خسروگی دعوت دی



عرضِ شیدائی

تصور صاحب سے میں نے بہت کہا کہ حضور والا: ما شمار
ز گزشتگان آواز۔ مگر وہ نہ مانے اور فرماتے رہے کہ اے
بیانی تیری بھی زبانی سنی جائے گی۔ ناچار بسم اللہ کر کے قلم اٹھانا پڑ

میری اچھی بہن رشتہ کی نفیس کو شاید زیادہ معلوم
صاحب سے تو میرا شجرۂ نسب صرف میرے دادا ڈاکٹر عنایت
پور سے ڈاکٹری کی تعلیم اور کوئی عمر فوج میں گزاری تھی مگر ریٹا
ایک چار دن کے کشمیر میں آ کر بیٹھ گئے تھے۔ وہیں رہتے تھے
ں میں خدمتِ خلق زیادہ تھی اور معاش کم۔ ان کا جب انتقال
بد الحمید خاں کی عمر صرف آٹھ سال تھی۔ ناداری کی بنا پر دن بہ
ہور سے پیسے پڑھنا لکھنا سیکھ لیا تھا۔ رات پڑھ ڈالی کہ دوران میں گا
فکر بہت خداداد تھی۔ آہستہ آہستہ علم و فضل حاصل ک
وہ علم اصلاحی پر حاوی ہو گئے اور کیونکہ ان کا رسالہ
ک جریدہ بن گیا تھا۔ ساری دنیا کے اردو دان حس

میری پیدائش ۱۹۲۹ء میں کوچہ چا
بچپن گزرا مگر تعلیم و تربیت رنگون
کہ شادی کر کے منتقل ہو گئے میں نے ف

پڑھنے بیٹھا تو سوچا کہ ان کا تو اردو میں بھی آسانی سے منظوم ترجمہ کیا جاسکتا ہے بس اس میں لگ گیا۔ ترجمہ کردہ غزلیات کچھ پاکستان بھیجیں تو وہاں لوگوں کو پسند آئیں اور اس سلسلے میں محترم شبنم رومانی مدیر ''اقدار'' نے میری پذیرائی کی اور بہت ہمت بڑھائی۔

یک نہ شد دو سہ چہار شد۔ حافظ کے ترجمے کے بعد جناب جمیل الدین عالی نے فرمایا کہ میں غالب کا رخ کروں اور اسلم فرخی صاحب نے خسرو کی دعوت دی۔ اسی دوران میں بے نظیر کے عہد میں ان کے بھائی کو قتل کر دیا گیا اور اس پر میں نے تڑپ کر زندگی کی پہلی غزل لکھی جس میں کہا ''دم جو بھرتے ہیں مہر و الفت کا۔ قاتلِ بے نظیر ہوتے ہیں''۔

حال ہی میں میرے شفیق بہنوئی پروفیسر ڈاکٹر انیس الرحمان، سابق مشیر منصوبہ بندی اقوام متحدہ جن کی مسلسل مدد اور ہمت افزائی کے بغیر میں ہرگز ہرگز جو کچھ بھی میں نے کیا۔ نہ کرسکتا تھا جب عرب سے نوکری ختم کر کے لاہور واپس آئے تو تصور صاحب سے ان کی ملاقات ہوئی۔ جب تصور صاحب کو یہ معلوم ہوا کہ میں نے غالب کی فارسی غزلیات کا منظوم ترجمہ کیا ہے تو انھوں نے مجھ پر نظر کرم فرمائی اور پہلا خالد حمید شیدا نمبر وجود میں آیا جس میں غالب پر زور تھا۔ کثیر تعداد میں چھپوایا تھا جو غالباً غالب کی وجہ سے لوگوں نے ہاتھوں ہاتھ لیا اور تین ماہ کے اندر اندر ختم ہو گیا۔

بے روزگاری کے خوف نے مجھے تک بندی سکھائی تھی اور میں نے فارسی غزلوں کا اردو ترجمہ کرنا شروع کردیا تھا۔ یہ سوچ کر کہ مصروف دیکھ کر شاید ملک الموت مجھے مہلت دے دے۔ اور میں یہ کام ختم کر جاؤں۔ مگر یہ میرا خیال خام تھا، ملک الموت کی بے اعتنائی کا سبب میرا کام نہیں اس کی اپنی ہی مصروفیات تھیں یا شاید کاتبِ تقدیر کی شوخیِ تحریر۔ بہر حال اردو تراجم ختم ہونے کے بعد کئی سال اس کا انتظار رہا اور جب وہ آ کر نہیں دیا تو مجبوراً انگریزی کا رُخ کیا۔ آج کل فارسی غزلوں کا انگریزی ترجمہ کر رہا ہوں۔ خسرو اور حافظ کی پہلی سو سو غزلوں کا ترجمہ کردیا ہے۔ جو میں آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اس کتاب میں خسرو کی سو غزلوں کا ترجمہ شامل ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف۔

۸۔ اکتوبر ۲۰۰۸ء

خالد حمید شیدا

۲۲۰۸ پائن کریک ڈرائیو
فرینڈز ووڈ، ٹیکساس، یو ایس اے

ڈاکٹر خالد حمید شیدا

والد محترم
حضرت مولانا عبدالحمید خان

والدہ ماجدہ
الطاف جہاں بیگم



ڈاکٹر خالد حمید شیداؔ، بیگم شیدا اور چھوٹا بیٹا آدم حمید مع اہل وعیال

بڑا بیٹا یوسف حمید مع اہل و عیال

ڈاکٹر خالد حمید شیدا
کے فنِ ترجمہ نگاری کا ایک اور شہ پارہ

کُلیاتِ غالب

دیوانِ غالب (اردو) اور فارسی غزلیات

شامِ غریب

کلامِ شیدا کا خوبصورت مجموعہ، نئی غزلیات کے ساتھ

- 800 سے زائد صفحات
- نفیس طباعت
- مضبوط جلد

قیمت 400 روپے

- بھارت: 500 روپے
- دیگر ممالک: 40 امریکی ڈالر

کلیاتِ غالب
کلیاتِ غالب
کلیاتِ غالب

سورج پبلشنگ بیورو
2/12، میاں چیمبرز، 3 ٹمپل روڈ، لاہور۔ فون: 7146970, 92-42-6280305
surajquarterly@yahoo.com

بشریٰ انیس الرحمٰن

میرے بھائی

یوں تو اپنے نجی احساسات اور جذبات کو قلم کے سپرد کرنا ویسے ہی بڑا مشکل کام ہے۔ لیکن جب معاملہ اپنی کسی بہت ہی عزیز ہستی سے متعلق ہو تو سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا لکھوں اور کیسے لکھوں۔ افسانہ ہو یا کہانی۔ تنقید ہو یا فکاہیہ۔ اُن میں جذباتی وابستگی ایک حد تک ہی ہوتی ہے مگر یہاں تو اپنے ہی بخیے اُدھیڑنے پڑیں گے اور وہ بھی بھائی کے حوالے سے۔ خدا کرے میں اپنے ساتھ اور اُن کے ساتھ انصاف کرسکوں۔

بھائی کی شخصیت کے ارتقاء میں اُن کے خاندانی پسِ منظر اور تربیت کا بہت دخل رہا ہے۔ ہمارے پردادا فقیر محمد خاں، ''گویا'' تخلص فرماتے تھے اور میرے چچا نے ایک دفعہ مجھے ان کے ایک دو شعر بھی سنائے تھے۔ پٹھانوں کا یہ یوسف زئی قبیلہ کسی مغل بادشاہ کے زمانے میں کابل سے ہندوستان آیا تھا اور پیشہ سپہ گری سے منسلک تھا۔ ہمارے جد امجد بھی مرزا غالبؔ کی طرح اسی پیشہ سے منسلک تھے۔ ننھیال کی طرف سے ہمیں سادات ورثے میں ملی ہے۔ اور شجرۂ نسب امام حسن (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے جا ملتا ہے۔ آباو اجداد تبلیغ کے سلسلے میں غالباً بخارا سے تشریف لائے تھے۔ خدا جانے یہ سیّدوں اور پٹھانوں کا آگ اور پانی والا میل کیسے ہوا۔ بہرحال ہمارا وجود اسی کا مرہون منت ہے۔

ہمارے دادا ڈاکٹر عنایت خان پیشے کے لحاظ سے تو ڈاکٹر ہی تھے مگر فارسی اور عربی پر مکمل عبور حاصل تھا۔ سنا ہے قرآن حکیم کا اردو میں منظوم ترجمہ کرنے کے دوران ہی وفات پائی۔ میرے والد کی کم عمری میں ان کے انتقال کی وجہ سے ہمارے پاس ان کی کوئی تحریر موجود نہیں۔ صرف روایات موجود ہیں۔ میرے چچا جنھیں خواجہ حسن نظامی نے غزآلی لقب دیا تھا اسی تخلص سے شعر کہتے تھے ان کے ایک شعر کا مصرع مجھے آج تک یاد ہے:

ایک غزای آنکھ والا زینتِ آغوش تھا

بھائی کی شخصیت کے ارتقاء میں اُن کے خاندانی پسِ منظر اور تربیت کا بہت دخل رہا ہے

ہمارے والد مولوی عبدالحمید خان زندگی بھر صحافت سے منسلک رہے اور اسلام کی تبلیغ کو حاصل زندگی سمجھا۔ وہ عربی اور فارسی کے عالم تھے اور بقول بھائی بچپن میں انھوں نے ہی بھائی کی فارسی کی اصلاح کی۔

میرے والد کی ذہنی تربیت نوعمری میں مولانا محمد علی جوہرؔ کے زیر سایہ ان کے اردو روزنامے ''ہمدرد'' میں کام کرنے سے شروع ہوئی۔ ۱۰ سال کی عمر میں یتیم ہونے والے بچے کو قدرت نے اس کے صحیح مقام تک پہنچا دیا تھا۔ پھر خواجہ حسن نظامی اور ملا واحدی کی صحبت رہی جنھوں نے ان کے صحافت کے شوق کو پروان چڑھایا۔ میرے والد اور چچا کی زندگی تک ہمارے خاندانوں کے تعلقات قائم رہے۔ اب تو سب ہی اِدھر اُدھر بکھر گئے ہیں اور دلی کے یہ روایتی خاندان اب روایت ہی بنتے جا رہے ہیں۔ ملا واحدی میرے والد کے بہت قریبی رفقاء کار میں سے تھے۔ غالباً انھی کے زیرِ اثر میرے والد نے اپنا رسالہ ''مولوی'' نکالا اور پھر پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ ان کا یہ رسالہ جو زندہ مذہب، زندہ سیاست اور زندہ تہذیب جیسے عنوانوں سے مزین تھا اس زمانے میں برصغیر کے مسلمانوں کی آواز اور صفِ اول کے جریدوں میں شامل تھا۔ قرآن کریم، سیرت رسول ﷺ اور حدیثوں کی اشاعت کا کام جس جانفشانی اور محنت سے انھوں نے دہلی میں شروع کیا تھا وہ پاکستان کے وجود میں آنے تک ایک بڑے ادارے میں تبدیل ہو چکا تھا۔

ہمارے والد بے حد روشن خیال اور تعلیم نسواں کے دل سے حامی تھے۔ انھوں نے اپنی لڑکیوں کی تعلیم کو بھی اتنی ہی اہمیت دی جتنی اپنے لڑکوں کی اور رسول کریم ﷺ کی حدیث پر عمل کرتے ہوئے واقعی انھوں نے ہمیں چین تو نہیں لیکن امریکہ اور یورپ ضرور پڑھنے کے لیے بھیجا۔ اور اس سلسلے میں کسی کی پرواہ نہیں کی۔ میری سب سے بڑی بہن کو انھوں نے ۱۹۴۱ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں FSc کے لیے بھیجا (وہ بھائی سے عمر میں ۶ سال بڑی تھیں) ۱۹۴۳ء میں جب وہ دہلی کے لیڈی ہارڈنگ میڈیکل کالج میں داخل ہوئیں تو خاندان میں تہلکہ مچ گیا کہ یہ کیسے مولوی ہیں جو لڑکی ذات کو اتنی آزادی دے رہے ہیں۔ ہماری سب سے بڑی بہن خاندان کی پہلی لڑکی تھیں جنھوں نے ۱۹۴۹ء میں ایم بی بی ایس کرنے کے بعد پاکستان ایئرفورس میں اپنا مستقبل تلاش کیا اور فلائیٹ لیفٹیننٹ کے عہدے پر فائز ہوئیں۔

بھائی سے چھوٹے بھائی زاہد K.D.A سے چیف انجینئر کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ ان سے چھوٹی بہن بھی ڈاکٹر ہیں جو امریکہ سے پبلک ہیلتھ میں ماسٹرز کرنے کے بعد پاکستان کے

ہمارے والد بے حد روشن خیال اور تعلیم نسواں کے دل سے حامی تھے

خاندانی منصوبہ بندی کے محکمے سے وابستہ رہیں اور ڈائریکٹر جنرل کے عہدے سے ریٹائر ہو کر آغا خان میڈیکل یونیورسٹی سے منسلک ہو گئیں۔ میں نے اپنے تین بہن بھائیوں اور دو بہنوئیوں کی ڈاکٹری سے گھبرا کر کسی نئے شعبے کی تلاش میں Town Planning اس لیے پسند کی کہ مشرقی اور مغربی پاکستان کی پہلی Town Planner لڑکی کہلا سکوں۔ میں پہلی تو نہیں مگر پہلی چار لڑکیوں میں ضرور شامل ہو گئی۔ اس سلسلے میں Athens (Greece) سے فارغ التحصیل ہو کر پہلے حکومت پنجاب میں ڈپٹی ڈائریکٹری کی اور پھر امریکہ میں ڈائریکٹری کرتی رہی۔ مجھ سے بڑی اور چھوٹی بہن نے گھر اور بچوں کی دیکھ بھال ہی میں عافیت سمجھی۔ سب سے چھوٹا بھائی ماجد کیمیکل انجینئر ہونے کے ناطے امریکہ میں Exxon سے منسلک ہے اور دس بارہ سال International Assignments بھگتا کر اب امریکہ ہی میں ہے۔

ہم بہن بھائیوں کے اس وقت تک ماشاء اللہ ۹ لڑکے اور لڑکیاں امریکہ سے میڈیکل کے مختلف شعبوں میں Specialise کرنے کے بعد وہاں مختلف ہسپتالوں میں کام یا پریکٹس کر رہے ہیں۔ بقیہ ۵ بچے امریکہ ہی میں اعلیٰ تعلیم کے بعد انجینئرنگ اور کمپیوٹر کے شعبوں سے وابستہ ہیں اور دو تین بچے ابھی تعلیمی مراحل طے کر رہے ہیں۔ بہت دل چاہتا ہے کہ یہ سب بچے کبھی پاکستان واپس آ کر اپنے ملک کو وہ سب کچھ واپس کر سکیں جو ان کے ماں باپ کو پاکستان کی وجہ سے ہی نصیب ہوا۔

بھائی کو ان کے نام کے ساتھ نہ میں نے کبھی مربوط کیا اور نہ پہچانا۔ دنیا کے لیے وہ خالد حمید یا ڈاکٹر خالد حمید ہوں گے۔ میرے لیے تو وہ صرف ''میرے بھائی'' ہیں۔ ان کا ذکر میں کہاں سے شروع کروں۔ اب لکھنے بیٹھی ہوں تو اس حقیقت کا انکشاف بھی ہوا ہے کہ وہ تو ہمیشہ ہی سے میری زندگی کا ایک حصہ رہے ہیں۔ یہ ایک عام بہن بھائی کا رشتہ کبھی نہیں رہا۔ وہ بچپن سے لے کر اب تک میرے آئیڈیل رہے ہیں۔ ساری عمر اپنے آپ کو ان کی کسوٹی پر پرکھا۔ دانستہ یا نادانستہ ہمیشہ ان کی خوشنودی اور ستائش ہی تلاش کرتی رہی اور اب بھی یہ حال ہے کہ چاہے میں ان کے کسی مشورہ پر عمل نہ بھی کروں لیکن ذہن کے کسی گوشے میں وہ ہمیشہ مجھے پریشان کرتا رہتا ہے۔ میرے بچے ان کے لیے میرے اس جذباتی انحصار پر بہت نالاں رہتے ہیں لیکن یہ صرف میری ہی کمزوری نہیں ہے بلکہ یہ ان کی شخصیت کا وہ طلسم ہے جس نے سب بہن بھائیوں کو کسی نہ کسی حد تک اپنی گرفت میں لے رکھا ہے۔

بچپن کی ساری یادیں بھائی سے شروع ہو کر بھائی پر ہی ختم ہو جاتی ہیں۔ وہ ہم موجودہ

بچپن کی ساری یادیں بھائی سے شروع ہو کر بھائی پر ہی ختم ہو جاتی ہیں

سات بہن بھائیوں میں سب سے بڑے ہیں۔ بچپن ہی سے بے حد ذہین تھے۔ ۱۳ سال کی عمر میں میٹرک کرلیا تھا۔ علی گڑھ جانے کی ضد تھی اس لیے دلی میں کالج میں داخلہ لینے سے صاف انکار کر دیا۔ پاکستان جب بنا تو وہ اس وقت علی گڑھ یونیورسٹی میں ۱۷ برس کی عمر میں BSc کر رہے تھے۔ اس زمانے میں علی گڑھ یونیورسٹی مسلمان طالب علموں کے لیے تعلیم و تربیت کا گہوارہ تھی۔ نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کی قابل فخر تہذیب و تمدن اور اخلاقیات کے درس وہاں کے طالب علموں کو پارس بنا دیتے تھے۔ شاید یہ وہی تربیت تھی جس نے بھائی کو اتنی کم عمری میں ذہنی پختگی دے کر آنے والے مرحلوں کے لیے تیار کر دیا تھا۔

ہندوستان جب اگست ۱۹۴۷ء میں تقسیم ہو گیا تو ہمارے والد جائیداد اور کاروبار کی الجھنوں کی وجہ سے اس وقت دہلی سے نہ آسکے اور اپنے بچوں کو بہتر مستقبل اور بہتر تعلیم کے حصول کے لیے لاہور بھیج دیا۔ میں نے جب ہوش سنبھالا تو والد کی جگہ بھائی کو پایا۔ کبھی کبھی خیال آتا ہے کہ ایک ۱۷ سال کے بچے نے کیسے یہ Role سنبھالا ہوگا۔ بھائی اس وقت کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں داخلہ کی تیاری کر رہے تھے۔ خدا جانے اس وقت ان کی ذہنی کیفیت کیا ہوگی۔ ایک ایسی ماں جو ہمیشہ سات پردوں میں رہی اور جس نے کبھی گھر سے باہر قدم بھی نہ نکالا تھا، چھوٹے چھوٹے بہن بھائیوں کی ذمہ داری، مالی پریشانیاں اور ہم سب کے لیے مناسب سہولتوں کا انتظام، اتنے کم عمر لڑکے نے کیسے کیا ہوگا۔ پاکستان کے حصول اور آزادی کی قیمت تو کوئی ہم سے پوچھے۔ اس نسل کے بچوں سے تو ان کا بچپن ہی چھن گیا تھا۔ بھائی بھی انھی میں سے ایک تھے۔ ان کے کھیلنے کودنے کے دن تو چھوٹے بہن بھائیوں کی نگہداشت کی ہی نذر ہو گئے۔ اس عمر میں نہ تو مجھے اتنا ہوش تھا اور نہ ہی احساس کہ میرے اردگرد کیا ہو رہا ہے اور میرے والد، والدہ اور بھائی کس ہیجانی کیفیت سے گذر رہے ہیں لیکن دل ہی دل میں بھائی کے مزاج سے بہت خوف زدہ اور نالاں رہتی تھی۔ ایک ۱۷ سال کا بچہ اور کر بھی کیا سکتا تھا۔ میں فطرتاً بہت لاابالی اور کھلنڈری تھی۔ کھیل کود کے آگے پڑھائی لکھائی بہت غیر اہم لگتی تھی۔ ایسے میں بھائی کی ڈانٹ ڈپٹ نے بہت عاجز کر رکھا تھا۔ وہ اس عمر میں بھی بے حد Perfectionist تھے۔ ہمارے دانتوں اور ناخنوں کی صفائی سے لے کر ہمارے کمروں کی صفائی تک۔ ہر چیز پر ان کی نظر رہتی تھی۔ ہر اتوار کو ہمارے کمروں کی Inspection ان کا محبوب مشغلہ تھا۔ میں سب سے زیادہ زیر عتاب رہتی تھی۔ لاکھ کوشش کرتی کہ میرے کپڑوں کی الماری ان کی نظر سے محفوظ رہے اور مجھے کپڑے Hanger پر نہ لٹکانے پڑیں مگر بھائی کی سرزنش سے بچنا بڑا مشکل تھا۔ اب سوچتی ہوں تو اندازہ ہوتا ہے کہ میری

ان کے کھیلنے کودنے کے دن تو چھوٹے بہن بھائیوں کی نگہداشت کی ہی نذر ہو گئے

شخصیت کے ہر پہلو کی جلا انھوں نے ہی کی تھی۔ چھٹی یا ساتویں جماعت میں اخبار ''پاکستان ٹائمز'' میرے لیے عذاب بن گیا تھا۔ بھائی کی ہدایت تھی کہ روز پہلے صفحے کی Head Lines اور بڑی خبر کی تفصیل کا اردو ترجمہ لکھ کر انھیں شام کو دکھاؤں یا سناؤں۔ اب انگریزی غلط پڑھ جاؤ تو مصیبت۔ معنی معلوم نہ ہوں تو شامت کہ ڈکشنری کیوں نہ دیکھی۔ مگر لشتم پشتم اسی بہانے میری انگریزی بہتر ہوگئی۔

بھائی کو اس عمر سے ہی اردو اور انگریزی ادب سے بہت لگاؤ تھا۔ ایک میڈیکل کا طالب علم ہونے کے باوجود ان کی چھوٹی سی لائبریری اس زمانے میں بھی انگریزی اور اردو کلاسیکی ادب کی کتابوں سے مزین تھی۔ لاہور کے کباڑیے یقیناً ان کے احسان مند ہوں گے کہ وہ ساری کتابیں فٹ پاتھ کی ڈھیریوں سے سستے داموں خرید کر اپنے کمرے میں سجاتے تھے۔ یہ انھی کا شوق تھا کہ میں نے میٹرک اور FSc میں برنارڈ شاہ، ٹالسٹائے، آسکر وائلڈ، فیض، عصمت چغتائی اور کرشن چندر کو پڑھا۔ امام غزالی سے لے کر عمر خیام تک اور ابن خلدون سے لے کر کارل مارکس، اسٹالن اور لینن تک ہر قسم کی کتابیں ان کی الماری کی زینت تھیں۔ مجھے اس زمانے میں فلسفے کی باریکیوں اور سوشلزم کے داؤ پیچ سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ لیکن بھائی کے کمرے میں ان کی غیر موجودگی میں زیادہ وقت گذرتا تھا۔ اردو اور انگریزی ادب کا یہ شوق اور All Pakistan Inter College Debates میں حصہ لینے کا مرض بھی بھائی کا مرہون منت تھا۔ اس سلسلے میں جتنے انعامات بھی جیتے غیر ارادی طور پر بھائی ہی کی خوشنودی اور ستائش منظور تھی۔ مگر بھائی اس معاملے میں بہت کنجوس تھے۔ مجال ہے جو کبھی ایک لفظ بھی تعریف کا ان سے سنا ہو۔ حد تو یہ ہے کہ جب مجھے Post Graduation کے لیے یونان جانے کا وظیفہ ملا تو میں نے خوشی کے مارے سب سے پہلے بھائی کو لکھا (بھائی اس وقت اعلیٰ تعلیم کے لیے امریکہ جا چکے تھے) بھائی کا جواب بہت مختصر آیا جو مجھے اب تک یاد ہے کہ ''مجھے خوشی ہے کہ تم لاکھوں میں نہیں تو ہزاروں میں تو ایک ہو'' اب خدا جانے یہ تعریف تھی یا طنز۔ بھائی سے تعریف کی امید تو کم ہی تھی میں نے یہی سمجھا کہ طنزیہ لکھا ہے اور پھر اس سلسلے میں زیادہ نہیں سوچا۔

ان کی شخصیت کے متضاد پہلو کبھی کبھی مجھے بہت بوکھلا دیتے تھے اور اب بھی یہی حال ہے۔ بہنوں کے معاملے میں بہت روشن خیال مگر بے حد محتاط بھی تھے۔ اس زمانے میں ایک ۲۱ سال کی لڑکی کو یورپ پڑھنے کے لیے بھیجنا ہمارے جیسے روایتی اور مذہبی خاندان کے لیے خاصا مشکل کام تھا اور وہ بھی اس صورت میں جب وہ غیر شادی شدہ ہو۔ بھائی نے اس سلسلے میں مجھے اپنے والد سے اجازت دلوانے میں خاصی مدد کی اور میرے والد میرے رونے دھونے پہ راضی ہوگئے۔ اتفاق سے وہاں Y.W.C.A کے ہوسٹل میں (جہاں میں رہتی تھی) غیر ملکی لڑکیوں کے

مختلف لباسوں کا مقابلہ ہوا۔ میں نے بھی اس میں حصہ لیا اور اپنے پاکستانی کپڑوں کی وجہ سے مجھے پہلا انعام مل گیا۔ میں نے ہمیشہ کی طرح خوش ہو کر سب سے پہلے بھائی کو اطلاع دی۔ پھر کیا تھا وہ شامت آئی کہ بس نہ پوچھیں اور حکم ہوا کہ فوراً اپنا Report Card بھیجو۔ میرے سان و گمان میں بھی نہ تھا کہ میں نے کوئی غلط بات کی ہے۔ بہر حال میرا Report Card دیکھ کر جب انھیں اطمینان ہوا تو پھر ذرا ڈھنگ کا خط آیا۔

بھائی کی ڈکشنری میں صحیح اور غلط یا اچھے اور بُرے کے درمیان بہت واضح لکیر ہے۔ درمیان میں کوئی Gray Area نہیں ہے اور نہ کوئی رعایت ہے۔ ان سے جھوٹ بولنا یا بلوانا ناممکن ہے۔ ہر کام اور ہر بات بالکل سیدھی اور صاف ہونی چاہیے ورنہ آپ مصیبت میں آسکتے ہیں۔ شادی کے بعد اپنے شوہر کے ساتھ امریکہ گئی تو میرے پاس اس وقت امریکہ میں کام کرنے کا ویزا نہیں تھا۔ میرے شوہر اسٹوڈنٹ ویزا پر پی ایچ ڈی کر رہے تھے اور مجھے پیسوں کی سخت ضرورت تھی۔ اپنی یورپین ڈگری کی وجہ سے میرے لیے اچھی نوکری کا حصول بہت آسان تھا اور تنخواہ بھی میری امید اور ضرورت سے زیادہ اچھی مل رہی تھی مگر بھائی کا حکم تھا کہ کوئی غیر قانونی کام نہیں کرو گی۔ جب تک کام کرنے کا ویزا نہیں ملے گا تم نوکری کا سوچو گی بھی نہیں۔ دل ہی دل میں بہت غصہ آیا کیونکہ وہاں میرے جاننے والے بہت سے لوگ غیر قانونی کام کر رہے تھے اور کوئی پوچھتا بھی نہیں تھا مگر بھائی کا حکم ٹالنے کی کس میں ہمت تھی لہٰذا چھ ماہ تک گھر بیٹھ کر دوسری طالبات کے بچوں کی دیکھ بھال کرتی رہی اور اس سے گھر کا خرچ چلایا۔ جس کی وجہ سے پاکستان سے بہت طعنے ملے کہ اپنے ملک کی ڈائریکٹری چھوڑ کر وہاں دوسروں کے بچے پال رہی ہیں۔ بھائی مجھ سے ملنے Wisconsin آئے تو میری ضروریات کا خیال کرتے ہوئے مجھے ایک Blank Cheque دے گئے کہ جتنا دل چاہے میرے اکاؤنٹ سے پیسے نکلوا لینا لیکن مجھے جب تک نوکری نہ کرنے دی جب تک مجھے وہاں کام کرنے کے لیے امریکن گورنمنٹ نے ویزا نہیں دے دیا۔

اب لکھنے بیٹھی ہوں تو اتنی چھوٹی موٹی باتیں یاد آ رہی ہیں جو ان کی شخصیت کی عکاس ہیں۔ امریکہ میں ہی ایک دفعہ میڈیکل سرٹیفکیٹ کی ضرورت پڑ گئی۔ پاکستان گورنمنٹ کے خط پہ خط آ رہے تھے کہ واپس آؤ ہمیں تمھاری ضرورت ہے۔ میرے شوہر کی پی ایچ ڈی ابھی مکمل نہیں ہوئی تھی اور میں Family way میں ہونے کی وجہ سے بیمار تھی۔ بھائی سے کہا کہ آپ میڈیکل سرٹیفکیٹ دے دیں میں پاکستان بھیج دیتی ہوں مگر انھوں نے صاف انکار کر دیا کہ تم ایسی بیمار نہیں

بھائی کی ڈکشنری میں صحیح اور غلط یا اچھے اور بُرے کے درمیان بہت واضح لکیر ہے

ہو جو میں تمھیں میڈیکل سرٹیفکیٹ دوں۔ مجبوراً ایک امریکن ڈاکٹر کو اپنا حال زار سنایا اس نے فوراً سرٹیفکیٹ دے دیا اور میں نے پاکستان گورنمنٹ کو بھیج دیا۔

میرے شوہر کے بہت دلدادہ ہیں۔ میری مجال نہیں کہ کبھی اپنے شوہر کی کوئی شکایت بھائی سے کر سکوں۔ ایک دفعہ ان کے سامنے میری انیس سے کسی بات پر بحث ہوگئی اور میں نے ان کی بات ماننے سے انکار کر دیا۔ بھائی نے آؤ دیکھا نہ تاؤ فوراً مجھے ڈانٹنا شروع کر دیا کہ جو انیس کہہ رہے ہیں تم وہی کرو گی۔ تم کیسے اپنے شوہر کی بات ماننے سے انکار کر سکتی ہو۔ انیس تو جتنے خوش ہوئے وہ ظاہر ہی ہے مگر میرا دل بہت کڑھا کہ ساری دنیا کے بھائی اپنی بہنوں کی حمایت کرتے ہیں اور میرے بھائی الٹا مجھے ہی بُرا بھلا کہہ رہے ہیں۔

بھائی جیسے مشرقی روایات میں رچے بسے انسان کا امریکہ میں رہنا بظاہر مشکل لگتا تھا۔ مگر ان کی شخصیت کے متضاد پہلوؤں نے یہ آسان کر دیا۔ حقیقت پسندی ان میں کوٹ کوٹ کر بھری ہے۔ امریکہ انھیں اس وقت بھی اپنے مستقبل کے لیے بہتر نظر آیا۔ جب کوئی امریکہ جانے کے لیے سوچتا بھی نہیں تھا۔ ۱۹۵۳ء میں جب وہ میڈیکل کالج سے سند یافتہ ہوئے تو پاکستانی فوج میں کیپٹن کے عہدے پر فائز ہوئے اور کوئٹہ کے سٹاف کالج سے فارغ ہوتے ہی امریکہ جانے کی ٹھان لی۔ حالانکہ اس زمانے میں فوج کی نوکری اور فوج کا مستقبل نوجوان لڑکوں کے لیے بہت پُرکشش تھا۔ مگر بھائی کو تو 'ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں' کی تلاش تھی۔ امریکہ گئے اور ۱۹۶۳ء میں پیتھالوجی میں Specialise کیا پھر پڑھانے اور تحقیق کے شوق میں امریکہ کی Ohio State میں پیتھالوجی کی Hospital Practice شروع کر دی۔ اور ۲۰ سال تک اسی سے منسلک رہے۔ ۱۹۹۴ء میں پھر تدریس کا شعبہ اختیار کر لیا اور ۱۹۹۹ء تک Ohio ہی کے میڈیکل کالج میں پروفیسری کی۔

۱۹۶۴ء میں شادی کے بعد دونوں بچوں کی پرورش میں ویسے ہی جانفشانی کی جیسے بہن بھائیوں کی تربیت میں کی تھی۔ ان کے دونوں بیٹے ماشاء اللہ بے حد لائق اور امریکہ میں ہی بہت اچھے عہدوں پر فائز ہیں۔ بڑا بیٹا بھی انھی کی طرح ڈاکٹر ہے اور Anesthesia میں سپیشلائیز کیا ہے۔ چھوٹا بیٹا الیکٹریکل انجینئر اور بزنس ایڈمنسٹریشن میں ماسٹرز کرنے کے بعد ایک امریکن کمپنی سے منسلک ہے۔ بہوئیں بھی اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں۔ لیکن فی الحال گھر اور بچوں کی تربیت میں مصروف ہیں۔ بھائی اب ماشاء اللہ ایک پوتے اور دو پوتیوں کے دادا ہیں۔

بھائی کو امریکہ کی بودوباش اختیار کیے ۵۰ برس ہونے کو آئے لیکن اپنے معاشرے سے ان

میری مجال نہیں کہ کبھی اپنے شوہر کی کوئی شکایت بھائی سے کر سکوں

کا لگاؤ اور اپنی تہذیب سے ان کی انسیت کبھی نہیں چھپی۔ جس کا نتیجہ ان کی حالیہ سرگرمیوں سے عیاں ہے۔ فارسی شاعری سے ان کی دلچسپی ۱۹۹۴ء میں شروع ہوئی۔ ایک دن بیٹھے بیٹھے مجھے اطلاع ملی کہ بھائی حافظ شیرازی کے فارسی کلام کا اردو میں منظوم ترجمہ کر رہے ہیں تو مجھے بالکل یقین نہیں آیا۔ اس لیے کہ امریکن بیوی کی موجودگی میں تو وہ اردو میں بات بھی بہت کم کرتے تھے اور اکثر کہتے تھے کہ میں اردو پڑھنا ہی بھول گیا ہوں۔ میں دل ہی دل میں ان کی اس بات سے خاصی افسردہ رہتی تھی۔ فطرتاً میں خوابوں میں رہنے کی عادی ہوں اور امریکہ میں رہ کر تو خاص طور پر مجھے پاکستان جنت لگتا تھا۔ اپنی زبان، اپنا رہن سہن یہاں تک کہ لاہور کی گندی گلیاں بھی مجھے وہاں رہ کر اچھی لگتی تھیں۔ اس لیے جب میں نے سنا کہ وہ حافظ کا اردو میں منظوم ترجمہ کر رہے ہیں تو مجھے بے حد خوشی ہوئی اور جب ان کی کتاب چھپ کر آئی تو میں بجا طور پر کہہ سکتی ہوں کہ مجھے اُن پر فخر ہے اور وہ میرے والد کے صحیح جانشین ہیں۔ خدا جانے یہ Talent اُن میں اتنے عرصے کہاں چھپا رہا شاید غمِ جاناں اور غمِ روزگار نے اُن کو اتنا موقع ہی نہیں دیا کہ وہ اپنے آپ کو دریافت کر سکتے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ شوق ان کی گھٹی میں ہے۔

بھائی کی پہلی کتاب جب چھپ کر آئی اور میں نے غزلیاتِ حافظ شیرازی پڑھی تو ان کے اردو ترجمہ کے سہارے میں نے بھی حافظ کو جانا۔ ورنہ کہاں میں اور کہاں حافظ۔ اُس تیل بیچنے والے ملک میں بھائی کی وجہ سے مجھے بھی فارسی پڑھنے کی توفیق ہوگئی۔ ایک ایک شعر دل میں اترتا چلا گیا۔ حافظ کے اسلوبِ بیان اور اشعار کی خوبصورتی کا تو وہی لوگ اندازہ لگا سکتے ہیں جو فارسی سے اچھی طرح شناسا ہوں۔ میں نے تو بھائی کے ترجمے سے ہی یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے۔

ہمیں کیا منزلِ جاناں میں امن و عیش، جب ہر دم
جرس فریاد کرتا ہے کہ باندھو چل کے محمل ہا

اور چھوٹی بحر میں حافظ کے شعر کی خوب صورتی بھی بھائی ہی برقرار رکھ سکتے ہیں کہ کہیں کوئی جھول نظر نہیں آتا۔

ایک زندگی ملی تھی سو وہ رائیگاں گئی
افسوس یہ نہیں کہ ہوئی تن سے جاں جدا

مجھے یقین ہے کہ حافظ زندہ ہوتے تو خوش ہو جاتے۔ وہی بے ساختگی اور طرح داری جو حافظ کی شاعری کی پہچان ہے بھائی نے اردو کے ترجمے میں بھی برقرار رکھی ہے۔ جتنا میں انھیں جانتی ہوں

اپنے معاشرے سے ان کا لگاؤ اور اپنی تہذیب سے ان کی انسیت کبھی نہیں چھپی

ایسا لگتا ہے جیسے حافظؔ کے کچھ شعر تو ان ہی کے دل کی آواز ہیں جبھی تو اتنا خوب صورت ترجمہ کیا ہے۔ ۔

کچھ شرط خانقاہ و خرابات کی نہیں
ہر سمت عکسِ ہائے جمال حبیب ہیں
ہر گاہ کاروبار عبادت میں جلوہ گر
ناقوس و دیر و راہب و نامِ صلیب ہیں

جب بھائی غالبؔ کے فارسی کلام کا منظوم ترجمہ کر رہے تھے تو میں دل میں سوچتی تھی کہ وہ غالبؔ کا انداز بیان اپنے ترجمے میں کیسے لائیں گے۔ غالبؔ کی اردو شاعری تو زبانِ عام ہے۔ ہم جیسے نابلد بھی پہچان لیتے ہیں کہ یہ غالبؔ کا شعر ہے۔ مگر جب کتاب کی پہلی غزل میں ہی مقطع کا منظوم ترجمہ پڑھا تو لگا کہ بھائی نے غالبؔ کے ساتھ بے انصافی نہیں کی ۔

میں سوچتی تھی کہ وہ غالبؔ کا انداز بیان اپنے ترجمے میں کیسے لائیں گے

ہے غالبؔ خلد کے در پر اسے مت روک اے رضواں
پرندِ خوش نوا کوئی نہیں جنت میں اس جیسا

بھائی کی شائع شدہ کتابوں کی ستائش یا تنقید نہ میں کرنے کے لائق ہوں اور نہ ہی یہ میرا مقصد ہے۔ مجھے تو اس بات کی خوشی ہے کہ ان کی وہ خواہش اور شوق جو وہ شاید اپنے لڑکپن کے دنوں سے چھپائے ہوئے تھے اب باہر آ رہا ہے اور وہ اسے پایہ تکمیل تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ یہ تخلیقی کام ہر ایک کے بس کی بات بھی نہیں ہے۔ ایک اچھا شعر ایک شاعر کی روح کا نچوڑ ہوتا ہے۔ اس کو سمجھنا اور پھر اس کو کسی دوسری زبان کے قالب میں ڈھالنا ایسا ہی ہے جیسے آپ کسی کی روح دوسرے کے جسم میں منتقل کر رہے ہوں۔ اور وہ بھی اس کی پوری کیفیات اور خصوصیات کے ساتھ۔ اس کے لیے خود ایک انسان کا لطیف اور حسّاس ہونا ضروری ہے۔ بھائی نے ہمیشہ اپنے آپ کو حقیقت پسند ثابت کرنے کی کوشش کی۔ مگر سچ یہ ہے کہ ان کے اس حد تک حساس ہونے ہی نے ان کو ۴۴ سال کی عمر میں دل کا مرض لگا دیا تھا اور انھیں سرجری کروانی پڑی۔ میں اس بات سے بہت مطمئن ہوں کہ اب جب وہ خود اپنے دل کی جراحی کر رہے ہیں۔ یہ شاعری ان کے جذبات اور احساسات کا وہ پرتو بن گئی ہے جسے وہ اپنی انا اور حقیقت پسندی کی بدولت پہلے باہر نہ نکال سکے تھے۔ یہ Catharsis ان کے لیے بہت ضروری تھی۔ خدا انھیں سلامت رکھے اور اللہ کرے یہ زورِ کلام اور زیادہ ہو۔ اب تو اُن کا اقبال و خسرو کے فارسی کلام کا اردو ترجمہ

خدا انھیں سلامت رکھے اور اللہ کرے یہ زورِ کلام اور زیادہ ہو

بھی شائع ہو کر اہلِ علم و دانش میں مقبولیت حاصل کر چکا ہے۔ میری بڑی خواہش ہے کہ وہ باپ دادا کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے فارسی کے صوفیانہ کلام پر اور توجہ دیں ان کا اپنا کلام بھی آہستہ آہستہ شائع ہو رہا ہے مگر انھوں نے فی الحال اسے پسِ پشت ڈال رکھا ہے۔ میری یہی دعا ہے کہ حافظؔ کا شعر جس کا انھوں نے منظوم ترجمہ یوں کیا ہے ؎

غزل تو نے کہی ، موتی پروئے ، شعر پڑھ حافظؔ
لٹائے گا فلک فن پر تیرے عقدِ ثریا کو

ان پر ہی صادق آئے اور وہ اپنا یہ تخلیقی کام جاری رکھیں۔

* * *

ڈاکٹر انیس الرحمٰن

آتشِ عشق

دبلے پتلے، لمبا قد، کھلتا ہوا گندمی رنگ، تیکھے نقش، طبیعت میں نفاست پسندی، کام کاج میں وقت کی پابندی، آنکھوں میں تجسس، بات چیت میں بے باکی، کلام میں بے ساختگی، چال ڈھال میں بے گانگی۔ یہ سب عناصر اکٹھے ہوں تو خالد بھائی کا خاکہ ذہن میں ابھرتا ہے۔ سچی بات یہ ہے خالد بھائی کے بارے میں کچھ لکھنا مجھ جیسے کم مایہ شخص کے لیے ایک دشوار امر ہے۔ بعد از کوشش بسیار شاید کسی حد تک ان کی شخصیت کی گیرائی کا احاطہ کر پاؤں۔

خالد بھائی ۱۹۶۴ء میں بوجوہ، میری شادی میں شرکت کرنے لاہور نہیں آ سکے تھے۔ ان سے میری پہلی غیر رسمی ملاقات ۱۹۶۷ء میں ہیلی فیکس، کینیڈا میں ہوئی۔ ان دنوں خالد بھائی ڈلہوزی یونیورسٹی میں پیتھولوجی Pathology کے پروفیسر کے عہدہ پر فائز تھے اور میں عالمی نشوونما کے موضوع پر ایک سیمینار میں شرکت کرنے ایک ماہ کے لیے ہونولولو Honolulu ہوائی جا رہا تھا۔ میرا خالد بھائی کے پاس تین چار روز قیام رہا۔ ان کا رہن سہن امریکی تھا۔ امریکن بیوی کی وجہ سے وہ گھر میں انگریزی میں بات چیت کرتے تھے اور مجھے بھی تکلفاً انگریزی میں ہی بات کرنی پڑتی تھی۔ لیکن ان کے لہجے میں امریکی بے ساختگی تھی اور میری انگریزی میں پاکستانی رنگ! گھر کی صفائی کا یہ عالم تھا کہ خالد بھائی کو گرد کا ایک ذرہ بھی گھر کے اندر گوارہ نہ تھا۔ ایک شام، خالد بھائی کے یونیورسٹی سے آنے کے وقت ان کی بیوی نے مجھ سے کہا، دیکھو انیس، میں تمھارے سامنے گھر کی صفائی کر رہی ہوں، اب خالد آئیں گے تو تم دیکھنا، کیا ہوتا ہے۔ خالد بھائی یونیورسٹی سے آئے اور ڈرائنگ روم میں صوفہ پر بیٹھتے ہی انھوں نے میز پر انگلی پھیر کر دیکھا کہ کہیں اس پر گرد تو نہیں جم گئی۔

بعض احباب کا خیال ہے کہ خالد بھائی کی شخصیت میں تضاد ہے لیکن میرے خیال میں ان

ان کی شخصیت میں ابا جی کے پٹھان اور اماں جی کے سیدانی ہونے کے باعث، جلال و جمال اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ موجزن نظر آتے ہیں

کی شخصیت متنوع خصوصیات سے عبارت ہے۔ ہاں اتنا ضرور ہے کہ یہ متضاد کیفیات ایک دوسرے میں ضم نہیں ہو پائیں بلکہ اپنا، اپنا منفرد رنگ برقرار رکھتی ہیں۔ ان کی شخصیت پر اگر طائرانہ نظر ڈالی جائے تو مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے میں اٹک کے محکمہ تعمیراتِ عامہ کے ریسٹ ہاؤس سے دریائے سندھ اور دریائے کابل کے سنگم کا نظارہ کر رہا ہوں۔ دونوں دریاؤں کے پانی کا رنگ ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہے۔ آپس میں ملنے کے بعد بھی دور تک دو رنگ کی لہروں کے ساتھ ساتھ بہنے کا نظارہ، تضاد اور یگانگت کے ملے جلے تاثرات کو جنم دیتا رہتا ہے۔ خالد بھائی کا بھی کچھ یہی حال ہے۔ ان کی شخصیت میں ابا جی کے پٹھان اور اماں جی کے سیدانی ہونے کے باعث، جلال و جمال اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ موجزن نظر آتے ہیں۔ اگر جلالی رو کی لپیٹ میں آگئے تو الامان الحفیظ اور اگر جمالی لہر سے ہم کنار ہوگئے تو وارے نیارے ہوگئے۔ بھائی بہنوں کے مسائل تو خیر ان کے مسائل ہیں ہی، ان کے بچوں کے مسائل بھی حل کرنے کی حتی الوسع کوشش کرتے ہیں۔

جب تک پاکستان میں رہے حسن بھی باحجاب رہا، عشق بھی باحجاب رہا

خالد بھائی کی شخصیت کی دوسری نیرنگی تمدنی ہے۔ یہ مغرب میں مغربی اور مشرق میں مشرقی ہیں۔ یہ دونوں رنگ بھی آپس میں نہیں ملتے۔ بالکل ایک دوسرے سے جداگانہ اپنی اپنی انفرادیت برقرار رکھتے ہیں۔ کچھ یہی حال قنوطیت اور رجائیت کے جذبات کا ہے۔ دونوں ساتھ ساتھ جلوہ افروز نظر آتے ہیں۔ ہر معاملہ کے بہترین امکانات کی خواہش کے ساتھ ساتھ اس کے بدترین امکانات کے لیے تیار رہتے ہیں۔ اگر فوراً مر گئے تو یہ کرنا ہوگا اور نہ مرے تو کم از کم سو سال کی عمر تک جینے کی قیمت ادا کرنے کے لیے وسیلے ہونے چاہییں۔

جب تک پاکستان میں رہے حسن بھی باحجاب رہا، عشق بھی باحجاب رہا۔ طالب علمی اور ڈاکٹر بننے کے بعد نا معلوم کتنے دلوں کی دھڑکن رہے ہوں گے لیکن طالب علمی کے زمانہ میں عشق کی اشتہا کتابوں سے دل لگا کر بجھانے کی کوشش کرتے رہے۔ پھر اعلیٰ تعلیم کے لیے امریکہ جانے کی دھن سوار ہوئی، امریکہ گئے وہاں اگرچہ حسن میں مغربی بے حجابی در آئی لیکن ان کے عشق کی آگ اندر ہی اندر سلگتی رہی۔ امریکہ بقول ایک ماہر اجتماعیات کے ایک تنہا ہجوم کی مانند ہے۔ یہ ایک ایسا ہجوم ہے جس میں سب اپنے آپ کو تنہا محسوس کرتے ہیں۔ یہاں جب تک کوئی کسی کا نہ ہو جائے، تنہائی کا احساس کاٹنے کو دوڑتا ہے اور مادیت آمیز معاشرہ اس احساس کو مزید جلا بخشتا

خالد بھائی نے اپنے ادبی کام سے اردو دان طبقے کو انگشت بدنداں کر دیا

ہے۔ جب تک اماں جی بقید حیات رہیں، خالد بھائی نے کسی امریکن لڑکی سے شادی کے خیال کو دل میں جگہ نہ دی کیونکہ اماں جی کو انگریزی نہیں آتی تھی، بہو سے کیسے بات کرتیں لیکن اماں جی کے انتقال کے بعد، انھوں نے ابا جی سے امریکن لڑکی سے شادی کی اجازت چاہی، جو انھیں بخوشی مل گئی۔

بقول غالبؔ عشق کی آگ لگائے نہیں لگتی اور بجھائے نہیں بجھتی۔ خالد بھائی میں یہ آگ اندر ہی اندر سلگتی رہی۔ لڑکپن میں شرمیلی طبیعت مانع رہی۔ جوانی میں کسب معاش آڑے آیا۔ اس کے بعد بچوں کی تعلیم اور ان کو اپنے پاؤں پر کھڑے کرنے کی دھن میں لگے رہے۔ ان سب مراحل سے فارغ ہو کر خالد بھائی نے اپنے ادبی کام سے اردو دان طبقے کو انگشت بدنداں کر دیا۔ آج سے نصف صدی پہلے یہ کس کو معلوم تھا کہ ۱۳ سال کی عمر میں میٹرک پاس کرنے والے اس شرمیلے لڑکے میں عشق کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے جس کا اظہار اچانک ایک لاوے کی شکل میں ہوگا اور یہ لڑکا نہ صرف حافظؔ، غالبؔ، اقبالؔ اور خسروؔ کے فارسی کلام کا اردو میں منظوم ترجمہ کر کے اسے اردو دان طبقے سے روشناس کرائے گا، بلکہ ناقدین سے بھی اپنی ادبی کاوش کی بھرپور داد حاصل کرے گا۔

* * *

ڈاکٹر خالد حمید شیدا (ایم-ڈی)

میں بوسیدہ، خزاں رسیدہ اپنی پرانی دنیا میں مگن رہتا ہوں۔ گھر کو پرستانِ عجم بنا رکھا ہے جس میں پریاں قطار اندر قطار اور نیلے نیلے، اودے اودے، پیلے پیلے پیرہن ہر سمت نظر آتے رہتے ہیں۔

خسرو اور اقبال

نقد و نظر

ڈاکٹر خالد حمید شیدا (ایم-ڈی)

فارسی ایک اعلیٰ ترین زبان ہے جو آٹھ سو سال ہمارے منہ میں رہی اور جس میں بے شمار گنج ہائے گراں مایہ ہیں بدقسمتی سے ہم نے آج کل ان خزانوں کو زمین میں دفن کر رکھا ہے، انگریزی سر آنکھوں پر لیکن فارسی کو بھول جانا ہمارے لیے اپنے ادب کے سرچشمے کو کھو دینے کے برابر ہے۔ وقت ہے کہ یہ بات یاد دلائی جائے اور یہ بھی بتایا جائے کہ ہم نے بھی فارسی شاعر پیدا کیے ہیں اور ایسے کیے ہیں کہ ان کا لوہا ایرانی تک مانتے ہیں۔

ڈاکٹر رشید امجد

خالد حمید شیدا کے تراجم کا ایک اجمالی جائزہ

گوئٹے نے کہا تھا کہ ترجمہ ایک ایسا دریچہ ہے جس کے ذریعہ ایک قوم دوسری قوم کی ادبی وفکری سرگرمیوں سے آگاہ ہوتی ہے۔ اس میں اب یہ اضافہ اور کیا جاسکتا ہے کہ ترجمہ کے ذریعہ قومیں ایک دوسرے کے علمی انکشافات سے بھی واقف ہوتی ہیں، لیکن ترجمہ ایک مشکل فن ہے ترجمہ کی مبادیات کیا ہیں اور ایک اچھے ترجمہ کے لیے کن اصولوں پر عمل کرنا ضروری ہے اس کا تعین تو شاید بہت مشکل ہو۔ لیکن کوئی ترجمہ پڑھ کر یہ اندازہ ضرور لگایا جاسکتا ہے کہ یہ ترجمہ اچھا ہے یا نہیں۔

فنی اور علمی ترجموں کے مقابلہ میں تخلیقی ترجمے بہت مشکل ہیں کہ ہر تخلیق کے ساتھ اس کی زبان، ثقافت اور لکھنے والے کا نظریہ حیات شامل ہوتا ہے اور کوئی مترجم دونوں زبانوں پر کتنا ہی عبور رکھتا ہو اس کے لیے مشکل ہو جاتا ہے کہ اصل تخلیق کے تمام جواہر کو دوسری زبان میں منتقل کردے۔ خصوصاً کسی تخلیق کے اسلوب کو اس کے اصل مزاج کے ساتھ ترجمہ کرنا تو تقریباً ناممکن ہے۔ مترجم زیادہ سے زیادہ تخلیق کے خیال یا مفہوم کو بیان کرسکتا ہے۔ پھر یہ بھی کہ کیا ترجمہ اسی زبان سے کیا جارہا ہے جس میں فن پارہ تخلیق ہوا ہے یا درمیان میں کوئی اور زبان بھی شامل ہے۔ اس کی مثال روسی فکشن کے ان تراجم سے دی جاسکتی ہے جو براہ راست روسی زبان سے ترجمہ ہوئے اور دوسرے وہ جو پہلے انگریزی اور پھر انگریزی سے کسی دوسری زبان میں ترجمہ کئے گئے۔ ماسکو کے اشاعتی ادارے سے ظ۔ انصاری نے جو براہ راست ترجمے کئے ہیں۔ ان کی

افسانہ نگاری کی دنیا میں ڈاکٹر رشید امجد بلاشبہ ممتاز ترین حیثیت کے حامل ہیں۔ لیکن تنقید وتحقیق کے حوالے سے بھی ان کا کام بے مثال اور قابل رشک ہے۔ صدر پاکستان نے انھیں گزشتہ برس تمغہ حسن کارکردگی عطا کیا تھا۔ ڈاکٹر صاحب نیشنل اینڈ ماڈرن لینگوئجز یونیورسٹی اسلام آباد میں صدر شعبہ اردو ہیں۔

زبان، مزاج اور آہنگ ۹۰ن تراجم سے بالکل مختلف ہے جو بذریعہ انگریزی اردو میں کیے گئے۔

ترجمہ نگار کے لیے جس طرح دونوں زبانوں پر عبور حاصل کرنا ضروری ہے اسی طرح دونوں زبانوں کی ثقافت سے واقفیت بھی ضروری ہے کیونکہ ہر زبان اپنے پس منظر میں ایک مخصوص تہذیبی و تمدنی دائرہ رکھتی ہے جس میں مختلف عناصر شامل ہوتے ہیں۔ مترجم کے لیے کئی مشکلات ہیں مثلاً کبھی کبھی لفظی ترجمہ مضحکہ خیز ہو جاتا ہے اور کبھی کبھی کمی و بیشی یا اسے بہتر کرنے کی صورت اصل مفہوم کو بدل دیتی ہے۔ بعض اوقات ایک لفظ رکاوٹ کا سبب بن جاتا ہے فرحت اللہ بیگ سے روایت ہے کہ ایک شام وہ اور دانی جب ڈپٹی نذیر احمد کے ہاں درس لینے گئے تو مولوی صاحب پریشانی میں ٹہل رہے تھے۔ سبب پوچھا تو کہنے لگے کہ ایک ترجمہ کر رہا ہوں لیکن ایک لفظ پر اٹک گیا ہوں۔ دانی نے پوچھا مولوی صاحب کونسا لفظ ہے۔ بولے Stallian۔ دانی نے فوراً کہا دھاری دار گھوڑا۔ مولوی صاحب غصہ میں آگئے بولے یہ مجھے بھی معلوم ہے لیکن یہاں یہ ترجمہ مناسب نہیں لگ رہا۔ فرحت اللہ بیگ کہتے ہیں کہ کئی دن بعد میں نے پوچھا مولوی صاحب کوئی مناسب لفظ ملا، کہنے لگے مل تو گیا ہے لیکن میں اب بھی مطمئن نہیں۔ اس سلسلے میں میراجی کی مثال بھی دی جاسکتی ہے جو کبھی کسی طویل نظم کا چند مصرعوں میں ترجمہ کر دیتے اور پھر کسی مختصر نظم کے لیے کئی سطریں لکھتے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں چاہتا ہوں کہ شاعر کا خیال پوری طرح نئی زبان میں منتقل ہو جائے۔

خالد حمید شیدا نے ترجمہ کی مبادیات کے ساتھ ساتھ ترجمہ کی روح کو سمجھنے کی کوشش کی ہے

ترجمہ کے ذریعے ہم جو ادب بھی پڑھتے ہیں، اس میں ہمیں صرف خیال تک رسائی ہوتی ہے۔ اصل تخلیق کا اسلوب ہم تک نہیں پہنچتا۔ مولانا صلاح الدین احمد نے ترجمہ کو ایک مشکل فن قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ اچھے ترجمہ کے لیے پہلی شرط یہ ہے کہ مترجم صاحب ذوق ہو اور دونوں زبانوں کے مزاج سے بھی آشنا ہو کیونکہ ایک زبان کے فن کار کی روح کو دوسری زبان میں اسی طرح منتقل کرنا کہ پتلا بولنے لگ جائے اور ترجمے پر تصنیف کا گمان ہو بہت مشکل ہے۔

اردو زبان میں دیگر زبانوں کے تراجم کی روایت تو اب بہت پرانی ہے لیکن گزشتہ تین چار دہائیوں سے جس تیزی اور رفتار سے تراجم ہوئے ہیں انھوں نے اردو دنیا کو دوسری زبانوں کے ادب سے متعارف کرانے میں اہم کردار ادا کیا ہے لیکن ان میں سے کتنے تراجم مکرر تخلیق کا مقام حاصل کر پائے ہیں اس کا اندازہ تو اہلِ فن ہی لگا سکتے ہیں لیکن زیادہ تر تراجم ایسے ہیں کہ

انھوں نے اصل مفہوم کو بھی مسخ کر دیا ہے۔

گزشتہ برسوں میں جن لوگوں نے تراجم میں خصوصی دلچسپی لی ان میں ڈاکٹر خالد حمید شیدا کا نام اس حوالے سے اہم ہے کہ انھوں نے ترجمہ کی مبادیات کے ساتھ ساتھ ترجمہ کی روح کو سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ ان کے ذوق کا اندازہ اسی امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ دیگر بہت سے نامور شعراء کے ساتھ ساتھ ان کی خصوصی دلچسپی حافظ، امیر خسرو، غالب اور اقبال میں ہے۔ یہ چاروں اپنے اپنے عہد کے جید مفکر ہی نہیں فنی اقدار کے حوالے سے بھی اپنے اپنے عہد کے نمائندہ ہیں۔ ان چاروں کے یہاں فکر و فلسفہ کی جو سطح ہے اس تک پہنچنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ ان چاروں کو ترجمہ کے لیے منتخب کرنے سے جہاں خود خالد حمید شیدا کی فکری سطح کا تعین ہوتا ہے وہاں اس اعلیٰ درجہ کے ادبی ذوق کا پتہ بھی چلتا ہے جو انھیں اردو اور فارسی زبانوں کے ادب سے ہے۔ جدید ادب کے برعکس کلاسیکی ادب کا ترجمہ بہت مشکل ہے کہ اب کئی لفظ، اصطلاحیں اور تلازمات اپنے پرانے معنوں سے الگ ہو چکے ہیں اور ترجمہ نگار جب تک ان کے کلاسیکی معنوں سے آگاہ نہ ہو، ترجمے کا حق ادا نہیں ہو سکتا، حق ادا ہونا تو الگ۔ پورے معنی بھی آشکار نہیں ہوتے۔ خالد حمید کے ترجمہ کی خوبی یہ ہے کہ انھوں نے مفہوم کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ خیال کے مزاج اور آہنگ کو برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے اور اس کے لیے اردو زبان کے مروّج مزاج سے ہٹ کر بھی لفظ استعمال کیے ہیں۔ خسرو کے اسی شعر کا ترجمہ دیکھیے۔

خالد حمید کے ترجمہ کی خوبی یہ ہے کہ انھوں نے مفہوم کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ خیال کے مزاج اور آہنگ کو برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے اور اس کے لیے اردو زبان کے مروّج مزاج سے ہٹ کر بھی لفظ استعمال کیے ہیں

حسن تو دیر نپاید چوں ز خسرو رفتی
گل بے دیر نماند جوں شد از خار جدا

ترجمہ یہ ہے:

قرب سے اتنا بھی محروم نہ رکھ خسرو کو
گل نہیں رہوے ہے گل، ہووے اگر خار جدا

یہاں رہوے اور ہووے نے جو لطف پیدا کیا ہے اس نے شعر کی اصلیت کو برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ اس کے مزاج، ذائقہ اور آہنگ کو بھی اردو میں منتقل کر دیا ہے۔

خالد حمید نے ایک اور کوشش یہ کی ہے کہ بلا وجہ لفظوں اور تراکیب کو ترجمہ کے کرب سے نہیں گزارا، شاید اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ فارسی اردو میں کئی تراکیب اور تلازمے مشترک بھی ہیں۔ غالب کا یہ فارسی شعر دیکھیے۔

قفس و دام را گنا ہے نیست
ریختن در نہادِ بال و پر است

(ترجمہ)

قفس و دام کا قصور نہیں
کشمکش سے گرے ہیں بال و پر

اصل شعر سے قفس و دام اور بال و پر کو اٹھا کر ترجمہ میں لے آنے سے شعر اصل کے قریب تر ہو گیا ہے۔

لیکن جہاں ضرورت پڑی ہے انھوں نے اصل لفظوں کو نظر انداز کر کے ترجمہ میں اردو زبان کے مزاج و تہذیب اور شعری روائت کو سامنے رکھا ہے، غالب کا یہ شعر:

کم خود گیر، بیش سو غالب
قطرہ از ترکِ خویشتن گہر است

(ترجمہ)

عزت اس عاجزی میں ہے غالب
قطرہ ترکِ خودی سے ہے گوہر

دوسرا مصرعہ غالب کے مزاج کے قریب تر ہے۔

مترجم کا اصل فن یہ ہے کہ وہ زیر ترجمہ فن پارے ہی کو نہیں اس کے خالق کے مجموعی فکری اور فنی مزاج کو بھی سامنے رکھے۔ خالد حمید کے اکثر تراجم میں یہ خوبی موجود ہے غالب کے تراجم میں یہ خوبی خالد حمید شیدا کی غالب کی اردو شاعری سے واقفیت کا پتہ دیتی ہے۔

ہر آنچہ در نگری جز بہ جنس مائل نیست
عیار بے کسی ما شرافت نسبی ست

(ترجمہ)

اگرچہ یکتا و بے ہمتا ہوں نسب میں میں
ہے وجہ بے کسی میرا شرافت نسبی

پہلا مصرعہ غالب کی اردو شاعری کے قریب ترین ہے اردو فارسی کی قربت سے فائدہ

اٹھاتے ہوئے خالد حمید نے ترجمہ کو اصل سے قریب تر رکھنے کے لیے بلاوجہ جدید اردو بنانے کی کوشش نہیں کی بلکہ ترجمہ کی زبان کو کلاسیکی اردو زبان اور انگ ہی میں رہنے دیا ہے۔

تو اے کہ محو سخن گسترانِ پیشینی
مباش منکرِ غالب کہ در زمانہ تست

(ترجمہ)

تو دیکھ ، محو سخن گستران پیشینی
سجایا گفتۂ غالب نے کیا زمانہ ترا

خالد حمید شیدا کے تراجم کی یہ خوبی ھے کہ انھوں نے امکان بھر کوشش کی ھے کہ اصل سے قریب تر رھتے ھوئے اردو زبان کی سلاست و روانی بھی برقرار رکھیں جس کی وجہ سے ان کے تراجم پڑھتے ھوئے احساس نہیں ھوتا کہ یہ ترجمہ ھے

ترجمہ کی یہ سلاست اقبال کے تراجم میں بھی ہے حالانکہ اقبال کا فارسی کلام فکر و فلسفہ کی ایک بلند سطح کا متقاضی ہے لیکن خالد حمید شیدا اس مشکل راہ سے بھی آسانی سے گزر گئے ہیں۔ چند مثالیں دیکھیے۔

اگر نظارہ از خود رفتگی آرد حجاب اولیٰ
نگیرد با من ایں سودا ، بہا از بس گراں خواہی

(ترجمہ)

نظارہ بے خودی کا ایک بحر بیکراں چاہے
کہاں سے لے کے آئیں گر بہا اتنا گراں چاہے

تیشہ اگر بسنگ زد ایں چہ مقام گفتگو ست
عشق بدوش می کشد ایں ہمہ کوہسار را

(ترجمہ)

عشق حجاز کے لیے سنگ بھی ہے گراں بہت
الفت حق مگر کرے نرم ہے کوہسار کو

ہر دو فروزم ، ہر دو بوزم
ایں آشیانے ، آں آشیانے

(ترجمہ)

دونوں سجاؤں میں دونوں جلاؤں
یہ آشیاں ایک ، وہ آشیاں اک

خیال کی دوست منتقلی کے ساتھ ساتھ ترجمہ کی روانی بھی اہمیت کی حامل ہے۔ خالد حمید شیدا کے تراجم کی یہ خوبی ہے کہ انھوں نے امکان بھر کوشش کی ہے کہ اصل سے قریب تر رہتے ہوئے اردو زبان کی سلاست و روانی بھی برقرار رکھیں جس کی وجہ سے ان کے تراجم پڑھتے ہوئے احساس نہیں ہوتا کہ یہ ترجمہ ہے۔

* * *

محسن بھوپالی

غزلیات خسرو کا منظوم اردو ترجمہ

حضرت امیر خسرو کی حیثیت اور اہمیت بہ حیثیت شاعر ہی مسلم نہیں ہے بلکہ شاعری میں اردو کے الفاظ استعمال کرنے اور اس زبان کی اولین صورت میں اشعار کہنے والے شاعر کی حیثیت سے تاریخ ادب میں فوقیت حاصل کرنے کے علاوہ انہیں اردو شاعری کی مختلف اصناف مثلاً کہہ مکرنی، دو سخنے، پہیلی وغیرہ کو پہلی بار متعارف کرانے کا افتخار بھی حاصل ہے۔ شعر و ادب کے ساتھ ساتھ امیر خسرو کو فن موسیقی میں بھی کمال کی حد تک مہارت حاصل تھی۔ انھوں نے راگوں اور راگنیوں میں جو اختراعات کیں وہ ان کی جودتِ طبع کی آئینہ دار ہیں۔ انھیں فارسی اور عربی کے علاوہ ہندی اور سنسکرت پر بھی دسترس حاصل تھی لیکن فارسی شاعری میں انھیں اختصاص حاصل تھا۔ وہ کثیر التصانیف شاعر تھے۔ شاعری کی مختلف اصناف غزل، قصیدہ، مرثیہ اور مثنوی وغیرہ پر مشتمل تصانیف ان سے یادگار ہیں۔

امیر خسرو کا اصل میدان فارسی غزل گوئی تھا اس ضمن میں اردو کے سربرآوردہ نقاد پروفیسر ممتاز حسین نے اپنی تصنیف امیر خسرو دہلوی حیات اور شاعری: میں اس طرح اظہار خیال کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: ''یوں تو خسرو نے ہر صنف سخن میں طبع آزمائی کی ہے لیکن جو مقبولیت انھیں غزل گوئی میں حاصل ہوئی وہ دوسری اصناف سخن میں ان کی مقبولیت سے سبقت لے گئی''۔

(ص ۳۹۷)

آگے چل کر وہ یہ بھی فرماتے ہیں ''خسرو ایک بسیار گو شاعر تھے۔ جتنی غزلیں خسرو نے کہی ہیں اتنی فارسی زبان کے کسی ایک شاعر نے نہیں کہی ہیں''۔ (ص ۳۹۸)

اردو کے ممتاز قادر الکلام شاعر جناب محسن بھوپالی مرحوم کی بلند و بالا شخصیت محتاج تعارف نہیں۔ اُن کی یہ مختصر تحریر کلام شیدا کے بارے میں بلاشبہ سند کا درجہ رکھتی ہے۔

مندرجہ بالا مستند حوالوں کے پیش نظر خالد حمید شیدا کا یہ فیصلہ کہ خسرو کی منتخب غزلوں کو منظوم اردو غزلیات میں ڈھالا جائے برمحل اور مبنی برحقائق نظر آتا ہے۔ میرے نزدیک ترجمہ، اصل کی روح کے قریب تر پہنچنے کا ذریعہ ہوتا ہے، اصل روح نہیں۔

خالد حمید شیدا نے بعض اشعار کے ترجمے میں تعقید لفظی سے کام لیا ہے جس سے بچنا چاہیے تھا لیکن بہ حیثیت مجموعی ان کے منظوم تراجم نہ صرف سراہے جانے کے لائق ہیں بلکہ تعریف کے مستحق ہیں۔ انھوں نے ان غزلوں کو اردو میں منظوم کرتے ہوئے معانی اور مفاہیم سے قریب تر رکھنے کی کامیاب کوشش کی ہے اور بعض اشعار کا اس قدر خوبصورت ترجمہ کیا ہے کہ وہ اصل اردو کے ہی معلوم ہوتے ہیں۔

ابر می بارد و من می شوم از یار جدا
چوں کنم دل بہ چنیں روز ز دل دار جدا

ترجمہ

ابر و باراں میں جو مجھ سے ہے مرا یار جدا
کیسے موسم میں ہوا دل سے ہے دل دار جدا

دیدہ از بہر تو خوں بار شد اے مردم چشم
مردی کن ، مشو از دیدۂ خوں بار جدا

ترجمہ

دیدہ خو بنا رہے تیرے لیے اے نورِ نظر
رحم کر خود سے نہ کر دیدۂ خوں بار جدا

ے از تو کشد مرد، ستم نتواں گفت
نامِ بیداد تو جز لطف و کرم نتواں .گفت

ترجمہ

تو نے جو کچھ بھی دیا اس کو ستم کہہ نہ سکے
تیری بیداد کو جز لطف و کرم کہہ نہ سکے

اسی سلسلے کے دو ایک مزید اشعار ملاحظہ کیجیے اور سلاستِ بیان کی داد دیجیے۔

بزرش سودم ہمہ شب دیدہ و چشم مرا
عزتے بودار چہ برخاک درش خواری گذشت

ترجمہ

آستاں پر اُس نے اپنے جب تلک رہنے دیا
خاکِ در پر باعث عزت ہمیں خواری ہوئی

از غمت جاں بہ لب رسید مرا
چوں ترا ایں رضاست چتواں کرد

ترجمہ

غم سے تیرے ہے لب پہ جاں لیکن
جب یہ تیری رضا ہے کیا کیجیے

آپ نے دیکھا خالد حمید شیدا نے کس خوبصورتی سے ان فارسی اشعار کو اردو کا جامہ پہنایا ہے۔ بعض بعض غزلوں میں انھوں نے ترجمہ کرتے وقت اصل الفاظ کو جوں کا توں رہنے دیا ہے اس سے قافیے کا لطف دوبالا ہو گیا ہے اور ان اشعار کا مفہوم مجروح ہونے سے بچ گیا ہے۔

بہ بدنامی و رسوائی اسیراں را مزن طعنہ
تو اے زاہد ندیدہ ستی بلائے چشم مستانہ

ترجمہ

اسیروں کو نہ رسوائی و بدنامی کا دے طعنہ
نہ دیکھی تو نے ہے زاہد بلائے چشم مستانہ

ہمہ یاراں بہ گشت باغ و میل من بہ کنج غم
یکے زنداں نماید بوستاں بر مرغ ویرانہ

میں ہنگام بہاراں میں بھی رہتا کنج غم میں ہوں
قفس اک بن گیا ہے بوستاں بر مرغ ویرانہ

اثر در جانت مستی را اگر در آب و گل بودے
سبو را مست و غلطاں دیدے در صحن میخانہ
اثر جو جاں میں ہے مستی کا، وہ ہوتا اگر گل میں
تو ہوتا مست و غلطاں بھی سبو در صحن میخانہ

خسرو جیسے عظیم و باکمال شاعر کے اشعار کو اردو میں منتقل کرنے کی سعادت حاصل کرنے پر خالد حمید شیدا جتنا ناز کریں بجا ہے اور ان اشعار کی تفہیم کو سہل بنانے پر قارئین کرام خالد حمبد شیدا کو جس قدر بھی داد دیں کم ہے۔

عشرت رومانی

فارسی کلام اقبالؔ اور شیداؔ کا ترجمہ

قوموں کے عروج و زوال میں زبان بھی اپنا کردار ادا کرتی ہے۔ متعدد اقوام کا معاشرتی اختلاط اور یکجائی اور جغرافیائی حدود ان سب کے زیر اثر مختلف زبانیں فکر و عمل پر اثر انداز ہو کر اظہار و ابلاغ کے نئے افق روشن کرتی ہیں نئے راستے دکھاتی ہیں اور علم و ادب کو فروغ حاصل ہوتا ہے فارسی زبان بھی صدیوں کے تاریخی عمل سے گزرتی رہی ہے۔ برصغیر پاکستان و ہند میں اٹھارویں صدی عیسوی تک یہ زبان اس طرح رائج رہی کہ اس کے اثرات نمایاں رہے بالخصوص سلطنت مغلیہ کے عہد میں ادبی اظہار کا ذریعہ بھی بنی۔ ایران سے جو شعراء آئے انہوں نے برصغیر میں فارسی کو عروج دیا جس کے سبب فارسی رموز و علائم کے افکار اور مضامین اردو زبان میں اس طرح رچ بس اور سمو گئے کہ اردو مالا مال ہو گئی۔ دوسری جانب ہماری قومی ثقافت پر ایرانی ثقافت اثر انداز ہوئی۔ برصغیر کے نظام تعلیم اور سماج میں فارسی افکار اور صوفیانہ رنگ نمایاں رہا۔

تاریخ کے اوراق الٹتے ہیں تو ہمارے سامنے انیسویں صدی عیسوی آتی ہے جب برصغیر میں فارسی زبان و ادب اور خاندان مغلیہ دونوں ہی زوال پذیر تھے۔ فورٹ ولیم کالج نے اگرچہ اردو کی ترویج میں حصہ لیا جس میں فارسی بھی شامل تھی مگر 1834ء میں فارسی کی سرکاری حیثیت ختم کر دی گئی اور اس طرح فارسی زبان و ادب کا زمانی پھیلاؤ اختتام کو پہنچ گیا۔ برصغیر کی آزادی کے بعد ہم نے بہت کچھ کھویا اور بہت کچھ پایا۔ افسوس اس بات پر ہے کہ ہم نے فارسی زبان کی قدر نہیں کی لیکن نامساعد حالات کے باوجود آج بھی فارسی زبان میں شاعری کی تخلیق کا سلسلہ جاری ہے کم ہی سہی مگر ہے تو سہی یہ بھی خوش آئند ہے کہ یہاں پر کراچی کے ایک شاعر جناب عصام عظیم آبادی (مرحوم) کا ذکر بر سبیل تذکرہ کرنا ضروری ہے۔ وہ فارسی کے شاعر تھے انہوں نے حافظ، عرفی، فیضی، بیدل، خسرو، قتیل، نعمت خان، عالی، بو علی، قلندر، غالب، شبلی نعمانی اور علامہ اقبالؒ کی زمینوں میں غزلیں تخلیق کی ہیں جو ان کے مجموعہ "از حرف تا بہ

ممتاز دانشور عشرت رومانی کی تخلیقات اُردو اور انگریزی زبان میں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ اُن کی گرانقدر تصانیف میں صبح آنے کو ہے (شعری مجموعہ)، شعورِ عصر (مضامین)، مقصدی شاعری ـــ ایک جائزہ (تحقیق). Scattered Moments (انگریزی نظموں کا مجموعہ) شامل ہیں۔

حرف‘‘ میں شامل ہیں۔

کوئی شک نہیں کہ فارسی گویان ہند نے فارسی ادب کی جس طرح خدمت کی ہے وہ بے مثال ہے جسے اہل ایران بھی تسلیم کرتے ہیں۔ اس ضمن میں چند باکمال شعرا نے اپنی تخلیقات سے تاریخ کے صفحات روشن کر دیئے ہیں۔ امیر خسرو، فیضی، عرفی، نظیری، بیدل، غالب، قتیل، بوعلی قلندر، شبلی نعمانی، گرامی، اور علامہ اقبالؒ نے فارسی شاعری کو چار چاند لگا دیئے فارسی نثری ادب میں حضرت شیخ علی ہجویری کی کشف المحجوب کو اولیت حاصل ہے جسے فارسی زبان میں تصوف کی پہلی تصنیف کہتے ہیں۔

جانم اسیرِ سلسلۂ مشک سائے تست

گہ خشم و گہ کرشمہ و گہ عشوہ گاہ ناز
مسکیں کسے کہ شیفتہ و مبتلائے تست

تا چند تیغ برکشی و سر طلب کنی
اینک سرے کہ می طلبی زیرِ پائے تست

ما جاں فدائے خنجرِ تسلیم کردہ ایم
خواہی بہ بخش و خواہ بکُش رائے رائے تست

دل رفت و نیز سینہ تہی شد ز آبِ چشم
اے صبر، باز گرد کہ آں جائے جائے تست

اے قرصِ آفتاب کہ دُوری ز دستِ ما
آخر لبے بہ بخش کہ خسرو گدائے تست

اے آرزوئے چشم کہ دل در ہوائے تو
جاں تک اسیرِ سلسلۂ مشک سائے تو

گہ خشم و گہ کرشمہ و گہ ناز و گہ ادا
کرتے ہیں دل کو شیفتہ و مبتلائے تو

کھینچے ہے تیغ اور طلب تُو کرے ہے سر
جاناں، طلب جو سر ہے وہ ہے زیرِ پائے تو

ہم جاں فدائے خنجرِ تسلیم کر چکے
جو چاہے کر کہ رائے ہماری ہے رائے تو

خوناب لے کے چشم نے سینہ تہی کیا
اے صبر اب یہاں پہ ہر اک جا ہے، جائے تو

اے قرصِ آفتاب وہ لائق نہیں، ولے
لب اس کو بخش دے کہ ہے خسرو گدائے تو

۹۳

اے باد، ازاں بہار خبر دہ کہ تا کجاست
دُزدیدہ زاں نگار خبر دہ کہ تا کجاست

گر ہیچ در رہے گذر آتش رسیدہ ای
یکرہ ازاں سوار خبر دہ کہ تا کجاست

من ہمچو گل بسوختم از آفتابِ غم
آں سروِ سایہ دار خبر دہ کہ تا کجاست

من زآبِ دیدہ شربتِ غم نوش می کنم
آں لعلِ خوشگوار خبر دہ کہ تا کجاست

جانم چو سرمہ سودہ شد از سنگِ آرزو
آں چشمِ پُر خمار خبر دہ کہ تا کجاست

خسرو کہ ایں حدیث زیادے شنیدہ ای
بر پرٔ وزاں دیار خبر دہ کہ تا کجاست

اے بادِ نوبہار، خبر دے کہ ہے کہاں
وہ گلبدن نگار، خبر دے کہ ہے کہاں

آئی جو رہگزر سے ہے تُو چل کے اے صبا
میرا وہ شہسوار، خبر دے کہ ہے کہاں

میں غم کے آفتاب کی تابش سے جل گیا
وہ سروِ سایہ دار، خبر دے کہ ہے کہاں

کرتا ہوں نوش شربتِ غم آنسوؤں کا میں
نوشِ لبِ نگار، خبر دے کہ ہے کہاں

گِھسنے سے سنگِ آز یہ سرمہ بنی ہے جاں
وہ چشمِ پُرخمار، خبر دے کہ ہے کہاں

خسرو جہاں سے آئی خبر یار کی مرے
وہ شہر، وہ دیار، خبر دے کہ ہے کہاں

۹۴

آں تُرکِ نازنیں کہ جہانے شکارِ اوست
دلہا اسیرِ سلسلۂ مشکبارِ اوست

اندیشہ نیست گر طلبِ جاں کند زمن
اندیشۂ من از دلِ نا استوارِ اوست

بادا بقائے زلف و رخ و قامت و لبش
یک جانِ من کہ سوختۂ ہر چہارِ اوست

آں نا خدای ترس ہمہ روز مستِ ناز
دیوانۂ چو من ہمہ شب در خمارِ اوست

دل شد ز دست و سوزِ دلم ماند ہم خوشم
کاں داغ در درونۂ من یادگارِ اوست

خسروؔ گرت خیالِ پرستش اماں دہد
زنہارش استوار نداری کہ یارِ اوست

وہ تُرکِ نازنیں کہ جہاں اک شکارِ او
دل ہا اسیرِ سلسلۂ مشکبارِ او

خدشہ نہیں ہے جان کے جانے کا کچھ مجھے
پر خوفناک ہے دلِ نا استوارِ او

رکھے خدا وہ زلف و رخ و قامت و دہن
ہے جان میری سوختۂ ہر چہارِ او

وہ ایک نازنیں کہ رہے مستِ ناز ہے
دیوانہ ایک میں کہ ہوں مستِ خمارِ او

دل لے گیا مگر وہ گیا چھوڑ سوزِ دل
تا داغ در درون رہے یادگارِ او

دیتا ہے گر خیالِ پرستش اماں تجھے
خسروؔ بن اک غلام نہ گر تُو ہے یارِ او

۹۵

لعلِ لبت بہ چاشنی از انگبیں بہ است
رشکِ رُخت بہ نازکی از یاسمیں بہ است

وہ فرق درمیانِ تو و آفتاب چیست
دید آسماں بہ سوئے تو و گفت ایں بہ است

در باغ سروِ راست بسے دیدہ ام ولے
چیزے کہ سرو راست ہمیں راستیں بہ است

از آبِ تیغ شُستہ شود ہر گنہ کہ ہست
بر جرمِ عشق غمزۂ آں نازنیں بہ است

اے شوخ تا تو در دلِ من جائے کردہ ای
ایں است دوزخے کہ ز خلدِ بریں بہ است

گفتی تنت نگون و دلت خونست خسروا
مارا ہمیں نگینہ بر انگشتریں بہ است

شکر دہن، بہ چاشنی از انگبین بہ
گلفام رخ بہ نازکی از یاسمین بہ

پوچھا حسین تر ہے ترا چاند یا مرا
بولا فلک، ترا ہے یہ ماہِ زمین بہ

ہیں سروِ راستین وہی باغ میں بہت
مجھ کو مگر ہے سرو مرا راستین بہ

دُھلتے ہیں آبِ تیغ سے گرچہ گناہ سب
بر جرمِ عشق نازشِ یک نازنین بہ

جب سے لگائی آگ ہے سینے میں تُو نے اک
دوزخ مرے لئے ہے ز خلدِ برین بہ

خسرو جو تن ترا ہے نگوں اور خون دل
با یک نگینِ خون ہے انگشترین بہ

۹۶

زآنگہے کہ دلِ من بسوئے یارِ من است
زہے دراز کہ شبہائے انتظارِ من است

زمن نماند نشان و دلم بہ زلفِ تو ماند
بگوش دار اے جاناں کہ یادگارِ من است

مرا بہ مستیٔ معذور دار، اے ہشیار
کہ ایں زمام نہ در دستِ اختیارِ من است

چو لالہ غرق بہ خونم، چو گل گریباں چاک
زہے شگفتہ کہ امسال نوبہارِ من است

ہزار بار ہمی گفتم، اے دلِ بدخوی
کہ عشقبازی با نیکواں نہ کارِ من است

نشانِ خاکِ ستم کشتہ ایست در رہِ عشق
ہر آں غبار کہ بردامنِ نگارِ من است

بہ تیغ در حقِ خسرو حقِ جفا بگذار
خدای خیر دہادش کہ حق گذارِ من است

وہ دن کہ جب سے مرا دل بسوئے یار ہے اک
بہت دراز شبِ تارِ انتظار ہے اک

اسیرِ زلفِ معنبر ہے جب سے دل میرا
ترے لئے یہ بنا میری یادگار ہے اک

معاف رکھ مجھے واعظ کہ رندِ مست ہوں میں
مری زمام نہ در دستِ اختیار ہے اک

ہوں غرقِ خون و گریبان چاک صورتِ گل
زہے شگفتہ کہ امسال نوبہار ہے اک

ہزار بار کہا تجھ سے اے دلِ ناداں
کہ عشق کھیل نہیں، غم کا کاروبار ہے اک

نشانِ خاکِ ستم کشتۂ محبت ہے
غبارِ گرد کہ بردامنِ نگار ہے اک

بہ تیغ، در حقِ خسرو حقِ جفا ہو ادا
دلیر کر اسے یارب، وہ حق گزار ہے اک

۹۷

زبس کہ گوشِ جہانے پُر از فغانِ من است
بہ شہر بر سرِ ہر کوی داستانِ من است

ز بیدلی اگرم جاں رود عجب نبود
چوں دل نمی دہدم آنکہ دلستانِ من است

دعائے عمر کنندم، ولے قبول مباد
مرا چوں زندہ نمی خواہد آنکہ جانِ من است

ز زخمِ چابکِ ہجراں دمے رسم بہ عدم
اگر نہ پنجۂ امید در عنانِ من است

چو شمع سوختم، از نام گفتمش ہمہ شب
مرا زبانۂ آتش، ہمیں زبانِ من است

تو زانِ من نشوی گرچہ بخت آنم نیست
ہمیں بس است کہ گوئی کہ خسرو آنِ من است

رسا بگوشِ خلائق ہوئی فغاں ہے مری
مقالِ کوچہ و بازار داستاں ہے مری

جو بیدلی میں مری جاں گئی، عجیب نہیں
کہ دل کو لے کے وہ جاں لیوئے دلستاں ہے مری

دعائے زندگی کیسے قبول ہو مری
کہ چاہتی مجھے زندہ نہ رکھنا، جاں ہے مری

یہ زخمِ چابکِ ہجراں ہے، لیوے جان کہ اب
رہی نہ پنجۂ امید میں عناں ہے مری

مثالِ شمع جلی نام تیرا لے لے کر
کہ اک زبانۂ آتش بنی زباں ہے مری

ہوا ہے غیر کا خسرو اگر مرا جاناں
وہ میری جان ہے، اس پہ نثار جاں ہے مری

۹۸

زخونِ دل کہ بہ رخسار ماجرائے من است
بخواں بہ لطف کہ دیباچۂ وفائے من است

نفس رسیدہ بہ آخر ہوس نماند جز ایں
کہ بشنوم ز تو کایں مُردن از برائے من است

بہ جاں دعائے غمت میکنم کہ دیر زیاد
کز و فزائشِ ایں دردِ بے دوائے من است

چہ حدِ دعویِ نیلوفر آنکہ لافِ غرور
زند کہ چشمۂ خورشید آشنائے من است

بسوختم ز دل و ہم بہ پیشِ دل گفتم
کہ روزِ ایں دلِ بد روزِ من بلائے من است

بنال پیشِ درش، خسروا کہ آں سلطاں
شناختہ است کہ ایں نالۂ گدائے من است

تمام، رُخ پہ کھے خون، ماجرا ہے مرا
اگرچہ ایک یہ دیباچۂ وفا ہے مرا

ہے لب پہ جان، مگر ایک ہے ابھی خواہش
مرے لئے، وہ کہے یار اک مَرا ہے مرا

عجب ہے دردِ ہوس دل میں اور بڑھتی ہے
کرے فزوں وہ جب دردِ بے دوا ہے مرا

جو دیکھتا اُسے، کہتا کبھی نہ نیلوفر
کہ دیکھ، چشمۂ خورشید آشنا ہے مرا

کہوں میں دیکھ کے دل اپنا مبتلائے بلا
کہ کچھ نہ تو بھی تو کم فتنۂ بلا ہے مرا

کرے فغاں ہے درِ شاہ پر اگر خسرو
وہ جانتا ہے، یہ اک نالۂ گدا ہے مرا

۹۹

رُخت ولایتِ چشمِ پُر آب را بگرفت
غمت درونۂ جانِ خراب را بگرفت

چگونہ خواب برد دیدہ را زہجر انش
چنیں کہ خونِ جگر، جائے آب را بگرفت

گرفت خط لبِ چو آبِ زندگانیِ او
بسانِ سبزہ کہ لب ہائے آب را بگرفت

سوال کردم بوسے ازاں لبِ چو شکر
سخن در آمد و راہِ جواب را بگرفت

زغیرتِ رخِ او آفتاب خواست زچرخ
فرو شدن، کہ ذنب آفتاب را بگرفت

رواست گر بزند خیمہ بر فلک خسروؔ
کہ آں کمندِ چو مشکیں طناب را بگرفت

وہ رُخ ولایتِ چشمِ پُر آب لیوے ہے
الم درونۂ جانِ خراب لیوے ہے

شبِ فراق میں خوابیدہ چشم ہو کیسے
جب اس میں خونِ جگر جائے آب لیوے ہے

اُگا رُواں بہ لبِ آبِ زندگانی ہے
مثالِ سبزہ وہ لب ہائے آب لیوے ہے

اگر ہو بوسہ طلب، انحراف کرنے میں
ذرا بھی دیر نہ اس کا جواب لیوے ہے

وہ دیکھتا ہے اگر ماہتابِ رُخ اس کا
رہِ غروب، خجل آفتاب، لیوے ہے

لگائے چرخ پہ خیمہ ہے، ہاتھ میں خسروؔ
کبھی جو زلف کی مشکیں طناب لیوے ہے

۱۰۰

چہ داغہاست کہ بر سینۂ فگارم نیست
چہ دردہاست کہ بر جانِ بیقرارم نیست
دلم ز کوشش خوں گشت و کامِ دل نسید
چہ سود دارد بخشش چوں بختِ یارم نیست
خوشم بدولتِ خواری و مُلکِ تنہائی
کہ التفات کسے را بہ روزگارم نیست

مرا مپرس کہ دردم نہاں نخواہد ماند
کہ اعتماد بریں چشمِ اشکبارم نیست
نفس بہ آخرم آمد، ازاں دہن سخنے
کہ بہرِ کوئے عدم ہیچ یادگارم نیست
زبسکہ در دلِ خسرو سواریش نہ نشست
کہ عمر یک نفسے بر پئے غبارم نیست

کوئی ہے داغ کہ بر سینۂ فگار نہیں
ہے درد کوئی کہ در جانِ بیقرار نہیں
جگر کا خون ہوا بخت آزمائی سے
ہو یار یار، کچھ ایسا میں بختیار نہیں
ملی ہے دولتِ خواری و درد و تنہائی
کہ التفات کسی کو بہ روزگار نہیں

نہ کر بھروسہ کہ رہوے گا رازِ عشق نہاں
کہ معتبر یہ مری چشمِ اشکبار نہیں
دمِ نزع ہو اگر ہم سخن، فزوں اس سے
عدم میں ہو گی کوئی اور یادگار نہیں
شریکِ قافلۂ رنگ و بو ہو، اے جاناں
کہ دوڑتا دلِ خسرو پئے غبار نہیں

۱۰۱

سپید دم کہ زمانہ ز رُخ نقاب انداخت
بہ زلفِ تیرۂ شب نورِ صبح تاب انداخت

کلیدِ زر شد و بکشاد آفتابِ فلک
بہ دیدہ ہا کہ شبِ تیرہ قفلِ خواب انداخت

سحر جواہرِ انجم یگاں یگاں دُزدید
چوں صبح پردہ دریدش بر آفتاب انداخت

بہ کنجِ روزن و در گشت ماہتاب نہاں
چوں مہر خنجرِ کیں سوئے ماہتاب انداخت

بہ آخر آمدہ شب را بہ وقتِ صبح نفس
کہ تیغ خورد و ز خورشید خونِ ناب انداخت

فلک جنابا! بپذیر بندہ خسرو را
چوں خویش را بہ جنابِ فلک جناب انداخت

دمِ سحر رخِ عالم جو بے نقاب ہوا
بہ زلفِ تیرۂ شب نورِ صبح تاب ہوا

لگا جو تیرگیِ شب سے تھا ان آنکھوں پر
کلیدِ زر سے کشادہ وہ قفلِ خواب ہوا

مٹا کے نورِ سحر میں جواہرِ انجم
نمود افسرِ زرینِ آفتاب ہوا

رواں دواں ہوئی خوفِ مہر سے مجلسِ شب
جب اس کا خنجرِ کیں سوئے ماہتاب ہوا

چلی فلک پہ دمِ صبح جو تیغِ تیزِ مہر
افق پہ شب کا پراگندہ خونِ ناب ہوا

حضور میں ترے رہوے ہے وزوشب خسرو
کہ اس کا قبلہ و کعبہ ترا جناب ہوا

۱۰۲

ہر شب دلم ز دستِ خیالت زبوں شود
تا حالِ من بہ عاقبتِ کار چوں شود

خونریز گشت مردمِ چشمت چو ساقیے
کز دستِ وے قرابۂ مے سرنگوں شود

تا باکمالِ حسن چو ماہے برآمدی
ہر شب بہ چرخ کاہشِ من بر فزوں شود

یک رہ اگر چو کبک خرامی بہ سوئے باغ
گر کبک بیندت بہ تگِ پا بروں شود

دل را بسوختی و ہنوز از برائے تو
سوگند می خورد کہ بہ آتش دروں شود

یکبارگی خیالِ تو ما را زبوں گرفت
زینگونہ کس چگونہ کسے را زبوں شود

ہر شب ترے خیال سے دل میرا خوں ہوا
بد حال اور کچھ ہوا اور کچھ زبوں ہوا

خونریز چشمِ مست سے ساقی ہوا بہت
اس کا اگر قرابۂ مے سرنگوں ہوا

جب باکمالِ حسن بنا ماہِ بزم تُو
شوق اور تجھ کو دیکھ کے دل میں فزوں ہوا

دیکھا جو تیرا کبکِ خراماں تو پھر ترا
اہلِ چمن کے عشق نہ دل سے بروں ہوا

کر اس کو اور نہ سوختہ، اے جاں کہ خود مرا
افروختہ مثالِ جہنم دروں ہوا

ایسا کیا ہے خوار ترے عشق نے مجھے
عاشق نہ کوئی مجھ سا جہاں میں زبوں ہوا

۱۰۳

کجاست دل کہ غمت را نہاں تواند داشت
بہ صبر کوشد و خود را بر آں تواند داشت

بہ کامِ دشمنم از ہجر و دوستی نہ کہ او
دلے بسوئے منِ ناتواں تواند داشت

کشید خصمِ تو تیغ و مرا شفیعے نیست
کہ دستِ مصلحتے درمیاں تواند داشت

بسوزم و نزنم دم کہ نیست ہمدردے
کہ رازِ سوختۂ را نہاں تواند داشت

نماند از مہ و خورشید نازنینِ مرا
حیات باد کہ او جایشاں تواند داشت

عنایتے بکن اے دوست بندہ خسرو را
سرِ نیاز بر آں آستاں تواند داشت

کوئی ہے یاں کہ ترا غم نہان رکھتا ہے
صبور قلب و دہاں بے زبان رکھتا ہے

کنارِ غیر میں بیٹھا وہ، کس تغافل سے
نظر بہ سوئے دلِ ناتوان رکھتا ہے

عدو کرے ہے مجھے قتل جب، تو چپ رہ کر
وہ دستِ مصلحت اک درمیان رکھتا ہے

نہیں جہاں میں مرا کوئی غمگسار ایسا
جو رازِ کلفتِ الفت نہان رکھتا ہے

کرے ہے ماند مہ و مہر، نازنیں میرا
کچھ اس قدر وہ فرو ناز و شان رکھتا ہے

اے نازنیں ہو مہرباں کچھ تو خسرو پر
کہ سر مدام وہ بر آستان رکھتا ہے

۱۰۴

نگارِ من کہ بہ جنبیدنِ صبا خفتہ ست
بگوی بہرِ دلم، اے صبا، کجا خفتہ ست

دریں غمم کہ مبادا اگر بہ تار بود
براں حریر کہ آں یارِ بے وفا خفتہ ست

بیا بگوی کہ باز از چہ زندہ ای وہنوز
مگر کہ فتنۂ آں چشمِ پُر بلا خفتہ ست

محتسب ایمن کز گورِ عاشقاں آواز
ہمی رسد کہ مپندار خونِ ما خفتہ ست

کسے کہ دعویِٰ بیداریِ خرد کردہ ست
بیک نظارۂ تو دیدہ ام بہ جا خفتہ ست

حسابِ وصل مداں، خسروا اگر شیریں
بہ خواب دربرِ فرہادِ مبتلا خفتہ ست

نگارِ من کہ بہ یک جنبشِ صبا سویا
کہاں وہ بہرِ خدا اے صبا بتا سویا

ہے تارِ بخیہ گری تار تار دل کے لئے
حریر جس پہ مرا یارِ بے وفا سویا

کمی نہ آئی ذرا سی بھی فتنہ خیزی میں
اگرچہ فتنۂ یک چشمِ پُر بلا سویا

قرار آیا نہ مر کے بھی کچھ مرے دل کو
کہ گور میں بھی نہ یہ دردِ لا دوا سویا

گو ایک دعویِٰ بیداریِ خرد تھا مجھے
بہ یک نظارہ ولے درک سب مرا سویا

وہ سوئے پاس کیوں خسرو جو خسروِ شیریں
کبھی نہ جا کے بہ فرہادِ مبتلا سویا

۱۰۵

رسیدِ فصلِ گل و بادِ عنبر افشان است
نگار خانۂ جاناں بہشتِ رضوان است

بہ سروِ باغ کہ بینند کنوں کہ در ہر باغ
ہزار سرو بہ ہر گوشۂ خرامان است

عجب کہ جام نمی افتد از کفِ نرگس
چناں کہ او بہ غنودن فتان و خیزان است

بہ گوشہ ہائے چمن برگِ گل چو نرمۂ گوش
درو ز قطرۂ نگر تا چہ دُرِ غلطان است

چنیں کہ نرگس و گل چشم را بہ صحنِ چمن
ہمی نہند مگر آستانِ سلطان است

شگفتہ بادِ گلِ دولتِ تو تا بہ ابد
گلے کہ بلبلِ او خسروِ ثنا خوان است

بہارِ گل بکف و بادِ عنبر افشاں ہے
نگار خانۂ جاناں بہشتِ رضواں ہے

ذرا یہ دیکھ کہ کس نازِ دلربائی سے
روش پہ باغ کی ہر سرو اک خراماں ہے

عجب ہے جام گرے ہے نہ دستِ نرگس سے
غنودگی میں وہ گرچہ فتان و خیزاں ہے

ہو گوشوارۂ بگوشِ حسین اک جیسے
ہر ایک ژالۂ رخِ گل پہ دُرِ غلطاں ہے

ہجومِ نرگس و نسرین و لالہ و گل سے
صحنِ چمن کا بنا آستانِ سلطاں ہے

سدا رہے گا شگفتہ گلِ مراد ترا
کہ عندلیبِ چمن خسروِ ثنا خواں ہے

۱۰۶

ہر کہ در پیشِ چشمِ روشنِ ماست
گوئیا آفتِ دل و تنِ ماست

چشمِ ما گر نمی شود، ماناک
آں ہماں آفتابِ روشنِ ماست

لالہ ہا می دمد ز خونِ دو چشم
گردِ من آں بہار و گلشنِ ماست

ما چو ہندوئے سومنات بہ عشق
بت پرستیم و دل برہمنِ ماست
گفتم از مہر سوخت خسرو گفت
چند ازیں ذرہ ہا بہ روزنِ ماست

وہ حسیں جس سے چشم روشن ہے
کلفت و آفتِ دل و تن ہے

دیکھ کر آب و تابِ ماہ جبیں
چھُپ گیا آفتابِ روشن ہے
رنگِ لالہ سے اشکِ خونیں کے
روئے عاشق بہار و گلشن ہے
عشق میں تیرے، اے بتِ کافر
دل بنا اک مرا برہمن ہے

مہرِ رخ سے اگر جلا خسرو
ذرۂ خاک وہ بہ روزن ہے

١٠٧

ترکِ مستم کہ قصدِ ایماں داشت
چشمِ او میلِ غارتِ جاں داشت

زلفِ کافر کو قصدِ ایماں ہے
چشم کو میلِ غارتِ جاں ہے

خونِ من چو شراب می جوشد
وز دلم ہم کبابِ بریاں داشت

جوش سے خوں بنا مئے احمر
سوختہ دل کبابِ بریاں ہے

دیدہ دُر می فشاند در دامن
گوئیا آستینِ مرجاں داشت

دُر فشاں چشم سے مری دامن
بن گیا ایک دُرجِ مرجاں ہے

درِ باغِ بہشت بکشادند
باد گوئی کلیدِ رضواں داشت

کھول دیوے ہے درِ بہشت کا اک
باد گویا کلیدِ رضواں ہے

غنچہ دیدم کہ از نسیمِ صبا
ہمچو من دست در گریباں داشت

کہہ گئی باد کیا کہ ہر غنچہ
صبحدم دست در گریباں ہے

رازم از پردہ برملا افتاد
چند شاید بہ صبر پنہاں داشت

دلِ مضطر کی ناصبوری سے
رازِ الفت رہے نہ پنہاں ہے

خسروا ترکِ جاں بباید گفت
کہ بیک دل دو دوست نتواں داشت

دل نہ رکھے ہے یار دو خسرو
یار ہے یار، یار یا جاں ہے

۱۰۸

ہر کہ روئے تو دید جاں دانست	میں نے ظالم کو مہرباں سمجھا
لبِ شیرنیت راہماں دانست	ایک قاتل کو جانِ جاں سمجھا
نرخ کر دی نہ بوسۂ جانے	عوضِ بوسہ اس نے جز جاں کے
بندہ بخرید و رائیگاں دانست	جو کیا نذر رائگاں سمجھا
ذقنت چہ نمود و دل بہ خیال	چوم چاہِ ذقن لیا میں نے
بوسۂ زد مگر دہاں دانست	دہنِ چاہ کو دہاں سمجھا
دل زہجرِ تو بسکہ تنگ آمد	دل ہوا تنگ ہجر میں ایسا
مرگ را عمرِ جاوداں دانست	مرگ کو عمرِ جاوداں سمجھا
دی زکویت تنِ ضعیفِ مرا	تن کیا غم نے اس قدر لاغر
زاغ بر بود و استخواں دانست	زاغ نے اس کو استخواں سمجھا
غمزۂ تو زبان کشید زمن	دل تو باندھا زباں نہیں باندھی
کہ مرا نیک بے زباں دانست	زلف نے مجھ کو بے زباں سمجھا
پیش ازیں غم نبود خسرو را	اولِ عشق خسروِ ناداں
غم کہ دانست ایں زماں دانست	عارضی جورِ بیکراں سمجھا

۱۰۹

سرِ زلفِ تو تا بجنبیدہ ست	جب سے گیسو ترا ہے جنبیدہ
بوئے مشکِ ختا بجنبیدہ ست	بوئے مشکِ ختا ہے جنبیدہ
بوئے خوں آمد از صبا ما ناک	لے کے آئی صبا ہے بوئے خوں
عاشقی را ہوا بجنبیدہ ست	کوئی مقتول کیا ہے جنبیدہ
تا بجنبید زلفِ او از باد	جنبشِ کاکلِ غزالاں نے
نافِ آہو زجا بجنبیدہ ست	نافِ آہو کیا ہے جنبیدہ
جوشِشِ دلہا بہ گردِ او گوئی	یادِ جاناں نے دل میں الفت کا
قلبِ صد یاد را بجنبیدہ ست	ایک شعلہ کیا ہے جنبیدہ
گر جگر گوشہ نیست چشمِ مرا	ہے جگر گوشہ گر نہ چشمِ تو کیوں
خونِ چشم چرا بجنبیدہ ست	خوں جگر کا ہوا ہے جنبیدہ
میرود ذکرِ رفتنش بسیار	ذکر جانے کا جب وہ کرتا ہے
باز جائے بلا بجنبیدہ ست	دل میں ہو وے بلا ہے جنبیدہ
یادِ خسرو نمی کند یارب	بے اثر اس پہ ہے غمِ خسرو
کایں سخن از کجا بجنبیدہ ست	سب کا دل گو ہوا ہے جنبیدہ

۱۱۰

نگارِ من امشب سرِ ناز داشت
بر افتادگاں چشمِ بدساز داشت

بہ یک جامِ بادہ بہ صحرا فگند
دلم ہرچہ در پردۂ راز داشت

بہ سویش نمی دیدم از بیمِ جاں
کہ در چشمِ او مستی آغاز داشت

رہِ من زد ایں باز ماندہ سرشک
کہ چشم مرا از نظر باز داشت

بہ عذر ار دلم برد معذور بود
کہ چشمے بہ غایت دغاباز داشت

دلِ من کہ تیرے در و ماندہ بود
بہ نالہ خراشے در آواز داشت

کنوں یاد دارد ز خسرو کہے
کہ مرغے دریں باغ پرواز داشت

کرے نازنین وہ بہت ناز ہے
بر افتادگاں چشمِ بدساز ہے

بہ یک غمزہ ہووے گا سب فاش جو
مرے دل میں در پردۂ راز ہے

مجھے خوفِ جاں ہے کہ امشب تری
بہت چشم میں مستیِ ناز ہے

ملا آنکھ سے آنکھ نورِ نظر
کہ عاشق ترا اک نظر باز ہے

فریبِ نظر سے لیا دل مرا
تری چشم کیسی دغا باز ہے

ہوئی تیر سے ہے جو دل میں ترا
فغاں کی خراشیدہ آواز ہے

یہ مرغِ گرفتار خسرو ترا
رکھے پر نہ کوئی نہ پرواز ہے

111

گلستاں نسیمِ سحر یافتہ ست
صبا غنچہ را خفتہ دریافتہ ست
چناں خواب دیدہ ست نرگس بخواب
کہ گوئی کہ او جامِ زر یافتہ ست

خبر نیست مر بلبلِ مست را
کہ از مستیش گل خبر یافتہ ست
چہ گویم کہ سنگیں دلش ہیچ وقت
ز سوزِ دلِ من اثر یافتہ ست

بہ پائے خیالت فرو ریخت چشم
دُرے کاں بہ خونِ جگر یافتہ ست
بسا شب کہ بیدار خسرو نشست
کہ شامِ غمش را سحر یافتہ ست

گلستاں نسیمِ سحر یافتہ
نہالِ محبت ثمر یافتہ
ہوئی مست و مخمور نرگس کہ وہ
بہاراں میں ہے جامِ زر یافتہ
خبر ہے نہ کچھ بلبلِ مست کو
کہ گل ہو گئے ہیں خبر یافتہ
میں کیسے کہوں یارِ سنگین دل
ہوا سوزِ دل سے اثر یافتہ
بچھائی ہیں آنکھیں تری راہ میں
کہ ہیں دُرِ خونِ جگر یافتہ
ہے امیدِ خسرو کو بس اک یہی
کہ شب ایک ہو گی سحر یافتہ

۱۱۲

بتے کز ویم رُو بہ دیوانگی ست
اگر جاں تواں برد فرزانگی ست

زدم دی بہ زنجیرِ گیسوش دست
مرا گفت، باز ایں چہ دیوانگی ست

درونم پُر از یار گشت و ہنوز
ازاں سو کہ یار ست بیگانگی ست

نگارا خیالِ ترا مدتے ست
کہ با مردمِ دیدہ ہمخانگی ست

مرا کُشتی آخر ترا کس نگفت
کہ بیچارہ کُشتن نہ مردانگی ست

شد از عشقِ خالِ تو خسرو ہلاک
چو مرغے کہ مرگش ز بے دانگی ست

فزوں اک کرے بت ہے دیوانگی
کہ لیوے ہے جاں وہ یہ فرزانگی

جو زنجیرِ گیسو کی لی ہاتھ میں
کہا اس نے کیا ہے یہ دیوانگی

ہدر کوششِ آشنائی ہوئی
رہی یار کو مجھ سے بیگانگی

خیالِ نگاریں کو مدت سے اک
ہے با مردمِ چشم ہم خانگی

بتایا کسی نے نہ اس کو کبھی
کہ ہے قتلِ مسکیں نہ مردانگی

بدوں خالِ جاناں کے خسرو مرا
مرے مرغ جیسے یہ بے دانگی

۱۱۳

گر ترا ناز و بدخوئی این است
وائے بر دل اگرچہ سنگین است

تو رکھے ناز و رنجش و کیں ہے
دل بھی کچھ کم ترا نہ سنگیں ہے

می روی و نمی روی از دل
ایں چہ شکل است وایں چہ آئین است

دل جلا کر بھی دل میں رہتا ہے
عشق کا کیا عجب یہ آئیں ہے

گر دلِ من کباب شد تو بخند
کاں نمک شور نیست شیرین است

دل بنایا کباب تو ہنس کر
ڈال اس پر نمک جو شیریں ہے

من بمیرم کہ آبِ چشمے نیست
خندۂ کن کہ وقتِ یٰسین است

آہ مگر آ نہ فاتحہ پڑھنے
اے مسیحا یہ وقتِ یٰسیں ہے

ہر شب از آبِ دیدہ بیداری
چشمِ من آشنائے پروین است

چشم شب بھر ستارہ ریزی سے
بن گئی آشنائے پرویں ہے

نکنی گر نگاہ معذوری
کت چو خسرو ہزار مسکین است

تجھ سے کیسے وہ اک نگہ مانگے
ہے نہ خسرو ہی جو کہ مسکیں ہے

۱۱۴

بہار آمد و گلہائے بوستاں بشگفت
بہ خوش دلی و طرب روی دوستاں بشگفت

بداں صفت کہ گل از باد بشگفد بہ چمن
ز بادہ بادہ کشاں را بہارِ جاں بشگفت

بہ دیدہ پرس کہ آبش چو آبِ دُر غلطید
ز مے چو عارضِ خوبانِ دلستاں بشگفت

گل از شراب بداں ساں کہ بشگفد در جام
بہ کوئے دوست گل از خونِ عاشقاں بشگفت

بتاں بہ ترس قدم می نہند بر لالہ
کہ ہمچو شعلۂ آتش بہ بوستاں بشگفت

نسیمِ مشک جہانگیر شد چوں خسرو را
ز بادِ مدحتِ تو غنچہ در دہاں بشگفت

بہارِ گل میں ہیں گلہائے بوستان کھِلے
بہ خوش دلی و طرب روئے دوستان کھِلے

چمن میں بادِ بہاری سے گل کھِلیں جیسے
ہیں مے کشوں کے بہ مے غنچہ ہائے جان کھِلے

ہیں جس طرح مری آنکھوں میں آبدار گہر
بہ مے گلِ رخِ خوبانِ دلستان کھِلے

قدح میں گل بہ مئے ارغواں کھِلیں جیسے
بہ کوئے یار گل از خونِ عاشقان کھِلے

حسیں نہ ڈر کے رکھیں پاؤں لالہ و گل پر
جو شکلِ شعلۂ آتش بہ بوستان کھِلے

نسیمِ مشک جہانگیر ہو گئی جب گل
بیانِ یار میں خسرو کے در دہان کھِلے

۱۱۵

یار چوں با ماست بہرِ دید نش تعجیل چیست
یوسف اندر مصرِ دل در دیدہ رودِ نیل چیست

یار جب نزدیک ہو، دیدار کی تعجیل کیا
یوسف اندر مصرِ دل، در چشم رودِ نیل کیا

آں بت اندر سینہ و سوزاں دلم قندیل وار
چوں دلم بتخانہ شد، بتخانہ را قندیل چیست

جب سے بت سینے میں ہے قندیل دل جل کر بنا
بتکدہ سینہ اگر ہے حاجتِ قندیل کیا

کُشتنِ خود خواستم از غمزۂ خونریزِ او
گفت صید انداز ”ساکن“ صید را تعجیل چیست

جب کہا غمزے سے مجھ کو قتل کر، کہنے لگا
صید ہونے کے لئے اے صید ہے تعجیل کیا

رہروانِ صدق را از راحت و محنت چہ غم
عاشقانِ کعبہ را پرسش ز راہ و میل چیست

راحت و کلفت کا غم کیوں راہروانِ صدق کو
عاشقانِ کعبہ کو پرسش بہ راہ و میل کیا

مرد چوں شد عاشقِ جاناں، نترسد از بلا
مور چوں شد بر درِ شہ، بیمِ پائے پیل چیست

عشق میں مردانِ میداں کو نہیں فکرِ بلا
چیونٹی کو در پہ شہ کے خوفِ پائے پیل کیا

تقویٰ و پرہیز گاری نیست کارِ عاشقاں
صوفیِ میخوارہ را سجادہ در زنبیل چیست

تقویٰ و پرہیزگاری ہے نہ کارِ عاشقاں
صوفیِ مینخوار کو سجادہ در زنبیل کیا

اے کہ خسرو را نصیحت می کنی از بہرِ عشق
پند چوں می نشنود بے ہودہ قال و قیل چیست

کر نہ خسرو کو نصیحت عشق میں، اے پند گو
عاشقِ شیدا کو اک پروائے قال و قیل کیا

۱۱۶

از من آں کامیاب را چہ غم است
زیں شب آں ماہتاب را چہ غم است

مات کا کامیاب کو غم کیا
رات کا ماہتاب کو غم کیا

ذرہ ہا گر شوند زیر و زبر
چشمۂ آفتاب را چہ غم است

ذرہ ذرہ اگر ہو زیر و زبر
چشمۂ آفتاب کو غم کیا

گر مرا نیست خوابے اندر چشم
چشمِ آں نیم خواب را چہ غم است

چشم بے خواب رنج دیدہ کا
دیدۂ نیم خواب کو غم کیا

گر بسوزد ہزار پروانہ
مشعلِ خانہ تاب را چہ غم است

گر جلائے ہزار پروانے
مشعلِ خانہ تاب کو غم کیا

ور کنم من سوالِ کُشتنِ خویش
تُرکِ حاضر جواب را چہ غم است

قتل و غارت کا ہو سوال اگر
تُرکِ حاضر جواب کو غم کیا

خسروا ار جاں دہد، تو دیر بزی
ماہی ار مُرد، آب را چہ غم است

ماہی بے آب ہے اگر خسرو
مرگِ ماہی کا آب کو غم کیا

۱۱۷

یارب چہ شد کاں ترکِ ما ترکِ محباں کردہ است
آسودگانِ وصل را رنجورِ ہجراں کردہ است

گردوں اگر آں یار رائے بر من دگرساں ساختہ
بابختِ بے سامانم از مہرش پشیماں کردہ است

روزے گرم از دولتِ وصلش درونے شاد شد
روزِ فراقِ دوستاں چوں بیتِ احزان کردہ است

ہر ہر مژہ عشاق را بشگفت نسرینِ سرشک
تا آں گل از اہلِ نظر رخسار پنہاں کردہ است

در حلقۂ شوریدگاں آشوب و غوغا می رود
گویا مگر ہندوئے من کاکل پریشاں کردہ است

زاہد کہ دامن می کشد از رندیِ تو خسروا
بالے ندانم یک نفس سر در گریباں کردہ است

اس تُرک نے کیوں اے خدا ترکِ محباں کر دیا
آسودگانِ وصل کو رنجورِ ہجراں کر دیا

میرا سنا کے قصۂ رنج و الم جور و ستم
ظالم کو اے غمخوار کیوں تُو نے پشیماں کر دیا

دولت سے مالا مال جس دل کو کیا تھا وصل نے
فرقت نے تیری پھر اسے اک بیتِ احزاں کر دیا

کِھل کر مژہ پر اشک کے گلہائے زنگارنگ نے
اہلِ نظر کا لالۂ رخسار پنہاں کر دیا

در حلقۂ شوریدگاں آشوب و غوغا ہو گیا
گر یارِ ہندو نے کبھی کاکل پریشاں کر دیا

خسرو اگرچہ رند ہے دل کا دکھا کر آئینہ
زاہد کا اس نے ایک دن سر در گریباں کر دیا

۱۱۸

خیالِ روئے تو چو دُرِ ناب در نظر است
ز اشک دمبدمم صد حباب در نظر است

اگر دلت بہ لب بحر می کَشد، اے سرو
نشیں بہ گوشۂ چشمم کہ آب در نظر است

خیالِ زلفِ تو در دیدہ ام شبے گردید
ازاں خیال مرا اشکِ ناب در نظر است

شبے بخواب نظر بازیئے بہ او کردم
مرا ہمیشہ ازاں لحظہ خواب در نظر است

بہ نورِ روئے تو در زلف می تواں رفتن
شب است و شعشعۂ ماہتاب در نظر است

ز عشقِ چشمِ تو خسروؔ چو سرخوش و مست است
بہ یادِ لعلِ تو او را شراب در نظر است

خیالِ لب کا ترے لعلِ ناب آنکھ میں ہے
فراقِ رخ کا بھی اک سیلِ آب آنکھ میں ہے

لگائے آنکھ سے اے سرو تجھ کو رکھتا ہوں
لگ اس میں تو بھی کہ اک جوئے آب آنکھ میں ہے

خیالِ زلف کا آنکھوں میں اس طرح آیا
کہ شب ہوئی ہے سیہ، خونِ ناب آنکھ میں ہے

لڑی ہے آنکھ مری تجھ سے خواب میں ایسی
کہ روز و شب وہ رہے ایک خواب آنکھ میں ہے

میں زلف میں تری جاؤں بہ نورِ رخ لیکن
یہ نورِ ماہ، ضوئے ماہتاب آنکھ میں ہے

کیا ہے چشم نے خسروؔ کو تیری مست کہ تو
ہے مستِ ناز، خمارِ شراب آنکھ میں ہے

۱۱۹

بہ خود مبیں کہ چو روئے من آفتابے ہست
بہ من نگر کہ چو من در جہاں خرابے ہست

نظارہ سوز ترا رخ وہ آفتاب ہے اک
جلا کے جس نے ہر عاشق کیا خراب ہے اک

ز روشنیِ رخِ تو گر بصد نقاب رود
کسے نداند کہ بر روئے تو نقابے ہست

چھپا جو رہ نہیں سکتا ترا رخِ روشن
تو ہوئے رخ پہ ترے کس طرح نقاب ہے اک

دلم ز ناوکِ چشمت ہزار روزن شد
بہ صورتِ تو بہ ہر روزن آفتابے ہست

ہوا ہے تیرِ نظر سے ھزار روزن دل
ہے دل میں تُو، تو بہ ہر روزن آفتاب ہے اک

لبِ تو در دلم آمد بپرس ہم زاں لب
کہ پُر نمک تر ازاں ہیچ دل کبابے ہست

ہوا ہے سوختہ لیکن تری ملاحت سے
نمک سے پُر مرے دل کا بنا کباب ہے اک

ازیں ہوس کہ نشانی بہ یابد از دہنت
وجود را بہ عدم ہر زماں شتابے ہست

دہان تیرا ہے معدوم۔ جستجو میں و لے
عدم میں دل کو رہے ہر زماں شتاب ہے اک

برآبِ دیدۂ خسرو ہمہ جہاں بگریست
تبارک اللہ در دیدۂ تو آبے ہست

غمِ فراق میں بیداد گر بھی روتے ہیں
نہ تیری چشم ہی خسرو کوئی پُر آب ہے اک

۱۴۰

رخش بدیدم و گفتم کہ بوستاں این است لبش بہ خندہ درآمد کہ قوتِ جاں این است	ہو بے نقاب ترا رخ تو بوستاں یہ ہے اگر ہو خندہ ترے لب پہ، نوشِ جاں یہ ہے
سخن کشیدم ازاں لب کہ در دہانِ تو چیست شکر بریختن آمد کہ در دہاں این است	ہے تلخ بات بھی تیرے دہن میں شیرینی بھرا شہد سے اگر ہے کوئی دہاں، یہ ہے
بگفتمش کہ بہ خورشید بر تواں رفتن نمود زلفِ مسلسل کہ ریسماں این است	تو چاہتا ہے اگر آسمان پر چڑھنا پکڑ وہ زلفِ مسلسل کہ ریسماں یہ ہے
بہ عجز چہرہ نمودم کہ رنگِ رُویم بیں بہ ناز خندہ بہ من زد کہ زعفراں این است	بصد نیاز دکھایا جو زرد رُو اس کو وہ ہنس کے ناز سے بولا کہ زعفراں یہ ہے
بہ نامِ نیک ترا عمرِ جاوداں بادا تو نامِ نیک طلب، عمرِ جاوداں این است	بدی کا بدلہ بدی، نیک کام کا نیکی ہو نیک نام کہ اک عمرِ جاوداں یہ ہے
رواں چو باد بدادی بہ بندہ خسروؔ اسپ چو باد اسپ دہی بخششِ رواں این است	دیا جو باد کی مانند اسپ خسروؔ کو ہوائی تخت ہے یہ بخششِ رواں یہ ہے

۱۲۱

ز من در ہجر او ہر دم فغانِ زار می آید
خوش آں چشمے کہ آں ہر دم بر آں رخسار می آید

چوں رفتم بر درش بسیار درباں گفت کایں مسکیں
گرفتار است گوئی کایں طرف بسیار می آید

گر از نادیدنش روزے بمیرم نیست دشواری
ولے رویش نخواہم دید آں دشوار می آید

رقیبا یک عنایت کن خرامیدن مدہ او را
کہ بر من ہر چہ می آید ازاں رفتار می آید

مرا می گفت دی ہر کس چوں رفتم از در بیخود
کہ ایں صوفی مگر از خانۂ خمّار می آید

مگو بارے کہ در بندم تو بیزارے شدی خسرو
کسے آساں ز جانِ خویشتن بیزار می آید

کسی کو ہجر میں ہر دم فغانِ زار ہووے ہے
میسر اور کسی کو روز و شب دیدار ہووے ہے

گرفتاری و مجبوری مجھے رکھتی ہے خوش در پر
گلہ اس کا مگر درباں کو بسیار ہووے ہے

نہیں مشکل ذرا بھی جان دینا ہجر و دُوری میں
بغیرِ یار جینا پر بہت دشوار ہووے ہے

خدارا چل نہ اس انداز سے عشاق کی تیرے
گرفتاری کا باعث لغزشِ رفتار ہووے ہے

کرے ہے عشق کا دعویٰ ولے ہے بے خبر صوفی
کہ مسکن عاشقوں کا خانۂ خمّار ہووے ہے

بنا ہے عشق گرچہ آفت و آزارِ جاں لیکن
نہیں خسرو کبھی آزار سے بیزار ہووے ہے

۱۲۲

صبا می جنبد و آں مستِ ما را خواب می آید
کہ از دم ہائے سردِ من جہاں بیتاب می آید

ازاں مہتابِ جاں افروز کاں شب بود مہمانم
جہاں تیرہ ست بر من چوں شبِ مہتاب می آید

من اینجا زار می سوزم بہ تاریکی و تنہائی
وہ اے ہمسایۂ غافل ترا چوں خواب می آید

شبانگہ بر سرم بگذشت و چشمش تر شد اے قرباں
چہ بخت ست ایں کہ رحمت در دلِ قصاب می آید

فرو پوشیدہ جانہا را کہ آں بے مہر می بیند
نگہدارید دلہا را کہ آں قلاب می آید

ہمہ ناز است و شوخی و کرشمہ خسروا دل نہ
کہ بہرِ کشتنت با ایں ہمہ اسباب می آید

ہوا ٹھنڈی چلے تو یار مستِ خواب ہووے ہے
ذرا بھی سردِ آہوں سے نہ دل بیتاب ہووے ہے

نہ ہوتا بام پر ہے جلوہ گر مہتاب گر اس کا
تو میرے واسطے تیرہ شبِ مہتاب ہووے ہے

اِدھر جلتا مجھے رکھتی ہیں تاریکی و تنہائی
اُدھر غفلت میں ہمسایہ مرا در خواب ہووے ہے

سرِ بالیں آ کر کیوں ہوئی ہے چشمِ نم اس کی
مہرباں کیا خدایا اک دلِ قصاب ہووے ہے

محافظ جان و دل کا کر نہ اپنے تو رقیبوں کو
نہ لے کے جائے مایہ ہیں جہاں قلاب ہووے ہے

ہے کافی اک ادا ہی شاہدوں کی جبکہ اے خسرو
کیوں لینے کے لئے جاں اسقدر اسباب ہووے ہے

۱۲۳

زمستاں می رَوَد، ایامِ گلہا پیش می آید
زبادِ صبح مارا بوئے آں بدکیش می آید

صبا می جنبد و بازم پریشاں می کند از سر
دلِ بدبخت اگر وقتے بہ حالِ خویش می آید

رسید ایامِ گل و آں شوخ خواہد رفت در بُستاں
ازاں روزے کہ می ترسیدم اینک پیش می آید

سرِ دیوانگی را مژدہ دہ، اے سنگِ بدنامی
کہ باز آں فتنہ بہرِ عقلِ دُور اندیش می آید

ازیں خرمن نماند کاہ و برگے مگر اے دیدہ
کہ بیش است آتشم، ہر چند باراں بیش می آید

چہ غم می داردت بخرام خوش خوش جانِ من چنداں
رہا کن تا نمک بر سینہ ہائے ریش می آید

نیارم بردنامِ لب بہ دُزدی غمزہ زن گہ گہ
کہ خسروؔ نہ زبہرِ نوش، بہرِ نیش می آید

خراماں گل بکف جب شاہدِ بدکیش آئے ہے
تو مشکل عاشقوں کو اک بڑی درپیش آئے ہے

کبھی آئے دلِ بدبخت کو ہے چین گر میرے
صبا کر دے پریشاں زلف اس کی بیش آئے ہے

بہاراں میں اگر آتا ہے وہ شوخی سے گلشن میں
نہ کیا کچھ لالہ و نسرین و گل کو پیش آئے تھے

سرِ دیوانگی کو دے نوید، اے سنگِ بدنامی
کہ پھر فتنہ وہ بہرِ عقلِ دُور اندیش آئے ہے

نہیں کافی بجھانے کے لئے آتش یہ خرمن کی
اگرچہ دیدۂ گریاں سے باراں بیش آئے ہے

ہرے ہوتے خوشی سے زخمِ دل ہیں دیکھ کر جب وہ
چھڑکنے کو نمک بر سینہ ہائے ریش آئے ہے

ہے گرچہ خواہشِ نوشِ لبِ جاناں مگر خسروؔ
مژہ کو دیکھنے اس کی برائے نیش آئے تھے

۱۲۴

مرا باز از طریقِ ساقی خود یاد می آید
غمِ دیرینہ بازم در دلِ ناشاد می آید

ازیں سو می رسد ہجرش کشیدہ تیغ در کشتن
وزاں سو بختم از بہرِ مبارکباد می آید

بسوز، اے عاشقِ خستہ کہ آں بے مہر می آید
بنال، اے بلبلِ مسکیں کہ آں صیاد می آید

برو اے خواب، یارِ من نہ ای زیرا کہ من امشب
سرِ زلفِ پریشانِ کسے ام یاد می آید

فراموشم نمی گردد سرِ زلفِ چو شمشادش
کہ بوئے غائبِ خویشم ازاں شمشاد می آید

جگر سوز است مشنو، جانِ من افسانۂ خسرو
کزو بوئے دلِ شوریدۂ فرہاد می آید

مجھے پھر غمزہ بے باکِ ساقی یاد آئے ہے
غمِ دیرینہ پھر اندر دلِ ناشاد آئے ہے

کبھی اک تیغِ ہجرِ یار جاں لینے کو آتی ہے
کبھی قسمت مری بہرِ مبارکباد آئے ہے

جل اے عاشق، ترا معشوق جان لینے کو آتا ہے
فغاں کر بلبلِ مسکیں کہ اک صیاد آئے ہے

کروں گا نجم ریزی دُر فشانی چشم سے شب بھر
کہ امشب زلفِ شبرنگِ پریشاں یاد آئے ہے

بھلاؤں کس طرح شمشاد جیسی زلف کو اسکی
کہ ہر دم بوئے زلفِ یار از شمشاد آئے ہے

کبھی سنتے ہیں گر افسانۂ سوزِ دلِ خسرو
ہمیں بوئے دلِ شوریدۂ فرہاد آئے ہے

١٢٥

چہ شد کاں سروِ سیم اندام سوئے من نمی آید
دلم پژمردہ شد، بوئے ازاں گلشن نمی آید

خیالش بے دریغم می کُشد گویا نمی داند
کہ چوں جاں رفت از تن، باز سوئے تن نمی آید

نہ بیند چشمِ ظاہر بیں جراحت ہائے پنہانم
کہ بر جاں می رسد ایں زخم بر گردن نمی آید

ازانم روزنِ دیدہ ازاں تاریک می باشد
کہ ہیچ آں آفتابِ من ازیں روزن نمی آید

مرمن خود بگو، تاریک نبود چوں مرا دیدہ
کہ در چشمِ من آں رخسارۂ روشن نمی آید

دلِ دیوانۂ خسرو کہ در زنجیرِ زلفت شد
بہ صد زنجیر آں دیوانہ در مسکن نمی آید

وہ میرا سروِ سیم اندام سوئے من نہ آئے ہے
بہاراں میں بھی بوئے غیرتِ گلشن نہ آئے ہے

نہ سوچے ہے ذرا لیوے ہے جاں اک جب خیال اسکا
کہ جائے جاں بدن سے پھر بسوئے تن نہ آئے ہے

نہ دیکھے چشمِ ظاہر بین ہے زخمِ دروں میرا
نظر جب تک اسے اک ریش بر گردن نہ آئے ہے

ہوا ہے روزنِ دیدہ مرا تاریک، جس دن سے
شعاعِ آفتاب اس کی سوئے روزن نہ آئے ہے

ہو روشن کس طرح یہ دیدۂ تاریک جب اس میں
کبھی اک پرتوئے رخسارۂ روشن نہ آئے ہے

دلِ دیوانۂ خسرو جو ہے زنجیرِ گیسو میں
بصد زنجیر دیوانہ یہ در مسکن نہ آئے ہے

۱۲۶

بہ گلگشتِ چمن چوں گلستانِ من بروں آید
بہ ہمراہیِ او اشکِ روانِ من بروں آید

فغانِ من بروں آید چوں گیرم نامِ او، ترسم
کہ ناگہ جانِ من ہم با فغانِ من بروں آید

چوں در محشر بہم آزند خاکِ ہر کس از ہر جا
مرا بس کز سرِ کویش نشانِ من بروں آید

مرا گویند در دل کیست آں کت می کُشد چندیں
خیالت آشکارا از نہانِ من بروں آید

مشو دُور از برم جانا و یا نزدیکِ خویشم خواں
کہ نزدیک است از دُوری کہ جانِ من بروں آید

ز بہرِ فال اگر خسرو کتابِ عشق بکشاید
ز اوّل صفحۂ غم داستانِ من بروں آید

بہ گلگشتِ چمن جب گلستانِ من بروں آئے
تو ہمرہی اشکِ روانِ من بروں آئے

فغاں آئے بروں جو نام سن اس کا تو ڈرتا ہوں
کہیں جاں بھی نہ میری با فغانِ من بروں آئے

بہم ہوں گے نکل کر ہر جگہ سے سب جو محشر میں
مزہ ہو گر ترے کُو سے نشانِ من بروں آئے

کوئی پوچھے کہ قاتل کون ہے تیرا تو سنتے ہی
خیالِ یار فوراً از نہانِ من بروں آئے

نہ جا تو دُور مجھ سے یا بلا نزدیک دُوری میں
کہ ہے نزدیک دُوری سے کہ جانِ من بروں آئے

برائے فال گر خسرو کتابِ عشق کھولے تو
ز اوّل صفحۂ غم داستانِ من بروں آئے

۱۲۷

مرو زینساں کہ ہر سو جامۂ جاں چاک خواہد شد
جہانے در سرِ ایں غمزۂ بیباک خواہد شد

خدایا زو نپرسی و مرا سوزی بجائے او
کہ کُشتہ عالمے زاں غمزۂ بیباک خواہد شد

تو می زن غمزہ تا من می خورم خوش خوش سنانِ تو
چہ غم دارد ترا گر سینۂ من چاک خواہد شد

زہے شادی کہ او آید ببیند حالِ من لیکن
من ایں شادی نمی خواہم کہ او غمناک خواہد شد

بسوزم خویشتن از جورِ بختِ بد ولے ترسم
کہ آتش سوختہ از ننگِ ایں خاشاک خواہد شد

ازاں لب تلخ می گوئی مترس از خندۂ خسرو
کہ ہر زہرے کہ می آید براں تریاک خواہد شد

نہ چل ایسے خدارا جامۂ جاں چاک ہووے ہے
دل و ایماں کا رہزن غمزۂ چالاک ہووے ہے

پکڑ اس کو نہ یا ربّ دے سزا اس کی جگہ مجھ کو
بہت گو دشمنِ جاں دیدۂ بیباک ہووے ہے

تُو بیباکی سے کر ابرو سے اپنے ناوک اندازی
ذرا بھی غم نہ کر سینہ مرا گر چاک ہووے ہے

غمِ الفت مرا ہوتا ہے دل میں اور بھی افزوں
اگر تُو دیکھ کر مجھ کو کبھی غمناک ہووے ہے

جلاتا ہے مجھے جب آتشِ غم سے تو اس کو بھی
جلانا شرم کا باعث خس و خاشاک ہووے ہے

ہے خسرو کو تری تلخی و ترشی، شہد و شیرینی
ملے گر زہر بھی تجھ سے، اسے تریاک ہووے ہے

۱۲۸

سیمیں زنخ کہ طرۂ عنبر فشان بُرد
دل را در افگند بہ چہ و ریسمان بُرد

می گفت سرو دی کہ از و یک سرم بلند
کو باغبان کہ تا سرِ سروِ روان برد

تیغ ار چہ می بَرَد ہمہ پیوند ہائے جاں
فرقت بتر کہ ہمدمیِ دوستان برد

بر عقلِ خویش تکیہ مکن پیشِ عشق از انک
دزدے ست کو نخست سرِ پاسبان برد

جانا بہ نام گفتنِ تو جاں بہ لب رسید
کس نیست وہ کہ تا چو منے را زبان برد

تو جانِ خسروی و بہ جان و سرت کہ گر
نبوَد امیدِ وصلٔ ز جان و جہان برد

حاصل ترا جو گیسوئے عنبر فشاں نہیں
چاہِ ذقن میں دل ہے مگر ریسماں نہیں

قربان قد پہ تیرے کہ اطرافِ باغ میں
تجھ سے بلند تر کوئی سروِ رواں نہیں

پیوندِ جاں جو کاٹ دیئے تُو نے سب تو ہے
فرقت بتر کہ ہمدمیِ دوستاں نہیں

کر پاسبانِ عقل پہ تکیہ نہ اس قدر
بہتر ہے عشق میں کہ رہے پاسباں نہیں

لائے ہے جان لب پہ ترا نام جانِ من
پر جاں ہے کیا جو نام ترا بر زباں نہیں

جان و جہان کچھ نہیں خسرو کے واسطے
حاصل وصال جب ترا جانِ جہاں نہیں

۱۲۹

ہنوزت ناز گردِ چشمِ خواب آلود میگردد
ہنوز از تو شکیبِ عاشقاں نابود میگردد

بہ صد جاں بندہ ام آں غمزہ را با آنکہ میدانم
کہ مرگم گردِ آں پیکانِ زہر آلود میگردد

چہ پرسی حالِ شب ہائے کسے کش چو تو غمخوارے
ہمہ شب از درونِ جانِ غم فرسود میگردد

جگر می سوزدم جانا مشو ناخوش ز بوئے من
اگر در گردِ دامانِ تو بوئے عود میگردد

تو معذوری اگر در روئے خسرو چشم نگشائی
چنیں کز آہِ او ہر دم جہاں پُر دُود میگردد

جو نازش ایک گردِ چشمِ خواب آلود رہووے ہے
عجب کیا گر شکیبِ عاشقاں نابود رہووے ہے

فدا ہوتا ہوں غمزے پہ بصد جاں روز و شب تیرے
کہ پیکاں روز و شب تیرا زہر آلود رہووے ہے

نہ پوچھ احوالِ شب ہائے فراق اس کا کہ جس کے تو
ہر اک شب اندرونِ جانِ غم فرسود رہووے ہے

جلا کر جانِ مشتاقاں تعجب کر نہ اے جاناں
اگر در گردِ دامن تیرے بوئے عود رہووے ہے

ہر اک رونے لگے ہے حال تیرا دیکھ کر خسرو
کہ تیری آہ سے ہر دم جہاں پُر دُود رہووے ہے

۱۳۰

ہمہ شب در دلم آں کافرِ خونخوار میگردد
حریرِ بسترم در زیرِ پہلو خار میگردد

مشو رنجہ بہ تیر افگندن، اے تُرکِ کماں ابرو
کہ مسکیں صید ہم از دیدنت مردار میگردد

نہ پندارم کہ ہرگز چوں گلِ رویت بدست آرد
صبا کو روز و شب بر گردِ ہر گلزار میگردد

اسیرِ عشق را معذور دار، اے پند گو بگذر
کہ چوں ساقی بہ کار آید، خرد بیکار میگردد

ز شہر افغاں بر آمد، در خرابی ہا فتم اکنوں
کہ از فریادِ من دلہائے خلق افکار میگردد

چہ غم او را کہ در ہر شہر رسوا می شود خسرو
ببیں تا چند سگ چو او بہ ہر بازار میگردد

جو دل میں رات بھر اک کافرِ خونخوار ہووے ہے
تو بسترِ ریشمی بھی زیرِ پہلو خار ہووے ہے

نہ کر غم تو چلا کر تیر، اے تُرکِ کماں ابرو
کہ مسکیں صید یہ بے تیر ہی مردار ہووے ہے

ترا جیسا نہیں ملتا کہیں گل ہے اسے ہرگز
صبا کی راہ میں گو روز و شب گلزار ہووے ہے

اسیرِ عشق کو کر معاف، اے واعظ کہ جب ساقی
کرے ہے کاروبار اپنا خرد بیکار ہووے ہے

فغاں نکلے وہاں سے ہے میں جاتا شہر میں ہوں جس
کہ میری آہ سے دل خلق کا افگار ہووے ہے

سگوں کا ہمنشیں کوئے بتاں میں ہے بنا خسرو
عجب کیا ہے کہ وہ رسوا سرِ بازار ہووے ہے

۱۳۱

این دل کہ ہر شبیش ز سالے فزوں رود
یکدم چہ باشد ار سوئے صبر و سکوں رود

زنہار دل بریم ز سودائے عشق از انک
دیوے ست اینکہ نہ بہ دعا و فسوں رود

دردے ست در دلم کہ بود حق بہ دستِ من
از چشمِ من گر از بہ دلِ آب خوں رود

بادا فداش دیدۂ و دل آں زماں کہ او
دل دزدد و ز دیدۂ عاشق بروں رود

نظارۂ تو ہست کشندہ تر از فراق
جانے کہ ماندہ بود ز ہجراں کنوں رود

خسرو چوں لافِ عشق زدی از بلا مترس
زینساں بر اہلِ عشق بسے آزموں رود

فرقت میں لمحہ سال سے بھی کچھ فزوں ہوا
کم یاب بیش دل کو ہمارے سکوں ہوا

سودائے عشق دیو ہے اک اس قدر قوی
کچھ پُر اثر نہ اس پہ ہمارا فسوں ہوا

ایسا ہے دل کا درد ہمارا کہ دوستوں
آنکھوں میں فرطِ غم سے دلِ آب خوں ہوا

قربان کیوں نہ دل کو کریں اس پہ ہم کہ جو
دل توڑ کے نہ دل سے ہمارے بروں ہوا

دیدار سے ہوا تھا ہمارے جگر کا خوں
باقی تھا دل جو ایک وہ ہجراں سے خوں ہوا

خسرو اگر ہوا ہے تبہ تو تو کیا ہوا
عاشق ہے کونسا جو نہ تجھ سا زبوں ہوا

۱۳۲

اگر آں جادوئے خونخوارہ نرگس در فسوں آرد
بسا آسودہ را کز دستِ بے خوابی زبوں آرد

مرا بارے بر آمد جاں ازیں جانِ دروں ماندہ
کسے باشد کہ دل بشگافد و او را بروں آرد

گلہ از بادمی کردم کہ نارد زو بجز گردے
بہ دیدہ آرزومندم کہ آں دولت کنوں آرد

زبس دلہا کہ ماند آویختہ در زلفِ مشکینش
گہے زو بوئے مشک آرد صبا، گہ بوئے خوں آرد

مرا گویند سودا و جنوں آرد رخِ نیکو
بہ جاں درماندہ ام، اے کاش سودا و جنوں آرد

بجائے جوئے شیر از چشمِ خسرو جوئے خوں آید
چو فرہاد از خانہ رو بہ کوہِ بے ستوں آرد

اگر خونخوار نرگس چشم، دل پہ کچھ فسوں کر دے
بہ بیخوابی بہت آسودگاں کو وہ زبوں کر دے

بہت غمگین و زخمی ہے مری جانِ دروں ماندہ
ہے یاں کوئی جو سینہ چیر کر اس کو بروں کر دے

گلہ مجھ کو صبا آتی نہیں جز گرد کچھ لے کر
تمنا چشم کی لیکن، وہ دولت یہ فزوں کر دے

خوشی سے دل گیا میرا ہے اس کی زلفِ مشکیں میں
رکھے وہ قید میں چاہے اسے یا اس کا خوں کر دے

ہیں سب کہتے یہ سودا و جنوں ہے روئے زیبا سے
میں کہتا ہوں، خدا افزوں یہ سودا و جنوں کر دے

بہاتا خون جو آنکھوں سے ہے خسرو مجھے ڈر ہے
نہ جوئے خون اس کی خونِ کوہِ بے ستوں کر دے

۱۳۳

میا غمزہ زناں بیروں کہ ہوئے در جہاں افتد
دلِ بے خانماں را آتش اندر خانماں افتد

اگر من از سجودِ آستانت کشتنی گشتم
ہم آنجا کش کہ تا بارے سرم بر آستاں افتد

پس از مردن بہ زاغاں دہ تنِ اندوہ پروردم
نخواہم تا سگِ کوئے ترا ایں استخواں افتد

چنیں کو مست و غلطاں میروی، وہ کا رقیب او را
مدہ رخصت کہ می ترسم خرابی در جہاں افتد

ز بدمہری نمی افتد نظر بر روئیم آں مہ را
مبادا در جہاں کس را مہِ نا مہرباں افتد

اگر بیند جمالش را بہ روزِ جنگ اسپاہی
چناں بے خود شود ناگہ کہ از دستش کماں افتد

مترس از ہیم جاں خسرو اگر در عشق می لافی
کہ باشد سہل عاشق را اگر جانے زیاں افتد

تو آئے غمزہ زن تا ہاؤ ہو اندر جہاں ہووے
دلِ بے خانماں کچھ اور بھی بے خانماں ہووے

ہے جائز قتل کرنا ساجدِ درگاہِ الفت گر
مجھے کر قتل جبکہ سر مرا بر آستاں ہووے

کھلا زاغ و زغن کو لاش میری بعد مرنے کے
سگِ در کے دہن میں تا نہ میرا استخواں ہووے

نہ آئے مست و غلطاں گر تو ہو کر اسقدر اے جاں
خرابی ہر طرف اتنی نہ اک اندر جہاں ہووے

نہ بدمہری سے ڈالے ہے نظر وہ ماہرو مجھ پر
مہرباں کاش یارب وہ مہِ نامہرباں ہووے

چلا تا تیر دیکھے گر تجھے فوجی کماں کش بھی
ترے ابرو کے آگے سرنگوں اس کی کماں ہووے

نہیں کرتے ہیں عاشق عشق میں خوفِ ضرر خسرو
فزوں ہوتی ہے دولت عشق کی جتنا زیاں ہووے

۱۳۴

چوں زلفش فتنہ شد بر جاں، دلم آباد کے ماند
غمِ ہجراں زحد بیروں، درونم شاد کے ماند

مکن عیب ار بنالد جاں چوں نقدِ تن ہمہ بُردی
کسے کش خانہ غارت گشت بے فریاد کے ماند

ملامت بیہدہ ست آزادگاں را بر سرِ کویت
کسے کاں روی بیند، از بلا آزاد کے ماند

خرابی ہاست بر جانِ من از دستِ خیالِ تو
چوں سلطاں تیغِ کیں برداشت، ملک آباد کے ماند

در آندم کز کرشمہ ناز در سر می کند شیریں
صبوری در دلِ شوریدۂ فرہاد کے ماند

بہ قلاشی و رسوائی چہ جائے طعن بر خسرو
چوں عشق افتاد در سر، عقل را بنیاد کے ماند

کرے غارت گری گر زلف، دل آباد کیسے ہو
غمِ ہجراں رہے ہر وقت تو جاں شاد کیسے ہو

لگا مت عیب گر فریاد کرتا تیرا عاشق ہے
ہُوا غارت ہو جس کا گھر، وہ بے فریاد کیسے ہو

ملامت کر نہ تُو آزادگاں کی اپنے کوچے میں
جو دیکھے رخ ترا وہ از بلا آزاد کیسے ہو

خیالِ رخ سے ہے تیرے خرابی جان میں میری
رکھے سلطان تیغِ کیں تو مُلک آباد کیسے ہو

دکھائے جب اسے شیریں کرشمہ ناز کا اپنے
صبوری در دلِ شوریدۂ فرہاد کیسے ہو

یہ قلاشی و رسوائی ہے سرگرداں ترا خسرو
ہو سر میں عشق تو واں عقلِ بے بنیاد کیسے ہو

۱۳۵

چہ پوشی پردہ بر روئے کہ آں پنہاں نمی ماند
وگر در پردہ می داری کسے را جاں نمی ماند

منِ درویش رسوائے جہاں گشتم بحمد اللہ
چہ شبہ عشق و درویشی بسے پنہاں نمی ماند

مگو کاے دیدہ در روئے منِ حیراں چہ ماندستی
کہ ایں دیدہ کاندر روئے او حیراں نمی ماند

ز چشمِ کافرت کز غمزہ لشکر می کشد ہر سو
بہ ہفت اقلیمِ تن یک منزل آباداں نمی ماند

نہ ای پایندہ چوں اول بدیں خوش می کنم دل را
کہ پیوستہ مزاجِ آدمی یکساں نمی ماند

کرم کن در حقِ خسرو کہ جاویداں ہمی ماند
بچوں میدانی کسے در دہر جاویداں نمی ماند

چھپائے رخ ہے کیوں اے جاں جو یہ پنہاں نہ رہوے ہے
رہے پنہاں وگرنہ تو کسی میں جاں نہ رہوے ہے

میں اک درویشِ رسوائے جہاں ہوں تو بحمد اللہ
کہ درویشی و مشتاقی مری پنہاں نہ رہوے ہے

رکھے بھی تابِ دیدارِ جمالِ روئے زیبا گر
جو دیکھے رخ ترا وہ بِن ہوئے حیراں نہ رہوے ہے

تری جب چشمِ کافر بھیجتی ہے لشکرِ غمزہ
بہ ہفت اقلیمِ تن یک منزل آباداں نہ رہوے ہے

نہیں گر مہرباں تو سوچ کر یہ خوش میں رہتا ہوں
کہ پیوستہ مزاجِ آدمی یکساں نہ رہوے ہے

کرم کر اپنے خسرو پر اگر رہنا ہے جاویداں
کہ نیکی کے سوا کچھ اور جاویداں نہ رہوے ہے

۱۳۶

چوں جانِ عاشقاں آں ماہ را سلطان و خاں سازد
جہانے پیشِ او خود را غلامِ رائگاں سازد

خراماں می رود آں شوخ و در وے عالمے حیراں
بزرگ آں صانعے کز آب آں سروِ رواں سازد

سرِ آں چشم گردم چوں بناز و شیوہ و شوخی
گہے مستی نماید، گاہ خود را ناتواں سازد

بود معشوق چوں شمعے، خوش آں پروانۂ عاشق
کہ مہمانش رسد وز شعلہ نقلِ میہماں سازد

اماں ہرگز نباشد عاشقِ بیچارہ را از غم
مگر آنگہ کہ کوئے خویش را دارالاماں سازد

بہ بیماریِ غمِ خسرو برائے زیستن ہر دم
نوائے خویش را از خونِ دل تعویذِ جاں سازد

جو جانِ عاشقاں اس ماہ کو سلطان و خاں کر دے
خود اپنے کو ہر اک اس کا غلامِ رائگاں کر دے

اگر آئے خراماں گلستاں میں شوخیاں کرتا
جہاں سارا بہت حیران وہ سروِ رواں کر دے

فدا اس چشم پر ہیں جو بناز و غمزہ و شوخی
بنے بیمار ایسی، خلق سب یہ ناتواں کر دے

وہ شمعِ انجمن ہو یوں گھرا عشاقِ مہماں سے
جلے خود اور جلا کر خاک سارے میہماں کر دے

نہیں ملتی کسی صورت اماں عشاق کو غم سے
وہ اپنا چاہے کوچہ جس قدر دارالاماں کر دے

یہ بیماریِ دردِ دل، برائے زندگی خسرو
نوائے خویش کو از خونِ دل تعویذِ جاں کر دے

۱۳۷

ہمہ مستیِ خلق از ساغر و پیمانہ می خیزد
مرا دیوانگی زاں نرگسِ مستانہ می خیزد

خوشم با آہِ گرم امشب، مدہ تشویشم اے گریہ
کہ خوش می سوزدم ایں آتشے کز خانہ می خیزد

ہمہ شب با خیالش افسانہ ہائے دردِ خود گویم
مرا از جملہ بے خوابی ازاں افسانہ می خیزد

عسس کز نالہ ام دیوانہ شد، میگفت با یاراں
کہ باز آمد شب و افغانِ آں دیوانہ می خیزد

من از خود سوختم، نہ از تو، اے شمعِ نکو رویاں
ہلاکِ جانِ پروانہ ہم از پروانہ می خیزد

مپوشش آں خال را بہرِ خدا از دیدۂ مردم
کہ مسکیں مرغِ غافل را بلا از دانہ می خیزد

چہ یاری باشد ایں آخر کہ ناری رحم بر خسرو
چنیں کز دردِ او افغاں ز صد بیگانہ می خیزد

سبب مستی کا میری ساغر و پیمانہ ہووے ہے
وجہ دیوانگی کی دیدۂ مستانہ ہووے ہے

میں آہِ آتشیں سے ہوں خوش و خرم بہت اپنی
جلاتی کر کے خوش ہے آگ جو در خانہ ہووے ہے

سناتا ہوں فسانہ دردِ دل کا یوں میں لوگوں کو
کہ بے خوابی کا باعث ان کی یہ افسانہ ہووے ہے

کبھی کرتا ہوں میں کوچے میں اس کے اس طرح نالہ
فغاں سن کر مری دربان بھی دیوانہ ہووے ہے

خوشی سے خود میں جلتا ہوں، نہ کر غم اے شمعِ محفل
کہ دشمن جانِ پروانہ کا خود پروانہ ہووے ہے

چھپا مت دیدۂ مردم سے خالِ روئے زیبا کو
اگرچہ مرغِ مسکیں کی بلا اک دانہ ہووے ہے

رحم آتا نہیں خسرو پہ کیوں اے آشنا تجھ کو
کہ غم سے اس کے غمگیں بھی دلِ بیگانہ ہووے ہے

۱۳۸

ہوائے میرسد کز سر گریباں چاک خواہم زد
کلاہِ عافیت با سر بہم بر خاک خواہم زد

بہ تلخیِ فراق، اے پند گو بگذار جاں بدہم
گذشتہ ست آنکہ من ایں زہر را تریاک خواہم زد

ہمی گفت از تو شویم دست ازیں غم گر ہم روزے
بسا گریہ کہ پیشش زیں دلِ غمناک خواہم زد

زخونم گرچہ ناپاک است آں، در شوی ہم کامشب
من آبے بر درش زیں دیدۂ نمناک خواہم زد

بہ شبہائے غمم بے تو چہ جائے عقل و جان و دل
بیا اے شمعِ جاں، کآتش دریں خاشاک خواہم زد

ازیں پس خسروا دیوانگی زیرا نماند آں دل
کہ لافِ شیر پیشِ آں بتِ چالاک خواہم زد

ہوائے یار ایسی ہو گریباں چاک ہو جائے
کلاہِ عافیت گر کے درہم بر خاک ہو جائے

بنی ہے دشمنِ جاں زہر ایسی تلخیِ فرقت
نہیں ممکن کہ اب یہ زہر پھر تریاک ہو جائے

وہ دھوتا ہاتھ مجھ سے ہے، میں دھوتا رخ ہوں اشکوں سے
ہے گرچہ ڈر، نہ غرقِ خوں دلِ غمناک ہو جائے

ہے گر ناپاک خوں سے در، دھلاتا رہ اُسے جاناں
نہ جب تک خشک میرا دیدۂ نمناک ہو جائے

ہیں عقل و جان و دل خاشاک سب تیرے بدوں اے جاں
جلا آ کر نہ جب تک خاک یہ خاشاک ہو جائے

نہ مسکینی نہ شیخی کام آئے گی تری خسرو
نہیں ممکن مہرباں وہ بتِ چالاک ہو جائے

۱۳۹

چہ خوش صبح دمید امشب مرا از روئے یارِ خود
گلستانِ حیاتم تازہ گشت از نوبہارِ خود

بحمد اللہ کہ کشتِ بخت بر داد و نشد ضایع
ہر آنچ از دیدہ باراں ریختم بر روزگارِ خود

مگر ہجراں قیامت بود، کاں بگذشت خود بر من
درِ فردوس دیدم باز از روئے نگارِ خود

شمارِ غم نمی دانم کہ پیشِ دوستاں گویم
کہ من چیزے نمی دانم ز دردِ بے شمارِ خود

دل و جاں کز پئے من رنجہا دیدند در ہجراں
نمودم ہر دو را آں روی، کردم شرمسارِ خود

مرا آسودہ بادے دیدہ، گرچہ رنجہ شد بالش
کہ مالیدم ہمہ شب دیدہ را بر پائے یارِ خود

چو من بے دولتے، آنگہ نظر در چو تو دلدارے
چہ بخت است ایں و چہ اقبال، حیرانم بکارِ خود

بخواب است ایں کہ می گوئی بہ پیشِ مردماں خسرو
ترا کو خواب تا بینی ازیں ہا در کنارِ خود

ہوئی صبحِ شبِ فرقت، جو دیکھا روئے یارِ خود
گلستاں عمر کا تازہ ہوا از نوبہارِ خود

بحمد اللہ گیا سارا وہ کشتِ بخت میں پانی
گرا جتنا بھی میری آنکھ سے بر روزگارِ خود

شبِ ہجراں قیامت تھی، ولے آیا نظر جب وہ
درِ جنت کھلا مجھ پر بہ دیدارِ نگارِ خود

شمارِ غم کروں میں کس طرح ہجراں میں اے یارو
فزوں کرتا شمارِ غم ہے، دردِ بے شمارِ خود

دل و جاں ہجر میں ہوتے ہیں رنجیدہ مری خاطر
رخ اس کا دیکھ کر ہوتے ہیں، پر وہ شرمسارِ خود

مجھے آرام آیا پر نہ آیا کچھ پسند اس کو
ملیں ہیں نے جو آنکھیں رات بھر پائے یارِ خود

فقیرِ بے نوا ہوں تیری بخشش سے، ولے اے جاں
ہے کیسا بخت، کیا اقبال، حیراں ہوں بہ کارِ خود

کنارِ یار ملتا خواب ہی میں ہے اگر خسرو
تو بے خوابی میں کیسے اس کو دیکھے در کنارِ خود

۱۴۰

دروغ و راستی کاں غمزۂ غماز پیوندد
دَر دصد پردۂ عاشق زلبِ وآں باز پیوندد

بلا را نو کند رسم و طریقِ فتنہ نو سازد
چوں او اول کرشمہ با طریقِ ناز پیوندد

بہ سینہ نارسیدہ بگذرد و تدر جگر شیند
خدنگے با کماں کاں تُرکِ تیر انداز پیوندد

مرا چہ حدِ وصل ست ایں قدر بس قربِ او باشد
سخن بایکدگر، کآواز با آواز پیوندد

چہ باشد حالِ من جائے کہ ہر شب بہرِ تاراجم
خیالش ساختہ با ایں دلِ ناساز پیوندد

ہمی گویند جاں خواہی مجو پیوند از و خسروؔ
ز بہرِ زیستن کنجشک با شہباز پیوندد

دروغ و راستی وہ غمزۂ غماز جوڑے ہے
کہ کرکے پردہ دَرِ عاشق کا پارے باز جوڑے ہے

نئی لاتا بلائیں ہے، نئے فتنے اٹھاتا ہے
وہ جب اپنا کرشمہ با طریقِ ناز جوڑے ہے

کرے ہے بن چلائے تیر زخمی وہ جگر میرا
کماں ناوک سے ایسے تُرکِ تیر انداز جوڑے ہے

مری حدِ وصال اتنی ہے بس، وہ سامنے آ کر
سخن با یک دگر، آواز با آواز جوڑے ہے

ہے اک بازیچۂ اطفال اس کے واسطے الفت
کہ پارہ پارہ کرکے ہر دلِ جانباز جوڑے ہے

اگر ہے زندگی پیاری تجھے اپنی تو اے خسروؔ
دلِ قمری کو کیوں با چنگلِ شہباز جوڑے ہے

۱۴۱

بتے کو ہر دمم دشنامہائے شکریں بخشد
بہ از دشنام نبود گر نبات و انگبیں بخشد

بہ غیرے گر جفا گوید برنجم کانست حقِ من
بتر رنجم اگر جائے جفایم آفریں بخشد

خوش آں دُزدیدہ خندیدن برایں دیوانۂ مسکیں
کہ مورے را ہمہ مُلکِ سلیماں زاں نگیں بخشد

چوں سنگِ نازنیناں گُل بوَد بر روئے مشتاقاں
من از دیدہ بریزم ہر گلے کاں نازنیں بخشد

چہ باشد گر چو مے مہرِ مسلمانی بوَد در وے
خدا آں نامسلماں را مگر ایمان و دیں بخشد

عجب بخشندۂ شد چشمِ خسرو بر سرِ کویش
کہ خاکِ در کند دریوزہ و دُرِّ ثمیں بخشد

اگر اک بت مجھے دشنامہائے شکریں دیدے
دہان و لب سے وہ اپنے نبات و انگبیں دیدے

مجھے ہوتی بہت ہے بدگمانی اور دشمن سے
جفاؤں کی بجائے وہ کبھی گر آفریں دیدے

کرے دُزدیدہ خندہ عاشقِ دیوانہ پر وہ گر
تو اک مُلکِ سلیماں مور کو اس کا نگیں دیدے

بنے ہے روئے مشتاقاں پہ سنگِ نازنیناں گُل
لگاؤں آنکھ سے کچھ گل اگر وہ نازنیں دیدے

مسلمانوں کا خطرے میں نہ ہووے اس قدر مذہب
خدا اس نامسلماں کو اگر ایماں و دیں دیدے

عجب ہے چشمِ خسرو بخشنے والی سرِ کوچہ
کہ خاکِ در کی مانگے بھیک اور دُرِّ ثمیں دیدے

۱۴۲

شمعِ من اگر یک شب از خانہ بروں آید
از ہر طرفے صد جاں پروانہ بروں آید

صد جامہ قبا گردد از ہر طرفے چوں او
کژ کردہ کلاہ از سر مستانہ بروں آید

من بے خبر و طفلاں سنگے بکف از ہر سو
شستہ بہ کمیں تا کے دیوانہ بروں آید

فریاد کہ از یارے عمرے بہ جفا باشم
چوں گاہِ وفا باشد بیگانہ بروں آید

گر وجہِ قرارِ من ہست از رخِ تو مردن
وہ کز خطِ تو ناگہ پروانہ بروں آید

در کشتنِ خود یارم من از تو چہ غم دارم
گر جاں ز پئے خسرو خصمانہ بروں آید

وہ شمع اگر یک شب از خانہ بروں آئے
ہر سمت سے جاں بن کر پروانہ بروں آئے

ہوں چاک گریباں صد عشاق کے اسکے سب
کج کر کے کلہ جب وہ مستانہ بروں آئے

پتھر لئے ہاتھوں میں بے تاب بہت بچے
بیٹھیں ہیں کمیں میں تا دیوانہ بروں آئے

سیکھے ہے خدا جانے کیا غیر کی محفل میں
جو آشنا وہ بن کر بیگانہ بروں آئے

رخ دیکھ کے مر جانا ہے عمر کا حاصل جب
محفل سے تری کیسے پروانہ بروں آئے

بے خوف و خطر اس کو کر قتل نہ کر غم کچھ
گر جاں ترے خسرو کی خصمانہ بروں آئے

۱۴۳

آں دل بہ چہ کار آید کاں خانۂ تو نبوَد
واں موی چہ بندد دل گر شانۂ تو نبوَد

آں کو سرِ تو دارد، پس از سرِ خود ترسد
دیوانۂ خود باشد، دیوانۂ تو نبود

خوابِ اجلم گیرد از غایتِ بیخوابی
گر مونسِ من ہر شب افسانۂ تو نبود

محروم تریں مرغم، خالِ لبِ خود بنما
حسرت نخورم بارے گر دانۂ تو نبود

از سینہ بروں کردم، آتش زدہ جانِ خود
تا سوختۂ دردے ہمخانۂ تو نبود

دیوانہ بقا ندہد دہ(۱۰) روزہ براتِ جاں
گر خسروِ مسکیں را پروانۂ تو نبود

کس کام کا وہ دل ہے جو خانہ نہ ہو تیرا
گیسو ہیں بندھے کیسے گر شانہ نہ ہو تیرا

دیوانہ بناتی ہے ہر اک کو ہوسناکی
دیوانۂ خود ہو جو دیوانہ نہ ہو تیرا

بے خوابیِ ہجراں کا ہو خوابِ اجل چارہ
مونس مرا گر ہر شب افسانہ نہ ہو تیرا

بے خال نہیں کافی اک دامِ خمِ گیسو
ہو صید نہ مرغِ دل گر دانہ نہ ہو تیرا

سینے سے بروں کر دوں، آتش زدہ جانِ خود
تا سوختۂ غم یہ ہمخانہ نہ ہو تیرا

دہ(۱۰) روزہ براتِ جاں کو کیسے بقا دے وہ
خسروؔ کو ملا گر اک پروانہ نہ ہو تیرا

۱۴۴

دردا کہ دگر مارا آں یار نمی پرسد
احوالِ دلِ پُرخوں دلدار نمی پرسد

می پرسم و می جویم در ہر نفسے صد بار
او در ہمہ عمرِ خود یک بار نمی پرسد

یار از سرِ یاریہا با ما سخنے می گفت
امسال بہ دشنامے چوں یار نمی پرسد

بیمارِ تپِ ہجرم آں ماہ طبیبِ من
دردا کہ طبیبِ من بیمار نمی پرسد

گر یار نمی پرسد خسرو چہ کند آں را
شاہ است و گدایاں را از عار نمی پرسد

افسوس کہ اب ہم کو وہ یار نہ پوچھے ہے
احوالِ دلِ پُرخوں دلدار نہ پوچھے ہے

میں پوچھتا پھرتا ہوں حال اس کا ہر اک سے پر
بھولے سے بھی وہ مجھ کو اک بار نہ پوچھے ہے

وہ یار تھا یاروں کا ملتا تھا محبت سے
اب گالیاں دے کر بھی اک بار نہ پوچھے ہے

بیماریِ ہجراں کا ہے وہ ہی معالج اک
لیکن وہ کبھی حالِ بیمار نہ پوچھے ہے

پوچھے ہے نہیں تجھ کو گر یار ترا خسروؔ
ہے شہ وہ فقیروں کو از عار نہ پوچھے ہے

۱۴۵

تا غمزۂ خونریزِ تو قصدِ دلِ ما کرد
بیچارہ دلم را ہدفِ تیرِ بلا کرد

در خواب نبیند رخِ آرام دگر بار
ہر دل کہ طمع در طلبِ وصلِ شما کرد

چندیں چہ کنی جور و جفا بر منِ مسکیں
با یارِ وفادار کسے جور و جفا کرد

ہرگز بہ جہاں نیک نہ دیدہ است و نبیند
آنکس کہ مرا دور چنیں از تو جدا کرد

دیروز چوں من شکرِ وصالِ تو نگفتم
امروز مرا سوزِ فراقِ تو سزا کرد

با جان و دلِ خسروِ بے چارہ و مسکیں
ہجرانِ تو اے دوست چہ گویم کہ چہا کرد

پھر غمزۂ خونریز کو قصدِ دلِ ما ہے
پھر دل یہ ہمارا ہدفِ تیرِ بلا ہے

دیکھے رخِ آرام نہیں خواب میں بھی وہ
اک دل جو ترا طالبِ دیدار ہوا ہے

کر مہر و وفا، مجھ سے ذرا بہرِ خدا کچھ
با یارِ وفادار یہ کیوں جور و جفا ہے

واقف نہیں وہ دل کی امنگوں سے ذرا بھی
رکھے مرے معشوق کو جو مجھ سے جدا ہے

جب شکر نہ وصلت کا کیا میں نے ادا کل
تو آج بنا سوزِ فراق اس کی سزا ہے

با جانِ و دلِ خسروِ بیچارہ و مسکیں
فرقت نے تری رات میں کیا کیا نہ کیا ہے

۱۴۶

یک دل بہ سرِ کوئے تو آباد نیابند
یک جاں ز خمِ زلفِ تو آزاد نیابند

از بسکہ گرفتارِ غمت شد ہمہ دلہا
آفاق بگردند و دلِ شاد نیابند

روزے کہ روی مست خراماں سوئے بازار
در شہر یکے صومعہ آباد نیابند

گفتی خبرت گہ گہے از باد بپرسم
از خاک طلب کیں خبر از باد نیابند

ناخوردہ خراشے ز سرِ تیشۂ ہجراں
سنگے بہ سرِ تربتِ فرہاد نیابند

خسرو ز برائے دلِ گم گشتہ چہ نالی
دانی کہ دلِ رفتہ بہ فریاد نیابند

کوچے میں کوئی دل ترے آباد نہیں ہے
جاں کوئی خمِ زلف میں آزاد نہیں ہے

عشاق گرفتارِ بلاؤں میں ہیں سارے
الفت میں تری قلب کوئی شاد نہیں ہے

آئے سوئے بازار ہے جب مست خراماں
رہتا کوئی پھر صومعہ آباد نہیں ہے

ہرجائی سے مت پوچھ دلِ زار کی حالت
کچھ دیر بھی رہتی یہ کہیں یاد نہیں ہے

ناخوردہ خراش و خلشِ تیشۂ ہجراں
سنگ اک بہ سرِ تربتِ فرہاد نہیں ہے

دل گم شدہ پائے گا نہ فریاد سے خسرو
کرتا کوئی تیری سی گو فریاد نہیں ہے

۱۴۷

صد جاں بہ یکے دانگ، بہ بازار فروشند
خوباں بہ دل و جاں ز چہ رخسار فروشند

جاں میکشدش سوئے خود و دل بسوئے خویش
بر دست گر ایں ہر دو خریدار فروشند

با غمزہ بگو کز دگراں بیشترش کش
یاراں بہ محلے کہ بود یار فروشند

ایں دل چوں ز سودائے تو افتاد بہ بازار
آنجا طلب ایں جیفہ کہ مردار فروشند

نایند بہ بازارِ بتاں، اہلِ سلامت
کانجا ہمہ جان و دلِ افگار فروشند

بارے سخنِ عاشقی از بہرِ چہ گویند
آنانکہ چو خسروؔ ہمہ گفتار فروشند

صد جان بہ یک دانگ، بہ بازار خریدیں
معشوق بیک غمزہ دلِ زار خریدیں

جب حسن کے بازار میں آتے ہیں خریدار
تاجر ہیں بت ایسے کہ خریدار خریدیں

لوں میں نہ دو عالم ترے اک بال کے عوض
گو چاہتے سب ہیں کہ مرا یار خریدیں

سودائی یہ دل اپنا نہ بازار میں لے جا
واں کوئی نہ سوداگراں مردار خریدیں

جاؤ نہ بہ بازارِ بتاں، اہلِ محبت
ہیں واں نہ صنم جو دلِ افگار خریدیں

کہنا سخنِ عاشقی بیکار ہے خسروؔ
لوگ اب نہ ترا شربتِ گفتار خریدیں

۱۴۸

ہندوئے مرا کشتنِ ترکانہ ببینید
زو سینۂ من چوبت و بتخانہ ببینید
گہ خشم و گہے عشوہ و گہ شوخی و گہ ناز
بدمستیِ آں نرگسِ مستانہ ببینید
ابادیرِ آں بت نہ کنم زو گلہ لیکن
لب تا جگرم زو ہمہ پروانہ ببینید
اے سیم برانے کہ شمارید گدایم
از قطبِ زماں بخششِ شاہانہ ببینید
خسرو تکند جز سخن آں لبِ شیریں
شیرینیِ ایں گفتہ و افسانہ ببینید

ہندو کا مرے شیوۂ ترکانہ دیکھئے
دل کو بنا دیا مرے بت خانہ دیکھئے
گہ خشم و گہ کرشمہ و گہ ناز و گہ ادا
کیسی ہے اس کی نرگسِ مستانہ دیکھئے
شعلے سے رخ کے اک بتِ آتش پرست نے
کیسے بنا دیا مجھے پروانہ دیکھئے

دربارِ حسن میں وہ فقیروں کے واسطے
کیسے کرے ہے بخششِ شاہانہ دیکھئے
خسرو کرے ہے ذکرِ لبِ یار جب کبھی
کیسا بنائے نوش ہے افسانہ دیکھئے

۱۴۹

بوئے ز سرِ زلفِ نگاریں بہ من آرید
یک تار ازاں طرۂ مشکیں بہ من آرید

مخمورم و جانم بہ سوئے مے نگراں است
آں بادہ کہ در داد نختیں بہ من آرید

خوابیدہ کہ از خاک بر آیم پسِ صد سال
از میکدہ بوئے مئے رنگیں بہ من آرید

ہر گہ کہ غمے گشت پدید از دل، گفتم
غم را نخورد جز دلِ غمگیں، بہ من آرید

جاں می سپرد از غمِ ہجرانِ تو خسرو
روزے خبرِ عاشقِ مسکیں بہ من آرید

بوئے سرِ گیسوئے نگاریں مجھے دیدو
ہر پیچ و خمِ کاکلِ مشکیں مجھے دیدو

مخمور ہوں میں، چشم مری ہے بسوئے مے
پھر، بادہ ملا تھا جو نخستیں، مجھے دیدو

مقصود جگانا مجھے تربت میں اگر ہو
از میکدہ بوئے مئے رنگیں مجھے دیدو

جب ہے غمِ فرقت کا نہیں کوئی مداوا
ہو غم کا جو خواہاں دلِ غمگیں مجھے دیدو

مل جائے تمہیں گر کہیں وہ عشق کا مارا
لا کر خبرِ خسروِ مسکیں مجھے دیدو

۱۵۰

باد آمد و زاں سروِ خراماں خبر آورد
در کالبدِ سوختہ جانِ دگر آورد

امروز ہم از اولِ صبحم سرِ مستی ست
آں بوئے کہ بودہ ست کہ بادِ سحر آورد

من آب طلب کردم ازیں دیدہ دریں سوز
او خود ہمہ پرکالۂ خونِ جگر آورد

زاں مرغ کہ شب نالہ ہمی کرد، بپرسید
جائے گلِ خندانِ مرا در نظر آورد

خونِ منِ دل سوختہ در گردنِ قاصد
کاں نامہ کہ آورد از او دیر تر آورد

خسرو نگہش دار کہ اکسیرِ حیات است
گردے کہ صبا دوش ازاں رہگذر آورد

لے باد گر از سروِ خراماں خبر آئے
اندر بدنِ سوختہ جانِ دگر آئے

ہے آج صبحدم ہی سے مجھ کو سرِ مستی
کیسی ہے بوئے مے کہ بہ بادِ سحر آئے

جب میں طلبِ آب کروں چشم سے اپنی
ہو خوب کہ پرکالۂ خونِ جگر آئے

اک مرغِ چمن رو کے یہ کہتا تھا سحر گہ
یارب گلِ خنداں وہ کبھی تو نظر آئے

خونِ دلِ بے تاب ہے بر گردنِ قاصد
لائے تو ہے خط دیر سے لے کر مگر آئے

اکسیر ہے وہ جانِ حزیں کے لئے خسرو
یا بادِ صبا خاک جو از رہگذر آئے

۱۵۱

یک خندہ بزن، زاں لبِ لعلِ شکر آلود
بر عاشقِ مسکیں کہ رخ از خونِ تر آلود

یک شب ز برائے دلِ من، محرمِ من باش
بشنو ز دلم چند حدیثِ جگر آلود

ما ناکہ بپرسی ز دلِ من کہ چہ کردی
در کوئے تو کز خوں ہمہ دیوار و در آلود

جانہا کہ گرفتارِ لبت گشت، چہ دانی
پرواز مجو از مگسانِ شکر آلود

نزلِ غمِ تو باد حرامم بہ فراقت
گر چشمِ دلم، ہیچ گہ از خواب و خور آلود

آسودہ بہ خاکِ درت اینک سرِ خسرو
زاں صندلِ راحت کہ بریں دردِ سر آلود

یک خندہ گہے، اے لبِ لعلِ شکر آلود
بر عاشقِ مسکیں کہ رخ از خونِ تر آلود

ہو بہرِ خدا محرمِ دل رات کو آ کر
تا تجھ کو سناؤں میں حدیثِ جگر آلود

مت پوچھ تُو حالِ دلِ افگار کہ خوں سے
پہلے ہی ترے کُو میں ہیں دیوار و در آلود

عشاق گرفتارِ لبِ یار ہیں، جیسے
مشغولِ شکر ہوں مگسانِ شکر آلود

انزالِ غمِ فرقتِ جاناں نہ روا ہو
گر چشم مری ہو کبھی از خواب و خور آلود

خسرو کے لئے خاکِ درِ یار ہے جیسے
صندل ہو برائے بشرِ دردِ سر آلود

۱۵۲

اے زلفِ تو دامِ دلِ دانا و خردمند
دشوار جہد دل کہ در افتاد دریں بند

بودیم خردمند، کہ زدِ عشقِ تو برما
دیوانگی آورد و نماندیم خردمند

شیرینست دروغِ تو، زہم ارچہ زنی لاغ
حلوہ نتواں خورد از نیساں کہ تو سوگند

اے باد بجنباں سرِ آن زلف و بہ بخشای
برحالِ پریشانِ پریشاں شدۂ چند

اصحابِ ہوس چاشنیِ عشق چہ دانند
لذت ندہد تشنۂ مے را شکر و قند

بگذار کہ بیروں روَد از پردۂ دل از
کایں پردہ نماندہ ست کنوں قابلِ پیوند
ہرگز نروَد نقشِ رخت از دلِ خسرو
زانگونہ کہ از رانِ سگاں داغِ خداوند

وہ زلف کہ دامِ دلِ دانا و خردمند
پُر پیچ و خم و چین و شکن جس کا ہر اک بند

تھے عاقل و فرزانہ، ہوئی عشق میں لیکن
دیوانگی ایسی کہ رہے کچھ نہ خردمند

شوخی میں ہے شیرینیِ جاں، جھوٹ میں شیرہ
حلوے کی طرح بیش ہے شیریں تری سوگند

بخشش ہو اگر لائے صبا زلف کی خوشبو
برحالِ پریشانِ پریشاں شدۂ چند

اصحابِ ہوس چاشنیِ عشق نہ جانیں
حظ تشنۂ مے کو نہ ملے از شکر و قند

عاشق کا ہوا پردۂ دل پارہ کچھ ایسا
ہرگز نہ رہا اب وہ ذرا قابلِ پیوند
جائے گا نہیں نقش ترا از دلِ خسرو
جاتا نہیں از رانِ سگاں داغِ خداوند

۱۵۳

عاقل ندہد عاشقِ دلسوختہ را پند
سلطاں نہ نہد بندۂ محنت زدہ را بند

اے یارِ عزیز! اندۂ دوری تو چہ دانی
من دانم و یعقوب فراقِ رخِ فرزند

عیبم مکن، اے خواجہ کہ در عالمِ معنی
جہل است خردمندی و دیوانہ خردمند

در دیدۂ من حسرتِ رخسارِ تو تا کے
در سینۂ من آتشِ ہجرانِ تو تا چند

تا جاں بود، از مہرِ رخش برنکنم دل
گر میر نہد بندم و گر پیر دہد پند

ناچار چوں شد بندۂ فرمانِ تو خسرو
چوں گردنِ طاعت نہ نہد پیشِ خداوند

عاقل نہ کرے عاشقِ دل سوختہ کو پند
سلطاں نہ کرے بندۂ کلفت زدہ کو بند

اے یار غمِ ہجر سے واقف ہو تُو کیسے
یعقوب ہی جانے ہے فراقِ رخِ فرزند

حجت نہ کر اے خواجہ کہ در عالمِ معنی
نادان عقلمند ہے دیوانہ خردمند

در دیدۂ من حسرتِ رخسارِ تو تا کے
در سینۂ من آتشِ ہجرانِ تو تا چند

جائے گا مرے عشقِ بتاں، دل سے نہ ہرگز
گر میر کرے بند یا گر پیر کرے پند

ناچار ہوا جب ہے ترا بندۂ خسرو
پھر کیوں نہ کرے سر کو وہ خم پیشِ خداوند

۱۵۴

ترسم کہ از اطرافِ جہاں دُود بر آید
گر آہِ من از جانِ غم اندُود بر آید

بر بوئے تو آتش زدہ ام مجمرۂ دل
از وے چہ عجب گر نفسِ عُود بر آید

آتش کدۂ دل بر ما چند بپوشم
شک نیست کہ از آتشِ ما دُود بر آید

دل خود چہ متاع است کہ از ما طلبد دوست
حقا کہ اگر جاں طلبد زُود بر آید

ہر دل کہ ندارد خبر از حسنِ ایازی
شرط است کہ گِردِ دلِ محمود بر آید

بعدِ من اگر گوش نہی بر سرِ خاکم
از خاک ہمہ نغمۂ داؤد بر آید

خسرو نتواند کہ کند فکرِ وصالت
کارے ست کہ با طالعِ مسعود بر آید

ڈرتا ہوں ز اطرافِ جہاں دُود نہ آئے
گرم آہ زِ جانِ الم اندُود نہ آئے

بُو سے تری جب آگ لگی مجمرِ دل میں
کیوں اس سے پھر عاطر نفسِ عود نہ آئے

پوشیدہ رکھوں کس طرح آتش کدۂ دل
ممکن نہیں آتش سے کبھی دُود نہ آئے

دل کیا ہے طلب جاں بھی کرے یار مری گر
ممکن ہے یہ کیسے، وہ بروں زُود نہ آئے

جس دل کو نہیں حسنِ ایازی کی خبر ہو
ہرگز وہ قریبِ دلِ محمود نہ آئے

گر کان لگا کر تو سُنے خاک پہ میری
کچھ گوش میں جز نغمۂ داؤد نہ آئے

ہے وصل کی امید اگرچہ تجھے خسرو
بر کام یہ، بے طالعِ مسعود نہ آئے

۱۵۵

سروے چو تو در خلخ و نوشاد نباشد
ایں نازکی اندر گُل و شمشاد نباشد

چوں تو خوشی اے دوست بہ ویرانیِ دلہا
آباد تر آں سینہ کہ آباد نباشد

غمہا خورم و نالہ بہ گوشت نرسانم
کاسودہ دلاں را سرِ فریاد نباشد

گفتی کہ سرت خاک کنم بر سرِ ایں کو
اے خاک بر آں سر کہ بدیں شاد نباشد

معذور ہمی دارمت ار جور کنی زانک
در مذہبِ خوباں روشِ داد نباشد

مگریز ز درماندگیِ جانِ اسیراں
کانجا کہ تو باشی دلے آباد نباشد

ہر چند کہ خسرو بہ سخن می نبرد دل
چوں نرگسِ جادوئے تو استاد نباشد

بے سرو ترے باغ کوئی شاد نہیں ہے
یہ نازکی اندر گُل و شمشاد نہیں ہے

خوش تو ہے اگر دیکھ کے ویرانیِ دل کو
آباد ہے وہ سینہ جو آباد نہیں ہے

کھاتا ہوں میں غم خون کے پیتا ہوں میں آنسو
لگتی تجھے اچھی مری فریاد نہیں ہے

کہتا ہے کروں گا ترا سر خاک سرِ کُو
ہو خاک وہ سر سن کے جو یہ شاد نہیں ہے

ہے تجھ کو روا جور و جفا مجھ پہ ستمگر
در مذہبِ خوباں روشِ داد نہیں ہے

تجھ سے نہیں درماندگیِ جانِ اسیراں
ہے دل جو کوئی عشق میں برباد نہیں ہے

خسرو نہ اثر بات میں تیری ہے کہ تیرا
وہ دیدۂ جادو ہوا استاد نہیں ہے

۱۵۶

یک روز بہ عمرے زمنت یاد نیاید
یک شب ہے از کوئے غمت شاد نیاید

از بوئے توام سوختہ شد، وہ دلم آخر
کمتر شود ایں شعلہ، اگر باد نیاید

فرداش مخوانید بہ بالینگہِ من، زانک
شیریں بہ سرِ تربتِ فرہاد نیاید

دشوار نباشد دگرم بندگیِ دل
آزاد کس از جانِ خود آزاد نیاید

نو روز در آید ز برائے ہمہ مرغاں
بلبل ز پئے رفتنِ صیاد نیاید

دیوانہ بگردم من ازیں کوی، بہ آں کوی
دیوانہ وش آں ترکِ پریزاد نیاید

خسرو چوں کند نالہ چو فرہاد، شبے نیست
کز نالۂ او کوہ بہ فریاد نیاید

گر جا کے، ترے کُو سے کوئی شاد نہ آئے
بہتر ہے وہ کرتے اسے آباد نہ آئے

بن تیرے خموشی سے جلے ہے یہ شمعِ دل
شعلہ نہیں لپکے ہے اگر باد نہ آئے

بالیں پہ بلاؤ نہ مرا یار، کہ یاروں
شیریں بہ سرِ تربتِ فرہاد نہ آئے

آزاد ہے جانے کے لئے زلف میں دل، گو
آزاد وہاں سے کوئی آزاد نہ آئے

اے مرغِ چمن، گل ہیں کِھلے باغ میں ہر سو
کیا خوب ہو ایسے میں جو صیاد نہ آئے

ہم دولتِ دل لے کے جو بیٹھے ہیں تو پھر کیوں
یغما کے لئے تُرکِ پریزاد نہ آئے

فریاد جو خسرو کو ہو فرہاد کی طرح
ممکن نہیں اک کوہ پہ فریاد نہ آئے

۱۵۷

روزے اگر آں ماہ بہ مہمانِ من آید
دورانِ فلک در تۂ فرمانِ من آید

بن کر کبھی گر ماہ وہ مہمانِ من آئے
دورانِ فلک در تۂ فرمانِ من آئے

دیوانہ دلے داشتم آوارہ شد از من
کے باز دریں سینۂ ویرانِ من آید

آوارہ ہوا عشق میں دل دیکھئے پھر کب
دیوانہ وہ در سینۂ ویرانِ من آئے

ہر صبحدم از گریہ شود خونِ دلم آب
کز بادِ نسیمِ گلِ خندانِ من آید

ہر صبح مرا خون بنے آنکھ میں پانی
تا بادِ نسیمِ گلِ خندانِ من آئے

من دانم و من، چاشنیِ دردِ تو جانا
حاشا کہ طبیب از پئے درمانِ من آید

ہے دردِ ترا چاشنی میرے لئے اے جان
حاشا کہ طبیب از پئے درمانِ من آئے

جانم تو ستاں، باز تنم خاک ستاند
آندم کہ اجل در طلبِ جانِ من آید

دے خاک کو تن، جان حفاظت سے مگر رکھ
جس وقت اجل در طلبِ جانِ من آئے

دانی کہ چہا میگذرد بر دلِ خسرو
در گوشِ تو گر نالہ و افغانِ من آید

تجھ کو بھی ہو معلوم کچھ حالِ دلِ خسرو
گر گوش میں تیرے کبھی افغانِ من آئے

۱۵۸

دل بستۂ بالائے یکے تنگ قبا شد
باز این زِ برائے دلِ تنگم چہ بلا شد

یارانِ موافق ہمہ فارغ ز غم و درد
ہر جا کہ غمے بود نصیبِ دلِ ما شد

نے روز قرار و نہ شبم ہیچ ندانم
کاں صبر کہ وقتے بہ دلم بود کجا شد

پامال شد آں دل کہ زما برد بہ رفتار
خود بیں کہ چنیں چند دلش در رہ پا شد

میرفت سوار او و بہ نظارہ زہر سو
شد جامہ قبا جامۂ جاں نیز قبا شد

بر بادِ ہوا داد بسے چو دلِ خسرو
ہر ذرہ کہ از گردِ رہِ او بہ ہوا شد

دل بستۂ سیمیں بدنِ تنگ قبا ہے
لی مول کیوں یہ عاشقِ دل تنگ بلا ہے

یارانِ موافق ہیں غم و درد سے فارغ
ہر جا کہ ہے غم، غم وہ بنے ایک مرا ہے

رہتا ہوں میں بے تاب شب و روز خدایا
وہ صبر کہ تھا دل میں کہاں اب وہ گیا ہے

پامال نہ کر یوں اسے اور دیکھ خدارا
کیسے دلِ بے تاب ترے در تہِ پا ہے

لغزش تری رفتار میں ایسی ہے کہ ہر سو
ہے جامہ قبا جامۂ جاں نیز قبا ہے

برباد ہوا دل ترا خسرو ہوا جیسے
ہر ذرۂ گردِ رہِ جاناں بہ ہوا ہے

۱۵۹

آباد نشد دل کہ خرابِ پسراں شد
حسنِ پسراں آفتِ صاحب نظراں شد

افسردہ جمالِ خطِ خوباں چہ شناسد
کیں سرمہ نہ شائستۂ ناقص بصراں شد

دلہائے عزیزاں شمر آں جملہ نگیں ہا
کاندر کمر آرائشِ زریں کمراں شد

آں خواجہ کہ می گفت کہ دارم خبر از عقل
در عشق در آمد، یکے از بیخبراں شد

جز حسرت و مردن نبوَد چارۂ عشاق
فریاد و فغاں عربدۂ حیلہ گراں شد

خسرو ز رخِ خوب و زمے توبہ نمی کرد
ناگاہ بدید آں رخِ زیبا نگراں شد

آباد نہیں دل جو خرابِ پسراں ہے
حسنِ پسراں آفتِ صاحب نظراں ہے

افسردہ دلاں قدرِ خطِ یار نہ جانیں
یہ سرمہ نہ شائستۂ ناقص بصراں ہے

عاشق کا دلِ ریش ہے مانندِ نگیں اک
جو در کمر آرائشِ زریں کمراں ہے

خواجہ ہے جو اک باخبر و عالم و عاقل
وہ عشق میں اک تاجِ سرِ بے خبراں ہے

جز مرگ نہیں چارۂ محرومیِ عاشق
فریاد و فغاں عربدۂ حیلہ گراں ہے

توبہ مے و معشوق سے خسرو کو ہو کیسے
رکھتا اسے دیدارِ بت اب بھی نگراں ہے

١٦٠

دل نیست که در وے غمِ دلدار نگنجد سنداں بود آں دل که در او یار نگنجد	ہے دل کوئی جس میں غمِ دلدار نہیں ہے سینہ ہے کوئی جو ہوا افگار نہیں ہے
در دل چوں بود عشق نگنجد خرد و عقل در مجلسِ خاصِ ملک اغیار نگنجد	کیا کام وہاں عقل کا جس دل میں ہو الفت بزمِ عشق کی یہ طالبِ اغیار نہیں ہے
آں را سخنِ عشق رسد کو بہ دل از دوست صد تیرِ بلا گنجد و آزار نگنجد	ہے دل وہی اک قابلِ سرمایۂ الفت غمِ یار کا جس کے لئے آزار نہیں ہے
گر حسن فروشی بہ دگر جلوہ بروں ای تا در ہمہ بازار خریدار نگنجد	کرتا تو ہے تُو حسن فروشی ترا لیکن دے سکتا بہا کوئی خریدار نہیں ہے
خواہیم که نقلے ز دہانِ تو بخواہیم بے ہودہ چہ گوئیم چوں گفتار نگنجد	عاشق کو لبِ یار کی خواہش ہے مگر یہ بیہودہ طلب قابلِ گفتار نہیں ہے
کوشد که رہد خسروِ بیدل ز غمت لیک با حکمِ قضا حیلہ و ہنجار نگنجد	کیسے ہو غمِ جاں سے رہائی تجھے خسرو با حکمِ قضا حیلہ و ہنجار نہیں ہے

١٦١

یارم چوں بہ خندہ شکرِ بستہ کشاید
وائے آنکہ بہ سویش نظرِ بستہ کشاید

مُردیم بہ کویش کہے آں نرگسِ پُر خواب
بر ما چہ شود گر بصرِ بستہ کشاید

آں کس کہ کمر بستہ بہ خونِ ہمہ شہر است
در کلبۂ ما کے کمرِ بستہ کشاید

گر من بہ چنیں نالہ کنم غنچہ ازاں درد
ہرگز نتواند کہ سرِ بستہ کشاید

بندی درِ خود بر من و حلقہ نزنم زانک
آں بخت ندارم کہ درِ بستہ کشاید

از گریہ جگر بست دلم اہلِ دلے کو
کز چہرۂ خسرو جگرِ بستہ کشاید

خندے سے جو تیری شکرِ بستہ کھُلے ہے
ہے جو بھی جہاں میں نظرِ بستہ کھُلے ہے

جاں نرگسِ پُر خواب نکلتی ہے ہماری
جب بھی کبھی تیری بصرِ بستہ کھُلے ہے

ایسا ہے کمر بستہ بہ خوں تُو کہ کرے ہے
خوں اور جو تیری کمرِ بستہ کھُلے ہے

یوں ہووے ہے غمگین وہ سن کر مرا نالہ
غنچے کا کبھی پھر نہ سرِ بستہ کھُلے ہے

کمزور کیا ہے غمِ الفت نے کچھ ایسا
دستک سے مری وہ نہ درِ بستہ کھُلے ہے

میں ڈھونڈتا پھرتا ہوں زمانے میں وہ خسرو
رخ دیکھ کے جس کو جگرِ بستہ کھُلے ہے

۱۶۲

جائے گذرت، اے بتِ چالاک نیفتد
کز ہر طرفے در جگرے چاک نیفتد

گر در تہِ پائے تو نخواہد کہ کند فرش
نورِ مہ و خورشید بر افلاک نیفتد

خوں ریز ز عشاق و فگن لعل بساطے
تا سایۂ بالائے تو بر خاک نیفتد

خواہم کہ ز سر خیزم و در پائے تو افتم
جاں باز چو من عاشقِ بے باک نیفتد

رحمت مکن، ار گریہ کند عاشقِ بدچشم
کز دیدۂ ناپاک دُرِ پاک نیفتد

خوش می گذری بیخبر از گریۂ خسرو
ہشدار کت آہِ دلِ غمناک نیفتد

جب ناز سے دیکھے بتِ چالاک نہیں ہے
ہے کوئی جگر وہ جو کرے چاک نہیں ہے

گر مہ کے مرے، فرش کرے ہے نہ تہِ پا
پُرنور رہے کچھ مہِ افلاک نہیں ہے

تربت میں ہوں بےتاب میں، آ سروِ خراماں
سایہ تری قامت کا جو بر خاک نہیں ہے

یہ جان کے لے جاں مری، اے جان کہ مجھ سا
جاں باز کوئی عاشقِ بے باک نہیں ہے

بے کار ہے شب دشمنِ بدچشم کا گریہ
دے دیدۂ ناپاک دُرِ پاک نہیں ہے

ناراض نہ خسروؔ سے ہو نقصان کسی کا
کرتی کوئی آہِ دلِ غمناک نہیں ہے

۱۶۳

برفت آں دل کہ با صبر آشنا بود
چہ می گویم نمیدانم کجا بود
ہمہ شب دیدہ ام خفتن ندادہ ست
کہ بوئے گلرخِ من با صبا بود
ازاں بر گل زند فریاد بلبل
کہ او سالے تمام از گل جدا بود
منال اے بلبل، از بد عہدیِ گل
کہ تا بودہ ست خوبی، بے وفا بود
تو اے زاہد کہ اندر کوئے اوئی
چگونہ می توانی پارسا بود
ز در بیروں مراں بیگانہ وارم
کہ ایں بیگانہ وقتے آشنا بود
غمت بس بود، بد گفتن چہ حاجت
ترا گر کُشتنِ خسرو رضا بود

مرا دل صبر سے جو آشنا ہے
خدا جانے کہاں اور کیوں گیا ہے
جھپکتی آنکھ پل بھر ہے نہ میری
کہ بوئے یارِ گل رخ با صبا ہے
کرے فریاد کیوں بلبل نہ ہر دم
کہ گلشن میں ہُوا گل سے جدا ہے
تو بد عہدیِ گل پر رو نہ بلبل
کہ ہر معشوق ہوتا بے وفا ہے
نہ جا، اے پارسا کوئے بتاں میں
نہ رہ سکتا کوئی واں پارسا ہے
اٹھا در سے نہ عاشق، ڈر خدا سے
کسی کا تُو، وہ تیرا آشنا ہے
نہ کر یوں سرزنش، کر قتل اس کو
تجھے جب کُشتنِ خسرو روا ہے

۱۶۴

شکر پیشِ لبت شیریں نگویند
رُخت را لالہ و نسریں نگویند

ز دیدہ می کنم شکرِ خیالت
اگرچہ ظلم را تحسیں نگویند

دلِ گم گشتہ گر یابم نشانش
درا ا گیسوئے چیں در چیں نگویند

چنانش لطف ہا کردہ ست زنہار
کہ یاآں کافرِ بے دیں نگویند

کند خلقے دعائے صبر و عاشق
ز کینِ عاشقاں آمیں نگویند

کساں کایں قصۂ خسرو شنیدند
حدیثِ خسرو و شیریں نگویند

شکر پیشِ دہاں شیریں نہ کہنا
رخِ بت کو گل و نسریں نہ کہنا

وہ غم دے جس قدر لیتا و لیکن
دلِ سنگین کو سنگیں نہ کہنا

دلِ مرشد کو قیدی دیکھ بھی
اسیرِ زلفِ چیں در چیں نہ کہنا

پرستارِ بتاں اہلِ وفا ہے
اسے اک کافرِ بے دیں نہ کہنا

دعائے صبر و تابِ ظلم دینا
بہ کینِ عاشقاں آمیں نہ کہنا

سنانا قصۂ خسرو اگر ہو
حدیثِ خسرو و شیریں نہ کہنا

۱۶۵

بہ ہر درد و غمے دل مبتلا شد
چرا یکبارہ یار از ما جدا شد

ہوا دل درد و غم میں مبتلا ہے
وہ جب سے ہو گیا مجھ سے جدا ہے

برید از دوستانِ خود بہ یکبار
دریغا حاجتِ دشمن روا شد

اسے ہے ناروا یاروں کی یاری
ولیکن یاریِ دشمن روا ہے

بگفتم عاشقاں را ناسزائے
کنوں عاشق شدم اینم سزا شد

میں کہتا عاشقوں کو ناسزا تھا
ہوں اب عاشق ملی مجھ کو سزا ہے

بہ رندی و بہ شوخی و بصد ناز
دلِ من برد و آنگہ پارسا شد

وہ لے کر دل بہ عیاری و شوخی
کہے اپنے کو دلبر، پارسا ہے

شب از ہمسایہ ہا فریاد برخاست
مرا نالیدنِ شبہا بلا شد

فغاں کرتے ہیں ہمسائے بھی سن کر
مری فریاد کچھ ایسی بلا ہے

وفا و مہربانی کرد با خلق
چوں دورِ خسرو آمد بے وفا شد

وفا و مہربانی خلق سے ہے
مگر خسرو پہ وہ کرتا جفا ہے

١٦٦

دلم زینساں کہ زار و مبتلا شد
ازاں نا مہربانِ بے وفا شد
مباد از آہِ کس آں روی را خوے
اگرچہ جانِ مسکیناں فنا شد

مرا وقتے خوشی بودہ ست در دل
مسلماناں ندانم تا کجا شد

دمِ سرد خزاں راسکہ نوزد
بہ چمن بے برگ و بلبل بے نوا شد

چرا می نالد ایں مرغِ چمن زار
مگر او نیز از یاراں جدا شد

مکن بر خسروِ دلخستہ جورے
اگر او لطف تا کردہ رہا شد

کرے جو قلب زار و مبتلا ہے
وہ اک نا مہربانِ بے وفا ہے
پشیماں ہو خدایا وہ نہ ظالم
کرے جو جانِ مسکیناں فنا ہے

بتِ کافر رکھے ہے شاد مجھ کو
مسلمانوں خسارہ اس میں کیا ہے

خزاں غارت گری کرتی ہے کیسی
بہ چمن بے برگ و بلبل بے نوا ہے

کرے مرغِ چمن ہے آہ و نالہ
لگے ہے وہ بھی یاروں سے جدا ہے

نہ کر جور و ستم خسرو پہ اتنے
رہی اس میں نہ اب تابِ جفا ہے

۱۶۷

دلِ عاشق چرا شیدا نباشد بہ عشق اندر جہاں رسوا نباشد	عدو ہرگز ترا شیدا نہیں ہے کہ وہ میری طرح رسوا نہیں ہے
نگوئی تا بہ کے، اے شوخِ دلبر ترا پروائے حالِ ما نباشد	تجھے اے نوجوانِ شوخ دلبر ذرا فریاد کی پروا نہیں ہے
بہ بُستانِ لطافت سرو باشد ولے چو قدِ او رعنا نباشد	بہ بُستانِ لطافت سرو ہے اک ولے تیری طرح رعنا نہیں ہے
کدامیں دیدہ در وے نیست حیراں مگر چشمے کہ او بینا نباشد	ہے کوئی چشم، حیراں ہے نہیں جو سوا اس کے کہ جو بینا نہیں ہے
نہ دل باشد کہ غافل باشد از یار نہ سر باشد کہ پُر سودا نباشد	ہے دل کوئی کہ غافل یار سے ہے کوئی ہے سر، جو پُر سودا نہیں ہے
بہ نوعے دل ز خسروؔ در تو بستم کہ با غیرِ تو ام پروا نباشد	بنا بندہ ہے خسروؔ اور اس کو کسی کی جز ترے، پروا نہیں ہے

۱۶۸

دل مارا شکیب از جاں نباشد
ور از جاں باشد، از جاناں نباشد

مرا دشوار از و باشد صبوری
زجاناں دل صبور آساں نباشد

نباشد نالہ عیب از دردمندے
کہ دردش باشد و درماں نباشد

غمت شد در دلِ شوریدہ ساکن
کہ جائے گنج جز ویراں نباشد

ندارد مہ جمالِ روئے خوبت
وگر ایں باشد، اما آں نباشد

شکیبا دل مرا از جاں نہیں ہے
ہے گر جاں سے تو از جاناں نہیں ہے

مجھے دشوار ہے کرنی صبوری
کہ رکھنا صبر و شوق آساں نہیں ہے

کرے نالہ نہیں کیوں دردمند اک
کہ اس کے درد کا درماں نہیں ہے

الم ہے در دلِ شوریدہ ساکن
کہ جائے گنج جز ویراں نہیں ہے

کرے ہے ماہ میرا ماند مہ کو
جو زیبائی یہاں ہے، واں نہیں ہے

۱۶۹

چمن را رنگ و بو چندیں نباشد
چمن را جعدِ مشک آگیں نباشد

لبت را جاں نخواہم حاش اللہ
کہ جاں ہرگز چنیں شیریں نباشد

ترا ہرگز خود اے بد عہد و بد مہر
غمِ حالِ منِ مسکیں نباشد

مسلماناں من آں بت می پرستم
کہ در بت خانہ ہائے چیں نباشد

شما دیں از منِ بیدل مجوئید
کہ ہرگز بیدلاں را دیں نباشد

مرا گویند در ہجراں مخور غم
کسے بے دوست چوں غمگیں نباشد

لگے اچھی ذرا نسریں نہیں ہے
یہاں جب گیسوئے مشکیں نہیں ہے

ہے لب محبوب تر جاں سے بھی تیرا
کہ جاں ایسی مری شیریں نہیں ہے

تجھے بالکل بھی اے بد عہد و بد خو
غمِ حالِ دلِ مسکیں نہیں ہے

مسلمانوں وہ بت میں پوجتا ہوں
جو در بتخانہ ہائے چیں نہیں ہے

مرا کیش و مذہب پوچھو نہ یاروں
جو ہو بیدل وہ رکھتا دیں نہیں ہے

نہ پوچھو حالِ دل ہجراں میں لوگوں
کہ مجھ جیسا کوئی غمگیں نہیں ہے

۱۷۰

دلِ من خوں شد و جاناں نداند
وگر گوئیم قدرِ آں نداند

مسیحا مردہ داند زندہ کردن
ولے دردِ مرا درماں نداند

دلِ دیوانۂ خود کام دارم
کہ فرمانِ مرا فرماں نداند

مسلماں نیست او در مذہبِ ما
کہ کفرِ عاشقاں ایماں نداند

نگاریناؐ دلِ سنگینت ہرگز
حقِ آزردۂ ہجراں نداند

نداند رفت خسرو جز بہ کویت
کہ بلبل جز رہِ بُستاں نداند

ہے کیوں خونخوار وہ جاناں، نہ جانے
نکالے جاں ہے، قدرِ جاں نہ جانے

کرے مُردوں کو زندہ ہے مسیحا
ولے وہ درد کا درماں نہ جانے

ہے دل دیوانۂ خود کام ایسا
کہ فرماں کو مرے فرماں نہ جانے

مسلماں وہ نہیں مذہب میں میرے
جو کفرِ عشق کو ایماں نہ جانے

دلِ سنگیں ترا، اے جان، ہر گز
حقِ آزردۂ ہجراں نہ جانے

کہیں جائے نہ خسرو جز کوئے تو
کہ بلبل جز رہِ بُستاں نہ جانے

۱۷۱

خطے از لعلِ جاناں می برآید
کہ دُود از روزنِ جاں می برآید

سرِ زلفش بنفشہ دستہ دستہ
ز اطرافِ گلستاں می برآید

برآمد ماہِ تاباں در شب اینجا
شبے از ماہِ تاباں می برآید

مسلماناں نگہدارید خود را
کہ کفرِ کج ز ایماں می برآید

دلِ خسرو در آں زلف است دانم
از آں خاطر پریشاں می برآید

رُواں از لعلِ جاناں، ہے نکلتا
کہ دُود از روزنِ جاں ہے نکلتا

سرِ کاکل بنفشہ دستہ دستہ
ز اطرافِ گلستاں ہے نکلتا

مہِ تاباں وہ آئے کاش امشب
کہ شب میں ماہِ تاباں ہے نکلتا

خبر رکھو مسلمانو، خبر کچھ
کہ کفرِ کج ز ایماں ہے نکلتا

کیا کیا زلف نے خسرو کے دل پر
کہ وہ خاطر پریشاں، ہے نکلتا

۱۷۲

سرِ زلفِ تو یاری را نشاید
کہ دشمن دوست داری را نشاید

دلا خود را بہ چشمِ او مدہ زانک
مقامِ استواری را نشاید

حریفش بودہ ام شب مگری اے چشم
کہ ایں شربت خماری را نشاید

بہ جاں کندن رہا کن نیم کشتہ
کہ ایں تن زخمِ کاری را نشاید

خرابم کرد چشمت راست گفتند
کہ ترکِ مست یاری را نشاید

مراں از در کہ خسرو بندۂ تست
عزیزش کن کہ خواری را نشاید

کبھی وہ یار یاری ہے نہ کرتا
کہ دشمن دوست داری ہے نہ کرتا

بچ اے دل دیدۂ جادو سے اس کے
کہ وہ کچھ استواری ہے نہ کرتا

بہا اے آنکھ تو آنسو نہ اتنے
کہ یہ شربت خماری ہے نہ کرتا

بدن کو زخم دے جیسے بھی چاہے
یہ رنجِ زخمِ کاری ہے نہ کرتا

وہ جادو چشم لوٹے دین و دل ہے
کہ ترکِ مست یاری ہے نہ کرتا

اٹھائے تو ہے کیوں خسرو کو در سے
یہ جبکہ آہ و زاری ہے نہ کرتا

۱۷۳

از یادِ تو دل جدا نہ خواہد شد
وز بندِ تو جاں رہا نہ خواہد شد
پیوندِ تو از تو نگسلم ہرگز
تا جامۂ جاں قبا نہ خواہد شد

تیرِ مژہ می زنی کہ کس پیشت
چوں من ہدفِ بلا نہ خواہد شد

دردے دارم بہ سینہ از عشقت
کاں دردِ کہن دوا نہ خواہد شد
گفتی کہ غلامِ من نشد خسروؔ
ہم خواہد شد چرا نہ خواہد شد

یاد سے دل جدا نہ ہو جائے
بند سے جاں رہا نہ ہو جائے
تیرے رشتے کو توڑنے سے کہیں
جامۂ جاں قبا نہ ہو جائے

بے توجہ چلا نہ تیرِ نظر
یہ کہیں پھر خطا نہ ہو جائے

درد دے پر نہ اس قدر کہ کہیں
یہ خود اپنی دوا نہ ہو جائے
ظلم خسروؔ پہ کر نہ یوں کہ کہیں
درمیاں چوں چرا نہ ہو جائے

۱۷۴

نالہ برآید ہر طرف کاں بت خراماں در رسد
فریادِ بلبل خوش بود چوں گل بہ بستاں در رسد

من خود نخواہم برد جاں از سختیِ ہجراں، ولے
اے عمر، چنداں صبر کن، کاں سست پیماں در رسد

شب درمیانِ کشتگاں بشنید چوں نالیدنم
گفتا کہ می کن یک دو شب ایں ہم بہ پایاں در رسد

اے دل کہ بدخومی کنی، از دیدنش چشمِ مرا
معلوم گردد، باش تا شبہائے ہجراں در رسد

امروز میرم پیشِ تو، تا شرمسارِ دل شوی
بر تو چہ منت جانِ من فردا کہ فرماں در رسد

گر خسروا می سوزدت از خامیش رنجہ مشو
بسیار باید تا ہنوز آں شوخِ ناداں در رسد

ہر جا ہوا نالہ، جہاں وہ بت خراماں آگیا
فریادِ بلبل بڑھ گئی، جب گل بہ بستاں آگیا

تیار ہے لینے کو جاں گو سختیِ ہجراں، ولے
اے عمر قدرے صبر کر، وہ سست پیماں آگیا

شب درمیانِ کشتگاں، اس نے سنی میری فغاں
بولا نہ رو، دورِ الم تیرا بہ پایاں آ گیا

دیدۂ مرا دیدار سے روشن ہوا اس کے، ولے
پل بھر نہ دیکھا تھا اسے، دورانِ ہجراں آگیا

کرنے خجل اس کو جو میں مرنے لگا، اس نے کہا
ہوں بے خطا، جب موت کا خود تیری فرماں آگیا

جلنے کا دل خسرو نہ کر، شکوہ کوئی اور شکر کر
جو خود جلانے کو تجھے وہ شوخِ ناداں آگیا

۱۷۵

مارا چہ جاں باشد کہ تو برما فشانی نازِ خود
بر شیر مرداں تیز کن چشمِ شکار اندازِ خود

صد جانست نرخِ نازِ تو، از بہرِ جانِ سوختہ
بر چو منے ضائع مکن، بشناس قدرِ نازِ خود

ہر گاہ گاہے از دلم خواہم بر آرم نالۂ
گر خود بہ حیرت گم شوم گہ گم کنم آوازِ خود

دردست اندر جانِ من، کس چو منے باور کند
چوں کس ندارد دردِ من، پیشِ کہ گویم رازِ خود

خود کُشت خسروؔ خویش را کافتد ترا بر وے نظر
بیہودہ تہمت می نہی بر غمزۂ غمازِ خود

کمزور و دل خستہ ہوں میں، مجھ کو دکھا مت نازِ خود
بر شیر مرداں تیز کر چشمِ شکار اندازِ خود

صد جان و دل قربان ہیں تیری ادائے ناز پر
ضائع نہ کر مجھ پر یہ تو، کر کچھ تو قدرِ نازِ خود

ہر گہ گہے کرتا ہوں میں نالہ و فریاد و فغاں
گہ گم بہ حیرت ہوں، گہے کرتا ہوں گم آوازِ خود

یہ درد و غمِ جاں کا مری کرتا کوئی باور نہیں
جب غم کسی دل میں نہیں کس سے کہوں میں رازِ خود

دی جان خسروؔ نے ہے خود، تا ہو تری نظرِ کرم
تہمت لگاتا تو ہے کیوں بر غمزۂ غمازِ خود

۱۷۶

میخواہد آں سروِ رواں کامروز در صحرا شود
تا چند پیراہن چو گل ہر جانبے یکتا شود

صد چشمِ پاکاں در رہش، ویں دیدۂ آلودہ ہم
آں بخت کو کاں شوخ را ایں دیدہ زیرِ پا شود

بدخوئے من تو آں نہ ای کآساں ز دل بیروں شوی
عمرم دریں اندہ رود، جانم دریں سودا شود

سرمست و غلطاں مے بکف در پیشِ مسجد گن گذر
صوفی کہ لافِ زہد زد بگذار تا رسوا شود

منگر کہ خسرو پیشِ تو بیہودہ گوئی می کند
بلبل چوں بیند روئے گل، دیوانہ و شیدا شود

سروِ رواں جلوہ نما جا کر جو در صحرا ہوا
واں پر بھی زیبائی میں وہ بے مثل و بے ہمتا ہوا
آنکھیں بچھائیں راہ میں، بد قسمتی دیکھو مری
بچ کر چلا ایسا مرا دیدہ نہ زیرِ پا ہوا
دل میں سمایا ہے وہ یوں آساں نہیں کرنا بروں
کوشش تو کی، رخصت نہ پر دل سے ترا سودا ہوا
سرمست و غلطاں مے بکف دیکھا جو اس نے یار کو
صوفی خراباتی بنائی کر بہت رسوا ہوا
خسرو کی کر اے گل بدن بیہودہ گوئی درگزر
بلبل ہے گل وہ دیکھ کر دیوانہ و شیدا ہوا

۱۷۷

چند ز دُور بنیمت، وہ کہ دلم کباب شد
چند ز غصہ خوں خورم، وائے کہ خونم آب شد

دی کہ کلہ نہادہ کژ مست و خراب می شوی
در نظرِ کہ آمدی، خانۂ من خراب شد

سوختہ بود دل ز تو، حسنِ رخِ تو شد فزوں
سوختہ تر شود کنوں چوں مہت آفتاب شد

رختِ وجودِ من ہمہ غارتِ فتنہ گشت تا
ہندوئے طرۂ توام رہزنِ خورد و خواب شد

گر غمِ خویش گویمت، خشم کنی، چہ حیلہ چوں
قصۂ من ز روزِ بد در خورِ ایں جواب شد

خسروِ خستہ دردِ خود گفت شبے بہ مجلسے
دیدۂ روشناں ہمہ غرقۂ بخونِ ناب شد

ہجر نے، جانِ من، ترے دل کو کیا کباب ہے
پی میں رہا ہوں خونِ دل جب سے بنا یہ آب ہے

سرخوش و مست و کج کلہ جب تُو ہوا تو کر دیا
دیکھ کے یک نظر مجھے، خانہ مرا خراب ہے

سوختہ حسنِ ماہ سے دل تھا ولے اسے کیا
سوختہ اور جب بنا مہ ترا آفتاب ہے

رختِ وجود اور مرا غارتِ فتنہ ہو گیا
زلفِ سیاہ جب ہوئی رہزنِ خورد و خواب ہے

میرے بیانِ حالِ دل سے جو ہوا ہے خشمگیں
قصۂ غم کا کس طرح تُو نے دیا جواب ہے

خسروِ خستہ تُو نے جب کر دیا دردِ دل بیاں
چشم ہر ایک ہو گئی غرقۂ خونِ ناب ہے

۱۷۸

دوش مابودیم و آں مہرو، شبِ مہتاب بود
روئے او کردہ ست لطفے، زلفِ او در تاب بود

داستانِ عشق کز ابروئے او می خواند دل
سورۂ یوسف نوشتہ بر سرِ محراب بود

بہرِ سجدہ پیشِ پایش، ہم نجاکِ پائے او
دیدہ را بے نم بماندم گرچہ در غرقاب بود

شکر ایزد را کہ رخ زردیِ ما پوشیدہ نیست
سرخیِ چشمم بہ پیشش ہم ز خونِ ناب بود

بر لبش بود اعتمادِ من، مگر جاں بخشد او
آنکہ روح اللہ گماں بردیم آں قصاب بود

خسرو آں شبہا کہ با آں آبِ حیواں زندہ داشت
آں ہمہ بیداریِ شبہا تو گوئی خواب بود

آج میں ہوں اور مہرو اور شبِ مہتاب ہے
لطف کرتا رخ ہے اور گیسو میں پیچ و تاب ہے

قصۂ الفت پڑھایا دل کو ابرو نے ہے جو
سورۂ یوسف نوشتہ بر سرِ محراب ہے

بہرِ سجدہ پیشِ پا میں نے نجاکِ آستاں
خشک رکھا چشم کو گرچہ یہ درِ غرقاب ہے

کر دیا چہرہ ہے زریں زردیِ غم نے مرا
سرخ رکھے چشم کو پر لعلِ خونِ ناب ہے

اعتماد اس کے لبوں پر تھا دل و جاں سے، ولے
جس کو روح پرور سمجھتے تھے وہ اک قصاب ہے

نالۂ شبگیرِ خسرو ہے نہ آبِ زندگی
درحقیقت شب کی بیداری یہ سب اک خواب ہے

۱۷۹

اے خوش آں وقتے کہ آں بد عہد بامایار بود
ایں متاعِ دَرد را در کوئے او بازار بود

بوستانہا کاندرا و بودیم خوش با دوستاں
آں ہمہ گلہا تو پنداری سراسر خار بود

بارہا بینم بہ خود آں عیش را یاد آورم
کاں ہماں مرغے ست یا رب کاندراں گلزار بود

مے کہ گفتم چاشنی کن، نے گمانے بود بد
لیک مقصودم دوائے سینۂ افگار بود

گر دلم دشمن گرفتی ایں چنینش ہم مسوز
کآخر امروز دشمن گشت، وقتے یار بود

دیدہ گر فردا مراخصمی کند، بر حق بوَد
زانکہ مسکیں بہرِ من بسیار شب بیدار بود

خسروا دل بد مکن از نامرادی ہائے دہر
کآسماں را کیں ہمہ با مردمِ ہشیار بود

خوب تھا وہ وقت جب یاری وہ کرتا یار تھا
کوچۂ جاناں متاعِ درد کا بازار تھا

دوستوں کے ساتھ رہتا تھا گلستانوں میں میں
جا بجا تھے گل کھلے، ہر گل وہاں بے خار تھا

لے کے آتی تھی بہاراں کاروانِ رنگ و بو
مرغِ بے پروا تھا اک میں، آشیاں گلزار تھا

بیٹھ کر صحنِ چمن میں جب پیا کرتا تھا میں
بادۂ گلگوں دوائے سینۂ افگار تھا

مت جلا دل کو مرے دشمن سمجھ کر اس طرح
یاد رکھ وہ دن، تو اس کا اور وہ تیرا یار تھا

مجھ سے دیدے کو مرے ہے دشمنی تو ٹھیک ہے،
مدتوں سے واسطے میرے وہ شب بیدار تھا

صبر کر خسرو، نہ کر ناکامیابی کا گلہ
کب نہیں گردوں عدوئے مردمِ ہشیار تھا

۱۸۰

تا جہاں بود، از جہاں ہرگز دلم خرم نبود
خرمی خود ہیچگہ گوئی کہ در عالم نبود

گرچہ کارِ عاشقاں پیوستہ سامانے نداشت
ایں چنیں یکبارگی ہم ابتر و درہم نبود

غم بروں ز اندازہ شد مارا و دل برجا نماند
اے خوش آں وقتے کہ دل برجای بود و غم نبود

با دلِ مجروح رفتم دی بہ دکانِ طبیب
حُقہ را چوں باز کرد، از بختِ من مرہم نبود

آدمی خوش دل نباشد، گرچہ در جنت بوَد
آدمی خود کے تواند بود، چوں آدم نبود

گر توانی خسروا دل را عمارت کن، ازانک
در جہاں کس را بنائے آب و گِلِ محکم نبود

اس جہاں میں ایک دن بھی دل مرا خرم نہ تھا
آشنا آرام سے گویا کبھی عالم نہ تھا

گرچہ کارِ عاشقاں دائم ہے بے برگ و نوا
اس قدر لیکن کبھی یہ ابتر و درہم نہ تھا

خونِ دل پیتا ہے اور کھاتا ہے غم لختِ جگر
خوب تھا جب چین سے تھا دل، اسے کچھ غم نہ تھا

مَیں دواخانے میں لے کر تو گیا دل کو مگر
میری بدبختی کہ واں پر بھی کوئی مرہم نہ تھا

رہ سکے گا دائماً جنت میں کیسے آدمی
رہ سکا جبکہ وہاں کچھ دیر بھی آدم نہ تھا

کس طرح ہو گی عمارت دل کی خسرو جب کبھی
خاکداں میں اس وجودِ آب و گِل محکم نہ تھا

۱۸۱

باز گل بشگفت و گلرویاں سوئے بستاں شدند
مطرب و بلبل بہم در نغمہ و دستاں شدند

میہمانِ دیگرے بود او بہ باغ و من بہ رشک
جملہ مرغانِ چمن از آہِ من بریاں شدند

چوں گلے بینم، تو یاد آئی و جاں پارہ شود
ایں ہمہ سرہائے غنچہ بہرِ جاں پیکاں شدند

باغ حاجت نیست ہم در کوئے خود بیں کاہلِ دل
خاک گشتند اول و آنگاہ گل و ریحاں شدند

دولتِ حسنت فزوں بادا کہ نیکوتر شود
ایں ہمہ دلہا کہ از اقبالِ تو ویراں شدند

می شدند اہلِ وفا مہمانِ رویت بلکہ شاں
بر جگر ہائے کبابِ خویشتن مہماں شدند

خسروا با ما بیا تا با خیالش خوش شویم
زانکہ ہر کس با نگارِ خویش در بستاں شدند

کھِل گئے گل اور رواں گلرخ سوئے بستاں ہوئے
مطرب و بلبل بہم در نغمہ و دستاں ہوئے

وہ عدو کے ساتھ تھا اور رشک تھا ایسا مجھے
آہِ دل سے میری مرغانِ چمن بریاں ہوئے

دل ہوا خوں، دیکھ کر گل یاد تو جب آ گیا
اس طرح سرہائے غنچہ بہرِ جاں پیکاں ہوئے

اہلِ دل نے یوں بنایا باغ کوچے کو ترے
خاک وہ پہلے ہوئے اور پھر گل و ریحاں ہوئے

ہو فزوں تر حسن کی دولت تری اللہ کرے
دل ہیں کتنے جو ترے اقبال سے ویراں ہوئے

کاش ہوں مہمانِ دیدارِ رخِ زیبا ترے
بر جگر ہائے کبابِ خویش جو مہماں ہوئے

تو خیالِ یار میں خسرو ہے خوش لیکن عدو
لے کے اپنے بت روانہ سب سوئے بستاں ہوئے

۱۸۲

دل زدستِ من برفت و آرزوئے دل بماند
وز من اندر ہر سرِ کو گفتگوئے دل بماند
ہر کجا بنیم غمِ دل گویم و گویم از انک
بر زباں افسانہ ہائے آرزوئے دل بماند
زِ رخ جانم یک نظر شد ہیں یکے زیں سو از انک
دیر شد کایں رختِ سد پیشِ روئے دل بماند
شرمسارم از سگانِ کوئے تو زاں کز رہی
دل تو بردی و بہ گردِ کوی بوئے دل بماند
بر سرِ کوئے تو می ترسم کہ جاں ہم گم کند
عاشقِ گم گشتہ کاندر جستجوئے دل بماند
خسروا گر دل کشی سہل است از بندِ قضا
کایں رسن ناید بروں کاندر گلوئے دل بماند

دل لیا گرچہ نہیں پر آرزوئے دل رہی
کوچہ و بازار میں ہر گفتگوئے دل رہی
دل کے جانے سے کمی آئی نہ غم میں بھی ذرا
اور زبان پر بھی حدیثِ آرزوئے دل رہی
ترِخ جاں ہے، اک نظر، کر اک نگہ مجھ پہ کبھی
کب سے یہ پونجی ہے میری پیشِ روئے دل رہی
شرمساری ہے سگانِ کو سے مجھ کو، جو ترے
بعد لے جانے کے دل بھی پیشِ بوئے دل رہی
مجھ کو ڈر ہے، جان وہ کر دے گا گم کو میں ترے
تیرا عاشق جس کو دائم جستجوئے دل رہی
کشمکش تجھ کو ہے خسرو، لیکن از بندِ قضا
ہو بروں کیسے رسن جو در گلوئے دل رہی

۱۸۳

رفتیم از چشم و در دل حسرتِ رویت بماند
بر شکستی و بہ جانم نقشِ گیسویت بماند

مردنِ من بیں کہ چوں شب باز گشتم از درت
کالبد باز آمد و جاں بر سرِ کویت بماند

گردنت آزاد باد و خونِ من در گردنم
چوں بہ کُشتن خو گرفتی و ہماں خویت بماند

رفت جانِ پُر ہوس تا بوسد ابروئے ترا
ہم دراں بوسیدنِ محرابِ ابرویت بماند

زاں شبے کیں سو گذشتی گیسوئے مشکیں کشاں
تاکنوں مستم کہ تو بگذشتی و بویت بماند

ایں بگفتن راست می آید کہ خسرو خوش بزی
چوں زید بیچارۂ کز دیدنِ رویت بماند

تُو گیا، اس دل میں لیکن حسرتِ رُو رہ گئی
اور گیا جب دل تو جاں میں یادِ گیسو رہ گئی

دیکھ میں کیسے مَرا ہوں در سے جب چلنے لگا
جسم لے آیا ولے جاں بر سرِ کُو رہ گئی

چھوٹنی عادت ہے، مشکل، کچھ نہیں تیری خطا
ظلم سے توبہ تو کی، پر قتل کی خو رہ گئی

مسجد و محراب و منبر ترک میں نے کر دئے
دل میں لیکن الفتِ محرابِ ابرو رہ گئی

جب کیا آزاد دل کو تُو نے قیدِ زلف سے
چھٹ گئی گر زلف، دل میں زلف کی بُو رہ گئی

عمرِ خسرو کی کٹی سب انتظارِ دید میں
اور مَرا جب، اس کے دل میں حسرتِ رُو رہ گئی

۱۸۴

ژالہ از نرگس فرو بارید و گل را آب داد
وز تگرگِ روح پرور مالشِ عناب داد

چشمِ مستِ او کہ مژگاں را بہ قتلم تیز کرد
خنجرِ زہراب دادہ، در کفِ قصاب داد

ہر خدنگِ غمزۂ را کاو بہ شستِ ناز بست
آں خدنگ اول نشاں بر سینۂ احباب داد

باز آں ابرو کمانِ غمزہ زن قصدِ کہ کرد
چشمِ او بارے ز مژگاں ناوکِ پرتاب داد

صبحدم نرگس کو دیوے ایک ژالہ آب ہے
جاں فزا اولا کرے اک، مالشِ عناب ہے

تیز مژگاں کو کرے ہے چشم بہرِ قتل جب
خنجرِ زہرآب دیوے در کفِ قصاب ہے

جب چلائے ناز سے اک تیر ہے تو کس طرح
وہ لگائے اک نشاں بر سینۂ احباب ہے

گر کرے ابرو کمانِ غمزہ زن وہ قصدِ جاں
نیشِ مژگاں سے بنائے ناوکِ پرتاب ہے

۱۸۵

بر بُنا گوشت بلائے خط کہ سر بر میکند
جزو جزوِ عاشقِ بیچارہ ابتر میکند

سروِ کز بالائے خود در سر کند باد آں مبیں
آں نگر، کش باد پیشت خاک بر سر میکند

چند گوئی پیشت آیم وہ کہ چو تو یوسفے
سر کجا در خانۂ تاریکِ مادر میکند

شوخیش بیں کاشکارم می نوازد در نہاں
با رقیبِ خویش اشارت سوئے خنجر میکند

رو برون، اے جانِ معزول از درونِ من کہ عشق
شغلِ جاں در سینہ با جاناں مقرر میکند

عاشقاں جان و جہاں بہرِ بتاں تر کردہ اند
سہل باشد آنکہ خسرو دیدہ را تر میکند

کان کی لَو پر جو اک بالا مقرر کر دیا
جزو جزوِ عاشقِ بے چارہ ابتر کر دیا

سروِ بالا کے ہے سر میں ناز لیکن دیکھئے
خاک نے آلودہ اس کا کس طرح سر کر دیا

عہدِ وصلت تُو نے توڑا جب تو اے یوسف مرے
کلبۂ احزانِ جاں کو اور حزیں تر کر دیا

دیکھئے شوخیٔ نوازش اس نے کر کے ظاہراً
با رقیباں اک اشارہ سوئے خنجر کر دیا

جا نکل، اے جانِ معزول اب کہ الفت نے مری
شغلِ جاں در سینہ با جاناں مقرر کر دیا

تارکِ جان و جہاں ہیں عاشقاں بہرِ بتاں
کیا ہوا خسرو نے اک دیدہ اگر تر کر دیا

۱۸۶

جاں کہ چو تو دشمنے را دوست داری میکند
دشمنِ خود را بہ خونِ خویش یاری میکند

دل کہ مہماں خواند بر جانم بلا و فتنہ را
کار دارانِ غمت را حق گزاری میکند

یک دل آباداں نپندارم کہ ماند در جہاں
زاں خرابی ہا کہ آں چشمِ خماری میکند

مُردم از نالیدن و روزے نگفتی اے رقیب
کیست ایں کاندر پسِ دیوار زاری میکند

گرچہ بے حدِ من است اے دوست امارت بر درت
دیدۂ من آرزوئے خاکساری میکند

در نمازِ بت پرستی از من آموزد سجود
برہمن کو دعویٔ زنار داری میکند

جاں کو تجھ سے دشمنِ جاں دوست داری ہو گئی
دیدۂ خونخوار سے بھی دل کی یاری ہو گئی

فتنہ و آشوب کو مہماں بنایا دل نے جب
کار دارانِ الم سے حق گزاری ہو گئی

کر دئیے برباد جس نے دل جہاں میں ہے وہی
شور و شر جس کا سبب چشمِ خماری ہو گئی

چھپ کے میں روتا ہوں اور تو پوچھتا تک بھی نہیں
یہ پسِ دیوار کس کو آہ و زاری ہو گئی

سرمۂ خاکِ درِ جاناں کی قدرت دیکھئے
چشمِ شہ کو آرزوئے خاکساری ہو گئی

مجھ سے آدابِ نمازِ بت پرستی سیکھ لے
کہن تیری برہمن زنار داری ہو گئی

۱۸۷

باز تُرکِ مستِ من آہنگِ بازی میکند
کس نکردہ ست آنکہ آن تُرکِ طرازی میکند

زلفِ او را سر بسر عالم بہ موئے بستہ شد
ہندوئے را بیں کز اینساں تُرکتازی میکند

از خیالش ماندہ ام شرمندۂ کاندر چشمِ من
گہ گہے می آید و مردم نوازی میکند

می رَود در خونِ ہر سرگشتۂ دامن کشاں
پس بہ آبِ چشمِ من دامن نمازی میکند

می برد چو کافراں بر جانِ خسرو تاختن
از برائے رغمِ نامِ خویش غازی میکند

ایک تُرکِ مست پھر آہنگِ بازی کر گیا
کون کرتا ہے جو وہ تُرکِ طرازی کر گیا

باندھ کر عالم کو سارے ایک پیچا پیچ میں
گیسوئے ہندو یہ کیسی ترکتازی کر گیا

ہو گئی شرمندگی مجھ کو خیالِ یار سے
آنکھ میں آ کر وہ جب مردم نوازی کر گیا

اس قدر شب میں بہایا خونِ دل تھا آنکھ سے
صبحدم اس سے وضو ہر اک نمازی کر گیا

قتلِ خسرو کو کیا کافر نے اک اور بعد میں
وہ برائے رغمِ نامِ خویش غازی کر گیا

۱۸۸

دل کہ با خوبانِ بدخو آشنائی میکند
شیشۂ با خارۂ زور آزمائی میکند

زاہدے کو خو بہ مسجد کرد و خوباں اندید
ہست نابالغ ضرورت پارسائی میکند

چوں طمع دارند مشتاقاں وفا از نیکواں
حسن چوں با نیکواں ہم بیوفائی میکند

شعلۂ مشرق کہ چرخ افروخت میدانی کہ چیست
بر دلِ ہم صحبتاں داغِ جدائی میکند

گر نہ خسرو از حیاتِ خویشتن سیر آمدہ ست
از چہ با خوبانِ بدخو آشنائی میکند

دل کو با خوبانِ بدخو آشنائی ہو گئی
سنگ سے، شیشے کو اک زور آزمائی ہو گئی

متقی وہ، دشمنی تھی بت پرستوں سے جسے
دیکھ کر بت اس کی رخصت پارسائی ہو گئی

عاشقاں رکھتے نہیں اب دل میں امیدِ وفا
ان کو ایسی دل فزا کچھ بیوفائی ہو گئی

پر توئے دلدار دیکھا شعلۂ مشرق میں جب
گم شبِ ہجراں کی تکلیفِ جدائی ہو گئی

تنگ آیا تھا نہ خسرو عمر سے تو کیوں اسے
پھر سے با خوبانِ بدخو آشنائی ہو گئی

۱۸۹

از دلِ غمگیں ہوائے دلستانم چوں رود
یا سرِ سودائے آں سروِ روانم چوں رود

تا توانائے بُدم، بارِ غمش بُردم بہ جاں
خود کنوں عشقش ز جانِ ناتوانم چوں رود

از دلم نیشِ جفائش گر رود، نبود عجب
لذتِ دشنامِ او ہرگز ز جانم چوں رود

غمزۂ قصابِ او میریزدم خوں، شاکرم
جائے شکر است ایں شکایت بر زبانم چوں رود

بعدِ مُردن، گر شوم خاک و تنم گردد غبار
داغِ مہرِ او ز مغزِ استخوانم چوں رود

گر ز پا افتم در آں کوی ور رَود تیغم بہ سر
زینقدر از دل غمِ آں دلستانم چوں رود

قدِ یارم از نظر گہ گہ رود خسرو ولے
نقشِ روئے او ز چشمِ خوں فشانم چوں رود

عشق تیرا قلب سے، اے دلستاں جاتا نہیں
سر سے سودا بھی ترا سروِ رواں جاتا نہیں

تھی توانائی تو بارِ غم نہ تھا کچھ، اور اب
چھوڑ کر میری یہ جانِ ناتواں جاتا نہیں

گرچہ نکلا ہے ترا نیشِ جفا دل سے ولے
ذائقہ دشنام کا از کامِ جاں جاتا نہیں

خوں بہاتا غمزۂ قصاب ہے، شکرِ خدا
لیکن اک شکوہ جو ہے وردِ زباں جاتا نہیں

بن گیا ہے خاک بعدِ قتل گو میرا بدن
چھوڑ کر پر عشق مغزِ استخواں جاتا نہیں

نیم بسمل ہوں میں اور سر پہ ہے شمشیرِ عدو
عشق تیرا دل سے پر، اے دلستاں جاتا نہیں

یار کا دیدار قسمت میں نہیں خسرو ولے
نقشِ رُو اس کا ز چشمِ خوں فشاں جاتا نہیں

۱۹۰

گر کنی یاری و گر آزار بر من بگذرد
ہر چہ می خواہی بکن اے یار بر من بگذرد

گفتی از من بگذرم زیں سو بود بر تو ستم
ایں ستم اے کاشکے ہر بار بر من بگذرد

صبحدم مستِ شرابِ شوق بیروں او فتم
بسکہ شب در نالہ ہائے زار بر من بگذرد

زود تر خاکم کن اے گردوں مگر بختم بود
کاں خرامان سروِ خوش رفتار بر من بگذرد

اے خوش آں دیوانگی و مستی و رسوائیم
کز پئے نظارۂ آں یار بر من بگذرد

رفت عمر و گفتگوئے عشق از خسرو نرفت
عمرِ باقی ہم دریں گفتار بر من بگذرد

عشق میں دل کو لگا آزار ہو تو ٹھیک ہے
جان پر ہر دم ستم اے یار ہو تو ٹھیک ہے،

چاہیے جتنا کر ستم مجھ پر تو اے جاں غم نہ کر
دائما بھی دل پہ غم کا بار ہو تو ٹھیک ہے،

چاہیے مستِ شرابِ شوق ہونا صبحدم
رات کو لیکن فغانِ زار ہو تو ٹھیک ہے،

چاہیے آنا خراماں ناز سے گلزار میں
گر نہ لغزاں سروِ خوش رفتار ہو تو ٹھیک ہے

مستی و رسوائی و دیوانگی ساری تری
گر پئے نظارۂ دلدار ہو تو ٹھیک ہے،

گفتگوئے عشق خسرو کو رہی جو عمر بھر
عمرِ باقی میں بھی یہ گفتار ہو تو ٹھیک ہے،

۱۹۱

من نمی خواہم کہ چشمِ غیرِ آں رو بنگرد
چشمِ بد حیف است کاندر روئے نیکو بنگرد

حاجتِ تیر و کماں نبود فتد مرغ از ہوا
در پریدن گر سوئے آں چشم و ابرو بنگرد

غیرتم آید کہ بادِ صبح بر کویت وزد
یا شب اندر روزن آید ماہ و آں رو بنگرد

حرزِ بازو کرد خسرو نامِ میمونِ ترا
شوق چوں غالب شود، در حرزِ بازو بنگرد

ڈر ہے مجھ کو، وہ کہیں میرا نہ مہرو دیکھ لے
چشمِ بد یارب نہ اس کا روئے نیکو دیکھ لے

حاجتِ تیر و کماں کیا، صید ہووے مرغ ہے
دُور ہی سے گر وہ اس کے چشم و ابرو دیکھ لے

رشک آتا ہے صبا گر کوئے جاناں میں چلے
یا وہ گر روزن میں آ کر ماہ و مہرو دیکھ لے

نامِ میمونِ نگاریں کا بنا تعویذ، اور
شوق ہو غالب جو خسرو حرزِ بازو دیکھ لے

۱۹۴

دستِ ماہِ روزہ تا در چشمِ عشرت خاک زد
اشکِ خونیں ریخت جام و گل گریباں چاک زد

یا رب از ہجرِ کہ در پوشید نیلوفر کبود
لالہ از دردِ کہ داغے بر دلِ غمناک زد

با ہمہ چشمے کہ نرگس باز دارد در چمن
اہلِ بینش را نمی شاید قدم بر خاک زد

با وجودِ ساقیِ مہر وئے من، در باغِ حسن
میتواں آتش دریں مشتِ خس و خاشاک زد

مژدہ بر خسرو اگر گوید شبے در گوشِ او
عینِ عید اینک علم بر گوشۂ افلاک زد

جب سے کر تا ماہِ روزہ عیش و عشرت خاک ہے
خوں بھرا ہے جام میں، گل کا گریباں چاک ہے

ہجر میں کس کے بتا نیلا ہے نیلوفر ہوا
داغ کس کے درد کا در لالۂ غمناک ہے

چشمِ نرگس دیکھ کر اندوہگیں اندر چمن
رہ نہ سکتا اہلِ بینش کا قدم بر خاک ہے

باوجودِ ساقیِ گلفام باغِ حسن میں
راکھ جل کر ہو گیا دل کا خس و خاشاک ہے

غم نہ کر اور دیکھ خسرو ماہِ نو سے کس طرح
عید کا پرچم لگا بر گوشۂ افلاک ہے

۱۹۳

تا سرم باشد تمنائے تو ام در سر بوَد
پادشا باشم گرم خاکِ درت افسر بوَد

روزگار از زلفِ تو بادا پریشاں روز و شب
تا دلِ بد روزِ من ہر دم پریشاں تر بوَد

من بہ گرمائے قیامت خوں خورم بر یادِ دوست
جوئے شیر آں را نما کو تشنۂ کوثر بوَد

عشق را پروانہ باید تا کہ سوزد پیشِ شمع
خود مگس بسیار یابی ہر کجا شکر بوَد

خوبرو آں بہ کہ باشد آب و آتش در جہاں
تا وجودِ عشق بازاں خاک و خاکستر بوَد

یار جائے و منِ بیچارہ جائے بیقرار
وہ چہ خوش باشد کہ بر بازوئے خسرو بر بوَد

سر مرا جب تک ہے تیری آرزو در سر رہے
اور خاکِ در تری سر پر بنی افسر رہے

روزگاراں زلف سے ہوویں پریشاں روز و شب
تا دلِ بد روز یہ ہر دم پریشاں تر رہے

خونِ دل پیتے رہے دن رات یادِ یار میں
ہم تو جنت میں بھی رہ کر تشنۂ کوثر رہے

جس جگہ جلتی ہے شمع، جلتے ہیں پروانے وہاں
جس طرح رہوے مگس ہے جب تلک شکر رہے

آب و آتش کو ملاتے ہیں لبوں پر خوبرو
تا وجودِ عشق بازاں خاک و خاکستر رہے

ہو پریشاں خاطرِ خسرو نہ ہرگز اس قدر
زلفِ جاناں گر پریشاں اس کے بازو پر رہے

۱۹۴

فرخ آں عیدے کہ جاں قربانیِ جاناں بوَد
خرم آں جانے کہ پیشِ نیکواں قرباں بوَد

چوں نگوید نازنینِ من مبارک بادِ عید
جاں شکر ریزی کند، دیدہ گلاب افشاں بوَد

بذلہ گوی و عشوہ ساز و شوخ چشم و غمزہ زن
خوبروئے کایں چنیں باشد، بلائے جاں بوَد

جاں دہد جانا دہانت ہر کہ را شربت دہد
ایں چنیں شربت نباشد چشمۂ حیواں بوَد

رُو بہ گاہِ تیغ راندن سوئے قربانی مدار
تا مگر جاں دادن آں بیچارہ را آساں بوَد

دوستان از صحبتِ ما، گرچہ آزاد آمدند
تا زید خسروؔ غلام و بندۂ ایشاں بوَد

عید فرخ ہو جو جاں قربانیِ جانان ہو
جان خرم ہو جو پیشِ نیکواں قربان ہو

عید میں گر مجھ سے ہم آغوش ہو وہ نازنین
جاں شکر ریزی کرے اور لب گہر افشان ہو

بذلہ گو و عشوہ ساز و شوخ چشم و غمزہ زن
ہو اگر وہ خوبرو، تو اک بلائے جان ہو

بخش جاں عشاق کو، دے کر دہن سے تُو کبھی
ایک شربت جس کا طالب چشمۂ حیوان ہو

عید کے دن جا سوئے قصاب خانہ اور کر
جان کو قربان تا مرنا تجھے آسان ہو

کوئی بہتر اور خسروؔ اس سے قربانی نہیں
تجھ سا بسمل گر غلام و بندۂ جانان ہو

۱۹۵

زلف گرد آور کہ بازم دل پریشاں میشود
روی پنہاں کن کہ بازم دیدہ حیراں میشود

عاشقاں را صد بلا پیش است گاہِ دیدنت
جز یکے راحت کہ بارے مُردن آساں میشود

زانچہ من خوردم غمت، بارے پشیماں نیستم
گر دلت از لطفِ ناکردہ پشیماں میشود

از ہلاکم دوستاں غمناک و من خوش میشوم
کانچہ بارے کامِ جانانِ من است آں میشود

اے کہ پندم می دہی پیشِ تو آسانست، لیک
ایں کسے داند کہ او را خانہ ویراں میشود

آنکہ گفتندے کہ از خوبانش روزِ بد رسد
اینک اینک جانِ خسرو گفت ایشاں میشود

دیکھ کر زلفِ پریشاں دل پریشاں ہو گیا
دید سے نورِ نظر کی دیدہ حیراں ہو گیا

صد بلائے جان ہے دیدارِ رُو عشاق کو
ہے مگر راحت کہ مرنا ان کو آساں ہو گیا

غم اٹھانے دل کو آساں ہو گئے اس کے بہت
لطفِ ناکردہ سے جب وہ بت پشیماں ہو گیا

قتل سے میرے ہیں غمگیں دوست لیکن خوش ہوں میں
سرعتِ جلاد سے یہ کام آساں ہو گیا

عشق سے کرنا منع آسان ہے واعظ، ولے
اس سے جا کر پوچھ خانہ جس کا ویراں ہو گیا

مت کرو بدگوئیِ خوبانِ تند و ترش خو
کس طرح خسرو یہ دیکھو ان پہ قرباں ہو گیا

۱۹۶

تا خیال روئے آں شمعِ شبستاں دیدہ شد
سوختم سر تا قدم پیدا و پنہاں دیدہ شد

میشود از پرتوِ رخسارِ مہر افروزِ تو
دیدہ ہا روشن مگر خورشیدِ تاباں دیدہ شد

زآمد و رفتِ خیالِ قامتِ زیبائے او
جلوہ گاہِ نازِ آں سروِ خراماں دیدہ شد

از پئے نظارۂ گلبرگِ رویت یک بیک
قطرہ ہائے اشکِ من بر نوکِ مژگاں دیدہ شد

چشمِ خسرو بود و روئے او حکایت مختصر
گر بہ چشمِ خود کسے را صورتِ جاں دیدہ شد

مثلِ پروانہ ہیں وہ شمعِ شبستاں دیکھ کر
جل گیا سر تا قدم پیدا و پنہاں دیکھ کر

پرتوِ رخسارِ مہر افروز سے روشن ہے دل
ہو منور ارض جیسے مہرِ تاباں دیکھ کر

دیکھنے جاتا نہیں کوئی قدِ سروِ چمن
جلوہ گاہِ نازشِ سروِ خراماں دیکھ کر

چاہتے ہیں لوگ تجھ کو دیکھنا عشاق کے
قطرہ ہائے اشکِ خوں بر نوکِ مژگاں دیکھ کر

ہے منور چشمِ خسرو نورِ روئے یار سے
جان پڑ جاتی ہے دل میں روئے جاناں دیکھ کر

۱۹۷

باز بادِ صبح بوئے آشنائی میدہد
آبِ چشمِ مستمنداں را روائی میدہد

بیں کہ چندیں زاہد از خلوت بروں خواہد فتاد
باد را کاں زلف شغلِ عطر سائی میدہد

اے رُخت آشوب و چشمت فتنہ و زلفت بلا
دل نگر کو با کیانم آشنائی میدہد

آمدم بر آستانِ دولت امیدوار
کیست کو درویش را راہِ گدائی میدہد

خود مکن بیگانگی با ما چوں میدانی کہ چرخ
آشنایاں را ز یکدیگر جدائی میدہد

خونِ خسرو رائگاں مزدِ رقیبت برمن است
گر بیک شمشیرم از دستت رہائی میدہد

جب ہوائے کو سے بوئے آشنائی مل گئی
آبِ چشمِ مستمنداں کو روائی مل گئی

دیکھ اے صوفی، نکل کر کنجِ خلوت سے بروں
زلف سے کیسے صبا کو عطر سائی مل گئی

روئے شہر آشوب و چشمِ مست و زلفِ پُر بلا
دل کو کیسی آفتوں سے آشنائی مل گئی

لے کے آیا در پہ ہے درویش امیدیں ترے
اس کو کیسی دیکھ اِک راہِ گدائی مل گئی

کر نہ یوں بیگانگی اور دیکھ دورِ چرخ سے
تجھ سے کتنے آشناؤں کو جدائی مل گئی

خونِ خسرو کا نہ قطرہ تک ہوا اک رایگاں
تیغ سے جب جان کو تن سے رہائی مل گئی

۱۹۸

غم مخور اے دل کہ باز ایامِ شادی ہم رسد
ہر کجا دردے ست آں را عاقبت مرہم رسد

درمیانِ آدمی و آنچہ مقصودِ وے است
گر بود صد سالہ رہ چوں وقت شد یکدم رسد

گاؤ و خر را از غم و شادیِ عالم بہرہ نیست
خاص بہرِ آدم است از شادی و از غم رسد

بگذر از اندیشہ چوں می بگذرد اندیشہ نیست
ہر جفائے کاں بر اہلِ عالم از عالم رسد

دوستاں خاکِ شمایم چوں مئے شادی خورید
جرعۂ ریزید تا ایں خاک را زاں نم رسد

خسروا ناخوش مشو کایامِ شادی در گذشت
بر خدا دل نہ کہ خوش خوش کامِ شادی ہم رسد

شادمانی ہو اسے قدرے نہ اتنا غم ملے
اس دلِ پُر درد کو گر ایک دن مرہم ملے

درمیانِ مقصد و دل چاہے جتنا ربط ہو
جو ملے ہے سب کا سب دل کو ہے وہ یکدم ملے

گاؤ و خر کو شادی و غم سے نہیں بہرہ وری
بہرِ انساں ہے یہ سب شادی ملے یا غم ملے

اہلِ عالم ہے اگر تو اس کا اندیشہ نہ کر
جو جفا ہے اہلِ عالم کو ہے از عالم ہے

بادۂ شادی پیو جب دوستوں تو اک جرعہ
خاکِ پر میری بھی پھینکو تا اسے کچھ نم ملے

دن گئے شادی کے خسرو درد و غم کا دور ہے
کر دعا اللہ سے تا رنج و غم کچھ کم ملے

۱۹۹

خبرم شدہ ست کامشب سرِ یار خواہی آمد
سرِ من فدائے راہے کہ سوار خواہی آمد

غم و غصۂ فراقت بکشم چنانکہ دانم
اگرم چو بخت روزے بہ کنار خواہی آمد

منم و دلے و آہے رہِ تو درونِ ایں دل
مرو ایمن اندریں رہ کہ فگار خواہی آمد

مئے تست خونِ خلقے و ہمی خوری دمادم
مخور ایں قدح کہ فردا بہ خمار خواہی آمد

ہمہ آہوانِ صحرا سرِ خود نہادہ بر کف
بہ امید آں کہ روزے بہ شکار خواہی آمد

بہ یک آمدن ببردی دل و جان صد چو خسرو
کہ زید اگر بدینساں دو سہ بار خواہی آمد

ہے خبر یہ گرم امشب مرا یار آ رہا ہے
میں فدا ہوں رہ پہ جس سے وہ سوار آ رہا ہے

شبِ ہجر میں ہوا اک ہے عجیب حال، جب سے
ہے سنا کہ یار میرے بہ کنار آ رہا ہے

رہِ پیچ پیچِ الفت میں ہیں خوف و خطر اتنے
کہ جو آ رہا ہے واں سے، وہ فگار آ رہا ہے

تری مے میں خونِ خلقت ہے کچھ اس قدر کہ پی کر
نہ سرور مل رہا ہے، نہ خمار آ رہا ہے

تری رہ میں آ کے بیٹھے ہیں غزالِ دشت سارے
انہیں آس ہے کہ کرنے تو شکار آ رہا ہے

اُسے شوقِ قتل و غارت ہوا اس قدر ہے خسرو
کہ نہ ایک بار بلکہ کئی بار آ رہا ہے

۲۰۰

گذرد ہمے و یک شب بہ منت گذر نباشد
برودِ شبے و ما را خبر از سحر نباشد

رسدت بر اوجِ خوبی، اگر آفتاب گردی
کہ در آفتاب گردش چو توئے دگر نباشد

نتواں ز بعدِ دیدن نظر از تو بر گرفتن
نتواند آنکہ چشمش بود و نظر نباشد

سخنِ تو آں حلاوت کہ شکر تو انش گفتن
زغمِ تو دارد، الے تے سخن از شکر نباشد

خبرم مپرس از من، چوں مقابلِ من آئی
کہ چوں در رخِ تو بینم، ز خودم خبر نباشد

بہ ملا تم ہمہ کس درِ صبر می نماید
کہ بداست صبر لیکن چکنم، اگر نباشد

دلِ مستمندِ خسرو سخنِ تو پیشِ ہر کس
چو قلم فرو نخواند، اگرش دو سر نباشد

شبِ غم میں یاں سحر کا جو ہوا گزر نہیں ہے
گئی شب ہے اور مجھ کو خبرِ سحر نہیں ہے

ترے اوجِ حسن و خوبی سے ہوا ہے سب پہ روشن
کہ منیر مہرِ تاباں بہ رخِ دگر نہیں ہے

تجھے دیکھ کر ہٹے ہے نہ کوئی نگاہ رخ سے
جو ہٹے تری شکل سے وہ کوئی نظر نہیں ہے

نہ شہد میں وہ حلاوت ہے، جو بات میں ہے تیری
ہے ترا نہیں وہ ہرگز، جو سخن شکر نہیں ہے

تُو نہ پوچھ حال میرا جو کیا فراق نے ہے
ترے غم میں مجھ کو اپنی رہی کچھ خبر نہیں ہے

دلِ عاشق و صبوری میں نہیں ہے ربط کوئی
ہو قرار دل کو کیسے، مجھے صبر گر نہیں ہے

دلِ مستمندِ خسرو کو قرار کس طرح ہو
کہ تہی رہے جب اس کا کبھی تجھ سے سر نہیں ہے

۲۰۱

تو ز لب سخن کشادی، ہمہ خلق بے زباں شد
تو بہ رہ خرام کردی، ہمہ چشم ہا رواں شد

بہ رہے کہ دی گذشتی، ہمہ کس بہ نرخِ سرمہ
بخرید خاکِ پایت، دل و دیدہ رایگاں شد

چہ کشش دراز داری سرِ زلفِ ناتواں را
کہ بداں کمندِ دلکش دلِ عالمے بہ جاں شد

رخِ تو بس است سودم بہ فدائے تارِ مویت
دل و جاں و عقل و ہوشم کہ ز دولتِ زیاں شد

صفتِ کمالِ حسنت چہ منے چگونہ گوید
کہ ہزار ہمچو خسرو ز رخِ تو بے زباں شد

ترے لب کی گل فشانی سے ہر ایک بے زباں ہے
تری طرزِ خوش خرامی سے سرشکِ خوں رواں ہے

اسے سب خریدتے ہیں سرِ رہ بہ نرخِ سرمہ
تری خاکِ پا نہ جائے مری جان، رایگاں ہے

خمِ زلفِ عنبریں میں ہے کشش یہ کس بلا کی
کہ تری کمندِ دلکش پہ فدا ہر ایک جاں ہے

لب و زلف و چشم و ابرو میں ہے بیش فتنہ خیزی
مگر ان سے اور بہتر نہ ملے کوئی زیاں ہے

نہ بیان کر سکا ہے صفتِ جمالِ خسرو
کہ ہوا وہ دیکھتے ہی ترا حسن، بے زباں ہے

۲۰۲

دلبراں مہر نمایند و وفا نیز کنند
دل براں مہر نبندی کہ جفا نیز کنند

عاشقاں گرچہ ترا بہرِ جفا بد گویند
از پئے چشمِ بدِ خلق دعا نیز کنند

عالمے را بکُش از غمزہ کہ تُرکاں بہ خدنگ
گرچہ بکُشند بسے صید رہا نیز کنند

ہجر مپسند چوں دانی کہ وکیلانِ سپہر
دوستاں را بہم آرند و جدا نیز کنند

منعماں گرچہ برانند گدارا از در
گہ گہے حاجتِ درویش روا نیز کنند

سوئے خسرو نگہے کن بہ طفیلِ دگراں
کاہلِ دولت نگہے سوئے گدا نیز کنند

دل میں آجائے تو دلبر بھی وفا کرتے ہیں
ورنہ دن رات وہ رہ رہ کے جفا کرتے ہیں

ظاہراً کرتے گلہ ہیں ترے عاشق ہر دم
چھپ کے پر تیرے لئے وہ بھی دعا کرتے ہیں

صید کرتے ہیں جو صیاد ہر ایک کو اپنا
رحم آجائے تو کچھ وہ بھی رہا کرتے ہیں

قرب اک دو ہی کو دیتے ہیں وکیلانِ فلک
وصل کے بعد پھر ان کو بھی جدا کرتے ہیں

در سے معشوق اٹھاتے ہیں و لیکن گاہے
ہو جو توفیق تو حاجت بھی روا کرتے ہیں

سوئے خسرو بھی کبھی دیکھ طفیلِ غیراں
گاہے ظالم بھی تو انعام دیا کرتے ہیں

٢٠٣

رسمِ خونریز درآں خوئے جفاساز بماند
ایں کلہ بر سرِ آں ترکِ سرانداز بماند

گر رود جان و گہے باز بیاید در تن
گر بہ تاباک درِ اندیشۂ آں ناز بماند

باد حتے کہ برآید سرِ عشاق ز دوش
ایں ہوا در سرِ آں سروِ سرافراز بماند

بستنِ چشم ندانم کہ چہ باشد آنگاہ
کہ برفت از نظر و دیدۂ من باز بماند

زاہدے در تو نظر کرد، صلاحش بُردی
بہ یکے بازی ازاں چشمِ دغاباز بماند

نالۂ ناخوشِ خسرو کہ ز غم می آید
خجل آواز کہ چوں مطربِ ناساز بماند

رسمِ خونریز دروں خوئے جفاساز رہے
کج کلہ سر پہ بھی اے تُرکِ سرانداز رہے

قتل کر کے جو مجھے خاک کیا ہے اس نے
کاش یہ خاک درِ اندیشۂ طناز رہے

وہ ہوا جس سے ہیں شوریدہ و حیراں عاشق
خوب ہو گر بہ سرِ سروِ سرافراز رہے

ہے نہ ممکن یہ کہ جب جائے مجھے چھوڑ کے تُو
تُو نہ ہو اور یہ دیدہ نہ مرا باز رہے

خوب ہو تجھ سے اگر آنکھ لڑائے زاہد
کھیلتی اس سے تری چشمِ دغاباز رہے

نالۂ ناخوشِ خسرو جو بھرا ہے غم سے
ہے وہ آواز جو با مطربِ ناساز رہے

۲۰۴

بر رخِ ہمچو مہش طرۂ چو شب نگرید
انگبیں در لبِ شرینش لبالب نگرید

پیشِ محرابِ دو ابروش کہ طاق است بہ حسن
عالمے دست بر آوردہ بہ یارب نگرید

چوں بدیدید رخش، زیرِ زنخداں بینید
در تہِ پارۂ مقنع چہِ غب غب نگرید

چشمش از ہر مژۂ ساختہ مشکیں قلمے
میدہد فتویٰ خونِ ہمہ، مذہب نگرید

در گلستانِ لطافت، چو گلِ نوخیزش
تنگ اندام و تنگ پوش و تنگ لب نگرید

بندۂ خسرو را کہ در وصفِ جمالش ہر روز
نو بہ نو دفتر و دیوانِ مرتب نگرید

زلف بر عارضِ مہ وش، صفتِ شب دیکھو
لب بھرے شہد و شکر سے بھی لبالب دیکھو

پیشِ محرابِ دو ابرو، شکلِ طاقِ حرم
عالمے دست بر آوردہ بہ یارب دیکھو

زیرِ چاہِ ذقنِ یوسفِ ثانی، یارو
در تہِ پارۂ پردہ، چہِ غب غب دیکھو

دیدۂ مست نے اک کلکِ مژہ سے لکھ کر
دے دیا فتویِٔ خوں، آہ یہ مذہب دیکھو

در گلستانِ لطافت، گلِ نو وارد کے
تنگ اندام و تنگ پوش و تنگ لب دیکھو

حسنِ خوباں کی ستائش میں لکھے خسرو کے
نو بہ نو دفتر و دیوانِ مرتب دیکھو

۲۰۵

رویت از غالیہ خطِ بر رخِ گلفام کشید
ماہِ نو، طرۂ مشکینِ تو در دام کشید

روز بازارِ چمن را بہ بہائے نستانند
لالہ از خاکِ تو، گرچہ درمے وام کشید

صبحِ روئے تو بدینساں کہ برآمد امروز
تو مبر ظن کہ چو من سوختہ تا شام کشید

با وصالِ تو بہ یک لحظہ فراموش کند
ہر کہ جورِ فلک و محنتِ ایام کشید

دل بہ کامے برسد از تو ہم آخر روزے
غصۂ کارِ خود از عالمِ خود کام کشید

نامِ عشق است بلائے دل و آخر بہ جہاں
سر پسِ نام بروں خسروِ بدنام کشید

گل و لالہ کو خجل ہے رخِ گلفام کرے
ماہِ نو، زلفِ سیاہ ہے تری در دام کرے

لوگ بازارِ چمن میں نہ خریدیں اس کو
نقلِ لالہ گو تری بیش، گل اندام کرے

آئے جب تو ہے کرے رخ سے مری شب کی سحر
اور جائے تو مرے دن کی ہے تو شام کرے

وصلِ یک لحظہ فراموش کرا دیتا ہے
جو بھی جورِ فلک و محنتِ ایام کرے

کام مقصد کے مطابق مرے ہوگا اک دن
گو خرابی ہے بہت عالمِ خود کام کرے

عشق ہے گرچہ بلا ایک، نہ کر ترک اسے
چاہے جتنا بھی وہ خسرو تجھے بدنام کرے

۲۰۶

هر شب از سینۂ من تیرِ بلا میگذرد
تو چہ دانی کہ بریں سینہ چہا میگذرد

دل اگر سنگ بود طاقتِ آتش نبود
آنچہ از غمزۂ او بر دلِ ما میگذرد

عاشقاں را ہمہ عمر از پئے نظارۂ تو
شب بزاری و سحر گہ بہ دعا میگذرد

یارب ایں بادِ سحر از چہ چنیں خوش بوی است
مگر اندر سرِ آں زلفِ دوتا میگذرد

تو چہ مرغے کاثرت نیست کہ از سوزِ دلم
سوخت ہر مرغ کہ بر روئے ہوا میگذرد

خسروا بگذر از اندیشۂ خوباں کامروز
فرد جو خوبرو ہو خوباں میں
ایسے اک فرد کو کہاں ڈھونڈیں

چو منے کو کہ حالِ من پرسد
یارِ ہمدرد را کجا یابند

حال آئے جو پوچھنے ایسے
یارِ ہمدرد کو کہاں ڈھونڈیں

ہر کہ در عشق جاں دہد مرد است
ایں چنیں مرد را کجا یابند

جاں دے عشق میں جو مردی سے
ایسے اک مرد کو کہاں ڈھونڈیں

سگِ کوئے ست خسرو اندر عشق
شیرِ ناورد را کجا یابند

سگ ہے کوچے کا جب بنا خسرو
شیرِ ناورد کو کہاں ڈھونڈیں

۲۶۹

شکنِ زلف باز خواہی کرد
برمہ از شب طراز خواہی کرد
روزہ داریم لبِ خ بپوش ارنہ
روز بر ما دراز خواہی کرد
راست کردی ز ابرواں محراب
می نماید نماز خواہی کرد
بہ گدائی بہ کوئیت آئیم لیک
در بروئیم فراز خواہی کرد
کارِ خسرو ز دست شد وقت است
گر ز ظلم احتراز خواہی کرد

گرہِ زلف باز کر دیجے
رخ پہ پھر وہ طراز کر دیجے
شربتِ لب کی یاد سے یاروں
روزِ روزہ دراز کر دیجے
ابروئے یار کے تصور سے
پُر خصوع اور نماز کر دیجے
ہیں فقیر و غریب اے درباں
در کو ہم پر فراز کر دیجے
حالِ خسرو سنا کے ظالم کو
مائلِ احتراز کر دیجے

۲۷۰

لبش در شکر خندہ جاں می برد
شکیب از منِ ناتواں می برد

شکر خندۂ یار جاں لے گیا
شکیبِ دلِ ناتواں لے گیا

پیالہ بکف چوں رواں می شود
دلِ عاشقاں را رواں می برد

پیالہ بکف وہ رواں جب ہوا
دلِ عاشقاں سے رواں لے گیا

کمر بستہ در دل دروں می رود
پس آنگاہ جاں از میاں می برد

کمر بستہ در دل دروں جب گیا
گیا اور جاں از میاں لے گیا

گرم پرسد از بردنِ دل کسے
اشارت کنم کاں جواں می برد

جو پوچھیں دلِ پیر کس نے لیا
کہوں کس طرح اک جواں لے گیا

سرِ زلف کآید ہمی بر لبش
نمک سوئے ہندوستاں می برد

خمِ زلف آیا جو لب چومنے
نمک سوئے ہندوستاں لے گیا

شبے میہماں شو ببیں کار زوت
صبوری ز خسرو چساں می برد

بنا کے گدا عشق اک شہ تجھے
کہاں سے وہ خسرو کہاں لے گیا

۲۷۱

ہوائے خرم است و ہر طرف باراں ہمی بارد
نگویم قطرہ کز بالا گل و ریحاں ہمی بارد

نگوں سر شاخہائے سبزہ گوئی در ہمی جنبد
زبس کابرِ دُر افشاں لولوئے غلطاں ہمی بارد

خوش آں وقتے کہ مطرب در سماع و نیکواں سرخوش
خراماں درمیانِ سبزہ و باراں ہمی بارد

زبہرِ پائے خوباں را بساطِ سبزہ می شوید
ہر آبے کز ہوا بر سبزۂ بُستاں ہمی بارد

وُلے ہر قطرہ بر جاں آب دادہ ہست چو پیکاں
جدا افتادۂ را کز مژہ طوفاں ہمی بارد

ہوائے ابر با ہمصحبتاں خسرو غنیمت داں
کہ عیش و خوش دلی از صحبتِ ایشاں ہمی بارد

چمن میں ابرِ رحمت بر گل و ریحان برسے ہے
فضا خرم ہوئی ہے ہر طرف باران برسے ہے

بنا ہے ابر دُر افشاں کچھ ایسا آب کا اس کی
ہر اک قطرہ مثالِ لولوئے غلطان برسے ہے

ہے مطرب در سماع، سرخوش ہیں رندان، مست ہے ساقی
خراماں لولیانِ شوخ ہیں، باران برسے ہے

برائے مقدمِ خوباں، بساطِ سبزہ دھوئے ہے
ہوا سے قطرۂ آبی جو بر بُستان برسے ہے

بہ یادِ آبِ پیکانِ مژہ، تاریکیِ شب میں
فراقِ یار میں آنکھوں سے اک طوفان برسے ہے

ہوائے ابر با ہمصحبتاں خسرو غنیمت ہے
کہ عیش و خوش دلی از صحبتِ یاران برسے ہے

۲۷۲

ہوائے خرم است و ابرِ لُولُو بار می بارد
زلالِ زندگی بر شاخِ خضر آثار می بارد

گلِ سُرخ انار از شاخِ سبزش چوں چکاند خوں
تو پنداری کہ طوطی گوہر از منقار می بارد

خراماں سروِ من مست و لطافت می چکد از وے
چہ ناز است و کرشمہ وہ کزاں رفتار می بارد

ہوائے ابر عاشق را غم آرد آں ہمہ قطرہ
ز بہرِ جانِ عاشق خنجرِ خونخوار می بارد

اگر غرقِ عرق رخسارۂ خوباں ندیدہ ستی
نگہ کن قطرہ ہائے خوش کہ بر گلزار می بارد

فرشتہ چو مگس پابستہ می گردد بہ شیرینی
چو در وصفِ تو خسروؔ شکر از منقار می بارد

ہوا خرم ہوئی ہے ابرِ لُولُو بار برسے ہے
زلالِ زندگی بر شاخِ خضر آثار برسے ہے

گرے گلنار ہیں اس طرح سبزے پر کہ لگتا ہے
ز طوطیِ غزل خواں گوہر از منقار برسے ہے

خراماں سرو ہے اس طرح کچھ میرا کہ آج اس کی
ادا و ناز از ہر لغزشِ رفتار برسے ہے

ہوائے ابرِ عاشق میں ہے اک طوفانِ غم ایسا
کہ ہر قطرے سے اس کے خنجرِ خونخوار برسے ہے

اگر غرقِ عرق رخسارۂ خوباں نہیں دیکھا
نگہ کر قطرۂ خوش پر جو بر گلزار برسے ہے

ہوئے شیریں فرشتے طرزِ شیرینی سے یوں اس کی
کہ بہرِ وصفِ خسروؔ شکر از گفتار برسے ہے

۲۷۳

خوش آں شبے کہ سرم زیرِ پائے یار بماند
دو دیدہ در رہِ آں سروِ گلعذار بماند

شراب ہا کہ کشیدم بہ روئے ساقیِ خویش
برفت از سر و دردِ سر و خمار بماند

چراش سیر ندیدم کہ زود گشتم مست
مرا درونِ دل ایں داغِ یادگار بماند

گذشت آں شب و آں عیش و آں نشاط، ولیک
بہ یادگار دریں سینۂ فگار بماند

حدیثِ اہلِ نصیحت نگنجدم در دل
کہ در درونہ سخن ہائے آں نگار بماند

غمم بکشت بہ زاری و ہم خوشم، بارے
کہ ایں فسانۂ خسرو بہ گوشِ یار بماند

خوشا وہ سر کہ سدا زیرِ پائے یار رہا
زہے وہ دیدہ کہ در راہِ گلعذار رہا

ملا جو بادۂ باقی تھا، صبح دم اس کا
رہا نشہ نہیں، باقی ولے خمار رہا

جو دیکھتے ہی رخِ یار، میں ہوا بے خود
مدام دل میں مرے داغِ یادگار رہا

گئے وہ عیش، وہ شب، وہ نشاط، وہ رونق
مگر وہ یار دروں سینۂ فگار رہا

حدیثِ اہلِ نصیحت رہی نہ اس دل میں
جو مسکنِ سخنِ دلکشِ نگار رہا

بیان غم کا بہ زاری کیا، ولے خوش ہوں
کہ یہ فسانۂ خسرو بہ گوشِ یار رہا

۲۷۴

دل شد ز دست و بر مژہ از خوں نشاں بماند
جاں رفت و یارِ گمشدہ بر جائے جاں بماند

از ناخن ارچہ سینہ کنم، کے بروں شود
خارے کہ در درونۂ جانم نہاں بماند

مرہم نکرد ریشِ مرا پندِ دوستاں
واندر دلم جراحتِ گفتارِ شاں بماند

یک چند ہر چہ ہست بود مستِ مے پرست
دستِ صلاح در تہِ رطلِ گراں بماند

مارا وداع کرد دل و عقل ہر چہ بود
الّا سرِ نیاز برآں آستاں بماند

خسرو ز آہِ گرم بر آتش نہاد نعل
بر ہر زمیں کہ از سُمِ اسپش نشاں بماند

دل لے گیا، لہو کا مژہ پر نشاں رہا
لے کر بھی جاں، نگار وہ بر جائے جاں رہا

کوشش نکالنے کی جراحت سے کی بہت
پر خارِ عشق جان کے اندر نہاں رہا

مرہم لگا نہ پند سے بر زخمِ دل، ولے
اک داغِ گفتگو بہ دلِ ناتواں رہا

بد مست مے پرست ہوئے متقین، گو
دستِ صلاح در تہِ رطلِ گراں رہا

گرچہ وداع ہوئے دل و ادراک و دیں مرے
لیکن سرِ نیاز یہ بر آستاں رہا

خسرو نے نعلِ آہ دیا ڈال آگ میں
بر ہر زمیں کہ از سُمِ توسن نشاں رہا

۲۷۵

عشاق ہر شب از تو بہ خوناب خفتہ اند
چو شمعِ صبح مردہ و بے تاب خفتہ اند

آخر نصیحتے بکن آں ہر دو چشم را
مستند، درمیانۂ محراب خفتہ اند

صد خوں بکردہ اند رقیباں کافرت
آگہ نیند زآہِ جگر تاب، خفتہ اند

از ما چہ آگہی ست کساں را کہ تا بہ روز
بے التفات در شبِ مہتاب خفتہ اند

در آرزوئے خارۂ رخسارۂ تو اند
شاہنشہاں کہ بر سرِ سنجاب خفتہ اند

خسروؔ زخستگانِ درش خاستن مجوی
کایشاں ز زخمِ ناوکِ پُرتاب خفتہ اند

روتے ہوئے جو غم میں بہ خوناب سو گئے
مانندِ شمعِ صبح تھے، وہ بے تاب سو گئے

دو دیدہ ہائے یار ہوئے مستِ ناز تھے
اتنے کہ درمیانۂ محراب سو گئے

خوں کر کے دل عدو مرے آرام سے بہت
آگہ نہ تھے زآہِ جگر تاب، سو گئے

تھے شوقِ ماہ رُو سے نہ آگہ جو ماہ رو
بے التفات در شبِ مہتاب سو گئے

در آرزوئے خارۂ رخسارہ ہیں ترے
شاہنشہاں کہ بر سرِ سنجاب سو گئے

خسروؔ اٹھا نہ خواب سے عاشقِ زار کو
کھا کے جو زخمِ ناوکِ پُرتاب سو گئے

۲۷۶

گرچہ خوباں زمہ فزوں باشند
پیشِ آں ماہِ من زبوں باشند

مرد مانے کہ روئے او دیدند
تا ببا شند سرنگوں باشند

اے دلِ خوں گرفتہ عشق مباز
کہ بتاں تشنگانِ خوں باشند

عافیت را بخواب می جویند
دردمنداں کہ بے سکوں باشند

عقل دردِ سر است زیں معنی
عارفاں عاشقِ جنوں باشند

عشق بازی ز خسرو آموزند
لیلیٰ و مجنوں ار کنوں باشند

گرچہ مہ سے بتاں فزوں ہیں سب
مہ کے آگے مرے زبوں ہیں سب

دیکھ کر نازِ حسن و رعنائی
میر و سردار سرنگوں ہیں سب

اے دلِ خوں گرفتہ، رہ بچ کر
یہ بتاں تشنگانِ خوں ہیں سب

میکدے میں پناہ لیتے ہیں
دردمنداں کہ بے سکوں ہیں سب

عقل ان کے لئے ہے بے معنی
عارفاں عاشقِ جنوں ہیں سب

سن کے آتے تماشہ بیں خسرو
دیکھنے کو ترا جنوں ہیں سب

۲۷۷

یاراں کہ بودہ اند، ندانم کجا شدند
یارب چہ روز بود کہ از ما جدا شدند

اے گل چوں آمدی ز زمیں، گو چگونہ اند
آں روی ہا کہ در تہِ گردِ فنا شدند

آں سروراں کہ تاجِ سرِ خلق بودہ اند
اکنوں نظارہ کن کہ ہمہ خاکِ پا شدند

بازیچہ ایست طفل فریب، ایں متاعِ دہر
بے عقل مردماں کہ بدیں مبتلا شدند

کس را چہ شد کہ نقدِ مرادے نمی رسد
مانا کہ خازنانِ فلک بے نوا شدند

خسرو گریز کن کہ وفا نیست در جہاں
ز اہلِ جہاں کہ ہمچو جہاں بے وفا شدند

یارانِ غمگسار نہ جانے وہ کیا ہوئے
کرکے جو ایک ایک، جہاں سے جدا ہوئے

اے نو گلِ بہار بتا کس طرح سے ہیں
وہ گلرخاں جو در تہِ گردِ فنا ہوئے

وہ سروراں جو تاجِ سرِ خلق تھے کبھی
کس طرح مل کے خاک میں سب خاکِ پا ہوئے

گرچہ ہے دل فریب متاعِ جہاں بہت
ناداں ہیں اس فریب میں جو مبتلا ہوئے

نقدِ مراد ان سے کسی کو نہیں ملی
لگتا ہے خازنانِ فلک بے نوا ہوئے

کرتے نہیں وفا وہ کسی سے بھی خسروا
اہلِ جہاں، جو مثلِ جہاں بے وفا ہوئے

۲۷۸

اے اہلِ دل نخست زجاں ترکِ جاں کنید
وانگہ نظارہ در رخِ آں دلستاں کنید

از سرمہ رُوسیہ چہ شوید اے دو چشمِ من
از خاکِ پاش دامنِ ہمت گراں کنید

یاراں کشید بر سرِ من خنجرِ ستم
وز بہرِ گشتِ شہر سرم بر سناں کنید

در من زنید آتش و خاکسترِ مرا
بر سیلِ چشمِ خویش بہ سویش رواں کنید

تا کشتیِ مرادِ من اندر عدم شود
بر وے زپردۂ دلِ من بادباں کنید

خسرو ز دردِ دل چو حبش شد برائے دوست
پیشانیش بہ داغِ غلامی نشاں کنید

پہلے ہے سب سے شرط یہ تسلیمِ جاں کرو
پھر چاہو جس قدر ہوسِ دلستاں کرو

سرمے سے رُوسیہ نہ کرو چشمِ شوق کو
خاکِ قدم سے دامنِ ہمت گراں کرو

کرنا اگر قلم ہے بہ تیغِ ستم تو پھر
سر بہرِ گشتِ شہر مرا بر سناں کرو

کرنا ہے سوختہ مجھے گر، راکھ کو مری
بر سیلِ چشمِ خویش سوئے بت رواں کرو

تا کشتیِ مراد مری جائے در عدم
اس کا قماشِ پردۂ دل، بادباں کرو

خسرو بنا ہے جل کے حبش عشق میں تو پھر
داغ ایک بندگی کا جبیں پر نشاں کرو

۲۷۹

چوں بادِ صبح بہ آں سروِ خوش خرام شود
سلام گویم و جاں ہمرہِ سلام شود

غلامِ اویم و ہر کس کہ بیند آں صورت
ضرورت است کہ ہمچو منش غلام شود

عنایتے کہ رہی نیم کشتِ غمزۂ تست
بہ یک اشارتِ ابروئے تو تمام شود

جفا کنی تو و من پیشِ خلق شکر کنم
مرا جمالِ تو باید کہ نیک نام شود

ببرد خواب ز ہمسایہ نالۂ خسرو
مباذ مرغِ چمن پائے بندِ دام شود

جو صبح جلوہ نما سروِ خوش خرام ہوا
روانہ ساتھ صبا کے مرا سلام ہوا

چمن میں دیکھ کے خنداں گلابِ رخ اس کا
ہر ایک میری طرح بندہ و غلام ہوا

جو نیم بسملِ غمزہ تھے عاشقاں ان کا
بہ یک اشارۂ ابرو تمام کام ہوا

کرشمہ حسن کا ہے یہ کہ باوجودِ جفا
جمالِ یار زمانے میں نیک نام ہوا

اڑائی سب کی ہے خسرو نے نیند جب سے وہ
مثالِ مرغِ چمن پائے بندِ دام ہوا

۲۸۰

صبا چوں در سرِ آں زلفِ نیم تاب شود
شکیب در دلِ بینندہ تنگ تاب شود

بہ ترکِ دینِ مسلمانیش بباید گفت
دلے کہ در شکنِ زلفِ نیم تاب شود

سیاہ رُوی شدم زیں سفید رخساراں
چو ہندوئے کہ پرستارِ آفتاب شود

بہ ہر جفا کہ کند چشمِ تو رضا دارم
کہ از خصومتِ تُرکان جہاں خراب شود

بہ ہر زمیں کہ چو آبِ حیات بخرامی
دہانِ مُردہ بہ زیرِ زمیں پُر آب شود

سوالِ غمزدگاں راز لب دَرے بکشای
کہ جانِ خستہ بہ دریوزۂ جواب شود

نخفت خسروِ مسکیں دریں ہوس شبہا
کہ دیدہ بر کفِ پایت نہد، بخواب شود

جو دستِ باد درونِ زلفِ نیم تاب ہوا
شکیب در دلِ عشاق تنگ تاب ہوا

بنا وہ جا کے پرستارِ کافرِ ہندو
دل اک جو در شکنِ زلفِ نیم تاب ہوا

سیاہ رُو میں، بہ شوقِ سفید رخساراں
ہوں مثلِ ہندوِ، پرستارِ آفتاب ہوا

قبول مجھ کو ہر اک جورِ چشمِ ناز ہے یوں
کہ از خصومتِ تُرکاں جہاں خراب ہوا

وہ آبِ زندگی لے کر گیا جہاں اپنی
دہانِ مُردہ بہ زیرِ زمیں، پُر آب ہوا

سوالِ غمزدہ سن اور کھول دَر اپنا
کہ دل یہ خستہ بہ دریوزۂ جواب ہوا

یہ سن کے، در ہوسِ پا نہ سو سکا خسروؔ
کہ زیرِ پا جو ہوا دیدہ، وہ بخواب ہوا

۲۸۱

غم کُشت مرا آں بتِ نوشاد نیامد
کنجشک بمرد از خفۂ صیاد نیامد

عاشق شدم ایں بود گنہ، وای کہ ہجرش
جاں برد و ازیں یک گنہ آزاد نیامد

چہ سود ازیں مردنِ بے بہرہ کہ شیریں
روزے بسرِ تربتِ فرہاد نیامد

گفتی کہ شبے زُود رسم، روزِ بدم بیں
کآں نیز بہ روزِ دگرت یاد نیامد

فریاد کناں دی بہ سرِ کوئے تو رفتم
جز گریہ کسے در پئے فریاد نیامد

خسرو بہ ستم جاں دہ و انصاف مجُو زانک
در مذہبِ خوباں روشِ داد نیامد

غم سے میں مَرا اور بتِ نوشاد نہ آیا
کرنے کے لئے صید وہ صیاد نہ آیا

باہر ترے کوچے سے کوئی عاشقِ شیدا
آلام سے ہو کر کبھی آزاد نہ آیا

کیا فائدہ مرنے سے اگر خسروِ شیریں
رونے بہ سرِ تربتِ فرہاد نہ آیا

آنے کو کہا شب میں، میں بدروز ہوں ایسا
تا روزِ دگر، عہد تجھے یاد نہ آیا

فریاد میں لے کر گیا کوچے میں ترے گر
جز گریہ کوئی در پئے فریاد نہ آیا

ظالم پہ نہ اُس کر تو فدا جاں، کبھی جو
خسرو تری سننے کے لئے داد نہ آیا

۲۸۲

کدام دل کہ تو غمزہ زدی، فگار نہ شد
کدام کس کہ ترا دید و بے قرار نہ شد

بسوخت نالۂ من سنگ را عجب سنگ است
دلت کہ سوختہ زیں نالہ ہائے زار نہ شد

نظارہ می کنم از دُور، می خورم جگرے
کہ جز بدامنم ایں نُقلِ خوشگوار نہ شد

جہاں پُر از گل و سروِ روانم از من دُور
حسابِ من بہ جہاں گوئیا بہار نہ شد

متاعِ وصل نہ اندر قیاسِ ہمتِ ماست
کہ مرغِ سدرہ غلیواژ را شکار نہ شد

بہ عشق دوزخیِ خام سوز شد خسرو
ازاں کہ سوخت دریں کار، پختہ کار نہ شد

ہے دل کوئی ترے غمزے سے جو فگار نہیں
جو دیکھنے کو تجھے اور بے قرار نہیں

جلائے نالہ ہے پتھر، تو ہے عجب پتھر
وہ دل جو سوختۂ نالہ ہائے زار نہیں

بنا فراق جگر خوار ہے کہ پاس اس کے
بجز جگر کوئی اور نُقلِ خوشگوار نہیں

نہ آیا سرو مرا ہے جو موسمِ گل میں
لگے ہے آئی یہاں تک ابھی بہار نہیں

متاعِ وصل نہ اندر قیاسِ ہمت ہے
کہ مرغِ سدرہ وہ ہوتا مرا شکار نہیں

بہ عشق دوزخیِ خام سوز ہے خسرو
کہ جل کے کار میں اس، ہے وہ پختہ کار نہیں

۲۸۴

کسے کہ دیدنِ آں تُرکِ بادہ نوش رَود
بہ پای آید و چو بیندش، بہ دوش رود

تبارک اللہ ازاں رُو کہ بہرہ خواہد برد
چوں ہم ز دیدنِ او آدمی ز ہوش رود

گر آں حریف رَود سوئے قبلہ، صوفی را
گلیمِ زہد بہ دکانِ مے فروش رود

خراشِ سینۂ ہمسایہ شد خروشِ دلم
کسے مباد کہ در گوشش ایں خروش رود

صلائے عیش ہمی آیدم ز یاراں، لیک
دلم نماند کہ سوئے نشاط و نوش رود

طریقِ سروِ قبا پوش دید تا خسروؔ
دلش نخواست کہ بر سروِ سبز پوش رود

کوئی جو دیکھنے اک تُرکِ بادہ نوش گیا
گو چل کے آیا، ولے مر کے وہ بدوش گیا

تبارک اللہ وہ ایسا ہے اک پری چہرہ
کہ دیکھتے ہی اسے آدمی کا ہوش گیا

وہ سوئے قبلہ گیا جب تو شیخ و صوفی کا
عبائے زہد بہ دکانِ مے فروش گیا

خراشِ سینۂ ہمسایہ گو خروش ہے یہ
ولے نہ گوش میں اس کے مرا خروش گیا

صلائے عیش دی یاروں نے بار بار، ولے
کبھی نہ دل مرا سوئے نشاط و نوش گیا

طریقِ سروِ قبا پوش دیکھ کر خسروؔ
نہ دل کبھی بسوئے سروِ سبز پوش گیا

۲۸۴

کسے کہ دیدنِ آں چشمِ خوابناک رود
عجب مداں کہ بہ خوابِ خوشش ہلاک رود

زمیں بہ یادِ لبت بوسہ می زنم لیکن
چگونہ آرزوئے انگبیں بہ خاک رود

چنیں کہ روئے تو گلبرگِ نازک است مباد
کہ سوئیت از دلِ من آہِ سوزناک رود

بہ عشق دعوئ آتش پرستیش نرسد
برہمنے کہ در آتش چوں ترسناک رود

فدائے غمزہ زنے باد جاں کہ جانبِ او
درست آید و دلہائے چاک چاک رود

گناہِ خسرو اگر دوستی ست غمزہ مزن
کہ از جہاں چو شہیدانِ عشق پاک رود

کوئی جو دیکھنے اک چشمِ خوابناک گیا
وہ دیکھتے ہی بخوابِ عدم ہلاک گیا

بیادِ لب دیا بوسہ زمیں کو جب دیکھو
یہ شوقِ انگبیں کیسے مرا بخاک گیا

جلا نہ آتشِ ہجراں میں یوں کہ آہوں کا
کبھی نہ ضائع مرا تیرِ سوزناک گیا

وہ دعویٰ عشق کا آتش پرست کر نہ سکا
برہمن ایک جو آتش میں ترسناک گیا

کرشمہ ناز کا دیکھو کہ تیغِ مژگاں سے
وہ کس طرح مرا کر قلب چاک چاک گیا

شہیدِ عشق میں خسرو ہوا تو دنیا سے
گناہگار تھا ہو کر مگر وہ پاک گیا

۲۸۵

ہوائے در سرم افتادہ جانم خاک خواہد شد
جہانے در سرِ آں غمزۂ بے باک خواہد شد

تو میزن غمزہ تا من می خورم خوش خوش بہ جاں پیکاں
چہ غم دارد ترا گر سینۂ من چاک خواہد شد

بسوزم خویش را از جورِ بختِ بد، ولے ترسم
کہ آتش، سوختہ از ننگِ ایں خاشاک خواہد شد

خدایا زو نپرسی و مرا سوزی بہ جائے او
کہ کُشتہ عالمے زاں نرگسِ چالاک خواہد شد

زہے شادی گر او آید کہ بیند حالِ من، لیکن
من ایں شادی نمی خواہم کہ او غمناک خواہد شد

ازاں لب تلخ می گوئی بترس از مُردنِ خسرو
کہ ہر زہرے کہ آید از لبش تریاک خواہد شد

ہوا سر میں ہے میرے، جان جل کر خاک ہووے ہے
جو دل یہ درپئے یک غمزۂ بے باک ہووے ہے

خوشی سے ناوکِ غمزہ چلا جتنا بھی تُو چاہے
تجھے کیا غم اگر عاشق کا سینہ چاک ہووے ہے

جلا کر خود کو جورِ بخت سے اپنے، میں ڈرتا ہوں
کہ آتش، سوختہ خود دیکھ کر خاشاک ہووے ہے

خدایا مت پکڑ اس کو، جلا اس کی جگہ مجھ کو
جو عالم یہ قتیلِ نرگسِ چالاک ہووے ہے

زہے شادی، وہ آیا پوچھنے کو حال ہے لیکن
فزوں ہوتا ہے غم میرا، وہ جب غمناک ہووے ہے

تُو بہرِ قتلِ خسرو گالیاں دیتا ہے اور اس کو
لبوں سے زہر تیرے گر ملے، تریاک ہووے ہے

۲۸۶

ز دُوریِ تو چوں خونابۂ من افزوں شد
مرنج ز اشکِ من ار آستانت گلگوں شد

بکُش بہ ناز جہانے کہ شکل و شوخیِ تو
نہ کم زفتنۂ دہر و بلائے گردوں شد

کرشمہ چند کنی یک نظر بہ گوشۂ چشم
بدیں طرف کہ جگر ہائے بیدلاں خوں شد

بہ خونِ دیدہ نوشتم چوں قصۂ دلِ خویش
درست نسخۂ از داستانِ مجنوں شد

خیالِ خندۂ تست، ایں نہ گریۂ خسرو
کہ چشمہاش چنیں پُر زدُرِّ مکنوں شد

ہوا جو ہجر میں خوناب میرا افزوں ہے
کیا دَر اور ترا آنسووں سے گلگوں ہے

کرے ہے قتل ہر اک کو کہ نازِ حسن ترا
نہ کم زفتنۂ دہر و بلائے گردوں ہے

بجائے ناز و کرشمہ، کر اک نگاہِ کرم
کہ ہو رہا ترے عشاق کا جگر خوں ہے

لکھا جو خون سے ہے میں نے حالِ دل اپنا
ہے نسخہ ایک کہ از داستانِ مجنوں ہے

خیالِ خندہ ہے تیرا، نہ گریۂ خسرو
کہ اس کی چشم پُر از گہر ہائے مکنوں ہے

۲۸۷

چوں کشادی دہانِ شکر خند
تُنگِ شکر شود کشادہ ز بند

سوزم از دیدنِ لبت بنشست
کز نظر می کشم حلاوتِ قند

چشمِ قصابِ تو کُشد ہر روز
در دکانِ بلا جوانے چند

چشمِ بد دُور در پذیر از من
کہ مرا سوزی از طفیلِ سپند

پا مکش از سرِ من و بگذار
سایۂ زیرِ پائے سروِ بلند

باغمت خسرو آنچناں خُو کرد
کہ بہ شادی نمی شود خورسند

جب کھلا وہ دہانِ شکر خند
تُنگِ شکر ہوا کشاد ز بند

دے لگانے لبوں سے لب مجھ کو
ان سے تا کھینچ لوں حلاوتِ قند

چشمِ قصاب قتل کرتی ہے
در دکانِ بلا جوانے چند

چشمِ بد دُور تجھ سے کرتا ہوں
ہو کے سوزاں میں خود بجائے سپند

مت ہٹا پاؤں سر سے رہنے دے
سایۂ زیرِ پائے سروِ بلند

خُو ہے خسرو کو اس قدر غم کی
ہے خوشی میں بھی اب نہ وہ خورسند

۲۸۸

امروز کہ از باراں شد سبزۂ رعنا تر
سیم و زرِ گل جملہ گشتند بہ صحرا تر
احوالِ دو چشمِ من در گریہ یکے بنگر
چو خانۂ پُر روزن اینجا تر و آنجا تر

صد جاں نہ یکے باید تا صرف کنم در رہ
گرد چوں کفِ پایت در راہِ تماشا تر

در سبزہ خرامیدن کردی ہوس و شستن
خود سبزہ نہ خواہد بود از خطِ تو رعنا تر

بالا ترِ ہر جادو چشمِ تو ہمی بینم
ابروئے تو می بینم از چشمِ تو بالا تر

خسرو صفتِ خوباں میگوئی کہ خود نبود
در ہیچ گلستانے بلبل ز تو گویا تر

امروز کہ باراں سے ہے سبزۂ رعنا تر
سیم و زرِ گل جملہ جاتے ہیں بہ صحرا تر
تُو دیکھ کبھی آ کر جو حال ہے آنکھوں کا
ہے خانہ یہ پُر روزن اینجا تر و آنجا تر

صد جانِ گرامی کو کرتا ہوں فدا رہ پر
ہو وے جو ترا پا ہے در راہِ تماشا تر

بڑھتی ہے ہوس تیری اور موسمِ باراں میں
سبزہ نہیں لگتا یہ خط سے ترے رعنا تر

بالا ترِ ہر جادو ہے چشم تری لیکن
ابرو تری اے جاناں ہے چشم سے بالا تر

جب خوبیِ خوباں تو کرتا ہے بیاں خسرو
ہوتا نہیں بلبل بھی تجھ سے کوئی گویا تر

۲۸۹

اے شمعِ رخِ تو مطلعِ نور
زیں حسن و جمال چشمِ بد دُور

رخِ روشن ہے تیرا مطلعِ نور
خدا تجھ سے رکھے ہر چشمِ بد دُور

با پرتوِ عارضِ تو خورشید
چوں شمع در آفتاب بے نور

مقابل میں ترے عارض کے اے جان
ہوا خورشیدِ عالم تاب، بے نور

رخسارِ تو در جہاں فروزی
مانندۂ آفتاب مشہور

جہاں افروزیِ رخسار تیری
ہوئی سارے زمانے میں ہے مشہور

از روئے تو شام صبح گردد
وز زلفِ تو صبح شامِ دیجور

بنائے شام کو ہے صبح ترا رخ
تری زلفوں سے ہے صبح، شامِ دیجور

از دستِ غمِ تو در زمانہ
یک خانۂ دل نماند معمور

زمانے میں تری رنجش کے ہاتھوں
رہا خانہ نہ دل کا کوئی معمور

خاطر نرود بہ گلستانے
آں را کہ جمالِ تست منظور

گلوں سے کچھ رہی اسکو نہ رغبت
ہوا جس دل کو تیرا حسن منظور

خسرو کہ ہمیشہ بر درِ تست
از درگہِ خود مکن ورا دور

فقیرِ بے سر و ساماں ہے خسرو
نہ رکھ درگاہ سے اپنی اسے دُور

۲۹۰

اے ز چو تو بت، شدہ صد پارسا زنار دار
آفتابی، روئے ما در قبلۂ دیدار دار

رشکم آید ز آنچہ غمہایت دگر یاراں خورند
آں ہمہ یکجا کن و پیشِ من غم خوار دار

ناوکے زن بر دلم کز زحمتِ خود وارہم
خویش را بہرِ دلم یکدم دریں پیکار دار

دردِ دل چوں از تو یادم میدہد مرہم مکن
بر دگر دلہا در آویز و دلم افگار دار

من نہ آں یارم کہ دارم پیشِ تو خود را عزیز
راضیم، خواہی عزیزم دار و خواہی خوار دار

رنگ می آرد کفِ پایت ز خونِ چشمِ من
یکدمے پا را بر ایں دو دیدۂ خونبار دار

چند گوئی نیست بے ہوشیِ مشتاقاں ز من
میتوانی، خسروِ بیچارہ را ہشیار دار

صوفیوں کا قلب اے بت، بستۂ زنار کر
زاہدوں کا رُو بسوئے قبلۂ دیدار کر

ہو گئی ہے عاشقی میں مجھ کو غم خواری کی خو
فرطِ غم سے اور اک غم خوار کو غم خوار کر

خون کر کے تیر سے، غم سے رہائی دے مجھے
جنگ میں کرتا ہوں دل سے تُو بھی کچھ پیکار کر

زخمِ دل رکھتا ہے تازہ یاد تیری، جانِ من
کر سکے جتنا بھی تُو، دل کو مرے افگار کر

بندۂ ناچیز ہوں، تجھ کو ہے سارا اختیار
چاہے قدر و منزلت دے، چاہے مجھ کو خوار کر

چاہتا ہے گر حنا بندی تو اے جاناں، مرا
رنگ آمیزِ کفِ پا، دیدۂ خونبار کر

ہے نہیں گر باعثِ بے ہوشیِ عشاق تُو
ہو سکے تو خسروِ لاچار کو ہشیار کر

۲۹۱

یارب آں رُوئیست یا گلبرگِ خنداں در نظر
یارب آں بالاست یا سروِ خراماں در نظر
اے خوش آں ساعت کہ بینم آں رخ و گیرم لبش
بادۂ خوش بر کف و گلنارِ خنداں در نظر

تا تو اے سروِ خراماں در چمن بگذشتہ ای
می نیاید بیش بلبل را گلستاں در نظر
یک زماں از دل فرونائی ہمہ شب تا بروز
گرچہ باشد تا بروزم ماہِ تاباں در نظر
خلق گل بینند و من روئے تو زیرا خوشتر است
یک نظر در دوست از صد سالہ بُستاں در نظر

یارب اک چہرہ ہے یا گلبرگِ خنداں در نظر
ہے سہی قد ایک یا سروِ خراماں در نظر
اک زمانہ تھا کہ رکھتے عاشقاں تھے رات دن
بادۂ خوش برکف و گلنارِ خنداں در نظر

جب سے دیکھا ہے خرامِ یار، بلبل کے لئے
بیش اس سے ہے نہ کچھ اندر گلستاں در نظر

بے مہِ روئے نگاریں، تیرگی جاتی نہیں
گرچہ رہتا رات بھر ہے ماہِ تاباں در نظر

چاہیے گل رخ، بجائے گل کہ خوشتر ہے مجھے
یک نظر در یار از صد سالہ بُستاں در نظر

۲۹۴

اے ترا در زیرِ ہر لب شکرستانے دگر
جز لبت ما را نمک ندہد نمکدانے دگر

من غمِ دل گویم و تو ہمچناں مشغولِ ناز
تو بہ شہرے دیگر و من در بیابانے دگر

وہ کہ چنداں جانِ محنت کش مرا سوزی بسوز
خانہ خالی کن کہ آمد باز مہمانے دگر

زاں لبِ چوں آبِ حیواں کشتہ شد شہرے تمام
اے خضر بنما اگر ہست آبِ حیوانے دگر

بر دلِ من غارتِ کافر میارید اے بتاں
زانکہ بود ایں کافرستاں را مسلمانے دگر

ہر چہ ممکن بود کردم چارہ و درمانِ خویش
بعد ازیں جز جاں سپردن نیست درمانے دگر

با چنیں خونابہ دست از چشمہا خسروؔ بشوی
زانکہ ایں خانہ نیارد تابِ بارانے دگر

جز دہاں کوئی نہ گر ہے شکرستانِ دگر
ہے نہ جز لب بھی ترے کوئی نمکدانِ دگر

دیکھ کر نازو نیازِ تو و من کہتا ہوں میں
تو بہ شہرِ دیگر و من در بیابانِ دگر

دل نہ کر میرا خراب، اے خانہ برانداز یوں
جز ترے کوئی نہیں اس میں ہے مہمانِ دگر

دشمنِ جاں آبِ حیوانِ لبِ جاناں ہوا
اے خضر دکھلا کوئی اب آبِ حیوانِ دگر

اے بتاں، مجھ پہ رحم کچھ تو کہ ہے کوئی نہیں
کافرستاں میں تمہارے اک مسلمانِ دگر

سوئے مقتل جا رہا ہوں جان دینے کے لئے
جب کہ اب کوئی نہیں ہے اور درمانِ دگر

خوں فشانی مت کرو آنکھوں سے خسروؔ اس قدر
اب رہی دل میں نہ کچھ ہے تابِ بارانِ دگر

۲۹۳

جولانِ توسنش ہیں، ہر سو غبارِ دیگر
فتراکِ او نگہ کن، ہر سو شکارِ دیگر

دلہا اسیر گیرد، جانہا شکار سازد
ہرگز نہ دیدہ ام من زینساں سوارِ دیگر

از خندۂ تو بر جاں یک یادگار دارم
وز داغِ ہجر بر جاں صد یادگارِ دیگر

ہر دو لبِ تو، جاناں از یک مے اند لیکن
ہر نرگسِ تو دارد خواب و خمارِ دیگر

یکبار دل بہ من دہ، سوگند می خورم من
بینم اگر بہ خوباں در عمر بارِ دیگر

از دستِ خوبرویاں دیوانہ گشت خسرو
تنہا نہ او کہ چو او چندیں ہزارِ دیگر

جولانِ اسپ میں ہے ہر سو غبارِ دیگر
فتراک میں ہے تیرے ہر دم شکارِ دیگر

دل سب اسیر تیرے، جانیں شکار تیری
دیکھا نہیں کسی نے تجھ سا سوارِ دیگر

اک یادگار تیرے خندے سے میری جاں میں
پر دل میں ہجر سے ہیں صد یادگارِ دیگر

لعلیں لبوں پہ تیرے رنگِ شرابِ احمر
آنکھوں میں تیری جاناں خواب و خمارِ دیگر

یک بار گر تُو دیکھے نظرِ کرم سے مجھ کو
دیکھوں میں پھر نہ خوباں، اے جان، بارِ دیگر

خسرو ہی اک نہیں ہے شیدائے خوبرویاں
مانند اس کے، عاشق ہیں صد ہزارِ دیگر

۲۹۴

اے شہسوار، دست بہ سوئے عناں مبر
بر صید تیر مفگن و از خلق جاں مبر

چوں در شکار بر سرِ آہو گذر کنی
چشمت بس است، دست بہ تیر و کماں مبر

گفتی کہ نیست یادِ منت، از خدا بترس
بر من کہ سوختم ز فراق ایں گماں مبر

دل بردہ ای بیا شہِ مردم شکار، وہ
تن لاغر است، طعمۂ زاغ استخواں مبر

سودے بکن، ہمیں کہ بیائی بہ سوئے من
صبر و قرارِ خسروِ مسکیں زیاں مبر

اے شہسوار، عزمِ رکاب و عناں نہ کر
مقصد شکارِ دل ہے ترا قصدِ جاں نہ کر

کافی کمانِ ابرو و تیرِ نگہ ہیں جب
صیدوں کو تو نشانۂ تیر و کماں نہ کر

جلتا ہوں آگ میں تری فرقت کی رات دن
میں نے بھلا دیا ہے تجھے، یہ گماں نہ کر

اک لاشِ بے کفن ہوں، دفن کر کہیں مجھے
کر کے ہلاک طعمۂ زاغ استخواں نہ کر

آیا قرار و صبر ہے مدت کے بعد جب
خسرو ہوا و حرص میں اس کو گنواں نہ کر

۲۹۵

از چشمِ تو کہ ہست زتو، جاں شکار تر
دل نیست در جہاں زدلِ من فگار تر

می گوئی تلخ از آں لبِ شیریں کہ زہر تست
زآبِ حیات بر دل و جاں سازگار تر

گفتم کہ ہوشیار شو اے دل بہ کارِ عشق
عقلم بہ گوش گفت، زمن ہوشیار تر

در عشق بد گوار بود پندِ دشمناں
حقا کہ پندِ دوست از آں ناگوار تر

پرسی کہ چوں نخست دلت بیقرار نیست
گر باورم کنی قدرے بیقرار تر

رخ ہر چہ بیش بر درِ تو می زنم بہ سنگ
بختم نگر کہ ہست زرم بے عیار تر

اس آنکھ سے جو تجھ سے بھی ہے، جانشکار تر
دل سے مرے، نہ دل ہوا کوئی فگار تر

دے چاہے جس قدر بھی کہ دل کے لئے مرے
تریاق سے، ہے زہر ترا سازگار تر

دل سے کہا کہ عشق میں ہو ہوشیار کچھ
بولا میں کیسے عقل سے ہوں ہوشیار تر

گو ناگوار عشق میں ہے پندِ دشمناں
ہوتی ہے پندِ دوست ولے ناگوار تر

کافی نہیں ہے اس کے لئے بیقرار دل
کرنا وہ چاہتا ہے اسے بیقرار تر

گھسنے سے سنگِ در پہ ترے روئے زرد کو
بد قیمتی کرے ہے یہ زر بے عیار تر

۲۹۶

قمر برید ز من مہر و من خرابِ قمر
شبم دراز چو گیسوئے نیم تابِ قمر

خرابہ ہا ہمہ چوں از قمر شود روشن
چراست تیرہ دلِ من، چوں شد خرابِ قمر

تمام شب قمرِ آسماں نمی خسپد
کہ چشم ایں قمرِ ما بہ بست خوابِ قمر

ز نور باشد ہر قطرہ چشمۂ خورشید
چوں خوں چکد ز رخ، ہمچو آفتابِ قمر

کنوں دمیدنِ صبح از رخِ قمر باشد
چوں آفتاب نہاں شد ز ماہتابِ قمر

گر آید و برود زود تر نہ جائے گلہ است
ازآں کہ نیست نہاں خسروا شتابِ قمر

خراب میں ہوں ز بیدادِ بے حسابِ قمر
دراز شب ہے جوں گیسوئے نیم تابِ قمر

ہوئے قمر سے ہیں روشن خرابہ ہا لیکن
ہے تار دل مرا جب سے ہوں میں خرابِ قمر

تمام شب قمرِ آسماں نہیں سوتا
وہ دیکھتا ہے اگر چشم نیم خوابِ قمر

ہوا ہے چشمۂ خورشیدِ آسماں تاباں
یہ نور ہائے رُخِ رشکِ آفتابِ قمر

رخِ قمر سے سحر کی طرح ہے شب روشن
ہے آفتاب نہاں گر ز ماہتابِ قمر

یہ خو ہے اس کی شکایت نہ کر تو اے خسرو
کرے اگر تجھے بے تاب ہے شتابِ قمر

۲۹۷

منم بہ خانۂ تن اینجا و جاں بہ جائے دگر
بہ دل توئی و سخن بر زباں بہ جائے دگر

بہ بوستاں روم از غم ولے چہ سود کہ ہست
دلم بہ جائے دگر بوستاں بہ جائے دگر

کجا بہ کوئے تو مانَد نسیمِ باغِ بہشت
زمیں است جائے دگر، آسماں بہ جائے دگر

نشاں ز کوئے تو پرسند و من ز بس غیرت
تو جائے دیگر و گویم نشاں بہ جائے دگر

بگو چگونہ تواں گفت زندہ خسروؔ را
کہ او بہ جائے دگر ماند و جاں بہ جائے دگر

بدن بہ جائے دگر، روح و جاں بہ جائے دگر
بہ قلب تُو و سخن بر زباں بہ جائے دگر

ہو دل سے کیسے مرا غم چمن میں دُور کہ جب
ہے دل بہ جائے دگر بوستاں بہ جائے دگر

نہ آسکے ہے ترے کُو میں بادِ خلد کہ ہے
زمیں بہ جائے دگر آسماں بہ جائے دگر

پتا کسی نے جو پوچھا تو رشک سے میں نے
بتا دیا ترا اُس کو نشاں بہ جائے دگر

وہ ڈالے جان ترے تن میں کس طرح خسروؔ
ہے تُو بہ جائے دگر اور جاں بہ جائے دگر

۲۹۸

رخِ گل خوش است و از وے رُخت اے نگار خوشتر
چہ بود گلے کہ رُویت زد و صد بہار خوشتر

چہ روم بہ باغ و بستاں چو گلے بہ تو نماند
ز گلے کہ بے تو بینم بہ دو دیدہ خار خوشتر

بہ یکے سخن کہ گوئی بہ زِیَد دوبارہ مُردہ
کہ زآبِ زندگانی دو لبت دو بار خوشتر

منم و شبے و با دل ہمہ شب حکایتِ او
کہ غمِ دراز گفتن بہ شبانِ تار خوشتر

چو روم بہ خاک جانم کند ایں سخن بہ حسرت
کہ برایں تنِ زمینی رہِ آں سوار خوشتر

غمِ ہجر راست ذوقے کہ بہ وصفِ کس نیاید
تو اگر شراب خواری زمیت خمار خوشتر

چو غلامِ تست خسرو زِید و بمُرد فریاد
تو ازیں دو گوی بیشت کہ کدام کار خوشتر

رخِ گل ہے خوش تو اس سے ہے تُو اے نگار خوشتر
تری شکل بلکہ اے جاں ہے ز صد بہار خوشتر

نہیں تُو اگر وہاں تو ہیں نہ باغ و بوستاں کچھ
کہ ترے بغیر آنکھوں میں ہے گل سے خار خوشتر

تری اک سخن سے ہو وے ہے دوبارہ زندہ مردہ
کہ زآبِ خضر دو لب ہیں ترے دو بار خوشتر

ہمہ شب تری حکایت کہی میں نے دل سے اپنے
کہ ہے غم بہت سا کہنا بہ شبانِ تار خوشتر

مجھے خاک میں رہے گا بہت انتظار اس کا
کہ مرے تنِ زمینی پہ ہے راہِ یار خوشتر

مجھے دے شراب ساقی تجھے کیوں ہے فکرِ فردا
تری مے اگر ملے تو ہے مجھے خمار خوشتر

ہوا جب سے تیرا خسرو ہے غلام ایک اس کو
نہیں بندگی سے تیری کوئی اور کار خوشتر

۲۹۹

اے سرم را بہ خاکِ پات نیاز
عاشقی راز سر کنم آغاز

جاں ز نازت ہمی شکیبد و نیست
چارۂ چوں بر آمدہ ست نیاز

گفتی، از من نہاں مکن رازت
کے شنیدی کہ من نگفتم راز

یادم آید ز زلفِ او، اے دل
باز گوئی بہ ما شب است دراز

یکدم اے بخت باز روشن کن
چشمِ محمود را بہ پائے ایاز

خسروؔ آوازِ خوب دارد دوست
کیست کاو نیست عاشقِ آواز

خاکِ پا سے ملی جو سر کو نیاز
عاشقی کا زسر ہوا آغاز

جاں سے لیوے ہے صبر ناز، ولے
اس کا چارہ نہیں سوائے نیاز

راز اپنا میں کیوں کہوں تجھ سے
جب تو رکھتا نہیں کسی کا راز

یاد آتی ہے زلف جب تیری
رات ہوتی ہے اس سے اور دراز

یکدم اے بخت کر کبھی روشن
چشمِ محمود کو بہ پائے ایاز

ہے خوش آواز یار اے خسروؔ
اور دنیا ہے عاشقِ آواز

۳۰۰

زمن چوں دل ربودی، رفت جاں نیز
کہ در دل داشت شوقت این و آں نیز

زیاقوتِ لبت مارا طمع ہاست
کزو زندہ ست جاں و ہم رواں نیز

رقیبت را مدہ دشنام ازاں لب
کہ دل را سخت می آید رواں نیز

سر پابوسِ تو تنہا نہ دل راست
کہ مشتاق است جانِ ناتواں نیز

دلے بودم، شد آں پابندِ زلفت
نمی یابم ازو نام و نشاں نیز

غمت خسرو چہ گوید آشکارا
کہ نتواں گفت رازِ تو نہاں نیز

چُرا کر لے گیا دل بھی تو جاں بھی
کہ ہے مرغوب ایں بھی اور آں بھی

ہوں میں عاشق ترے یاقوتِ لب کا
کہ زندہ اس سے ہے جاں بھی، رواں بھی

رقیبوں کو نہ دے دشنام اے جاں
کہ مردہ دل ہے ان کا اور جاں بھی

ہے دل ہی کو نہ پابوسی کی خواہش
کہ ہے مشتاق جانِ ناتواں بھی

ہوا جب سے ہے دل پابندِ گیسو
گیا ہے نام بھی اس کا نشاں بھی

چھپائے بھی، بتائے بھی ہے خسرو
کہ غم ہے آشکارا بھی نہاں بھی

۳۰۱

کشادی چشمِ خواب آلود را باز
درِ فتنہ بہ عالم کردہ ای باز

بہ دَورِ ماہِ رویت زلفِ شبرو
پریشاں کاری اکنوں کرد آغاز

بہ بُستاں گر روی در سجدہ آید
بہ پیشِ قامتت سروِ سرافراز

ربودی دل زمن وانگہ سپردی
بہ دستِ طرۂ دلدوزِ غماز

چہ جائے جاں کہ بر دل می زند تیر
چوں گردد تُرکِ چشمت ناوک انداز

اگر ندھی بہ عمرے کامِ خسرو
روا باشد بہ غیرِ او مپرداز

کیا گر باز چشمِ ناز کو باز
درِ فتنہ بہ عالم کر دیا باز

بہ دَورِ ماہِ رُخ، گیسوئے رہزن
کرے آشفتہ کاری کا ہے آغاز

اگر آئے خراماں بوستاں میں
کرے سجدہ اسے سروِ سرافراز

چرا کر دل مرا رکھا ہے اس نے
بہ دستِ طرۂ دلدوزِ غماز

کیا تیرِ بلا سے ریش سینہ
ہوا جب تُرکِ دیدہ ناوک انداز

نہ خسرو کی کرے ہے کارسازی
ولے دشمن کا ہووے ہے وہ دمساز

۳۰۲

تن پیر گشت و آرزوئے دل جواں ہنوز
دل خوں شد و حدیثِ بتاں بر زباں ہنوز

آہنگ کردہ سوئے بتاں جانِ کمتریں
کافر دلانِ حسن دروں سوئے جاں ہنوز

صد غم رسید و مرگ ہنوزم نمی رسد
صد کعبہ رفت و مہرِ دلم رائیگاں ہنوز

عالم تمام پُر ز شہیدانِ خفتہ گشت
تُرکِ مرا خدنگِ بلا در کماں ہنوز

بیدار ماندہ شب ہمہ خلق از نفیرِ من
واں چشمِ نیم مست بہ خوابِ گراں ہنوز

ہر دم کرشمہ ہائے وے افزون و آنگہے
خسرو ز بندِ او بہ امیدِ اماں ہنوز

تن ہے ضعیف، خواہشِ دل پر جوان ہے
دل خوں ہے پر حدیثِ بتاں بر زبان ہے

رکھتی ہے عزم سوئے بتاں جانِ کمتریں
کافر دلوں کا قصد وے سوئے جان ہے

زندہ امیدِ وصل ہے دل میں ابھی تلک
کوشش تمام گرچہ ہوئی رائیگان ہے

صیدوں سے پُر جہان ہے، اس کے وے ابھی
رکھتا ہزار تیر وہ اندر کمان ہے

بیدار خلق سب ہے فغاں سے مری، وے
وہ چشمِ نیم مست بہ خوابِ گران ہے

خسرو کرشمہ ہائے بتاں سے ہے ریش گو
رکھتا ابھی تلک وہ امیدِ امان ہے

۳۰۳

نازنیناں و چار بالشِ ناز
خاکساران و آستانِ نیاز

جور و خواری کشیدن از محبوب
خوشتر است از ہزار نعمت و ناز

گوشِ مجنون و حلقۂ لیلیٰ
سرِ محمود و آستانِ ایاز

نام و ناموسِ دین و دنیا را
چہ محل پیشِ عاشقِ جانباز

عشق در ہر دلے فرو ناید
زانکہ ہر سینہ نیست محرمِ راز

امشب از رفتہ باز نتواں گفت
زانکہ شب کوتہ است و قصہ دراز

خسرو ار گریہ کرد معذور است
کش چو شمع است کارِ سوز و گداز

نازنیناں و غمزۂ طنّاز
خاکساران و آستانِ نیاز

جور و بیدادِ یار سے خوشتر
ہیں نہیں صد ہزار نعمت و ناز

گوشِ مجنون و حلقۂ لیلیٰ
سرِ محمود و آستانِ ایاز

نام و ناموسِ مذہب و دنیا
ہیں نہ کچھ پیشِ عاشقِ جانباز

نہ ہر اک دل میں گنجِ الفت ہے
کہ نہ سینہ ہر اک ہے محرمِ راز

کس طرح ہو بیانِ غم پورا
رات کوتہ ہے اور قصہ دراز

روئے خسرو نہ کیوں کہ جب اسکا
صورتِ شمع ہے کارِ سوز و گداز

۳۰۴

بیا کہ بزمِ طرب را چمن نہاد اساس
بیا کہ بادِ صبا گشت عیسوی انفاس

بنوش بادۂ گلگوں بہ طرفِ باغ کہ من
زپا فتادہ ام از دستِ محنتِ افلاس

بہ راہِ کعبہ کہ از ہر طرف کمیں گاہے ست
اگر ز خویش گذشتی، قدم منہ بہ ہراس

کسے بہ دلقِ مرقع کجا شود درویش
چوں سینہ صاف نباشد چہ سود ترکِ لباس

دروں چوں پاک شود از کدورتِ اغیار
تو خواہ جامۂ اطلس بپوش، خواہ پلاس

حدیثِ دوزخ و جنت دگر مگو خسرو
وصالِ یار طلب کن، گذر ازیں وسواس

تُو آ کہ بزمِ طرب سے ملی چمن کو اساس
تُو آ کہ بادِ صبا میں ہیں عیسوی انفاس

چمن میں بادۂ گلگوں کی کر سخا، ساقی
کہ تنگ دل ہوں میں از دستِ کلفتِ افلاس

ہیں گرچہ دشت میں اس جا بہ جا کمیں گاہیں
یہ راہِ شوق ہے اس میں نہ رکھ قدم بہ ہراس

پہن کے خرقہ بنا ہے نہیں کوئی صوفی
نہ گر ہے صاف ترا دل تو کر نہ ترکِ لباس

پڑے ہے فرق نہ کوئی، نہ دل ہو پاک اگر
ہو چاہے جامۂ اطلس، ہو چاہے دلقِ پلاس

حدیثِ دوزخ و جنت نہ ہم سے کہہ خسرو
وصالِ یار طلب کر، نہ کر یہاں وسواس

۳۰۵

خرابیِ من ازاں چشمِ پُرخماری پرس
ہلاکِ جانم ازآں لالۂ بہاری پرس

ززخمِ غمزہ چہ پرسی کہ در جگر چند است
زصد فزونست، ولے زخمہائے کاری پرس

غلامِ چشمِ توام گرچہ ناوکِ تو خوش است
ولیک لذتِ آں از دلِ شکاری پرس

دلم کہ زود فراموش میکند خود را
مپرس ہیچ ز ہجران و بیقراری پرس

مراست دردِ سرے از خمارِ مستیِ عشق
علاجِ دردم ازاں نرگسِ خماری پرس

کجاست دولتِ آنم کہ بر درت باشم
نشانِ من بہ سرِ کوئے خاکساری پرس

سرودِ ذوقِ فراواں شنیدہ ای اکنوں
بیا ز خسرو ذوقِ فغان و زاری پرس

وجہ خرابیِ دل چشمِ پُرخماری ہے
ہلاک جان کرے لالۂ بہاری ہے

کیا ہے ریش جگر ہی مرا نہ غمزے نے
لگایا قلب پہ بھی زخم ایک کاری ہے

ہوں میں غلام اگرچہ کمانِ ابرو کا
بہت لذیذ ولے ناوکِ شکاری ہے

کیا ہے درد نے بے ہوش ہجر میں، لیکن
ذرا بھی کم نہ ہوئی دل کی بیقراری ہے

خمارِ عشق سے ہے دردِ سر مگر اے جاں
علاج اس کا تری نرگسِ خماری ہے

ملی نہ سر کو مرے خاکِ آستاں جو تری
نشانِ سر بہ سرِ کوئے خاکساری ہے

سرودِ ذوقِ فراوان سن کے، اے خسرو
ہوا نہ کم ترا ذوقِ فغان و زاری ہے

۳۰۶

مرا کارے ست مشکل با دلِ خویش
کہ گفتن می نیارم مشکلِ خویش

خیالت داند و چشمِ من و غم
کہ ہر شب در چہ کارم با دلِ خویش

ز واپس ماندگاں یادے کن آخر
چہ رانی تند جانا محملِ خویش

مرا در اولیں منزل رہ افتاد
ترا خوش باد راہ و منزلِ خویش

نہ من زانگونہ در دریا فتادم
کہ آید کشتیم در ساحلِ خویش

چہ فرصتہا کہ گم کردم دریں راہ
ز بختِ خوابناکِ غافلِ خویش

کم از جولانیٔ آخر در رہِ ما
چوں خسرو خاک کرد آب و گلِ خویش

مجھے ایسی ہے مشکل با دلِ خویش
کہ آساں ہے نہ کہنا مشکلِ خویش

ہے دیدہ ہی مرا جو جانتا ہے
کیا شب میں جو میں نے با دلِ خویش

نہ پیچھے چھوڑیوں پس ماندگاں کو
چلا مت تیز اتنی محملِ خویش

شکستہ پا ہوں میں منزل میں پہلی
مبارک تجھ کو راہ و منزلِ خویش

ہے خستہ اس قدر کشتی کہ اس کو
نہ لا سکتا ہوں اندر ساحلِ خویش

مواقع کس قدر ضائع ہوئے ہیں
ز بختِ خوابناکِ غافلِ خویش

تو کر جولاں کہ خسرو نے جلا کر
بنائی خاک ہے آب و گلِ خویش

۳۰۷

دُزدانہ در آمد از درم دوش
افگندہ کمندِ زلف بر دوش

آیا دُزدانہ یار اندرٔ دوش
ڈال کر اک کمندِ زلف بہ دوش

برخاستم و فتادم از پای
چوں او بنشست رفتم از ہوش

گر گیا میں زمیں پۂ جب اٹھا
وہ جو بیٹھا تو گر گیا مدہوش

گشتم بہ نظارۂ جمالش
حیران و خراب و مست و بیہوش

کر کے نظارہ ہو گئی خلقت
مست و حیران و بے خود و بیہوش

آں نرگسِ نیم مستِ جادوش
آہو برۂ بہ خوابِ خرگوش

نرگسِ نیم مست و جادوگر
آہو و نیم خوابیِ خرگوش

بے روئے تو نوش میشود نیش
وز دستِ تو نیش میشود نوش

تو نہ ہو گر تو نوش نیش بنے
اور تو ہو تو نیش بھی ہے نوش

یک حلقہ بہ گوشِ خسروؔ انداز
کہ بندۂ تست و حلقہ در گوش

حلقہ در گوش ہووے خسروؔ ہے
حلقۂ زلف دیکھ کر بر گوش

۳۰۸

سالہا خوں خوردہ ام از بختِ بے سامانِ خویش
تا زمانے دیدہ ام روئے خوشِ جانانِ خویش

از خیالِ او چہ نالم، رفت چوں کارم ز دست
من بہ خونِ خویش پروردم بلائے جانِ خویش

بسکہ خود را گم کنم شبہا بہ گردِ کوئے تو
رہ نیابم باز سوئے خانۂ ویرانِ خویش

گر کُشندم بہرِ او پیش و بہ من آتش زنند
تا ہمی سوزم، ہمی بینم رخِ سلطانِ خویش

میکَشم خاکِ درت در چشم و کُشتہ می شوم
چند خونابہ خورم زیں دیدۂ گریانِ خویش

از جفائے تست خوں اندر دلِ خسروؔ مدام
از وفا نبوَد کہ باشم در پئے سامانِ خویش

خونِ دل ہے روز و شب از بختِ بے سامانِ خویش
میں نے دیکھا جب سے ہے روئے خوشِ جانانِ خویش

جب سے مسکن دل بنایا ہے خیالِ یار نے
خون سے پالی ہے خود میں نے بلائے جانِ خویش

کُو ترا آباد کرنے کے لئے جو بھی گیا
جا سکا پھر وہ نہ سوئے خانۂ ویرانِ خویش

آتشِ ہجراں میں میں جلتا رہا لیکن مجھے
آگ میں آیا نظر ہر دم رخِ سلطانِ خویش

خاک کا سرمہ لگا کر آستانِ یار پر
خوں بہاتا میں رہا از دیدۂ گریانِ خویش

تُو نہیں کرتا اگر تو خود ہی کرتا ہے تبہ
دل ہوا خسروؔ کا ہے یوں درپئے سامانِ خویش

۳۰۹

مست و لایعقل گذشتم از درِ میخانہ دوش
سالکے دیدم نشستہ پیشِ پیرِ مے فروش

ق

گشتہ از دنیا و مافیہا بہ کلّی اختیار
از پئے یک جرعہ مے برباد دادہ عقل و ہوش

مطرباں افتادہ بے خود ہر یکے بر یک طرف
از نفیرِ آسودہ چنگ و از فغاں بربط خموش

شمعِ مجلس ایستادہ زرد و لرزان و نزار
آتشے بر سر دو دیدہ آمدہ خوش خوش بہ جوش

خواستم تا بگذرم زاں در کہ ناگہ از دروں
چشمِ سالک بر من افتاد و درآمد در خروش

گفت اے غافل کجائی چند گردی ہر طرف
بگذر از خویش و درآور شربِ ما یک جرعہ نوش

تو ہم از دُردی کشاں شو در خراباتِ مغاں
تا بیابی ہر چہ خواہی ایں نصیحت دار گوش

مست و بیخود میں گیا درِ خانۂ خمّار دوش
دیکھ کر صوفی کو بیٹھا پیشِ پیرِ مے فروش

غافلِ دنیا و مافیہا ہوا تھا اس قدر
کر رہا تھا بہرِ یک جرعہ تباہ وہ عقل و ہوش

مطرباں نغمہ زناں و ساقیاں عشوہ کناں
از نفیرِ آسودہ چنگ و از فغاں بربط خموش

شمعِ مجلس از خروش و سوزِ لرزان و نزار
از فروغِ شعلہ بر سر آمدہ خوش خوش بہ جوش

دیکھ کر آتا ہوا مجھ کو درونِ میکدہ
آ گیا صوفی کے دل میں ایکدم جوش و خروش

بولا اے غافل کہاں پر تھا تو اُتنی دیر سے
پاس آ کر بیٹھ میرے جام مے کر ایک نوش

دُرد کش ہو رند ہو اندر خراباتِ مغاں
گر طلب فرصت ہے غم سے یہ نصیحت کر بہ گوش

۳۱۰

دوش ما بودیم و جامِ بادہ و مہتابِ خوش
واں پسر مہمان و عشرت را ہمہ اسبابِ خوش

سوئے لب می بُرد جام و انگبیں می گشت مے
بسکہ مے را چاشنی میداد زاں جلابِ خوش

از خمِ ابرو سخن می گفت آں خورشید رُو
من نمازِ چاشت میکردم دراں محرابِ خوش

گفتم امشب خرم و خوش بیدمت در خواب گفت
پاسباں خفتہ نباید گرچہ بیند خوابِ خوش

خواب بود آں یا خیال آخر کجا شد آں نشاط
از لب و رُوی و شراب و خلوت و مہتابِ خوش

خسروا خوش خوش ز دیدہ خونِ نابے میخوری
تا منم از چشمِ خود ہرگز نہ خوردم آبِ خوش

دوش تھے عشاق و دورِ ساغر و مہتابِ خوش
شاہداں مہمان و عشرت باہمہ اسبابِ خوش

بن رہا تھا لب کی شیرینی سے بادہ انگبیں
دے رہا تھا مے کو لب پر چاشنی لُعابِ خوش

دیکھ کر خورشیدِ رُوئے یار پر ابرو کا خم
میں نمازیں پڑھ رہا تھا پیشِ یک محرابِ خوش

جب کہا خرم ہوں تجھ کو دیکھ کے میں خواب میں
بولا اے عاشق تجھے جائز نہیں ہے خوابِ خوش

اب خیال و خواب ہے میرے لئے عشرت جو تھی
از لب و رُو و شراب و خلوت و مہتابِ خوش

کس خوشی سے خون بہاتا ہے وہ اپنی آنکھ سے
اور خونیں اشک کو کہتا ہے خسرو آبِ خوش

۳۱۱

چندیں شبم گذشت بہ کُنجِ خرابِ خویش
نورے ندادیم شبے از ماہتابِ خویش

روئے چناں مپوش ز عشاقؔ کاہلِ دل
از تشنگاں دریغ ندارند آبِ خویش

او حال پرسد از من و گریہ دہد جواب
فریادِ من ز گریۂ حاضر جوابِ خویش

بینم شبت بہ خواب و ز مستی و بے خودی
گویم بہ درد بادر و دیوارِ خوابِ خویش

گر نہ کباب کردنِ دلہا شدش حلال
آں مست را بحِلِ نکنم من کبابِ خویش

گر نزدِ دوست کشتنِ عاشق صواب شد
خسروؔ نہ دوستی ست کہ جوید صوابِ خویش

شب بھر رہا میں گرچہ بہ کُنجِ خرابِ خویش
روشن نہ تُو نے رات کی از ماہتابِ خویش

پوشیدہ عاشقوں سے نہ رکھ رُو کہ اہلِ دل
تشنہ لبوں سے دُور نہ رکھتے ہیں آبِ خویش

جب حال پوچھتے ہیں تو دیتی جواب ہے
فریادِ من ز گریۂ حاضر جوابِ خویش

گر دیکھتا ہوں خواب میں تجھ کو تو دردِ دل
کرتا بیاں ہوں بادر و دیوارِ خوابِ خویش

کرنا کبابِ دل ہے روا گو تجھے، ولے
رکھتا نہاں میں غم سے ترے ہوں کبابِ خویش

گو قتلِ عاشقاں ہے کارِ صواب اک
خسروؔ سے رکھ تو دُور یہ کارِ صوابِ خویش

۳۱۲

ابرِ خوش است و وقتِ خوش است و ہوائے خوش
ساقیِ مست دادہ بہ مستاں صلائے خوش

بارانِ خوش رسید و حریفانِ عیش، را
گشت آشنائے جان و نہ بے آشنائے خوش

آنکس ز ہوشیاریِ عقل است بے خبر
کز بادہ بے خبر نہ شود در ہوائے خوش

گرچہ دعائے توبہ خوش است، اے فرشتہ ہاں
تا سوئے آسماں نبری ایں دعائے خوش

مستانِ عشق را دل و جاں وقفِ شاہد است
حجت ز خطِ ساقی و مطرب گوائے خوش

بے روئے خوب خوش نبود دل بہ ہیچ جا
گل گرچہ خوبرو بود و باغ جائے خوش

عشقِ بتاں اگرچہ بلائے ست جانگداز
خسرو بہ جان و دیدہ خرید ایں بلائے خوش

ہیں جب بہار و ابر و فضا و ہوائے خوش
ہو خوب ساقیا! تو اگر دے صلائے خوش

باران و رعد و برق بنے ہیں بہاریں
ناشاد عاشقوں کے لئے آشنائے خوش

ہشیاریِ خرد سے رہا جو ہے بے خبر
پینے سے بے خبر نہ ہوا در ہوائے خوش

گر ہے دعائے توبہ خوش، اے کاتبِ عمل
لے کر تو آسماں پہ نہ جا یہ دعائے خوش

مستوں نے جان و دل ہیں کئے وقفِ شاہداں
اس بات کے ہیں ساقی و مطرب گوائے خوش

بے حسنِ روئے یار نہ ہووے ہے شاد دل
گرچہ حسین گل ہے گلستاں ہے جائے خوش

عشقِ بتاں اگرچہ بہت ہے بلائے جاں
خسرو خرید جاں کے عوض یہ بلائے خوش

۳۱۳

آں چشمِ سخن گو نگر و آں لبِ خاموش
واں تلخیِ گفتار و شکر خندۂ خوں نوش

پوشیدہ نماند آتشِ من در تنِ چو کاہ
آں شعلہ بر آمد کہ نہفتیم بہ خس پوش

تو خواہ دلا خوں شو و خواہی برو اے جاں
کاں شوخ نخواہد شدن از سینہ فراموش

عمرم شد و روزے بہ رُخت سیر ندیدم
زیرا کہ تو می آئی و من می روم از ہوش

آتش بودم بے تو بہ آگندۂ دوزخ
گر لالہ کشم در بر و گر سرو در آغوش

از رہ زدنِ خسرو اگر منکری اے شوخ
آں دُزدِ سیہ را چہ نشانی بہ بنا گوش

وہ چشمِ سخن گو تری وہ اک لبِ خاموش
وہ تلخیِ گفتار و شکر خندۂ خوں نوش

پوشیدہ رہی آگ نہیں کاہِ بدن میں
شعلہ میں نہاں رکھ نہ سکا اندرِ خس پوش

دل خون ہو یا جائے مری جان بدن سے
کر وہ نہیں سکتا ہوں کبھی شوخ فراموش

کس طرح میں دیکھوں ترا حسنِ رخِ زیبا
یک لخت تجھے دیکھ کے ہوتا ہوں جو بیہوش

ایندھن میں جہنم کا بنوں بن ترے اے جاں
گر گل مرے پہلو میں ہو گر سرو در آغوش

خسرو کا اگر دل نہ چرایا ہے تو جاناں
یہ دُزدِ سیہ زلف ہے کیوں نزدِ بنا گوش

۳۱۴

گہ گہ نظرے باز مدار از منِ درویش
چو منعمِ بخشندہ بہ دریوزۂ درویش

مارا دلِ صد پارہ و لعلت نمک آلود
مشمار کہ تا روزِ اجل بہ شود ایں ریش

ساقی منگر توبہ، قدح بر سرِ من ریز
تا غرقہ شود ایں خردِ مصلحت اندیش

ایمانِ من اندر شکنِ زلفِ بتاں شد
کافر کندم دل کہ اگر گردم ازیں کیش

اے آں کہ زنی طعنہ بہ خسرو زپئے عشق
تو فارغی از درد کہ من خوردم ازایں نیش

در پہ ترے آیا ہوں کہ مشکل میں ہے جاں بیش
اے منعمِ بخشندہ ہٹا گھر سے نہ درویش

لعلِ نمک آلود ترا دیکھ کے، اے جاں
صد پارہِ جگر ہو گیا، دل ہو گیا صد ریش

کر سر پہ نگوں ساقیا، بادے کا قرابہ
تا غرق ہو مے میں خردِ مصلحت اندیش

ایماں مرا اندر شکنِ زلفِ بتاں ہے
کافر ہوں اگر ترک کروں میں یہ کبھی کیش

طعنہ کوئی دیوے ہے اگر عشق کا خسرو
لگتا مرے دل پر ہے یہ آ کر صفتِ نیش

۳۱۵

ہر کس نشستہ شاد بہ کام و ہوائے خویش
بے چارہ من اسیرِ دلِ مبتلائے خویش

ہم جاں درونِ ایں دل وہم دوست وہ کہ من
خوناب ہا خورم زدلِ بے وفائے خویش

فرداست ار بہ بندہ جدائی دلا بیا
کامروز نوحہ بکنم از برائے خویش

جاناں رسم بہ کوئے تو من آں کبوترم
کآید بہ میہمانیِ شاہیں بہ پائے خویش

من در ہوائے یار برم پے کہ بر پرم
پرندہ بہ زمن کہ پرد در ہوائے خویش

خسرو ز خویش بہر تو بیگانہ شد چنانک
گوئی کہ ہیچ گاہ نبود آشنائے خویش

ہر اک ہے شادیاں پہ بہ شوق و ہوائے خویش
ہوں میں ہی اک اسیرِ دلِ مبتلائے خویش

یہ دیکھ کر کہ اس میں ہے جاناں بھی جان بھی
خوں کر دیا ہے میں نے دلِ بے وفائے خویش

ہونا جدا جو تجھ سے ہے فردا تو خوف سے
امروز کر رہا ہوں میں نوحہ برائے خویش

ہوں اک پرند میں ترے کوچے میں وہ جو خود
آیا بہ میہمانیِ شاہیں بہ پائے خویش

بے پر ہوا ہوا میں تری یوں پرندِ دل
اُڑ یہ سکا نہ پھر کبھی اندر ہوائے خویش

بیگانہ خود سے عشق میں ہے خسرو اس قدر
لگتا ہے تھا کبھی یہ نہیں آشنائے خویش

۳۱۶

آمد بہار و شد چمن و لالہ زار خوش
وقت است خوش بہار کہ وقتِ بہار خوش

در باغ با ترانۂ بلبل دریں ہوا
مستی خوش است و بادہ خوش است و بہار خوش

مائیم و مطربے و شرابے و محرمے
جائے بہ زیرِ سایۂ شاخِ چنار خوش

اے باد کاہلی مکن و سوئے دوست رَو
مارا بکن بہ آمدنِ آں نگار خوش

با او در آں زماں کہ مَیش راہ میدہد
بازی خوش است و بوسہ خوش است و کنار خوش

از وے خوش است بر شکنیہا بہ گاہِ ناز
وز خسروِ شکستہ فغاں ہائے زار خوش

سرو و صنوبر و چمن و شاخسار خوش
گل خوش بہار سے ہیں، گلوں سے بہار خو

ساقیِ گلعذار کے فیضان سے آج
مستی و عیش و عشرت و کیف و خمار خو

ہوں گر شراب و شاہد و مطرب جو باغ
پینا ہے زیرِ سایۂ شاخِ چنار خو

لے کر تو کوئے یار سے آ اور کر
گلشن میں، اے نسیم! بہ بوئے نگار خو

طرفِ چمن میں شاہد و ساقی کے فیض
ہیں لہو و لعب و بازی و بوس و کنار خو

فرقت میں یارِ قلب شکن کی، ترے ہیں
اے خسروِ شکستہ فغاں ہائے زار خو

۳۱۷

اے ز سودائے تو در دل رونقِ بازارِ عشق
مرہمِ جانہاست از یادِ لبت آزارِ عشق

دی کہ میرفتی بہ پیشِ عاشقاں غمزہ زناں
دیگراں بسمل شدند و من شدم مردارِ عشق

تیغِ خود بگذار تا وامِ تو بگذارم ازانک
وامِ معشوق است سر بر گردنِ عیارِ عشق

عاشق ار بر زیستن میرد رخش بنما بسیر
تا بمیرد زاں مفرح جاں کناں بیمارِ عشق

از دعایت من چوں اے زاہد نگشتم نیک بخت
تو بیا بارے چو من بد بخت شو در کارِ عشق

خسروا با جان و دل ہم قصۂ جاناں مگوی
زانکہ نتواں گفت با نامحرماں اسرارِ عشق

تیری الفت سے ہے دل میں رونقِ بازارِ عشق
مرہمِ جاں بن گیا ہے عشق میں آزارِ عشق

تُو گیا کل جب بہ پیشِ عاشقاں غمزہ زناں
نیم بسمل ہو گئے سب، میں ہوا مردارِ عشق

سر قلم کر تیغ سے تا قرض ہو تیرا ادا
قرضِ معشوقاں ہے سر بر گردنِ افگارِ عشق

روئے جاں افزا دکھا مرنے سے پہلے تُو اسے
تاکہ صحت مند ہو کر کچھ مرے بیمارِ عشق

تُو دعا کرتا ہے زاہد نیک بختی کی مری
میں یہ کہتا ہوں کہ تُو بد بخت ہو در کارِ عشق

مت سنا خسرو ہر اک کو قصۂ درد و الم
ہیں نہ کہنے ٹھیک با نامحرماں اسرارِ عشق

۳۱۸

رسید دوش ندائے ازیں بلند رواق
کہ اے مقیمِ زوایائے شہر بندِ فراق

دریں حضیض چرا گشتہ ای چنیں محبوس
گذر چو طائرِ قدسی ز اوجِ ایں نُہ طاق

منافقند و ریائی جمیعِ اہلِ بشر
بیا بہ صحبتِ یارانِ بے ریا و نفاق

ترا بہ روزِ ازل با حبیب عہدے بود
چہ آمدت کہ فراموش کردہ ای میثاق

کسے کہ مسکنِ اصلیش عالمِ علوی ست
چہ میکند بہ خراساں چہ میرود بہ عراق
زخویش بگذر و باز آی سوئے ما خسروؔ
کہ نیست خوشتر ازیں جای در ہمہ آفاق

ندا یہ آئی سرِ شام از بلند رواق
کہ اے مقیمِ زوایائے شہر بندِ فراق
نکل تُو خاک کے زنداں سے طائرِ قدسی
کہ ہے مقام ترا اک بلندیِ نُہ طاق

جمیعِ اہلِ بشر ہے منافقوں سے پُر
تُو آ بہ صحبتِ یارانِ بے ریا و نفاق

کیا جو روزِ ازل تھا حبیب سے اپنے
وہ کیوں کیا ہے فراموش تُو نے اک میثاق

ہو جس کا عالمِ علوی میں مسکنِ اصلی
مقام اس کا ہو کیوں اصفہان و یزد و عراق
تُو لامکاں میں آ چھوڑ کر مکاں خسروؔ
کہ جا نہ اس سے ہے بہتر کوئی بھی در آفاق

٣١٩

تُرکِ سفید رُوی و سیہ چشم و لالہ رنگ
مثلت نزاد مادرِ ایام شوخ و شنگ

زلفِ تو بر رخِ تو ہر آنکس کہ دید گفت
بگرفت ملکِ چین و حبش پادشاہِ زنگ

با تیرِ چشم جادو و ابروئے چو کماں
داری قدے کشیدہ تر از قامتِ خدنگ

آہو صفت شکارِ دلِ عاشقاں کند
آں شیر گیر آہوئے چشمِ تو چوں پلنگ

در سنگ سیم باشد و ایں طرفہ تر کہ تو
داری درونِ سینۂ سیمیں دلے چو سنگ

آبِ حیاتم از لب و دنداں رواں شود
گر بوسۂ بہ بندہ دہی زاں دہانِ تنگ

بر نظمِ خسرو از سرِ مستی سخن مگیر
کو ہست در ہوائے تو فارغ ز نام و ننگ

تُرکِ سفید رُو و سیہ چشم و لالہ رنگ
معشوق جس سے کوئی نہیں بیش شوخ و شنگ

دیتے خراج ہیں اسے مصر و عراق و چیں
ہندوئے زلف جو ہے بنا بادشاہِ زنگ

ابرو ہے بیش اس کی خمیدہ تر از کماں
اس کا ہے قد کشیدہ تر از قامتِ خدنگ

کرتا غزالِ چشم ہے اک صیدِ عاشقاں
خونخوار و شیر گیر ہے جو صورتِ پلنگ

ہوتی ہے سیم سنگ میں لیکن رکھے ہے اک
دل اندرونِ سینۂ سیمیں وہ تُرکِ سنگ

آبِ زلالِ زندگی دیوے لبوں سے ہے
بوسہ جو اک ملے ہے کبھی از دہانِ تنگ

لوگو لگاؤ عیب نہ خسرو کی نظم پر
ہے وہ ہوائے یار میں فارغ ز نام و ننگ

۳۲۰

مرا بہرت خصومتہاست با دل
کنوں با من دریں سودا و با دل

گلہ مجھ کو ہوا ہے بیش با دل
بنا میرے لئے ہے اک وبا دل

اگر بادِ سرِ زلفت ہمین است
کجا ما و کجا جان و کجا دل

کیا برباد ہے گیسو نے ایسا
کجا ما و کجا جان و کجا دل

ز تو از گوشۂ چشمے اشارت
زما عقل و زما جان و زما دل

ز تو از گوشۂ چشمے اشارت
زما عقل و زما جان و زما دل

دل ار بیگانہ گشت از من نرنجم
کہ عاشق را نباشد آشنا دل

ہوا کیا گر ہوا بیگانہ مجھ سے
بنا میرا یہ کب تھا آشنا دل

بہ خونِ گرم دل پیوست با دوست
بدینساں چوں تواں کردن جدا دل

بخونِ گرم ہے پیوست جب یہ
کروں میں یار سے کیسے جدا دل

بماندم در بلائے دل کہ یارب
مبادا ہیچ کس را مبتلا دل

گھرا ہے یوں بلاؤں سے کہ یارب
نہ ایسا ہو کسی کا مبتلا دل

بہ یک دلدار بس کن خسروا زانک
نہ بندد ہیچ عاشق جا بہ جا دل

تجھے معشوق اک کافی ہے خسرو
کہ دیوے ہے نہ عاشق جا بہ جا دل

۳۲۱

مسلماناں برفت از دستِ من دل	مسلمانوں وہ کافر لے گیا دل
چوں دیدم آنچناں شکل و شمایل	دکھا کر یک لمحہ شکل و شمایل
زہے صانع خدا کز لطف بنگاشت	زہے صانع خدا جس نے بنایا
ازنیساں صورتے از آب و از گِل	پری چہرہ وہ اک از آب و از گِل
نباشد چوں جمالت مجلس افروز	نہ ہو مجلس فروز اس رخ کی طرح
اگر خورشید بنشیند بہ محفل	اگر خورشید خود آئے یہ محفل
دلم منزل بہ زلفت کرد، گوئی	ہوا جب دل مقیم زلف اس نے
نخواہد رفت ازیں فرخندہ منزل	نہ چھوڑی یہ کبھی فرخندہ منزل
ملامت می کنند اصحاب مارا	ملامت دوست جو کرتے ہیں اتنی
ز دردِ ما مگر ہستند غافل	وہ دردِ عشق سے میرے ہیں غافل
ندارم طاقتِ دردِ فراقت	نہیں تابِ فراقِ یار مجھ کو
فراقِ دوستاں کارے ست مشکل	کہ ہجرِ دوستاں ہے بیش مشکل
دریں رہ خسروا دیوانہ می باش	ملی دیوانگی جس کو ہو خسرو
نمی باید شنیدن پندِ عاقل	نہیں اس کے لئے کچھ پندِ عاقل

۳۲۲

خیز کہ جلوہ می کند چہرۂ دل کشائے گل
عالمِ بے خودی خوش است خاصہ کہ در ہوائے گل

نافہ کشائے بوستاں سکہ بنامِ گل زدہ
خطبۂ بلبلاں ہمہ نیست مگر ثنائے گل

تاجِ مرصع آورد شاخے زہر شگوفۂ
تختِ زمردیں زند تخت بہ زیرِ پائے گل

ابرِ رواسپہ می رود بہرِ نظارۂ چمن
سرو پیادہ می شود پیشِ درِ سرائے گل

مستیِ ما بہ بوئے تو بہرِ خدا چہ جائے مے
شادیِ من بہ روئے تو بے تو جہاں چہ جائے گل

جلوہ نما ہوا ہے جب چہرۂ دل کشائے گل
مستی و بیخودی ہے خوش باغ میں در ہوائے گل

نافہ کشائے بوستاں سکہ بنامِ گل زدہ
خطبۂ بلبلاں بھی ہے نام زدِ ثنائے گل

تاجِ مرصع بن گیا شاخ پہ ہر شگوفہ اک
تختِ زمردیں بنا تخت بہ زیرِ پائے گل

ابرِ رواں ہے ہر طرف بہرِ نظارۂ چمن
سرو پیادہ پا ہوا پیشِ درِ سرائے گل

مستیِ من بہ بوئے تو بہرِ خدا چہ جائے مے
شادیِ من بہ روئے تو بے تو جہاں چہ جائے گل

۳۲۳

ترکِ من، رفتم زکویت گر زمن گشتی ملول
خیر بادت می کنم یک سجدۂ فردا قبول

زور و زر باشند اسبابِ وصال، اما مرا
نیست چیزے غیرِ زاری در تمنائے وصول

دمبدم از خونِ دل با تو نویسم نامہ لیک
جز نسیمِ صبحدم دیگر نمی یابم رسول

در حریمِ کعبۂ روحانیاں، یعنی کہ دل
جز خیالِ دوست کس را نیست امکانِ نزول

عاقلاں گر غافلند از حالِ خسرو عیب نیست
از مجانیں کے خبر دارند اربابِ عقول

دیکھ کر کوچے میں مجھ کو، تو ہے کیوں اتنا ملول
بندگی آیا ہوں کرنے، کر مرا سجدہ قبول

زور و زر ہیں وصل کے اسباب، لیکن ہے نہ کچھ
پاس میرے غیرِ زاری در تمنائے وصول

دمبدم با خونِ دل لکھتا ہوں میں نامہ، ولے
جز نسیمِ صبحدم دیگر نہیں کوئی رسول

در حریمِ کعبۂ روحانیاں، یعنی کہ دل
جز خیالِ دوست اب کس کو ہے امکانِ نزول

حالِ خسرو سے اگر ہیں عاقلاں غافل، تو کیا
مجنوؤں سے بے خبر رہتے ہیں اربابِ عقول

۳۲۴

منِ مسکیں چہ کنم، پیشِ کہ گویم غمِ دل
کہ زعشقِ تو بجز غصہ ندارم حاصل

اے صبا حالِ دلِ من برِ دلدار مگوی
کہ جہانے ز غمِ عشقِ تو شد لایعقل

طمعِ دانہ کند مرغ کہ در دام افتد
ورنہ در دامِ غم و غصہ نیفتد عاقل

خلق را میل بہ حورانِ بہشتی باشد
چہ کنم نیست مرا جز بہ تو خاطر مایل

بہ قیامت بَرَد از عشقِ تو حسرت خسرو
کہ بہ تشریفِ وصالِ تو نگردد واصل

کیا کروں، جاؤں کہاں، کس سے کہوں دردِ دل
کہ ترے عشق سے جز غم نہ ہوا کچھ حاصل

ایک میں ہی نہیں دل جس کا ہوا دیوانہ
سارا عالم ہے محبت میں تری لایعقل

مرغِ دانا کو کرے صید ہے طمعِ دانہ
آئے کوئی ہے نہیں دام میں ورنہ عاقل

میل حوروں سے خلائق کو ہے لیکن میری
ہے بجز تیرے کسی پر نہیں خاطر مایل

لے کے آتا ہے قیامت میں تمنا خسرو
زندگانی میں ہوا وہ جو نہ تیرا واصل

۳۲۹

رستہ بودم مہ من چند گہ از زاریِ دل
از نمکدانِ تو شد تازہ جگر خواریِ دل

تو ہمی آئی و صد غارتِ جاں از ہر سو
در چنیں فتنہ کجا صبر کند یاریِ دل

ہر کسے با دلِ آزاد ازیں شہر گذشت
من گرفتار بماندم بہ گرفتاریِ دل

دل گنہ کرد کہ عاشق شد و نزدِ خوباں
نشود عفو ہمہ عمر گنہ گاریِ دل

وقتے افگن نظرے جانبِ من، اے خورشید
کہ سیہ رُوی بماندم ز شبِ تاریِ دل

عشق گویند کہ کارِ دلِ بیدار بوَد
بہرہ ام خوابِ اجل بود ز بیداریِ دل

پند گویا ہم ازیں گونہ خرامم بگذار
کہ نمی آید ازیں خسرو معماریِ دل

کم زیادہ نہ ہوئی تھی مری کچھ زاریِ دل
کی نمک نے ترے پھر تازہ جگر خواریِ دل

لے کے صد غارتِ جاں ساتھ میں آیا جب تُو
دیکھ کر اور بھی بے صبر ہوئی یاریِ دل

کوئی آزاد دل آیا جو نظر ایک کبھی
بڑھ گئی دیکھ کے کچھ اور گرفتاریِ دل

ہے گناہ عشقِ رخِ خوب، ولے خوباں کو
بیشتر اس سے نہ کوئی ہے گنہگاریِ دل

ڈال اک اے مرے خورشید، نظر مجھ پر بھی
کہ سیہ رُو مجھے کرتی ہے شبِ تاریِ دل

گرچہ کارِ دلِ بیدار ہے الفت، لیکن
لے گئی خوابِ اجل میں مجھے بیداریِ دل

دل ہے برباد تو رہنے دے یونہی اے ناصح
کرنی آتی نہیں خسرو کو ہے معماریِ دل

۳۲۶

ہمیشہ در فراقت با دلِ افگار میگریم
غمت را اندکے می گویم و بسیار میگریم

شبے کاندر حریمت رہ نمی یابم بصد زاری
بہ حسرت می نشینم در پسِ دیوار میگریم

اگر مردم بہ مستی گاہ گاہے گریۂ دارند
چہ حال است ایں کہ من ہم مست و ہم ہشیار میگریم

گہے در خلوتِ تاریک از ہجرِ تو می نالم
گہے در فرقتت در کوچہ و بازار میگریم

چہ سوز است ایں نمیدانم بہ جانِ خسروِ مسکیں
کہ چو ابرِ بہار اندر سرِ کہسار میگریم

تری فرقت میں اے جاں! با دلِ افگار روتا ہوں
بیاں غم کر نہیں سکتا اگر! بسیار روتا ہوں

بصد زاری میں جا سکتا نہیں جب تیرے ایواں میں
تو حسرت سے بہت جاناں پسِ دیوار روتا ہوں

اگرچہ گاہ گاہے مست ہو کر سب ہی روتے ہیں
گہے میں مست روتا ہوں! گہے ہشیار روتا ہوں

پردہ برگیرم و در پردہ سخن می گویم
تیغِ خونریزم و خود را بہ نیامے دارم

چیر کے پردہ میں کہتا ہوں درونِ پردہ
تیغِ خونریز ہوں، رکھتا ہے نیامے مجھ کو

۱۷

بشاخِ زندگیٔ مانمے ز تشنہ لبی ست
تلاشِ چشمۂ حیواں دلیلِ کم طلبی ست

حدیثِ دل بہ کہ گویم، چہ راہ برگیرم
کہ آہ بے اثر است و نگاہ بے ادبی ست

غزل بزمزمہ خواں، پردہ پست تر گرداں
ہنوز نالۂ مرغاں نوائے زیرِ لبی ست

متاعِ قافلۂ ما حجازیاں بردند
ولے زباں نکشائی کہ یارِ ما عربی ست

نہالِ تُرک ز برقِ فرنگ بار آورد
ظہورِ مصطفوی را بہانہ بولہبی ست

مسنج معنیِ من در عیارِ ہند و عجم
کہ اصلِ ایں گہر از گریہ ہائے نیم شبی ست

بیا کہ من ز خُمِ پیرِ روم آوردم
مئے سخن کہ جواں تر ز بادۂ عنبی ست

بشاخِ زندگیٔ مانمے ز تشنہ لبی
تلاشِ چشمۂ حیواں دلیلِ کم طلبی

حدیثِ دل میں کہوں کس سے اور کہاں جاؤں
کہ آہِ بے اثری ہے، نگاہ بے ادبی

غزل سنا کوئی دھیمے سُروں میں آہستہ
ابھی ہے نالۂ مرغاں نوائے زیرِ لبی

متاعِ قافلہ سارا حجازیوں نے لیا
شکایت ہم کو ہو کیسے کہ یار ہے عربی

نہالِ تُرک ز برقِ فرنگ بار آور
ظہورِ مصطفوی کو بہانہ بولہبی

عیارِ ہند و عجم میں نہ تول میرا سخن
یہ دُر ہے قیمتی از گریہ ہائے نیم شبی

یہ چونکہ لی ہے خُمِ پیرِ روم سے میں نے
مئے سخن ہے جواں تر ز بادۂ عنبی

۱۸

این گنبدِ مینائی، این پستی و بالائی
در شد به دلِ عاشق، بایں ہمہ پہنائی

یہ گنبدِ مینائی، یہ پستی و بالائی
سب ہیں دلِ عاشق میں، کیا اسکی ہے پہنائی

اسرارِ ازل جوئی بر خود نظرے وا کن
یکتائی و بسیاری، پنہانی و پیدائی

اسرارِ ازل جو کو، آتیں ہیں نظر دل میں
یکتائی و بسیاری، پنہانی و پیدائی

اے جانِ گرفتارم دیدی کہ محبت چیست؟
در سینہ نیاسائی، از دیدہ بروں آئی

خونریزی تری جیسی کرتی ہے محبت بھی
سینے میں یہ بن کر خوں آنکھوں سے نکل آئی

برخیز کہ فروردیں افروخت چراغِ گل
برخیز و دمے بنشیں با لالۂ صحرائی

روشن ہے بہاراں سے کس طرح چراغِ گل
کر تو بھی نظر روشن با لالۂ صحرائی

عشق است و ہزار افسوں، حسن است و ہزار آئیں
نے من بشمار آیم، نے تو بشمار آئی

ہے عشق ہزار افسوں، ہے حسن ہزار آئیں
اندوہ سے ہوتی ہے عاشق کی دل افزائی

صد رہ بفلک بر شد، صد رہ بہ زمیں در شد
خاقانی و فغفوری، جمشیدی و دارائی

رہتی جو فلک پر تھی، مدفون زمیں میں ہے
خاقانی و فغفوری، جمشیدی و دارائی

ہم با خود و ہم با او، ہجراں کہ وصال است ایں
اے عقل چہ می گوئی، اے عشق چہ فرمائی

اے عقل تو بتلا دے، اے عشق تو فرما دے
کیوں ہجر میں وصلت ہے، کیوں وصل میں تنہائی

۱۹

ہوسِ منزلِ لیلیٰ نہ تو داری و نہ من
جگرِ گرمیٔ صحرا نہ تو داری و نہ من

ہوسِ منزلِ لیلیٰ نہ تجھے ہے نہ مجھے
جگرِ گرمیٔ صحرا نہ تجھے ہے نہ مجھے

من جواں ساقی و تو پیرِ کہن میکدۂ
بزمِ ما تشنہ و صہبا نہ تو داری و نہ من

میں جواں ساقی و تُو پیرِ کہن میخانہ
یاں پہ لیکن ملے صہبا نہ تجھے ہے نہ مجھے

دل و دیں در گروِ زہرہ وشانِ عجمی
آتشِ شوقِ سلیمٰی نہ تو داری و نہ من

کر دئے دل نذرِ زہرہ و شانِ عجمی
شوقِ دیدارِ سلیمٰی نہ تجھے ہے نہ مجھے

خزفے بود کہ از ساحلِ دریا چیدیم
دانۂ گوہرِ یکتا نہ تو داری و نہ من

سنگ ریزوں میں بہت ڈھونڈتے ساحل پہ رہے
پر ملا گوہرِ یکتا نہ تجھے ہے نہ مجھے

دگر از یوسفِ گم گشتہ سخن نتواں گفت
تپشِ خونِ زلیخا نہ تو داری و نہ من

دَر کیا پردۂ عصمت گو ہوس نے اُس کا
علمِ جذباتِ زلیخا نہ تجھے ہے نہ مجھے

بہ کہ با نورِ چراغِ تہِ داماں سازیم
طاقتِ جلوۂ سینا نہ تو داری و نہ من؟

ہم کریں برقِ تجلی کا تقاضا کیسے
طاقتِ جلوۂ سینا نہ تجھے ہے نہ مجھے

٢٠

دلیلِ منزلِ شوقم بدامنم آویز
شرر ز آتشِ نابم بخاکِ خویش آمیز

کرے ہے شوق مرا اشتیاقِ رہبر تیز
ہے اس کی خاک مری آگ سے شرر آمیز

عروسِ لالہ بروں آمد از سراچۂ ناز
بیا کہ جانِ تو سوزم ز حرفِ شوق انگیز

ہزار ناز سے آئی عروسِ لالہ بروں
ہے تاب تجھ میں تو سن میرا حرفِ شوق انگیز

بہر زمانہ بہ اسلوبِ تازہ می گویند
حکایتِ غمِ فرہاد و عشرتِ پرویز

طرح طرح سے سناتے ہیں ہر زمانے میں
حکایتِ غمِ فرہاد و عشرتِ پرویز

اگرچہ زادۂ ہندم، فروغِ چشمِ من است
ز خاکِ پاکِ بخارا و کابل و تبریز

ہوں اہلِ ہند ولے روشنئ چشم مری
ہے خاکِ پاکِ بخارا و کابل و تبریز

٢١

در جہانِ دلِ ما دورِ قمر پیدا نیست
انقلابیست ولے شام و سحر پیدا نیست

عالمِ دل میں مرے دورِ قمر ہے نہ کہیں
انقلابات میں بھی شام و سحر ہے نہ کہیں

وائے آں قافلہ کز دونئ ہمت می خواست
رہگذارے کہ در و ہیچ خطر پیدا نیست

وائے دوں ہمتئ قافلہ ڈھونڈے جو ہے
رہگزر جس میں ذرا سا بھی خطر ہے نہ کہیں

بگذر از عقل و در آویز بموجِ یمِ عشق
کہ در آں جوئے تنک مایہ گہر پیدا نیست

چھوڑ آسودگئ عقل یمِ عشق میں جا
جوئے کم مایۂ دانش میں گہر ہے نہ کہیں

آنچہ مقصودِ تگ و تازِ خیالِ من و تست
ہست در دیدہ و مانندِ نظر پیدا نیست

ہے جو مقصودِ تگ و تازِ خیالِ من و تو
وہ بروں دیدہ مری پائے نظر ہے نہ کہیں

۲۲

سوزِ سخن ز نالۂ مستانۂ دل است
این شمع را فروغ ز پروانۂ دل است

مشتِ گلیم و ذوقِ فغانے نداشتیم
غوغائے ما ز گردشِ پیمانۂ دل است

ایں تیرہ خاکداں کہ جہاں نام کردۂ
فرسودہ پیکرے ز صنم خانۂ دل است

اندر رصد نشستہ حکیمِ ستارہ بیں
در جستجوئے سرحدِ ویرانۂ دل است

لاہوتیاں اسیرِ کمندِ نگاہِ او
صوفی ہلاکِ شیوۂ ترکانۂ دل است

محمودِ غزنوی کہ صنم خانہ ہا شکست
زناریٔ بتانِ صنم خانۂ دل است

غافل ترے ز مردِ مسلماں ندیدہ ام
دل درمیانِ سینہ و بیگانۂ دل است

سوزِ سخن ز نالۂ مستانۂ دلے
ہے شمع کو فروغ ز پروانۂ دلے

ضبطِ غمے و ذوقِ فغانے نہیں مجھے
غوغا مرا بہ گردشِ پیمانۂ دلے

یہ تیرہ خاکداں کہ جہاں جس کا نام ہے
فرسودہ پیکرے ز صنم خانۂ دلے

کرتا مشاہدہ ہے حکیمِ ستارہ بیں
در جستجوئے سرحدِ ویرانۂ دلے

لاہوتیاں اسیرِ کمندِ نگاہِ او
صوفی ہلاکِ شیوۂ ترکانۂ دلے

محمودِ بت شکن کو بنایا ہے شوق نے
زناریٔ بتانِ صنم خانۂ دلے

غافل نہیں ہے مردِ مسلماں سا کوئی
دل درمیانِ سینہ و بیگانۂ دلے

۲۳

سطوت از کوہ ستانند و بہ کاہے بخشند کلۂ جم بگدائے سرِ راہے بخشند	سطوت و شوکتِ کوہسار بہ کاہے بخشیں کلۂ جم بگدائے سرِ راہے بخشیں
در رہِ عشق فلاں ابنِ فلاں چیزے نیست یدِ بیضائے کلیمے بہ سیاہے بخشند	عشق کی رہ میں فلاں ابنِ فلاں چیز نہ کچھ یدِ بیضائے کلیمے بہ سیاہے بخشیں
گاہ شاہی بہ جگر گوشۂ سلطان ندہند گاہ باشد کہ بزندانیٔ چاہے بخشند	گاہ شاہی بہ جگر گوشۂ سلطان نہ دیں گہے سلطانی بزندانیٔ چاہے بخشیں
فقر را نیز جہاں بان و جہاں گیر کنند کہ بہ ایں راہ نشیں تیغِ نگاہے بخشند	گہ فقیروں کو جہاں بان و جہاں گیر کریں رہ نشینوں کو گہے تیغِ نگاہے بخشیں
عشق پامالِ خرد گشت و جہاں دیگر شد بود آیا کہ مرا رخصتِ آہے بخشند	عشق پامالِ خرد اور جہاں دیگر گوں کاش وہ مجھ کو ذرا رخصتِ آہے بخشیں

۲۴

نہ تو اندر حرم گنجی نہ در بتخانہ می آئی
ولیکن سوئے مشتاقاں چہ مشتاقانہ می آئی

قدم بے باک تر نہ در حریمِ جانِ مشتاقاں
تو صاحب خانۂ آخر چرا دزدانہ می آئی

بغارت می بری سرمایۂ تسبیح خواناں را
بشبخونِ دلِ زناریاں ترکانہ می آئی

گہے صد لشکر انگیزی کہ خونِ دوستاں ریزی
گہے در انجمن با شیشہ و پیمانہ می آئی

تو بر نخلِ کلیمے بے محابا شعلہ می ریزی
تو بر شمعِ یتیمے صورتِ پروانہ می آئی

بیا اقبالؔ جامے از خمستانِ خودی درکش
تو از میخانۂ مغرب زخود بیگانہ می آئی

سماتا ہے حرم میں اور نہ در بتخانہ آتا ہے
ولیکن سوئے مشتاقاں تو مشتاقانہ آتا ہے

حریمِ جانِ مشتاقاں کے بیباکانہ اندر آ
تو صاحب خانہ، اپنے گھر میں کیوں دزدانہ آتا ہے

کرے غارت گری سرمایۂ تسبیح خواناں کی
بہ شبخونِ دلِ زناریاں ترکانہ آتا ہے

گہے صد لشکر انگیزی سے تو کرتا ہے خونریزی
گہے محفل میں لے کر شیشہ و پیمانہ آتا ہے

جلاتا بے محابا ہے نہالِ طور کو لیکن
تو بر شمعِ یتیمے صورتِ پروانہ آتا ہے

خمستانِ خودی میں کر کبھی اقبالؔ میخواری
تو از میخانۂ مغرب زخود بیگانہ آتا ہے

۲۵

مثلِ آئینہ مشو محوِ جمالِ دگراں
از دل و دیدہ فرو شوے خیالِ دگراں

مثلِ آئینہ نہ ہو محوِ جمالِ دگراں
دھو دل و دیدہ سے اپنے تو خیالِ دگراں

آتش از نالۂ مرغانِ حرم گیر و بسوز
آشیانے کہ نہادی بہ نہالِ دگراں

آتشِ نالۂ مرغاں سے جلادے اسکو
آشیانہ جو ترا ہے بہ نہالِ دگراں

در جہاں بال و پرِ خویش کشودن آموز
کہ پریدن نتواں با پر و بالِ دگراں

سیکھ افشانیٔ بال و پرِ خود کرنی پھر
کہ نہ اُڑتا ہے کوئی با پر و بالِ دگراں

مردِ آزادم و آں گونہ غیورم کہ مرا
می تواں کُشت بیک جامِ زلالِ دگراں

مردِ آزاد ہوں، غیور بھی ایسا ہوں میں
قتل کرتا ہے مجھے آبِ زلالِ دگراں

اے کہ نزدیک تر از جانی و پنہاں زنگہ
ہجرِ تو خوشترم آید ز وصالِ دگراں

اے کہ نزدیک تر از جان و نہاں از دیدہ
خوب تر ہجر ہے تیرا ز وصالِ دگراں

۲۶

جہانِ عشق نہ میری، نہ سروری داند
ہمیں بس است کہ آئینِ چاکری داند

جہانِ عشق نہ میری، نہ سروری جانے
وہ جانے کچھ ہے تو آئینِ چاکری جانے

نہ ہر کہ طوفِ بتے کرد و بست زنارے
صنم پرستی و آدابِ کافری داند

نہ ہر کوئی جو کرے ہے طوافِ بتخانہ
صنم پرستی و آدابِ کافری جانے

ہزار خیبر و صد گونہ اژدر است ایں جا
نہ ہر کہ نانِ جویں خورد، حیدری داند

ہزار خیبر و صد گونہ اژدھے ہر سو
نہ ہر کہ نانِ جویں کھائے حیدری جانے

بچشمِ اہلِ نظر از سکندر افزون است
گداگرے کہ مآلِ سکندری داند

بچشمِ اہلِ نظر ہے فزوں سکندر سے
گداگرے کہ مآلِ سکندری جانے

بعشوہ ہائے جوانانِ ماہ سیما چیست
درآ بحلقۂ پیرے کہ دلبری داند

نہ جستجوئے جوانانِ ماہ سیما کر
تُو آ بہ حلقۂ پیرے کہ دلبری جانے

چہ گویمت ز مسلمانِ نامسلمانے
جز ایں کہ پورِ خلیل است و آذری داند

یہ کیسا طورِ مسلمانِ نامسلمان ہے
کہ ہو کے آلِ براہیم آذری جانے

یکے بہ غمکدۂ من گذر کن و بنگر
ستارہ سوختۂ کیمیاگری داند

تُو آ کے دیکھ ذرا میرے غمکدے میں کبھی
ستارہ سوختہ کیا کیمیاگری جانے

بیا بمجلسِ اقبالؔ و یک دو ساغر کش
اگرچہ سر نہ تراشد قلندری داند

درونِ محفلِ اقبالؔ آ کے دیکھ کہ وہ
منڈائے سر نہیں لیکن قلندری جانے

۲۷

خواجۂ نیست کہ چو بندہ پرستارش نیست	ہے نہ خواجہ کہ جو بندہ سا پرستار نہیں
بندۂ نیست کہ چو خواجہ خریدارش نیست	ہے نہ بندہ بھی جو خواجہ سا خریدار نہیں
گرچہ از طُور و کلیم است بیانِ واعظ	ذکرِ سینا کرے واعظ تو ہے لیکن اسکے
تابِ آں جلوہ بآئینۂ گفتارش نیست	تابِ یک جلوہ بہ آئینۂ گفتار نہیں
پیرِ ما مصلحتاً رُو بمجاز آورد است	پیرِ ما مصلحتاً رُو بہ مجاز ہووے ہے
ورنہ با زہرہ وشاں ہیچ سروکارش نیست	مہ وشوں سے اسے کچھ ورنہ سروکار نہیں
دل با دبندُ و ازیں خرقہ فروشاں بگریز	صرف دل اُس سے لگا خرقہ فروشوں کی نہ سن
نشوی صیدِ غزالے کہ ز تا تارش نیست	ہو نہ تُو صیدِ غزالے کہ ز تا تار نہیں
نغمۂ عافیت از بربطِ من می طلبی ؟	نغمۂ عافیت اک تجھ کو طلب بربط سے
از کجا بر کشم آں نغمہ کہ در تارش نیست	زمزمہ ایسا ولے رکھتا کوئی تار نہیں
دلِ ما قشقہ زد و برہمنی کرد ولے	کھینچ کر قشقہ کرے برہمنی دل میرا
آں چناں کرد کہ شائستۂ زنارش نیست	پر کسی طور یہ شائستۂ زنار نہیں
عشق در صحبتِ میخانہ بگفتار آید	عشق کی بات سمجھتا ہے مری پیرِ مغاں
زانکہ در دَیر و حرم محرمِ اسرارش نیست	کوئی در دَیر و حرم محرمِ اسرار نہیں

۲۸

اگرچہ زیبِ سرش افسر و کلاہے نیست
گدائے کوئے تو کمتر ز پادشاہے نیست

ہے سر پہ اسکے اگر افسر و کلاہ نہیں
گدائے کُو ترا کمتر ز پادشاہ نہیں

بخواب رفتہ جوانان و مردہ دل پیراں
نصیبِ سینۂ کس آہِ صبحگاہے نیست

بخواب رفتہ جوانان و مردہ دل پیراں
درونِ سینہ کوئی آہِ صبحگاہ نہیں

بایں بہانہ بدشتِ طلب ز پا منشیں
کہ در زمانۂ ما آشنائے راہے نیست

نہ بیٹھ دشتِ طلب میں تُو اس بہانے سے
کہ تیرے ساتھ کوئی آشنائے راہ نہیں

ز وقتِ خویش چہ غافل نشستۂ دریاب
زمانۂ کہ حسابش بہ سال و ماہے نیست

تُو وقتِ خویش سے غافل ہوا ہے، حاصل کر
زمانہ جس میں شمارش بہ سال و ماہ نہیں

دریں رباطِ کہن چشمِ عافیت داری ؟
ترا بہ کشمکشِ زندگی نگاہے نیست

نہ اس رباطِ کہن میں کر عافیت جوئی
تجھے بہ کشمکشِ زندگی نگاہ نہیں

گناہِ ما چہ نویسند کاتبانِ عمل
نصیبِ ما ز جہانِ تو جز نگاہے نیست

گناہ لکھتے مرے ہیں کیوں کاتبانِ عمل
ملا جہاں میں ترے کچھ سوا نگاہ نہیں

بیا کہ دامنِ اقبالؔ را بدست آریم
کہ او ز خرقہ فروشانِ خانقاہے نیست

نہ چھوڑ دامنِ اقبالؔ ہاتھ سے اپنے
کہ اس میں خرقہ فروشیِ خانقاہ نہیں

۲۹

نظرِ تو ہمہ تقصیرِ خرد کوتاہی
نرسی جز بہ تقاضائے کلیم اللّٰہی

نگہ تیری ہمہ تقصیرِ خرد کوتاہی
نہ ملے جز بہ تقاضا ہے کلیم اللّٰہی

راہ کو راست بخود غوطہ زن اے سالکِ راہ
جادہ را گم نکند در تہِ دریا ماہی

ڈھونڈ مت جادہ، لگا غوطہ تو اے سالکِ رہ
راہ گم کرتی نہیں در تہِ دریا ماہی

حاجتے پیشِ سلاطیں نبرد مردِ غیور
چہ تواں کرد کہ از کوہ نیاید کاہی

مانگتا ہے نہ سلاطین سے کچھ مردِ غیور
چاہتا فقر نہیں منصب و صاحب جاہی

مگذر از نغمۂ شوقم کہ بیابی در وے
رمزِ درویشی و سرمایۂ شاہنشاہی

نغمۂ شوق مرا سن کہ ملیں گے اس میں
رمزِ درویشی و سرمایۂ شاہنشاہی

نفسم با تو کند آنچہ بہ گُل کرد نسیم
اگر از لذتِ آہِ سحری آگاہی

تجھ کو ہو میرا نفس، گُل کو جو ہے بادصبا
حظِ آہِ سحری سے ہو تجھے آگاہی

اے فلک چشمِ تو بیباک و بلاجوست ہنوز
می شناسم کہ تماشائے دگر می خواہی

اے فلک چشم ہے بیباک و بلاجُو تیری
دیکھے عالم تو نیا گر ہو تماشا خواہی

پیامِ مشرق

لالۂ طور

قطعات و رُباعیات

۱

گریز آخر ز عقلِ ذو فنون کرد   گریز ہم کو ز عقلِ ذو فنوں ہے
دلِ خود کام را از عشق خوں کرد   دلِ خود کام کرتا عشق خوں ہے

ز اقبالِ فلک پیما چہ پرسی   نہ اقبالِ فلک پیما کی پوچھو
حکیمِ نکتہ دانِ ما جنوں کرد   حکیم نکتہ داں میں بھی جنوں ہے

۲

دلِ من روشن از سوزِ دروں است   کرے روشن جو دل، سوزِ دروں ہے
جہاں بیں چشمِ من از اشکِ خون است   جہاں بیں چشم کرتا اشکِ خوں ہے

ز رمزِ زندگی بیگانہ تر باد   وہ بیگانہ ہے رمزِ زندگی سے
کسے کو عشق را گوید جنون است   جو کہتا عشق کو میرے جنوں ہے

۳

بباغاں بادِ فروردیں دہد عشق   بباغاں بادِ فروردیں ترا عشق
براغاں غنچہ چو پرویں دہد عشق   براغاں زہرہ و پرویں ترا عشق

شعاعِ مہر او قلزم شگاف است   شعاعِ عشق ہے قلزم شگاف اک
بماہی دیدۂ رہ بیں دہد عشق   بماہی دیدۂ رہ بیں ترا عشق

۴

ببرگِ لالہ رنگ آمیزیٔ عشق	بہ برگِ لالہ رنگ آمیزیٔ عشق
بجانِ ما بلا انگیزیٔ عشق	بہ جانِ ما بلا انگیزیٔ عشق
اگر ایں خاکداں را وانشگافی	اگر اس خاکداں کا سینہ چیریں
درونش بنگری خونریزیٔ عشق	نظر آئے وہاں خونریزیٔ عشق

۵

نہ ہر کس از محبت مایہ دار است	نہ ہر کس کو محبت مایہ داری
نہ با ہر کس محبت سازگار است	نہ ہر کس کی کرے یہ سازگاری
بروید لالہ با داغِ جگر تاب	اُگے ہے لالہ با داغِ جگر تاب
دلِ لعلِ بدخشاں بے شرار است	دلِ لعل و گہر ہے بے شراری

۶

دریں گلشن پریشاں مثلِ بوئیم	چمن میں ہم پریشاں مثلِ بو ہیں
نمی دانم چہ می خواہم، چہ جوئیم	نہ جانے کس کی کرتے جستجو ہیں
برآید آرزو یا بر نیاید	برآئے آرزو یا بر نہ آئے
شہیدِ سوز و سازِ آرزوئیم	شہیدِ سوز و سازِ آرزو ہیں

۷

جہاں مشتِ گِل و دل حاصلِ اوست
ہمیں یک قطرۂ خوں مشکلِ اوست

نگاہِ ما دو بیں افتاد ورنہ
جہانِ ہر کسے اندر دلِ اوست

جہاں مشتِ گِل اور دل اسکا حاصل
ہے اک قطرہ مگر کتنا ہے مشکل

نگہ دو بیں ہماری ہے وگرنہ
جہاں سارا ہے خود اک حاصلِ دل

۸

سحر می گفت بلبل باغباں را
دریں گِل جز نہالِ غم نگیرد

بہ پیری می رسد خارِ بیاباں
ولے گُل چوں جواں گردد بمیرد

کہا بلبل نے اکدن باغباں سے
کہ گلشن جز نہالِ غم نہیں کچھ

مَرے ہے پیر ہو کر خار لیکن
شبابِ گُل اجل سے کم نہیں کچھ

۹

نوائے عشق را ساز است آدم
کشاید راز و خود راز است آدم

جہاں او آفرید، ایں خوب تر ساخت
مگر با ایزد انباز است آدم

نوائے عشق کا ہے ساز آدم
گو ہے کشّاف، خود ہے راز آدم

بنایا خوب عالم، خوب تر ہے
خدا کا ہے یہ کیا انباز آدم

۱۰

نہ من انجام، نے آغاز جویم
ہمہ رازم، جہانِ راز جویم

نہ ہم انجام، نے آغاز ڈھونڈیں
خفی ہیں خود، جہانِ راز ڈھونڈیں

گر از روئے حقیقت پردہ گیرند
ہماں بوک و مگر را باز جویم

کبھی کُھل جائے گر روئے حقیقت
وہی کاش و مگر ہم باز ڈھونڈیں

۱۱

دلا، نارائیِ پروانہ تا کے
نگیری شیوۂ مردانہ تا کے

تجھے بے فکرئ پروانہ کب تک
یہ عارِ شیوۂ مردانہ کب تک

یکے خود را بسوزِ خویشتن سوز
طوافِ آتشِ بیگانہ تا کے

خودی کے سوز میں خود کو جلا دے
طوافِ آتشِ بیگانہ کب تک

۱۲

تنے پیدا کن از مشتِ غبارے
تنے محکم تر از سنگیں حصارے

تن اک پیدا کر از مشتِ غبارے
جو ہو محکم تر از سنگیں حصارے

درونِ او دلِ درد آشنائے
چو جوئے در کنارِ کہسارے

دلِ درد آشنا ہو اس میں، جیسے
کہ جوئے در کنارِ کہسارے

۱۳

ز آب و گِل خدا خوش پیکرے ساخت   بہ آب و گِل بنا خوش پیکرے تُو
جہانے از ارم زیبا ترے ساخت   جہانے از ارم زیبا ترے تُو

ولے ساقی بہ آں آتش کہ دارد   بنا آتش سے جو ہے پاس تیرے
ز خاکِ من جہانِ دیگرے ساخت   ز خاکِ من جہانِ دیگرے تُو

۱۴

بہ یزداں روزِ محشر برہمن گفت   کہا محشر میں رب سے برہمن نے
فروغِ زندگی تابِ شرر بود   فروغِ زندگی تابِ شرر ہے

ولیکن گر نرنجی با تو گویم   برا گر تُو نہ مانے تو کہوں میں
صنم از آدمی پائندہ تر بود   صنم از آدمی پائندہ تر ہے

۱۵

گذشتی تیز گام اے اخترِ صبح   ہے گر تیزی سے جائے اخترِ صبح
مگر از خوابِ ما بیزار رفتی   تو میرے خواب سے بیزار جائے

من از ناآگہی گم کردہ راہم   کرے غافل مجھے ناآگہی ہے
تو بیدار آمدی، بیدار رفتی   رہے بیدار وہ، بیدار جائے

۱۶

تہی از ہائے و ہُو میخانہ بودے
گُلِ ما از شرر بیگانہ بودے
نبودے عشق و ایں ہنگامۂ عشق
اگر دل چو خرد فرزانہ بودے

تہی از ہا و ہُو میخانہ ہووے
شرر سے گُل مری بیگانہ ہووے
نہ ہووے عشق اور ہنگامۂ عشق
اگر دل عقل سا فرزانہ ہووے

۱۷

ترا اے تازہ پرواز آفریدند
سراپا لذتِ بال آزمائی
ہوس ما را گراں پرواز دارد
تو از ذوقِ پریدن پَر کشائی

بلند اقبال و شہباز و ہما تُو
سراپا لذتِ بال آزما تُو
چمن میں اس گراں پرواز ہوں میں
سبک پرواز تُو ہے، پَر کُشا تُو

۱۸

شنیدم در عدم پروانہ می گفت
دمے از زندگی تاب و تبم بخش
پریشاں کن سحر خاکسترم را
ولیکن سوز و سازِ یک شبم بخش

کہا رب سے پتنگے نے عدم میں
مجھے دم بھر کی عمرِ تاب و تب دے
پریشاں صبح دم کر خاک میری
ولے پہلے تُو سوز و سازِ شب دے

۱۹

رہے در سینۂ انجم کشائی   دلِ انجم میں رہ تُو نے بنائی
ولے از خویشتن نا آشنائی   مگر خود سے رہی نا آشنائی

یکے بر خود کشا چوُ دانہ چشمے   تُو مثلِ دانہ ابھرے نخل بن کر
کہ از زیرِ زمیں نخلے بر آئی   اگر خود پر کرے دیدہ کشائی

۲۰

مرا ذوقِ سخن خوں در جگر کرد   کرے ذوقِ سخن خونِ جگر ہے
غبارِ راہ را مشتِ شرر کرد   غبارِ رہ بنے مشتِ شرر ہے

بگفتارِ محبت لب کشودم   بیانِ عشق میرا پر ہے ایسا
بیاں ایں راز را پوشیدہ تر کرد   کرے یہ راز اور پوشیدہ تر ہے

۲۱

ترا یک نکتۂ سربستہ گویم   بتاؤں نکتۂ سربستہ تجھ کو
اگر درسِ حیات از من بگیری   سنے گر غور سے اک بات میری

بمیری گر بہ تن جانے نداری   نکلتی جاں ہے گر بے جان ہو دل
وگر جانے بہ تن داری، نمیری   ہو دل میں جاں تو نکلے جاں نہ تیری

۲۲

بہل افسانۂ آں پا چراغے　　نہ سن افسانہ ہائے پا چراغے
حدیثِ سوزِ او آزارِ گوش است　　حکایت اس کی ہے آزارِ گوشی

من آں پروانہ را پروانہ دانم　　اگر پروانہ کوئی ہے تو وہ ہے
کہ جانش سخت کوش و شعلہ نوش است　　ہو جس کو سخت کوشی، شعلہ نوشی

۲۳

ترا از خویشتن بیگانہ سازد　　کرے بیگانہ خود سے، پاس میرے
من آں آبے طربناکے ندارم　　وہ اک آبِ طربناکے نہیں ہے

بہ بازارم مجو دیگر متاعے　　متاع بازار میں مت ڈھونڈ میرے
چو گل جز سینۂ چاکے ندارم　　کہ واں جز سینۂ چاکے نہیں ہے

۲۴

زیاں بینی ز سیرِ بوستانم　　نہ جز نقصاں ملے گا کچھ چمن میں
اگر جانت شہیدِ جستجو نیست　　نہیں گر تو شہیدِ جستجو ہے

نمایم آنچہ ہست اندر رگِ گل　　تو دیکھے گا رگِ گل ایک، جس میں
بہارِ من طلسمِ رنگ و بو نیست　　نہیں کوئی طلسمِ رنگ و بو ہے

۲۵

برون از ورطۂ بود و عدم شو
فزوں تر زیں جہانِ کیف و کم شو
خودی تعمیر کن در پیکرِ خویش
چو ابراہیم معمارِ حرم شو

بروں از ورطۂ بود و عدم ہو
فزوں تر از جہانِ کیف و کم ہو
خودی تعمیر کر پیکر میں اپنے
بن ابراہیم، معمارِ حرم ہو

۲۶

ز مرغانِ چمن نا آشنایم
بشاخِ آشیاں تنہا سرایم
اگر نازک دلی از من کراں گیر
کہ خونم می تراود از نوایم

ز مرغانِ چمن نا آشنا میں
بشاخِ آشیاں نغمہ سرا میں
ہے نازک دل اگر، رہ دُور مجھ سے
کہ خوں ٹپکائے جو، ہوں وہ نوا میں

۲۷

جہاں یا رب چہ خوش ہنگامہ دارد
ہمہ را مستِ یک پیمانہ کر دی
نگہ را با نگہ آمیز دادی
دل از دل، جاں ز جاں بیگانہ کردی

یہ کیا ہنگامہ یا رب ہے کہ سب کو
کیا ہے مستِ یک پیمانہ تُو نے
ملا دی ہیں نگاہیں، پر کیے ہیں
دل از دل، جاں ز جاں بیگانہ تُو نے

۲۸

سکندر با خضر خوش نکتۂ گفت
شریکِ سوز و سازِ بحر و بر شو

تو ایں جنگ از کنارِ عرصہ بینی
بمیر اندر نبرد و زندہ تر شو

سکندر نے کہا اک دن خضر سے
شریکِ سوز و سازِ بحر و بر ہو

نہ بیٹھا دُور سے یوں دیکھ جنگیں
تُو مر کے کشمکش میں زندہ تر ہو

۲۹

سریرِ کیقباد، اکلیلِ جم خاک
کلیسا و بتستان و حرم خاک

ولیکن من ندانم گوہرم چیست
نگاہم برتر از گردوں، تنم خاک

کلاہِ کیقباد و تختِ جم خاک
کنشت و بتکدہ، دیر و حرم خاک

مگر دیکھو، ہے کیا جوہر ہمارا
نگہ عرشِ بریں پر اور ہم خاک

۳۰

اگر در مشتِ خاکِ تُو نہادند
دلِ صد پارۂ خونابہ بارے

ز ابرِ نو بہاراں گریہ آموز
کہ از اشکِ تو روید لالہ زارے

ہو مشتِ خاک میں تیری بھی گر
دلِ صد پارۂ خونابہ بارے

مثالِ ابرِ گریاں چشم تیری
کرے سرسبز و تازہ لالہ زارے

۳۱

دمادم نقش ہائے تازہ ریزد   دمادم نقش ہائے تازہ و نو
بیک صورت قرارِ زندگی نیست   نہ یک صورت قرارِ زندگی ہے

اگر امروزِ تو تصویرِ دوش است   اگر ہے آج کل جیسی تو تجھ میں
بخاکِ تو شرارِ زندگی نیست   نہیں کوئی شرارِ زندگی ہے

۳۲

چوں ذوقِ نغمہ ام در جلوت آرد   مرا ہو ذوقِ نغمہ گر بہ جلوت
قیامت افگنم در محفلِ خویش   کروں محشر بپا در محفلِ خویش

چوں می خواہم دمے خلوت بگیرم   اگر مل جائے کچھ تھوڑی سی خلوت
جہاں را گم کنم اندر دلِ خویش   جہاں کو گم کروں اندر دلِ خویش

۳۳

چہ می پرسی میانِ سینہ دل چیست   ہے سینے میں، نہ پوچھ، اک چیز کیا دل
خرد چوں سوز پیدا کرد، دل شد   ہوا جب سوز دانش میں، بنا دل

دل از ذوقِ تپش دل بود لیکن   بنایا دل کو دل ذوقِ تپش نے
چوں یکدم از تپش افتاد، گِل شد   تپش کھوئی اگر اس نے، ہوا گِل

۳۴

نہ پیوستم دریں بستاں سرا دل
زبندِ این و آں آزادہ رفتم

نہ پیوستہ ہوں اک گلشن سرا سے
زبندِ ایں و آں آزاد ہوں میں

چوں بادِ صبح گردیدم دمے چند
گلاں را آب و رنگے دادہ رفتم

گلوں میں آب و تاب و رنگ بھرتی
چلے جو صبح دم وہ باد ہوں میں

۳۵

سفالم را مئے او جامِ جم کرد
درونِ قطرہ ام پوشیدہ یم کرد

سفال اک مے سے اسکی جامِ جم ہے
مرے قطرے میں اک پوشیدہ یم ہے

خرد اندر سرم بتخانۂ ریخت
خلیلِ عشق دیرم را حرم کرد

خرد پیدا کرے بتخانہ سر میں
بنائے دل میں پر الفت حرم ہے

۳۶

ہنوز از بندِ آب و گِل نہ رستی
تو گوئی رومی و افغانیم من

نہیں آزادِ بندِ آب و گل وہ
جو کہوے رومی و افغان ہوں میں

من اول آدمِ بے رنگ و بویم
ازاں پس ہندی و توارنیم من

میں کہتا لیکن اس سے برملا ہوں
کہ پہلے سب سے اک انسان ہوں میں

٣٧

گدائے جلوہ رفتی بر سرِ طور
کہ جانِ تو ز خود نا محرمے ہست

قدم در جستجوئے آدمے زن
خدا ہم در تلاشِ آدمے ہست

گدائے جلوہ تُو ہے بر سرِ طور
پر اپنے سے تجھے نا محرمی ہے

نہ تُو کیوں ڈھونڈتا ہے آدمی، جب
خدا تک کو تلاشِ آدمی ہے

٣٨

بگو جبریل را از من پیامے
مرا آن پیکرِ نوری ندادند

ولے تاب و تبِ ما خاکیاں بیں
بنوری ذوقِ مہجوری ندادند

کہو جا کر کبھی روح الامیں سے
گو تجھ کو پیکرِ نوری ملا ہے

ولے نے خاکیوں کا دل، نہ تجھ کو
متاعِ ذوقِ مہجوری ملا ہے

٣٩

ہمائے علم تا افتد بدامت
یقیں کم کن، گرفتارِ شکے باش

عمل خواہی؟ یقیں را پختہ تر کن
یکے جوے ویکے بین ویکے باش

ہمائے علم آئے دام میں تا
یقیں کم کر، گرفتارِ شکے بن

وگر چاہے عمل، پیدا یقیں کر
یکے جوئے، یکے بینے، یکے بن

۴۰

ز پیوندِ تن و جانم چہ پرسی
بدامِ چند و چوں در می نیایم

یہ پیوندِ تن و جاں ہے کچھ ایسا
میں دامِ چند و چوں میں آگرا ہوں

دمِ آشفتہ ام، در پیچ و تابم
چوں از آغوشِ نے خیزم نوایم

دم آشفتہ ہے، تاب و تب ہے ایسی
کہ سازوں میں میں اک مضطر نوا ہوں

۴۱

من از بود و نبودِ خود خموشم
اگر گویم کہ ہستم خود پرستم

مجھے ہستی سے بہتر نیستی ہے
کہ ہستی میں نہیں جز خود پرستی

ولیکن ایں نوائے سادۂ کیست
کسے در سینہ می گوید کہ ہستم

نوائے سادہ لیکن ہے یہ کس کی
جو دیتی ہے مجھے احساسِ ہستی

۴۲

ز خوب و زشتِ تو نا آشنایم
عیارش کردۂ سود و زیاں را

نہ خوب و زشت سے میں آشنا ہوں
نہ کچھ میرے لئے سود و زیاں ہے

دریں محفل ز من تنہا ترے نیست
بچشمِ دیگرے بینم جہاں را

نہ تنہا کوئی مجھ جیسا کہ میں نے
بچشمِ دیگراں دیکھا جہاں ہے

۴۳

تو اے شیخِ حرم شاید ندانی
جہانِ عشق را ہم محشرے ہست

گناہ و نامہ و میزاں ندارد
نہ او را مسلمے، نے کافرے ہست

نہیں یہ جانتا شیخِ حرم تو
جہانِ عشق میں بھی محشرے ہے

گناہ و نامہ و میزاں نہ واں پر
نہ کوئی مسلمے، نے کافرے ہے

۴۴

چوں تاب از خود بگیرد قطرۂ آب
میانِ صد گہر یک دانہ گردد

بہ بزمِ ہمنوایاں آنچناں زی
کہ گلشن بر تو خلوت خانہ گردد

جو خود سے تاب لیوے قطرۂ آب
میانِ صد گہر یک دانہ ہووے

بہ بزمِ ہمنوایاں رہ تُو ایسے
کہ گلشن تیرا خلوت خانہ ہووے

۴۵

میارا بزم بر ساحل کہ آنجا
نوائے زندگانی نرم خیز است

بدریا غلط و با موجش در آویز
حیاتِ جاوداں اندر ستیز است

نہ رہ ساحل پہ اے ہمدم کہ واں پر
نوائے زندگی ہے نرم خیزے

ہو غوطہ زن تُو دریا میں، ملے تا
حیاتِ جاوداں اندر ستیزے

۴۶

سراپا معنئ سربستہ ام من   سراپا معنئ سربستہ ہیں، اور
نگاہِ حرف بافاں برنتابم   نگاہِ حرف بافاں نیم خوابی

نہ مختارم تواں گفتن نہ مجبور   نہ میں مختار، نے مجبور و مسکیں
کہ خاکِ زندہ ام در انقلابم   ہے خاکِ زندہ میری انقلابی

۴۷

مگو از مدعائے زندگانی   نہ کہہ کچھ مدعائے زندگانی
ترا بر شیوہ ہائے او نگہ نیست   نہ پہچانے اسے تیری نگہ کچھ

من از ذوقِ سفر آنگو نہ مستم   ہوا ہیں مست یوں ذوقِ سفر سے
کہ منزل پیشِ من جز سنگِ رہ نیست   نہ منزل ہے مری جز سنگِ رہ کچھ

۴۸

اگر کردی نگہ بر پارۂ سنگ   نگہ ڈالے تو پتھر پر تو اسکو
ز فیضِ آرزوئے تو گہر شد   بنائے آرزو تیری گہر ہے

بزر خود را مسنج اے بندۂ زر   بذاتِ خود نہیں کچھ زر کے اندر
کہ زر از گوشۂ چشمِ تو زر شد   بناتی آنکھ تیری اسکو زر ہے

۴۹

مشو اے غنچۂ نورستہ دل گیر	نہ ہو اے غنچۂ نوخیز دل گیر
ازیں بستاں سرا دیگر چہ خواہی	کرے ہیں تیری سب یاں خیر خواہی
لبِ جو، بزمِ گل، مرغِ چمن سیر	لبِ جو، بزمِ گل، مرغِ چمن سیر
صبا، شبنم، نوائے صبحگاہی	صبا، شبنم، نوائے صبحگاہی

۵۰

مرا روزے گلِ افسردہ گفت	کہا بلبل نے یہ افسردگی سے
نمودِ ما چو پروازِ شرار است	نمودِ گل ہے پروازِ شراری
دلم بر محنتِ نقش آفریں سوخت	رحم آیا مجھے نقش آفریں پر
کہ نقشِ کلکِ او ناپائیدار است	ہے کیسی نقش میں ناپائیداری

۵۱

جہانِ ما کہ پایانے ندارد	یہ عالم ہے جو بے پایاں ہمارا
چو ماہی دریمِ ایام غرق است	جوں ماہی، دریمِ ایام غرقہ
یکے بر دل نظر وا کن کہ بینی	کر اپنی چشمِ دل وا تا کہ دیکھے
یمِ ایام دریک جام غرق است	یمِ ایام دریک جام غرقہ

۵۲

بمرغانِ چمن ہمداستانم   بمرغانِ چمن ہمداستاں ہوں
زبانِ غنچہ ہائے بے زبانم   زبانِ غنچہ ہائے بے زباں ہوں

چوں میرم با صبا خاکم بیامیز   اڑاؤ خاک کو میری صبا میں
کہ جز طوفِ گلاں کارے ندانم   شہیدِ لذتِ طوفِ گلاں ہوں

۵۳

نماید آنچہ ہست ایں وادیٔ گل ؟   کوئی بتلائے اس وادیٔ گل میں
درونِ لالۂ آتش بجاں چیست ؟   درونِ لالہ ہے آتش بجاں کیا

بچشمِ ما چمن یک موجِ رنگ است   بچشمِ ما چمن ہے رنگِ موج اک
کہ می داند بچشمِ بلبلاں چیست ؟   مگر یہ ہے بچشمِ بلبلاں کیا

۵۴

تو خورشیدی و من سیارۂ تو   تُو خورشید اور میں سیارہ تیرا
سراپا نورم از نظارۂ تو   کرے پُر نور اک نظارہ تیرا

ز آغوشِ تو دُورم ناتمامم   میں ناکامل ہوں رہ کر دُور تجھ سے
تو قرآنی و من سیپارۂ تو   تُو قرآں اور میں سیپارہ تیرا

۵۵

خیالِ او درونِ دیدہ خوشتر
غمش افزودہ، جاں کاہیدہ خوشتر

مرا صاحبدلے ایں نکتہ آموخت
ز منزل جادۂ پیچیدہ خوشتر

خیال اسکا درونِ دیدہ خوشتر
غمِ افزودہ و جاں کاہیدہ خوشتر

بتایا صاحبِ دل نے یہ نکتہ
ز منزل جادۂ پیچیدہ خوشتر

۵۶

بساطم خالی از مرغِ کباب است
نہ در جامم مئے آئینہ تاب است

غزالِ من خورد برگِ گیاہے
ولے خونِ دلِ او مشکِ ناب است

نہیں ہے خوان پر مرغِ کبابی
نہ در ساغر مئے آئینہ تابی

گو کھائے برگ و خس ہے میرا آہو
ہے اسکے خونِ دل میں مشکِ نابی

۵۷

صنوبر بندۂ آزادۂ او
فروغِ روئے گل از بادۂ او

حریمش آفتاب و ماہ و انجم
دلِ آدم درِ نکشادۂ او

صنوبر بندۂ آزادۂ او
فروغِ روئے گل از بادۂ او

حریم اسکا ہے مہر و ماہ و انجم
دلِ آدم درِ نکشادۂ او

۵۸

زانجم تا بہ انجم صد جہاں بود
خرد ہر جا کہ پر زد آسماں بود

زانجم تا بہ انجم صد جہاں تھے
بنائے عقل نے سو آسماں تھے

ولیکن چوں بخود نگریستم من
کرانِ بیکراں در من نہاں بود

ولے دیکھا جو میں نے دل میں اپنے
کرانِ بیکراں مجھ میں نہاں تھے

۵۹

بپائے خود مزن زنجیرِ تقدیر
تہِ ایں گنبدِ گرداں رہے ہست

نہ ڈالو پاؤں میں زنجیرِ تقدیر
کہ اندر گنبدِ گرداں ہے راہے

اگر باور نداری، خیز و دریاب
کہ چوں پا واکنی جولاں گہے ہست

یقیں اسکا نہ ہو تو آکے دیکھو
تہِ آزاد پا جولان گاہے

۶۰

نفس آشفتہ موجے از یمِ اوست
نئے ما نغمۂ ما از دمِ اوست

نفس آشفتہ موجے از یمِ او
نے و نغمہ ہمارا از دمِ او

لبِ جوئے ابد چو سبزہ رُستم
رگِ ما، ریشۂ ما از نمِ اوست

لبِ جوئے ابد، سیراب و تر ہے
رگ و ریشہ ہمارا از نمِ او

٦١

ترا دردِ یکی در سینہ پیچد
جہانِ رنگ و بو را آفریدی

تجھے دردِ یکی تھا گر، تو کیوں یہ
جہانِ رنگ و بو پیدا کیا ہے

دگر از عشقِ بیباکم چہ رنجی
کہ خود ایں ہائے و ہُو را آفریدی

میری الفت سے نالاں تھا تو پھر کیوں
یہ شورِ ہا و ہُو پیدا کیا ہے

٦٢

تو اے کودک منش خود را ادب کن
مسلماں زادۂ، ترکِ نسب کن

یہ بچپن چھوڑ دے، تھوڑا ادب کر
مسلماں زاد تُو ترکِ نسب کر

برنگِ احمر و خون و رگ و پوست
عرب نازد اگر ترکِ عرب کن

برنگِ احمر و خون و رگ و پوست
عرب نازاں ہو گر، ترکِ عرب کر

٦٣

نہ افغانیم و نے تُرک و تتاریم
چمن زادیم و از یک شاخساریم

نہ افغانی، نہ ترکی، نے تتاری
گل و برگ و برِ یک شاخساری

تمیزِ رنگ و بو بر ما حرام است
کہ ما پرورده یک نو بہاریم

تمیزِ رنگ و بُو کرتے نہیں کچھ
کہ ہیں پروردگانِ نو بہاری

۶۴

نہاں در سینۂ ما عالمے ہست
بخاکِ ما دلے، در دل غمے ہست

از آں صہبا کہ جانِ ما برا فروخت
ہنوز اندر سبوئے ما نمے ہست

نہاں اندر ہمارے ایک عالم
ہے دل سینے میں، دل میں ہے غم و غم

وہ صہبا جس نے جاں کی ہے فروزاں
ہمارے خُم میں ہے اسکا ابھی نم

۶۵

دلِ من! اے دلِ من!! اے دلِ من!!!
یمِ من، کشتئ من، ساحلِ من!

چو شبنم بر سرِ خاکم چکیدی
دیا چو غنچہ رُستی از گلِ من

دلِ من، اے دلِ من، اے دلِ من
یمِ من، کشتئ من، ساحلِ من

کرے نم خاک، گہہ تُو بن کے شبنم
گہے گُل بن کے نکلے از گلِ من

۶۶

جہانِ رنگ و بو فہمیدنی ہست
دریں وادی بسے گل چیدنی ہست

دلے چشم از درونِ خود نہ بندی
کہ در جانِ تو چیزے دیدنی ہست

جہانِ رنگ و بو فہمیدنی ہے
بہت وادی میں اس گُل چیدنی ہے

نہ کر بند آنکھ اپنے اندروں سے
کہ جاں اک تیری چیزِ دیدنی ہے

۶۷

کسے کو دردِ پنہانے ندارد
تنے دارد ولے جانے ندارد

وہ انساں دردِ پنہاں ہے نہ جس میں
رکھے تن ایک وہ‘ جاں ہے نہ جس میں

اگر جانے ہوس داری‘ طلب کن
تب و تابے کہ پایانے ندارد

تری جاں میں ہوس ہے تو طلب کر
تب و تابے کہ پایاں ہے نہ جس میں

۶۸

بچندیں جلوہ در زیرِ نقابی
نگاہِ شوقِ مارا برنتابی

بڑھائے جلوۂ زیرِ نقابی
نگاہِ شوق کی اور اضطرابی

دوی در خونِ ما چو مستئ مے
ولے بیگانہ خوئی‘ دیریابی

دے خوں کو مستئ مے گو رکھے ھے
یہ اک بیگانہ خوئی‘ دیر یابی

۶۹

دل از منزل تہی کن پا بہ رہ دار
نگہ را پاک مثلِ مہر و مہ دار

نہ کر منزل کی پروا‘ پا بہ رہ رکھ
نگہ کو پاک مثلِ مہر و مہ رکھ

متاعِ عقل و دیں با دیگراں بخش
غمِ عشق ار بدست افتد نگہ دار

متاعِ عقل و دیں دے دوسروں کو
غمِ دل گر ملے‘ اس پر نگہ رکھ

۷۰

بیا اے عشق، اے رمزِ دلِ ما	تو آ اے عشق، اے رمزِ دلِ ما
بیا اے کشتِ ما، اے حاصلِ ما	تو آ اے کشتِ ما، اے حاصلِ ما
کہن گشتند ایں خاکی نہاداں	پرانے ہو گئے خاکی نہاداں
دگر آدم بنا کن از گلِ ما	دگر آدم بنا تو از گلِ ما

۷۱

سخن درد و غم آرد، درد و غم بہ	سخن میں درد و غم تو درد و غم بہ
مرا ایں نالہ ہائے دمبدم بہ	مجھے یہ نالہ ہائے دمبدم بہ
سکندر را ز عیشِ من خبر نیست	سکندر بے خبر عشرت سے میری
نوائے دلکشے از ملکِ جم بہ	نوائے دلکشے از ملکِ جم بہ

۷۲

نہ من بر مرکبِ ختلی سوارم	نہیں مقصود کچھ شاہی سواری
نہ از وابستگانِ شہر یارم	طلب ہم کو نہ کاخِ شہر یاری
مرا اے ہمنشیں دولت ہمیں بس	نہاں سینے میں الماس و گہر ہیں
چوں کاوم سینہ را، لعلے بر آرم	کسی سے کم نہیں دولت ہماری

۷۳

ندانم بادہ ام یا ساغرم من
گہر در دامنم یا گوہرم من

نہ جانے مے ہوں میں یا ہوں میں ساغر
گہر دامن کا ہوں یا خود ہوں گوہر

چناں بینم چوں بر دل دیدہ بندم
کہ جانم دیگراست و دیگرم من

لگے ہے، دل سے جب ہوتا ہوں غافل
کہ جاں میری ہے دیگر، میں ہوں دیگر

۷۴

چساں زاید تمنا در دلِ ما ؟
چساں سوزد چراغِ منزلِ ما ؟

یہ کیسی ہے تمنا در دلِ ما
جلے کیسے چراغِ منزلِ ما

بچشمِ ما کہ می بیند؟ چہ بیند ؟
چساں گنجید دل اندر گِلِ ما ؟

ہوئے ہیں دیکھ کر حیراں بہت ہم
سمایا دل ہے کیسے در گِلِ ما

۷۵

چوں در جنت خرامیدم پس از مرگ
بچشمم ایں زمین و آسماں بود

خراماں خُلد میں تھا بعدِ مردن
نظر آتی زمیں تھی، آسماں تھا

شکے با جانِ حیرانم در آویخت
جہاں بود آں کہ تصویرِ جہاں بود

زمیں کو دیکھ کر پوچھا کہ یا رب
جہاں یہ تھا کہ اک وہمِ جہاں تھا

۷۶

بمنزل رہروِ دل در نسازد
بآب و آتش و گِل در نسازد

ز بیداری کہ در تن آرمید است
کہ ایں دریا بساحل در نسازد

دلِ رہرو کو منزل کچھ نہیں ہے
یہ آب و آتش و گِل کچھ نہیں ہے

ہے ذوقِ سیل کچھ ایسا کہ اسکو
رکھے دریا جو ساحل، کچھ نہیں ہے

۷۷

بیا با شاہدِ فطرت نظر باز
چرا در گوشۂ خلوت گزینی

ترا حق داد چشمِ پاک بینے
کہ از نورش نگاہے آفرینی

کر اگر شاہدِ فطرت کا جلوہ
نہ اتنا کُنج میں خلوت گزیں ہو

تجھے دی حق نے چشمِ پاک بیں ہے
کہ تُو اس سے بصارت آفریں ہو

۷۸

ز آغازِ خودی کس را خبر نیست
خودی در حلقۂ شام و سحر نیست

ز خضر ایں نکتۂ نادر شنیدم
کہ بحر از موجِ خود دیرینہ تر نیست

ز آغازِ خودی کس کو خبر ہے
خودی آزادۂ شام و سحر ہے

یہ نکتہ ہم کو بتلایا خضر نے
نہ بحر از موجِ خود دیرینہ تر ہے

۷۹

دلا ز مزِ حیات از غنچہ دریاب حقیقت در مجازش بے حجاب است	مجازِ گل میں رمزِ زندگی ہے حقیقت کو وہاں ہے بے حجابی
ز خاکِ تیرہ می روید و لیکن نگاہش بر شعاعِ آفتاب است	ہے گرچہ خاکِ تیرہ گل کا مسکن نگہ میں ہے شعاعِ آفتابی

۸۰

مشو نومید از مشتِ غبارے پریشاں جلوۂ ناپائیدار ے	نہ ہو نومید از مشتِ غبارے پریشان جلوۂ ناپائیدارے
چوں فطرت می تراشد پیکرے را تمامش می کند در روزگارے	بنائے جب کوئی پیکر ہے فطرت تمام اسکو کرے در روزگارے

۸۱

جہاں کز خود ندارد دستگاہے بکوے آرزو می جُست راہے	جہاں کو تھی نہ جب کچھ دستگاہے بکوئے آرزو لی اس نے راہے
ز آغوشِ عدم دزدیدہ بگریخت گرفت اندر دلِ آدم پناہے	بآغوشِ عدم گریاں ہوا جب ملی اندر دلِ آدم پناہے

۸۲

دلِ من رازدانِ جسم و جان است
نہ پنداری اجل بر من گران است

دلِ من رازدانِ جسم و جاں ہے
اجل ہرگز نہیں مجھ پر گراں ہے

چہ غم گر یک جہاں گم شد ز چشمم
ہنوز اندر ضمیرم صد جہان است

ہوا گم اک جہاں تو کیا کہ ہر دم
نیا پیدا کرے دل اک جہاں ہے

۸۳

مزاجِ لالۂ خود رَو شناسم
بشاخ اندر گلاں را بو شناسم

مزاجِ لالۂ خود رَو نہ پنہاں
گلستاں میں گلوں کی بو نہ پنہاں

ازاں دارد مرا مرغِ چمن دوست
مقامِ نغمہ ہائے او شناسم

بنا ہوں رازداں مرغِ چمن کا
ہے مجھ سے اسکی ہاؤ ہُو نہ پنہاں

۸۴

جہاں یک نغمہ زارِ آرزوئے
بم و زیرش ز تارِ آرزوئے

جہاں یک نغمہ زارِ آرزو ہے
نوا مضطر بہ تارِ آرزو ہے

بچشمم ہر چہ ہست و بود و باشد
دمے از روزگارِ آرزوئے

مری آنکھوں میں ہست و بود اسکا
دمے از روزگارِ آرزو ہے

۸۵

دلِ من بے قرارِ آرزوئے
درونِ سینۂ من ہائے وہوئے

دل من بے قرارِ آرزو ہے
درونِ سینۂ من ہا و ہو ہے

سخن اے ہمنشیں از من چہ خواہی
کہ من با خویش دارم گفتگوئے

کہوں کیا ہمنشیں تجھ سے کہ مجھ کو
ابھی کچھ کرنی خود سے گفتگو ہے

۸۶

مرنج از برہمن اے واعظِ شہر
کہ از ما سجدۂ پیشِ بتاں خواست

برہم تُو ہو نہ واعظ برہمن سے
کہے گر وہ کہ سجدہ کر بتوں کو

خدائے ما کہ خود صورتگری کرد
بتے را سجدۂ از قدسیاں خواست

خدا نے بھی بنا کر ایک پیکر
دیا تھا حکمِ سجدہ قدسیوں کو

۸۷

جہاں ہا روید از مشتِ گِلِ من
بیا سرمایہ گیر از حاصلِ من

بنے عالم ہیں از مشتِ گِلِ من
ہے سرمایہ بہت در حاصلِ من

غلط کردی رہِ سرِ منزلِ دوست
دمے گم شو بصحرائے دلِ من

جو کھوئی تُو نے راہِ منزلِ دوست
کبھی گم ہو بصحرائے دلِ من

۸۸

درونم جلوۂ افکار، ایں چیست!	یہ مجھ میں جلوۂ افکار کیوں ہے
برونِ من ہمہ اسرار، ایں چیست!	بروں یہ مجمعِ اسرار کیوں ہے
بفرما اے حکیمِ نکتہ پرداز	بتا تُو ہی حکیمِ نکتہ پرداز
بدن آسودہ، جاں سیّار، ایں چیست!	بدن آسودہ، جاں سیّار کیوں ہے

۸۹

بخود نازم، گدائے بے نیازم	ہے مجھ میں ناز و فقرِ بے نیازی
تپیم، سوزم، گدازم، نَے نوازم	تپش، سوزش، گدازی، نَے نوازی
ترا از نغمہ در آتش نشاندم	پُر آتش نغمگی، شعلہ نوائی
سکندر فطرتم، آئینہ سازم	سکندر فطرتی، آئینہ سازی

۹۰

اگر آگاہی از کیف و کمِ خویش	ہے گر تُو جانتا کیف و کمِ خویش
یمے تعمیر کن از شبنمِ خویش	سمندر اک بنا از شبنمِ خویش
دلا دریوزۂ مہتاب تا کے	اے دل دریوزۂ مہتاب کب تک
شبِ خود را برافروز از دمِ خویش	چراغاں کر شبِ خود از دمِ خویش

۹۱

چہ غم داری، حیاتِ دل ز دم نیست
کہ دل بر حلقۂ بود و عدم نیست

حیاتِ دل نہیں محتاجِ دم ہے
نہ دل در حلقۂ بود و عدم ہے

مخور اے کم نظر اندیشۂ مرگ
اگر دم رفت، دل باقی ست، غم نیست

نہ کر اے کم نظر اندیشۂ مرگ
نہیں مرتا وہ جس کے دل میں دم ہے

۹۲

زمن گو صوفیانِ با صفا را
خدا جویانِ معنی آشنا را

بتاؤ صوفیانِ باصفا کو
خدا جویانِ معنی آشنا کو

غلامِ ہمتِ آں خود پرستم
کہ با نورِ خودی بیند خدا را

کہ اس خوددار کا ہوں معتقد میں
جو با نورِ خودی دیکھے خدا کو

۹۳

چو نرگس ایں چمن نادیدہ مگذر
چو بو در غنچۂ پیچیدہ مگذر

جوں نرگس تو چمن نادیدہ مت جا
مثالِ بوئے گل پیچیدہ مت جا

ترا حق دیدۂ روشن ترے داد
خرد بیدار و دل خوابیدہ مگذر

تجھے دی حق نے ہے اک چشمِ روشن
خرد بیدار و دل خوابیدہ مت جا

۹۴

زمیں را راز دانِ آسماں گیر
مکاں را شرحِ رمزِ لامکاں گیر

زمیں کو راز دانِ آسماں کر
مکاں کو شرحِ رمزِ لامکاں کر

پَرَد ہر ذرہ سوئے منزلِ دوست
نشانِ راہ از ریگِ رواں گیر

اُڑے ہر ذرہ سوئے منزلِ دوست
نشانِ راہ در ریگِ رواں کر

۹۵

ضمیرِ کن فکاں غیر از تو کس نیست
نشانِ بے نشاں غیر از تو کس نیست

ضمیرِ کن فکاں اک تُو ہی تُو ہے
نشانِ بے نشاں اک تُو ہی تُو ہے

قدم بیباک تر نِہ در رہِ زیست
بہ پہنائے جہاں غیر از تو کس نیست

قدم بے باک رکھ اندر رہِ زیست
درونِ صد جہاں اک تُو ہی تُو ہے

۹۶

زمیں خاکِ درِ میخانۂ ما
فلک یک گردشِ پیمانۂ ما

زمیں خاکِ درِ میخانۂ ما
فلک یک گردشِ پیمانۂ ما

حدیثِ سوز و سازِ ما دراز است
جہاں دیباچۂ افسانۂ ما

دراز ایسی حکایت سوز کی ہے
جہاں دیباچۂ افسانۂ ما

۹۷

سکندر رفت و شمشیر و علم رفت
خراجِ شہر و گنجِ کان و یم رفت

امم را از شہاں پائندہ تر داں
نمی بینی کہ ایراں ماند و جم رفت

سکندر ہے نہ شمشیر و علم ہے
خراجِ شہر ہے نے گنجِ یم ہے

اُمم پائندہ تر ہیں خسرواں سے
رہا ایراں، گیا پر کاخِ جم ہے

۹۸

ربودی دل ز چاکِ سینۂ من
بغارت بردۂ گنجینۂ من

متاعِ آرزویم با کہ دادی ؟
چہ کردی با غمِ دیرینۂ من ؟

چُرایا دل ز چاکِ سینۂ من
دیا برباد کر گنجینۂ من

متاعِ آرزو میری دی کس کو
کیا کیا با غمِ دیرینۂ من

۹۹

نوا مستانہ در محفل زدم من
شرارِ زندگی بر گِل زدم من

دل از نورِ خرد کردم ضیا گیر
خرد را بر عیارِ دل زدم من

غلِ مستانہ در محفل کروں میں
شرار اک پیدا اندر گِل کروں میں

گو روشن قلب ہے نورِ خرد سے
خرد سنج اک عیارِ دل کروں میں

۱۰۰

عجم از نغمہ ہائے من جواں شد   عجم از نغمہ ہائے من جواں ہے
ز سودایم متاعِ او گراں شد   کیا میں نے متاع اسکا گراں ہے

ہجومے بود رہ گم کردہ در دشت   بنا، صحرا میں گمراہوں کا مجمع
ز آوازِ درایم کارواں شد   مری بانگِ درا سے کارواں ہے

۱۰۱

عجم از نغمہ ام آتش بجان است   عجم از بانگِ من آتش بجاں ہے
صدائے من درائے کاروان است   صدا میری درائے کارواں ہے

حدی را تیز تر خوانم چو عرفی   حدی کو تیز کر، کہتا ہے عرفی
کہ رہ خوابیدہ و محمل گران است   کہ رہ خوابیدہ و محمل گراں ہے

۱۰۲

مرا مثلِ نسیم آوارہ کردند   مجھے مثلِ نسیم آوارہ کر دو
دلم مانندِ گل صد پارہ کردند   مرا دل شکلِ گل صد پارہ کر دو

نگاہم را کہ پیدا ہم نہ بیند   نہیں ہے تابِ جلوہ گو، نگہ کو
شہیدِ لذتِ نظارہ کردند   شہیدِ لذتِ نظارہ کر دو

۱۰۳

خرد کر پاس را زرّینہ سازد
کمالش سنگ را آئینہ سازد

خرد سے بوریا زرّینہ ہووے
ہنر سے اسکے سنگ آئینہ ہووے

نوائے شاعرِ جادو نگارے
زنیشِ زندگی نوشینہ سازد

ولے دیکھو تو جادو شاعری کا
کہ نیشِ زندگی نوشینہ ہووے

۱۰۴

عجم بحریست ناپیدا کنارے
کہ در وے گوہرِ الماس رنگ است

عجم گو ایک بحرِ بیکراں ہے
جو رکھے گوہرِ الماس رنگے

ولیکن من نہ رانم کشتئ خویش
بدریائے کہ موجش بے نہنگ است

نہیں میرے لیئے اس میں کشش کچھ
کہ دریا ہے یہ بے خطرِ نہنگے

۱۰۵

رمیدی از خداوندانِ افرنگ
ولے بر گور و گنبد سجدہ پاشی

تُو، نالاں از خداوندانِ افرنگ
کرے بر گور و گنبد سجدہ پاشی

بہ لالائی چناں عادت گرفتی
ز سنگِ راہ مولائے تراشی

غلامی کی تجھے عادت ہے ایسی
کرے از سنگِ رہ مولا تراشی

۱۰۶

قبائے زندگانی چاک تا کے
چو موراں آشیاں در خاک تا کے

بہ پرواز آ و شاہینی بیاموز
تلاشِ دانہ در خاشاک تا کے

قبائے زندگانی چاک کب تک
یہ تیرا آشیاں بر خاک کب تک

تو بن شہباز، کر پرواز بالا
تلاشِ دانہ در خاشاک کب تک

۱۰۷

میانِ لالہ و گل آشیاں گیر
ز مرغِ نغمہ خواں درسِ فغاں گیر

اگر از ناتوانی گشتۂ پیر
نصیبے از شبابِ ایں جہاں گیر

میانِ لالہ و گل آشیاں کر
کبھی نغمہ، کبھی آہ و فغاں کر

ہوا ہے ناتوان و پیر تو کیا
محبت سے جواں اپنا جہاں کر

۱۰۸

بجانِ من کہ جاں نقشِ تن انگیخت
ہوائے جلوہ ایں گل را دو رُو کرد

ہزاراں شیوہ دارد جانِ بیتاب
بدن گردد چوں، بایک شیوہ خو کرد

دیا ہے جب سے جاں کو نقشِ تن اک
ہوائے جلوہ سے ہر گل دو رُو ہے

ہزاروں شیوے جانِ مضطرب میں
بدن میں آئے گر یک شیوہ خو ہے


خسرو اور اقبال

فارسی غزلیات اور منظوم اردو تراجم

شامِ غریب

اس جگر کاوی کا اندازہ عام لوگ نہیں لگا سکتے۔ ان کے سامنے شعر بنا بنایا آ جاتا ہے۔ وہ اس روحانی اور لطیف کرب سے آشنا نہیں ہو سکتے۔ جس نے الفاظ کی ترتیب پیدا کی ہے۔ جہاں اچھا شعر دیکھو سمجھ لو کہ کوئی نہ کوئی مسیح مصلوب ہوا ہے۔ اچھے خیال کا پیدا کرنا اوروں کے لیے کفارہ ہوتا ہے۔

اقتباس از مکتوب علامہ اقبال بنام گرامی۔ ۲ دسمبر ۱۹۱۸ء

ڈاکٹر ناہید قاسمی

خالد حمید شیدا کی غزل

تسلیم احمد تصور صاحب نے جب مجھے ڈاکٹر خالد حمید شیدا کی شاعری پر مضمون لکھنے کو کہا اور اُن کا کلام بھجوایا تو مجھے معلوم ہوا کہ دیگر ادبی خدمات سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ وہ شعر بھی کہتے ہیں۔ انھوں نے اپنے آپ کو ایک ہی فیلڈ میں محدود نہیں رکھا بلکہ تخلیق فن سے بھی ناتا برقرار رکھا ہے۔ اس سے پہلے مجھے اُن کا کلام پڑھنے کا موقع نہیں ملا تھا۔ اب اُن کی غزلیں پڑھیں تو پہلا تاثر یہ اُبھرا کہ امریکہ کے شہر ہوسٹن میں مقیم ہونے کے باوجود شیدا صاحب نے قدیم ایشیائی روایات اردو غزل کا لحاظ رکھنے کی سعی کی ہے۔ مومن و حسرت سے مخصوص، طرزِ معاملہ بندی کے معیار تک پہنچنا تو ہر ایک کے لیے ممکن نہیں لیکن شیدا صاحب نے اس طرز کو اپنایا ضرور ہے۔ اس طرح جدید زمانے کے اثرات قبول کرنے کے باوجود قدیم طرز کے روایتی غزلیہ اشعار کہتے ہیں۔ مثلاً:

قاصد کو دے کر زہرِ ہلاہل مرے لیے
کہتا ہے تیرے دُکھ کی دوا بھیجتا ہوں میں

بہت طغیانیاں کرتا ہے برپا
اگر ہوتا ہے دیدہ نم ہمارا

فکر و ہوش و خرد کو ٹھکرا کر
ہم نے بھی دِل کی بات مانی ہے

اُمید شفا کی ہے نہ خواہش ہے دوا کی
مجھ کو تو فقط پرسش بیمار ہے کافی

عظیم غزل گو غالب کی بلند فکری و بلند آہنگی تو مثالی ہے۔ اس کا اعتراف ہر آنے والا

ڈاکٹر ناہید قاسمی گورنمنٹ کالج برائے خواتین سمن آباد لاہور میں صدر اردو شعبہ ہیں۔ "ناصر کاظمی- فن شخصیت" اور شعری مجموعے "بنجر دل سیراب کرو" کے علاوہ اپنے والد محترم جناب احمد ندیم قاسمی مرحوم کے حوالے سے ڈاکٹر صاحبہ کی تصنیف "ندیم کی غزل کا تجزیاتی مطالعہ" منظر عام پر آ چکی ہے۔ جبکہ ان کا ڈاکٹریٹ کا مقالہ جدید اردو شاعری میں فطرت نگاری، انجمن ترقی اردو کراچی نے شائع کیا ہے۔

شاعر کرتا ہے جبکہ شیدا صاحب نے بھی غالب کے اشعار سے اثر لیا ہے۔ مثلاً درج ذیل اشعار ملاحظہ کیجیے جن کی پشت پر موجود اشعار غالب کی جگمگاہٹ بہت نمایاں ہے:

ساقی سمجھ حقیر نہ جام سفال کو
اک جام بھی نہ بن سکا، جب خاک جم ہوا
جو گزرتے ہیں فرقت میں تری
عمر میں ان کو نہ گنا چاہیے
گرچہ غموں نے ہوش نہ لینے دیا مجھے
میں کچھ خیال سے نہ ترے بے خبر ہوا

اب ایسا بھی نہیں ہے کہ جب بھی اردو زبان میں شعر کہے تو قدیم طرز ہی میں محدود رہے۔ بلکہ شیدا صاحب نے جدت سے بھی کام لیا ہے۔ ایک تو یہ کیا کہ محبوب کا ذکر کرتے وقت زیادہ تر صیغۂ مؤنث استعمال کر کے اپنی غزل کو الگ سا انداز دیا ہے دوسرے ایک نیا جدید رنگ یوں اُبھارا کہ مغربی ماحول میں قیام پذیر ہونے کی وجہ سے اظہار محبت کے معنی خیز ڈھکے چھپے ایمائی مشرقی انداز کی بجائے ہر طرح کے تکلفات سے آزاد مغربی طرز کی لو میکنگ کا تصور نمایاں کیا۔ یوں جس ماحول میں وہ رہ رہے ہیں اس کی عکاسی کی ہے:

> پوری فضا میں یہ رنگینی پھیلی ہوئی تو ہے لیکن باطن بھی بنجر نہیں ہے

ہے دور باغ میں پھولوں کے مسکرانے کا
چلی بھی آؤ کہ موسم ہے دِل لگانے کا
تندی و تلخی و ترشی نہ رہیں یاد مجھے
نوش جاں لے کے وہ جب برلب شیریں آیا
دیکھنے ہم جو گئے حرمتِ قلب شیدا
تھا وہ معمورِ بتاں، اُسکو حرم کہہ نہ سکے

اسی ماحول نے انھیں اپنے خارج کے مشاہدے پر بھی مائل کیا۔ اس طرح وہ محفل میں اپنی موجودگی کا مکمل احساس بھی دلاتے ہیں:

جام میں ڈال کے رنگ رخ جانانہ دیا
دیکھو کیسا یہ مجھے بادۂ مستانہ دیا
داغ سے ایک، رخ لالہ کی آرائش کی
خال سے ایک سجا عارض جانانہ دیا
ہوتی دیوانوں کی آشفتہ سری ہے اور فزوں
جب بھی کرتی ہے صبا کاکل پریشاں آپ کا

پوری فضا میں یہ رنگینی پھیلی ہوئی تو ہے لیکن باطن بھی بنجر نہیں ہے۔ رنگ بھری محفلوں سے الگ ہو کر گزارے لمحے بے کیف نہیں ہوتے کیونکہ یہ شاعر کو کچھ باطنی تجربات سے آشنا کرتے ہیں:

چھپا ہے نظر سے تو کیا، چشم دِل سے
اُسے دم بدم، جابجا دیکھتے ہیں
وہ کرے جلوہ گری لیکن تجلی کے لیے
شوق دیدار کلیم و طورِ سینا چاہیے

تب تصوف کے ایک رخ کی ہلکی سی روایتی جھلک بھی دکھائی دے جاتی ہے:

شہرت ہے ترے حسن کی دنیا میں کچھ ایسی
کچھ رہ کے بھی مستور تو مستور نہیں ہے

جبکہ اردگرد کی چکا چوند کا بھی ٹھیک ٹھاک مشاہدہ اظہار پاتا ہے۔ مثلاً:

عکسِ رُخ روشن سے ہوتی ہے درخشاں مے
جب لب سے لگاتی ہے تو ساغرِ مینائی

ڈاکٹر خالد حمید شیدا نے محاسن شعری کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ انھوں نے تشبیہ، استعارہ، رعایت لفظی اور صنعت تضاد وغیرہ سے بخوبی کام لینے کی کوشش کی ہے۔ مثلاً:

تصوف کے ایک رخ کی ہلکی سی روایتی جھلک بھی دکھائی دے جاتی ہے

نرگس بھی دیکھ کر ہوئی شبنم کی منتظر
کچھ اسطرح یہ دیدۂ غم ناک نم ہوا
کیسے کرنے کو معطر تجھے اے بادِ صبا!
عنبر افشاں وہ میرا آ ہوئے مشکیں آیا
دل جسے اپنا وہ گھر کرتے ہیں
زیر کرتے ہیں، زبر کرتے ہیں

اس عاشق کو چونکہ غم روزگار کا کوئی مسئلہ درپیش نہیں اس لیے اُس کے پاس اتنی بہت سی فرصت ضرور ہے کہ وہ ایک خاص سمت میں متوجہ رہ سکے:

بحث اک یہ حلقۂ عشاق میں جاری رہی
حلقہ در حلقہ ہیں کتنے زلف پیچا پیچ میں

شیدا صاحب کے کلام میں مے نوشی اور کیفیات دل کا ذکر بہت ہے۔ اس بیان کے وقت وہ کچھ اچھے نکتے بھی نکال لیتے ہیں:

شیدا اچھا کیا ساقی نے، بہت ٹھیک کیا
ناپ کے، جانچ کے، گر اک تجھے پیمانہ دیا
ہو ایک، دل سے نکل کر جو دل نشین رہے
وگرنہ یوں تو بہت تیر دِل کے پار ہوئے

کلام شیدا میں دھیما دھیما طنز بھی نظر آتا ہے:

آئے تھے کرنے شیخ جو تحریم مے کشی
خالی، وہ پی پلا کے، خم و جام کر چلے
نے اوج کی امنگ، نہ پرواز کی تڑپ
شاہیں ملے اگر بھی تو بے بال و پر ملے
جدوجہد کسی میں نہ کوشش ملی کہیں
عشاق جس قدر بھی ملے، منتظر ملے

شیدا صاحب کے کلام میں مے نوشی اور کیفیات دل کا ذکر بہت ہے

ڈاکٹر خالد حمید شیدا سے اپنے اشعار کی نوک پلک سنوارنے میں کہیں کہیں کوتاہی بھی ہوئی ہے۔ اس طرح کچھ کمیاں رہ گئی ہیں۔ مثلاً ویسے تو انتخاب الفاظ کے سلسلے میں جدید اردو غزل کی طرف سے کوئی خاص پابندی نہیں ہے لیکن ان کے استعمال میں کشش ضرور ہونا چاہیے جبکہ درج ذیل مثالوں میں الفاظ کی ترتیب میں روانی تسلی بخش نہیں ہے:

؎ کریں خود ہی گہرا ہیں ناخوں سے ہم

؎ پہلے تو دِل دکھاتا مرا تھا کبھی کبھی

یا پھر یہ شعر:

خود ہی جا کے کرتے نشانہ ہیں سیدھا
جو تیر اُس کا ہوتا خطا دیکھتے ہیں

پھر غزلوں میں کہیں کہیں مزاحیہ انداز اور سنجیدگی کا ملغوبہ عجیب سی صورتِ حال سامنے لاتا ہے جس سے تغزل مجروح ہوتا محسوس ہوتا ہے:

گر کہا میں نے دوا کر دِل ناشاد کی
بولی، تجھ کو تو یہ ہے مرض پرانا دل کا
سخت ہوتی جا رہی تھیں دم بہ دم دِل کی رگیں
روغنی روٹی سے لیکن پیٹ کی یاری ہوئی
اُمید شفا کی ہے نہ خواہش ہے دوا کی
مجھ کو تو فقط پرسش بیمار ہے کافی

اب آزادیوں کے باوجود جدید تر غزل میں بھی ایسے اشعار کی بھلا کہاں گنجائش ہوگی:

نوش تمباکو کیا اور عشق بھی کرتے رہے
کیا عجب ہے پھر کہ دل کی ہم کو بیماری ہوئی

یہ درست ہے کہ سنبھلی ہوئی مہذب شوخی غزل کی کشش میں اضافہ کرتی ہے لیکن صنف غزل کا تعلق بہر حال ذوق سلیم کی تسکین و تربیت سے ہے۔ یوں بھی اردو شاعری کے پاس دیگر اصناف بھی تو ہیں جو مختلف خیالات کے لیے برتی جا سکتی ہیں (یہاں اس کا ذکر بھی ہو جائے کہ شیدا صاحب نے چند ہی نظمیں کہی ہیں لیکن صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ ڈاکٹر صاحب کی پوری توجہ اور محنت حاصل کرنے سے محروم رہی ہیں) جبکہ شیدا صاحب کی غزلوں کے اچھے اشعار میں کچھ گہرائی ضرور ملتی ہے۔ تمام ملے گلے کے باوجود ایک باشعور اور حساس شاعر سوچنے سے تہی کیسے رہ سکتا ہے۔ ڈاکٹر شیدا کے کچھ فکر انگیز اشعار ملاحظہ کیجیے۔ اُن کے افکار نے ان اشعار کو خوبصورتی عطا کی ہے:

اُن کے افکار نے ان اشعار کو خوبصورتی عطا کی ہے

خوں بہا مانگنا قبیلوں کا
خوں بہانے کا اور بہانہ ہوا
آخری وقت میں کہیں جا کر
فکر سود و زیاں نہ ہو جائے
ناز تیرا ٹھیک ہے اے گل مگر
کچھ خزاں سے بھی تو ڈرنا چاہیے
داغ لالہ کو دیا، خار دیئے پھولوں کو
شیوہ کیسا ہے یہ تیری چمن آرائی کا
دی تو قدرت بھی ہے، طاقت بھی ہے، تدبیر بھی ہے
ہم کو لیکن ملی مجبوریٔ تقدیر بھی ہے
کارواں لوٹتے جب خود ہیں محافظ اس کے
کیسی نگرانی ہے یہ، کیسی نگہبانی ہے

بہر حال ثابت ہوا کہ شیدا صاحب خوب سے خوب تر کی جستجو میں ضرور ہیں۔ اسی لیے یہ

قوی امکان ہے کہ وہ منظوم تراجم کو وقت دینے کے ساتھ ساتھ اپنی شاعری کو بھی بھرپور توجہ دے کر بالآخر اپنا ایک منفرد اسلوب ضرور متعین کرلیں گے۔ مجھے یہ امید درج ذیل اچھے اشعار نے دلائی ہے۔ آپ بھی پڑھیے:

غم ایام سے ملی فرصت
تو نے جب مسکرا کے دیکھ لیا
دل جوئیِ حبیب کا دیکھو اثر ہے کیا
دل کو عزیز اور بھی کچھ اس کا غم ہوا
داعیِ اجل کو میں واپس نہیں لوٹاتا
آنے کا اگر وعدہ تم نے نہ کیا ہوتا
کیسی یہ سادگی ہے، دل لخت لخت کو
قاتل کے پاس بہر شفا بھیجتا ہوں میں
بیٹھے ہیں اِدھر ہم، وہ اُدھر دیکھ رہے ہیں
پوچھے کوئی ان سے کہ کدھر دیکھ رہے ہیں
ہنگاموں میں رہ کر بھی رہتا ہوں اکیلا میں
یارب دے کسی کو بھی، میری سی نہ تنہائی
بجلیاں اس پہ جب نہیں گرتیں
خود ہی خرمن تباہ کرتے ہیں
آنے کی تھی اُمید، نہ تیری اگر تو کیوں
دِل اس قدر یہ مضطرب و منتظر ہوا

* * *

بے نظیر کے عہد میں

شیخ ہوتے ہیں، پیر ہوتے ہیں
زلف کے سب اسیر ہوتے ہیں

در گہِ عشق میں تری یکساں
سب کبیر و صغیر ہوتے ہیں

لوٹتی تُو ہے دولتِ دل یوں
دارا و جم فقیر ہوتے ہیں

پار ہوتے ہیں بے چلے دل کے
کوئی ایسے بھی تیر ہوتے ہیں

کرتے مجنوں کو اور مجنوں ہیں
کیسے بچے شریر ہوتے ہیں

رازِ الفت چھپے رہیں کیسے
عطر و مشک و عبیر ہوتے ہیں

تلخ الفاظ بھی ترے لب پر
شہد و شکر و شیر ہوتے ہیں

دم جو بھرتے ہیں مہر و الفت کا
قاتلِ بے نظیر ہوتے ہیں

جل رہے ہیں رقیب کیوں شیدا
آپ کیا دل پذیر ہوتے ہیں

◆

دل جسے اپنا وہ گھر کرتے ہیں   زیر کرتے ہیں ، زبر کرتے ہیں
چرخ کرتے ہیں وہ دشمن اُس کا   جس کو منظورِ نظر کرتے ہیں
حشر کرتے ہیں فزوں محشر میں   پیش دفتر وہ اگر کرتے ہیں
مچتا کہرام ہے ، جب شہروں سے   شہر آشوب سفر کرتے ہیں
جان پڑ جائے ہے بے جانوں میں   بے مہر جب بھی مہر کرتے ہیں
چشمِ بے نور سے پیدا کیسے   عاشقاں نجم و گہر کرتے ہیں
آبِ حیواں جو لبِ یار میں ہے   آرزو اُس کی خضر کرتے ہیں

داغِ طرفِ جگرِ شیؔدا پر
رشک بھی داؔغ و جگؔر کرتے ہیں

◆

پھر وہی طورِ زندگانی ہے
درد ہے، دل ہے، نوحہ خوانی ہے

ہم بھی تھے آشنائے قربتِ دوست
لذتِ وصل ہم نے جانی ہے

فکر و ہوش و خرد کو ٹھکرا کر
ہم نے بھی دل کی بات مانی ہے

یہ بھی دن ہیں کہ دَورِ لطف و کرم
ایک قصہ ہے، اک کہانی ہے

اب کے بگڑی ہے بات کچھ ایسی
نہ ستم ہے، نہ سرگرانی ہے

یاد اُس کی پر اب تلک شیداؔ
زیورِ حسنِ زندگانی ہے

⊙

آؤ کبھی اور حالِ دلِ زار تو دیکھو   افسردگیِ دیدۂ بیدار تو دیکھو

اے ماہ جو ہر شب ہے شبِ ماہ تمھاری   تاریکیِ بے ماہِ شبِ تار تو دیکھو

دکھلائیں امنگیں تمھیں اِس قلب حزیں کی   مڑ کے کبھی، ہنس کے کبھی اک بار تو دیکھو

آئی ہیں وہ پرسش کو، لیے ساتھ عدو کو   دل سوزیِ دل جوئیِ دلدار تو دیکھو

واعظ نہ کرو شکوۂ مشتاقیِ عاشق   طرفِ کلۂ تُرکِ طرح دار تو دیکھو

ہو کیوں نہ گرفتار دلِ عاشقِ شیدا   پیچ و شکنِ طرۂ طرار تو دیکھو

بے ہوش ہو، بے خویش ہو شیدؔا جو تم اتنے
ہشمندی و ہشیاریِ اغیار تو دیکھو

◆

گل بہ کف، بن کے بہاراں آئی   مست و سرخوش مری جاناں آئی

شور محشر کا مچا محفل میں   جب بھی ہو کر وہ خراماں آئی

ڈالنے جان یا لینے آئی   جب بھی آئی، خوش و خنداں آئی

روٹھ کر دل پہ قیامت ڈھائی   گر ہنسی، بن کے رگِ جاں آئی

جان کچھ پڑ گئی بے جانوں میں   جان لینے کو جو جاناں آئی

کرنے آئی بھی اگر دل جوئی   لے کے صد جور کا ساماں آئی

غیر کے گھر گئی مجموع خاطر   آئی واپس تو پریشاں آئی

آنکھ ہم سے نہ ملائی ہرگز   ہو کے ایسی وہ پشیماں آئی

اس کے تیور سے لگے ہے شیدا
اب کے شاید وہ مہرباں آئی

⊙

ہوس سے پھر نہ کہیں اور ساز باز کرے
نہ دل یہ پھر طلبِ یارِ دلنواز کرے

مچائے شور و غل اتنا ہے دل کہ ڈر ہے مجھے
یہ بے دماغ کہیں پھر نہ فاش راز کرے

مجھے ہے ناز بہت نازِ نازنینی پر
ہے بے نیاز ، خدا اور بے نیاز کرے

رہے طبیعتِ عشاق میں نہ ناسازی
اگر وہ ساز ذرا سا بھی کینہ ساز کرے

نہ ذکرِ زلف کرو آج شب کہ یہ نہ کہیں
درازیِ شبِ یلدا کو اور دراز کرے

مشامِ جان معطر کرے زمانے کا
اگر کوئی گرہَ زلفِ یار باز کرے

ہے بزمِ عیش میں عالی مقام ، اے ساقی
وہ جس کو مست تری چشمِ نیم باز کرے

گنوائی شوق و تمنا میں عمر سب شیداؔ
ہے وقت رُو تُو سوئے مکۂ حجاز کرے

◆

کبھی ہوتی اگر وہ مہرباں ہے   محبت کا ہمیں ہوتا گماں ہے

نزاکت سے وہ کیسے اللہ اللہ   کرے دل کو ضعیف و ناتواں ہے

ہے بے چارہ یہ کیسا دل ہمارا   زباں رکھتا ہے لیکن بے زباں ہے

گیا زلفوں میں ہے وہ جب سے اسکی   نہیں دل کا رہا نام و نشاں ہے

خدایا ہم سے آتی ہے وہ ملنے   کوئی اس میں بھی کیا اک امتحاں ہے

کئے بسمل کہیں ، بے جاں کہیں کچھ   جہاں بھی وہ گئی جانِ جہاں ہے

وہ دل لے کر مرا ، محفل سے یارب   اندھیری رات میں جاتی کہاں ہے

سگِ کوئے عدو خاموش کیوں ہے   اسے بھی مجھ سا کیا اک مرضِ جاں ہے

نکل کے میکدے سے سوئے کعبہ
کہاں سے تُو گیا شیدا کہاں ہے

* * *

آہ بھرتے ہیں ، واہ کرتے ہیں
اک پری وش سے چاہ کرتے ہیں

پوجتے بت ہیں ، مغ پہ مرتے ہیں
کیسے کیسے گناہ کرتے ہیں

زلفِ شب رنگ کی ہوس میں اور
شبِ ہجراں سیاہ کرتے ہیں

بجلیاں اس پہ جب نہیں گرتیں
خود ہی خرمن تباہ کرتے ہیں

مہرِ ساقیانِ مہ وش سے
جامِ مے مہرو ماہ کرتے ہیں

ٹوٹکے کر کے ، پھونک کے منتر
ان کے ہم دل میں راہ کرتے ہیں

اک جھلک ان کی دیکھنے کے لیے
دشمنوں سے نباہ کرتے ہیں

جو بھی کرتے ہیں آپ اے شیدؔا
بے سبب ، خواہ مخواہ کرتے ہیں

* * *

دل جمعیت گنواں نہ ہو جائے
طورِ دل پھر فغاں نہ ہو جائے

ابرو و چشم کا تری قصہ
ذکرِ تیر و کماں نہ ہو جائے

مڑ کے، ہنس ہنس کے دیکھنا تیرا
ضبط کا امتحاں نہ ہو جائے

وقتِ پیری نہ کھیل یوں دل سے
یہ کہیں پھر جواں نہ ہو جائے

دل لگی سے تری کہیں دل کو
دل لگی کا گماں نہ ہو جائے

چھوڑ اب حسن و عشق کا جھگڑا
یہ کہیں مرضِ جاں نہ ہو جائے

آخری وقت میں کہیں جا کر
فکرِ سود و زیاں نہ ہو جائے

حرصِ کون و مکان میں شیدا
غافلِ لا مکاں نہ ہو جائے

ضمیر جعفری کی یاد میں

گو ہیں مارے دیدۂ بے باک کے
ہم ولے عاشق ہیں نازک ناک کے
انواع و اقسام کی ناکیں ملیں
رب نے جب پُتلے بنائے خاک کے
جب ملاتی ناک سے وہ ناک ہیں
جُرعے دیتی لب سے ہیں تریاک کے
سونگھتی ہیں پھول جب کالر کا وہ
کرتی چِھتڑے ہیں دلِ غمناک کے
پارۂ الماس جو ہے ناک پر
مارتا ہے تیر دل پر تاک کے
جاں ہے لب پر، ناک میں آیا ہے دم
دیکھ کر نخرے بتِ چالاک کے
سن کے بولیں ناک چڑھا کر بہت
شعر شیدؔا نے کہیں ہیں خاک کے

◆

واعظ ہوا ، خطیب ہوا ، پارسا ہوا
جو بھی ہوا اسیرِ کمندِ ہَوا ہوا

مفتی کا ، مولوی کا ، مبلغ کا ، میر کا
سنتے ہیں سب کا پیرِ مغاں آشنا ہوا

تو آکے دیکھ تو سہی ، اے دل شکن کبھی
تیری ہَوا میں حالِ ہَوا دار کیا ہوا

بچ کے رہا نہ کوئی بلاؤں سے عشق میں
کامِ نہنگ گر نہ ہوا ، اژدہا ہوا

یارب وہ دُور ہوگیا جس طرح قرب میں
ایسا کبھی نہ کوئی کسی سے جدا ہوا

آیا ہے مژدہ غیب سے ، اے دل تو غم نہ کر
کشتیِ غم کا تیری خدا ناخدا ہوا

شیداؔ پیار آ ہی گیا دیکھ کر اُسے
جب تُو ہزار جان سے اس پر فدا ہوا

◆

اگر جاتے ہو جاؤ ، پر خدارا دیکھتے جاؤ
کیا ہے حال کیا تم نے ہمارا ، دیکھتے جاؤ

رہی ہے رات ہی تم بِن اندھیری کچھ نہیں میری
ہوا ہے دن میں بھی کیسا اندھیرا ، دیکھتے جاؤ

ذرا ٹھہرو ، مریضِ عشق کو تسکین دو کچھ تو
سنبھلنے دو اسے ، اس کا سنبھالا دیکھتے جاؤ

تڑپ کر ، تڑپڑا کر ، توڑنا بسمل کا دم دیکھو
ہے گر شوقِ تماشا ، یہ تماشا دیکھتے جاؤ

نہیں دیکھے ہیں کچھ بھی تم نے اے جاں، ولولے اسکے
ابھی کرتا ہے یہ دل اور کیا کیا دیکھتے جاؤ

ہے تنہائی میں تنہا آج دل ، پر ایک دن تنہا
یہ ہنگاموں میں بھی رہ کر رہے گا ، دیکھتے جاؤ

جدائی میں سویرا دیر سے ہوتا ہے ، پر ایک دن
صبح دم بھی نہ ہو گا کچھ سویرا ، دیکھتے جاؤ

ہوا تم کو جو شیدا شاہدِ بازار کا سودا
کرے گا یہ سرِ بازار رسوا ، دیکھتے جاؤ

⊙

سو جان سے اے جاناں یہ تم پہ فدا ہوتا
اس دل کو مگر تم نے موقع تو دیا ہوتا

درگاہوں میں، دیروں میں آتیں وہ خراماں گر
جو دل بھی وہاں ہوتا، قدموں پہ گرا ہوتا

ہوتی نہ کبھی مجھ کو آشفتہ سری اتنی
زلفوں میں نہ تو ان کی گر دستِ صبا ہوتا

یوں چل کے ہوا آئی ہے کوچۂ جاناں سے
واعظ بھی اگر ہوتا، بربادِ ہوا ہوتا

داعیِ اجل کو میں واپس نہیں لوٹاتا
آنے کا اگر وعدہ تم نے نہ کیا ہوتا

جلدی سے کہا ایسی کیوں تم نے خدا حافظ
کیا پاس جو تم ہوتیں حافظ نہ خدا ہوتا

تھی بار طبعِ نازک پہ آہ اگر ایسی
انبارِ الم اتنا دل کو نہ دیا ہوتا

پیمانۂ دل میں جب تھی جا نہ جفاؤں کی
پیمانِ وفا شیدا تم نے نہ کیا ہوتا

* * *

لے کون لڑائی مول میاں ، اغیار سے جھگڑا کون کرے
ہے کام یہ جب دنگوں سے بھرا تو عشق کا دھندا کون کرے

وہ آہ و فغاں ، وہ رنجِ نہاں ، رکھتے ہیں جنھیں عاشق پنہاں
جو درد ہو اتنا بے درماں تو اُس کا مداوا کون کرے

وہ روگ جو ہے اشکوں سے بھرا ، رکھتا ہے جو ہر دم زخم ہرا
فرصت جو نہیں دیتا ہے ذرا ، اُس دکھ کو گوارا کون کرے

ہو عشقِ جواں ، اک بحر جہاں ، گرداب یہاں ، طوفان وہاں
ہو بحر وہ جب ناپیدا کراں ، امیدِ کنارا کون کرے

شیؔدا یہ مرا جب عشق بتاں ، رکھتا ہے مجھے پیری میں جواں
معشوق ہو جب پہلو میں نہاں ، پروائے نظارا کون کرے

* * *

بر سرِ خیلِ ہوس لینے دل و دیں آیا
دیکھ کس شان سے وہ خسروِ شیریں آیا
گرچہ ہے خانہ بر اندازِ چمن وہ لیکن
لے کے صد سنبل و گل ، سوسن و نسریں آیا
کیسے کرنے کو معطر تجھے اے بادِ صبا
عنبر افشاں وہ مرا آہوئے مشکیں آیا
ساتھ لے کر وہ گیا صبر و سکوں سب میرے
جب بھی دینے کو دلِ زار کو تسکیں آیا
تندی و تلخی و ترشی نہ رہیں یاد مجھے
نوشِ جاں لے کے وہ جب بر لبِ شیریں آیا
ڈالنے آیا کبھی جان یا لینے آیا
جب بھی آیا وہ بصد نازش و تمکیں آیا
دیر سے آیا مگر ناز و ادا سے ساقی
لے کے بر دوش سبوئے مئے دیریں آیا
آج انداز ہے ایسا کہ لگے ہے شیدا
لے کے شاید وہ دوائے دلِ غمگیں آیا

◆

وصلِ گل کو چاہے جتنا چاہیے   خارِ ہجراں سے بھی بچنا چاہیے

خوگرِ غم میں سہی لیکن تجھے   ظلم اتنا بھی نہ کرنا چاہیے

ناز تیرا ٹھیک ہے اے گل مگر   کچھ خزاں سے بھی تو ڈرنا چاہیے

جو گزرتے دن ہیں فرقت میں تری   عمر میں ان کو نہ گننا چاہیے

کاروبارِ بلبل و گل کے رموز   جاننے کو عقلِ سینا چاہیے

اندرونِ پردۂ سودائے دل   دیکھنے کو چشم بینا چاہیے

کون کہتا ہے کہ دامِ عشق میں   مرغِ زیرک کو نہ آنا چاہیے

مرنا پیری میں ہے گر شیداؔ تو کیوں
مہ جبینوں پر نہ مرنا چاہیے

⊙

ہم ان کی بات پہ کیا اعتبار کرتے ہیں
جو شب میں بیٹھ کے یوں انتظار کرتے ہیں

شمار دیدۂ بے خواب سے ستاروں کا
شبِ فراق میں ہم بے شمار کرتے ہیں

ہے اختیار بس اتنا کہ نالہ و زاری
ہم ان کی یاد میں بے اختیار کرتے ہیں

قرارِ مہر و وفا پھر کبھی نہ کرنے کا
قرار ہم اے دلِ بے قرار کرتے ہیں

نظر کے تیر چلاتی نہیں وہ جب ہم پر
خود ہی اٹھا کے انھیں دل کے پار کرتے ہیں

ہم ہی نہیں ہیں جو کرتے ہیں بخت کا شکوہ
گلہ تو اس کا بھی کچھ بختیار کرتے ہیں

خرابیاں ہیں بہت اس میں گو، غریبِ وطن
بہت ہی یاد، پر اپنا دیار کرتے ہیں

ہوا جہاں میں ہے بازاریوں کا راج ایسا
چمن میں بلبل و گل کاروبار کرتے ہیں

تجربہ کار بہت یوں تو آپ ہیں شیدا
ولے خطائیں وہی ہیں بار بار کرتے ہیں

* * *

دراز دستیِ گیسوئے عنبریں دیکھو
تطاولِ نظرِ چشمِ سرگیں دیکھو

نیاز مندیِ عشاق سے نہ ہو نالاں
کرشمۂ نگہِ نازِ نازنیں دیکھو

لگاؤ عیب نہ رندوں پہ موسمِ گل میں
چمن میں نرگس و نسرین و یاسمیں دیکھو

بالاتفاق چلایا تھا تم نے جو اک دن
ہوا ہے کیسا وہ اک تیر دلنشیں دیکھو

جو دیکھنا ہے تماشا تو صبح دم اے جاں
تڑپتا یاس سے میرا دلِ حزیں دیکھو

جو کہتے لوگ ہیں اپنے کو بت شکن، یارو
وہ کتنے رکھتے ہیں بت اندر آستیں دیکھو

مذاق میرے غمِ عشق کا اڑاتے ہیں
جفا شعاریِ یارانِ ہمنشیں دیکھو

کرو نہ شکوۂ بد شکلیِ زماں شیدا
لب و رخ و ذقنِ یارِ مہ جبیں دیکھو

◆

خوش مزاجی بھی ، مہربانی بھی
خندۂ روئی بھی ، شادمانی بھی
گرم جوشی بھی ، نرم خوئی بھی
دستگیری بھی ، میزبانی بھی
لب و رخسارِ لالہ فامی بھی
غنچہ دہنی بھی ، گل فشانی بھی
بینیِ نازکِ فرنگی بھی
ابرو و چشمِ ترکمانی بھی
مہ جبینی بھی ، مہ لقائی بھی
گیسوئے سرکشِ مغانی بھی
سربلندی بھی ، سرفرازی بھی
قامتِ سروِ بوستانی بھی
رونق و رنگ و تابداری بھی
دولتِ حسنِ جاودانی بھی
یہ بھی ہیں اور پاس ہیں اس کے
خرمی ، تازگی ، جوانی بھی
سیکھی دشمن سے اُس نے ہے لیکن
بدگمانی بھی ، سرگرانی بھی
آ گئی ہے زبان سے لب پر
آب و آتش اُسے ملانی بھی
ناز و نازش سے بن گئی ہے وہ
دشمنِ جاں بھی اور جانی بھی

کاش آ جائے وہ لیے شیدؔا
کچھ مئے نابِ ارغوانی بھی

⊙

نہ ہم ہی دیکھ کر سر مستِ چشم یار ہوئے
بہت سے بزم میں مدہوش ، ہوشیار ہوئے

جہاں میں پھیل گئی بات آشنائی کی
یہ کیسے عاشق و معشوق راز دار ہوئے

پیار آ ہی گیا ان کے ، دیکھ کر ، دل میں
کچھ ایسے دیکھ کے ہم ان کو بے قرار ہوئے

خزاں رسیدہ ہمیں دیکھ کر محبت میں
بہار میں گل و بلبل بھی سوگوار ہوئے

ہو ایک ، دل سے نکل کر جو دلنشین رہے
وگرنہ یوں تو بہت تیر دل کے پار ہوئے

رہی نثار کی ہمت نہ جان نثاروں میں
ہزار جان سے جب ان پہ ہم نثار ہوئے

تڑپ نہ دل کی ترے ہے کسی میں اے شیدا
گو ان پہ تجھ سے تو عاشق ہیں بے شمار ہوئے

* * *

وہ اگر مائلِ وفا نہ ہوا   مجھ کو بھی شکوۂ جفا نہ ہوا

خوگرِ رنج و غم ہوں میں اتنا   نہ بَھلا وہ ہوا ، بُرا نہ ہوا

شوقِ معشوقیت ہوا اس کو   عشق مجھ کو بھی والہانہ ہوا

آشنائی میں اس سے کرتا ہوں   جو کسی کا بھی آشنا نہ ہوا

دے ملا کر کچھ اس میں ، اے ساقی   بادۂ ناب جب دوا نہ ہوا

خوں بہا مانگنا قتیلوں کا   خوں بہانے کا اور بہانہ ہوا

اس کو قربت میں بھی جدائی ہے   دُور رہ کر بھی میں جدا نہ ہوا

کیا اسیری ہے اس کی زلفوں کی   میں رہائی میں بھی رہا نہ ہوا

کیا ہوا گر ہوا فدا شیؔدا
اس پہ قربان تو زمانہ ہوا

◆

بیٹھے ہیں اِدھر ہم ، وہ اُدھر دیکھ رہے ہیں
پوچھے کوئی ان سے کہ کدھر دیکھ رہے ہیں

کس رشک سے، اے دوستو! ہم بزم میں انکی
لڑتی ہوئی غیروں سے نظر دیکھ رہے ہیں

اوروں کو یوں گر دیکھنے کا کرتا گلہ ہوں
کہتے ہیں ضرر کیا ہے اگر دیکھ رہے ہیں

کیا زورِ کماں پر نہیں کچھ اپنے بھروسہ
کیوں غور سے یوں زخمِ جگر دیکھ رہے ہیں

کافی نہیں کیا ان کے لیے نالہ و زاری
آ کے جو مرا دیدۂ تر دیکھ رہے ہیں

آتا نہیں مرنے کا مرے ان کو یقیں کچھ
لکھی ہوئی پرچے میں خبر دیکھ رہے ہیں

دیکھو تو وہ کس ناز سے انداز کا اپنے
ہوتا ہے جو لوگوں پہ اثر دیکھ رہے ہیں

بیٹھے ہوئے کیا دور سے مہجوری و دُوری
کرتی ہیں جو شیدا کا حشر دیکھ رہے ہیں

◆

بازاروں میں، کوچوں میں، میری ہوئی رسوائی
اک جرم زمانے میں کرنا ہے شناسائی

نومیدی و کمزوری ایسی ہے ڈرتا ہوں
ہاتھوں سے نہ چھوٹ جائے دامانِ شکیبائی

ناکامی و محرومی تقدیر میں لکھی تھی
تجھ سے نہیں کچھ شکوہ ، اے شاہدِ ہرجائی

عکسِ رخِ روشن سے ہوتی ہے درخشاں مے
جب لب سے لگاتی ہے تُو ساغرِ مینائی

غارتگری تجھ جیسی کرتی نہ خزاں تک ہے
کرتی نہ بہاراں ہے تجھ سی چمن آرائی

دلجوئیِ بلبل کر تھوڑی سی بہاراں میں
دائم نہ رہے گی یہ ، اے گل تری رعنائی

ہنگاموں میں رہ کر بھی رہتا ہوں اکیلا میں
یارب دے کسی کو بھی میری سی نہ تنہائی

لیتا ہے جفاؤں کو ، بدلے میں وفاؤں کے
کیا اچھا کیا سودا تُو نے ہے یہ سودائی

خوبانِ جہاں میں تُو ہے یکتا و بے ہمتا
شیدا سا بھی دنیا میں کوئی نہیں شیدائی

*

یہاں کیسے کیسے ، وہاں کیسے کیسے
ترے غم سے ہیں ناتواں کیسے کیسے

کیے تو نے ہیں کارواں عاشقوں کے
رواں کیسے کیسے ، دواں کیسے کیسے

ہیں مجھ کو یہ خوش فہمیاں کیسی کیسی
تجھے ہیں گماں ، بدگماں کیسے کیسے

تری مسکراہٹ نے پیروں کے دل میں
کیے ولولے ہیں جواں کیسے کیسے

کیے ہیں ادیب و خطیب و مقرر
ترے حسن نے بے زباں کیسے کیسے

ترے سامنے واعظ و پیر و مرشد
ملاتے ہیں سب ہاں میں ہاں کیسے کیسے

بصد راز داری کیے محرموں نے
عیاں راز ہائے نہاں کیسے کیسے

رہا تو ہے ناکام پر دیکھ شیدا
ہوئے ہیں ترے امتحاں کیسے کیسے

⊙

نہ مجھ سے کہہ کہ بچا اپنا دل، مرے ہمراز
تو جا کے دیکھ وہ ابروئے یارِ تیرا انداز

خدایا زلف میں پہونچے گا اسکی یہ کیسے
ہے دست کوتہ مرا اور قدِ یار دراز

مجھے ہے دست طلب اور دستگیر ہے وہ
ہوں میں غریبِ وطن اور وہ غریب نواز

دی بندگی مجھے ، اسکو ملی خداوندی
ہے اوجِ ناز اُسے اور مجھے مقامِ نیاز

ق

ہو فرق عاشق و معشوق میں اگر اتنا
تو درمیان ہوں کیسے پھران کے راز و نیاز

نہ فاش راز کرے گا اگر غمِ جاناں
تو آشکارا یہ ہو گا بہ غمزۂ غماز

پلائے بادہ بہ اندازہ ہے اگر ساقی
کرے ہے اس کی تلافی بصد ہزار انداز

غبارِ راہ نہ شیدؔا غبارِ خاطر کر
ہیں بیش رہگزرِ عمر میں نشیب و فراز

◆

جا بجا چرچے ہیں اس کے نام کے　　کام دیکھو عاشقِ ناکام کے
وہ غمِ جاناں سے کچھ واقف نہیں　　جن کو شکوے ہیں غمِ ایام کے
خار خارِ خارِ حرماں سے ہیں خوار　　ہیں جو عاشق عارضِ گلفام کے
رکھتے پیچیدہ ہیں جانِ عاشقاں　　پیچِ گیسو یارِ سیم اندام کے
آرزو و خواہشِ مہتابِ رخ　　ولولے ہیں زندگی کی شام کے

بن گئی آزار شیدؔا زندگی
فیض سے اک شوخِ دل آرام کے

◆

جب بھی دینے کو تسلی آ گئے
آگ الفت کی وہ اور بھڑکا گئے

آئے دلجوئی کو تھے پر دیکھ کر
مضطرب عشاق کو گھبرا گئے

کچھ غموں کو حاجتِ دُزدی نہ تھی
صاحبِ خانہ تھے گھر میں آ گئے

اس قدر خونخوار تھے غم عشق کے
کھا گئے دل بھی ، جگر بھی کھا گئے

کیا بھروسا دیدہ ہائے شوق کا
پاسباں تھے اور گھر لٹوا گئے

جا کے پھولوں سے کوئی پوچھے کہ وہ
کیوں کھلے اور کھل کے کیوں مرجھا گئے

ق

گردشِ گردونِ گرداں دیکھئے
آئے اور آ کر گئے ، پھر آ گئے

روتے روتے ہو گیا شیدا سکوں
آ گئے کیا واقعی وہ آ گئے

* * *

محبت میں سزا کیسی ، جزا کیا
ہے عاشق کے لیے اچھا بُرا کیا

ہو دردِ خلق جس بیمار دل میں
دوا اس کے لیے کیسی ، دعا کیا

ہے رونق عکسِ حسنِ یار سے سب
رکھا دنیا میں ہے اس کے سوا کیا

ہم عاشق آپ کے ہیں جان و دل سے
ہماری اس میں ہے ، کہیے ، خطا کیا

ادا پر آپ کی مرتے ہیں سب ہی
مرے ہم بھی اگر تو ہو گیا کیا

کچھ ہم کہتے ہیں ، سنتی آپ ہیں کچھ
بتائیں آپ کو پھر مدعا کیا

ہے پاؤں لنگ جب اور ہاتھ کوتہ
کریں ناحاصلی کا ہم گلا کیا

فنا جاناں میں جو ہوتا ہے شیدا
وہ شیدائی مرا کیا ، وہ جیا کیا

◆

ہو لبِ بام جو جلوہ تری رعنائی کا
کم ہو، اے چاند، اندھیرا شبِ تنہائی کا

دیدۂ شوق، دلِ شیدا، طبیعت شائق
سارا سامان بہم ہے مری رسوائی کا

ناتواں ہجر میں ایسا ہوں کہ ڈر لگتا ہے
چھٹ نہ جائے کہیں دامان شکیبائی کا

جا بجا رہ کے بھی ہوتا نہیں اس دل سے جدا
دیکھو دستور ہے کیسا مرے ہرجائی کا

لیتا بدلے میں وفاؤں کے جفائیں ہیں بہت
کتنا اچھا ہے یہ سودا ترے سودائی کا

داغ لالہ کو دیا، خار دیئے پھولوں کو
شیوہ کیسا ہے یہ تیری چمن آرائی کا

چشمِ شیدا سے بہت گرتے ہیں انجم لیکن
کم نہیں ہوتا اندھیرا شبِ شیدائی کا

⊙

عمر بھر اُن کی تمنا کیجئے
پھر سدا قسمت کو رویا کیجئے

ہاتھ آئیں تاز وتگ کے بعد جو
تھک کے سو جائیں تو پھر کیا کیجئے

اُن کی صورت دُور ہی سے بیٹھ کر
رات بھر دل بھر کے دیکھا کیجئے

دیکھ کر شائق ہمیں لڑتی ہیں کیوں
کچھ تو سوچا ، کچھ تو سمجھا کیجئے

بات کرنے کا ملا موقع ہے اب
یوں نہ عشوہ ، یوں نہ غمزا کیجئے

آپ کا ، میرا ہے دو عالم میں جو
آیئے اس کو ہمارا کیجئے

جا رہا ہے آج شیدا جان سے
کیجئے کچھ اے مسیحا کیجئے

◆

مدفنِ آرزو جو دل کو بنا رکھا ہے
شور محشر کا یہ سینے میں چھپا رکھا ہے

ہوں تو مجنوں ولے لوگوں کی خرد مندی نے
اور بھی کچھ مجھے دیوانہ بنا رکھا ہے

بیچنے کے لیے چالاکی و ہشیاری کو
ہر جگہ عقل نے بازار لگا رکھا ہے

دلِ ویران بناتا گل و گلزار ہے یہ
گلِ رخسار جو قدرت نے کھلا رکھا ہے

زلف کو کر کے پریشان رخِ روشن پر
شبِ یلدا میں چراغ ایک جلا رکھا ہے

پرتوئے حسنِ حقیقت سے بنا ہے دلکش
ورنہ اس عالمِ امکان میں کیا رکھا ہے

شوقِ دیدار و حضوری جو ہے دل میں شیدا
یہ خدا کردہ ، خداداد ، خدا رکھا ہے

* * *

جلوہ نما جو شاہدِ مستور ہو گیا
روشن چراغِ دیدۂ بے نور ہو گیا

دل پر گری جو برقِ تجلی مرے کبھی
ایسا جلا کہ نور علیٰ نور ہو گیا

اے دوست جبر اس پہ نہیں جب ترا کوئی
پھر دل کیوں اس قدر مرا مجبور ہو گیا

پہلے تو دل دُکھاتا مرا تھا کبھی کبھی
لگتا ہے اب کہ یہ ترا دستور ہو گیا

جب سے چرائی آنکھ ہے اس نورِ چشم نے
بے نور آنکھ ہو گئی ، دل چور ہو گیا

ساقی ملا کے آنکھ پلائی جو تُو نے مے
قاتل کچھ اور دیدۂ مخمور ہو گیا

رسوا جہاں میں گر ہوا شیداؔ تو کیا ہوا
شکرِ خدا کہ یار تو مشہور ہو گیا

⊙

جب بھی معشوق کبھی ترکِ ستم کرتے ہیں
دُور یکدم دلِ عشاق سے غم کرتے ہیں
دیکھئے کیسے سبکبار غزالوں کی طرح
یہ پری زاد ہمیں دیکھ کے رم کرتے ہیں
اے مسیحا تو وادع کرنے ہی آجا ان کو
یہ جو بیمار سفر سوئے عدم کرتے ہیں
مانگنے کوچے میں آئے نہیں تیرے کچھ ہم
ہم تو عاشق ہیں، فقط طوفِ حرم کرتے ہیں
دیکھ کر خلق کو کہتے ہیں وہ جلوہ گہ میں
میرا عشاق بہت ناک میں دم کرتے ہیں
بخش دیتے ہیں گناہوں کو وہ سارے ان کے
جو ندامت سے کبھی چشم کو نم کرتے ہیں
ہو نہ مایوس، یہ عادت ہے خدا کی شیدؔا
ایک دو پر وہ نہیں، سب پہ کرم کرتے ہیں

◆

بخت کو آزما کے دیکھ لیا
دل کو تجھ سے لگا کے دیکھ لیا

نارسائی کو اپنی ، اے جاناں
حال تجھ کو سنا کے دیکھ لیا

سنگ دل تیرا ، چیر کر سینہ
دل کو اپنے دِکھا کے ، دیکھ لیا

یاد کوئی ہمیں نہیں کرتا
ہم نے جا جا کے، آ کے دیکھ لیا

تجھ کو جب چاہا دیکھنا ہم نے
دل کو اپنے اٹھا کے دیکھ لیا

غمِ ایام سے ملی فرصت
تُو نے جب مسکرا کے دیکھ لیا

کر دیا مست اور ساقی نے
آنکھ جب بھی مِلا کے دیکھ لیا

تابِ رخسارِ یار سے شیؔدا
دل بھی تم نے جلا کے دیکھ لیا

* * *

تری محفل سے اٹھ کر تیرے دیوانے کہاں جائیں
جلا کر پَر شمع رخ سے یہ پروانے کہاں جائیں
چھلکتی آنکھ سے مے دیکھ کر جو مست ہیں ساقی
نکل کر بزم سے تیری وہ مستانے کہاں جائیں
نہاں ہے دردِ دل ، پنہاں ہے جب زخمِ جگر اپنا
بتائیں درد کس کو ، زخم دکھلانے کہاں جائیں
شناسائی ذرا بھی کی نہ جن سے آشناؤں نے
وہ پھر کوچے سے تیرے بن کے بیگانے کہاں جائیں
اے میرِ کاروانِ عشق ، ہم کو چھوڑ کر مت جا
ہیں ہم کھوئے ہوئے ایسے خدا جانے کہاں جائیں
بتوں سے دل لگانے میں کٹی ہے عمر جب شیدؔا
تو ہم پھر بت کدے سے دل کو بہلانے کہاں جائیں

◆

کچھ رہی آہ و فغاں، کچھ نالہ و زاری رہی
رات بھر دل کو ستاتی یادِ دلداری رہی

حلقہ در حلقہ ہیں کتنے زلفِ پیچا پیچ میں
بحث اک یہ حلقۂ عشاق میں جاری رہی

بار برداریِ غم جتنی بھی ہم کرتے رہے
تجھ کو اتنی ہی زیادہ ہم سے بیزاری رہی

پہلوئے دشمن میں تو سوتی رہی جو رات بھر
تیرے قرباں، پوچھ مت ہم کو جو بیداری رہی

بچ کے رہ سکتا نہیں تھا دل بلاؤں سے کبھی
کیا ہوا گیسو کی گر اسکو گرفتاری رہی

سب ہی رہتے ہیں سبک سر نوجوانی میں مگر
ہیں وہ خرم جن کو پیری میں سبکساری رہی

عاشقی سے بچ کے رہنا تجھ کو آساں ہے ولے
پوچھ مت اے جان شیدؔا کو جو دشواری رہی

⊙

آتا کہیں ظلمت میں نظر نور نہیں ہے
کٹتی کسی صورت شبِ دیجور نہیں ہے

اے برقِ تجلی میں کروں کیسے تقاضا
موسیٰ نہیں میں، گھر بھی مرا طور نہیں ہے

دے آ کے دلاسا اسے خود، دینا اگر ہے
بہلے کبھی تجھ بن دلِ رنجور نہیں ہے

اوجھل ہے اگر آنکھ سے میری تو ہوا کیا
دل سے کبھی رہتی مرے تُو دُور نہیں ہے

آتی ہے دکھانے کے لیے تُو مجھے جلوہ
کچھ آنکھ میں باقی جو رہا نور نہیں ہے

شہرت ہے ترے حسن کی دنیا میں کچھ ایسی
کچھ رہ کے بھی مستور تُو مستور نہیں ہے

دنیا ہی میں اس، یکتا و بے ہمتا نہیں تُو
تجھ سی کوئی جنت میں بھی اِک حور نہیں ہے

شیداؔ تجھے رہتی ہے تگ و تاز کیوں اتنی
ملتا نہیں کوشش سے جو مقدور نہیں ہے

◆

کبھی جلوہ بھی دکھلایا تو ہوتا
یہ دل کچھ اور تڑپایا تو ہوتا

نکل کر تُو کبھی پردے سے باہر
ہمارے سامنے آیا تو ہوتا

جہاں جلتے ہیں جبرائیل کے پَر
وہاں ہم کو بھی پہنچایا تو ہوتا

کچھ اپنی آنکھ کے ساغر سے بادہ
ملا کر آنکھ چھلکایا تو ہوتا

چھپایا شرم سے اپنوں سے منہ جو
تُو غیروں سے بھی شرمایا تو ہوتا

جفائیں کر کے ظالم ہم پہ اتنی
کبھی تھوڑا سا پچھتایا تو ہوتا

کبھی جھوٹا سا کر کے ایک وعدہ
دلِ مضطر کو بہلایا تو ہوتا

پریشاں زلف سلجھائی جو تو نے
یہ الجھا دل بھی سلجھایا تو ہوتا

کیا رسوا ہے اتنا جس نے شیداؔ
کبھی اُس دل کو سمجھایا تو ہوتا

در مدحت وستائشِ بینی

ہوں عاشق گرچہ میں انداز و نازِ نازنینی کا
ولے شیدا بھی ہوں تیرے لب ورخسار و بینی کا

رہا کچھ ہے نہ ذوقِ شربت وشیرہ وشیرینی
پڑا ہے ذائقہ جب سے لبوں کی انگبینی کا

لگی کرنے سماع ورقص زہرہ آسمانوں میں
ہوا کچھ اس طرح چرچا تری زُہرہ جبینی کا

بناتا ہے وہ تمثیلِ رخِ بے مثل و بے ثانی
ذرا دیکھے تو کوئی حوصلہ نقاشِ چینی کا

خوشی سے وہ جو غم کھاتے ہیں اور کھاتا ہے غم ان کو
نہ غم پھر کر تو ان عشاق کی اندوہگینی کا

طلب ہو قلب کو زنجیر و بندِ آہنیں کی جب
کرے کیسے وہ شکوہ تیرے قلبِ آہنینی کا

پرستاریِ بینیِ سبک کرتا ہے جو شیدا
نہ اندیشہ کرے ہے پھر وہ لادینی و دینی کا

◆

عشق میں کھانا جگر بھی، خوں بھی پینا چاہیے
موت برحق ہے مگر مر مر کے جینا چاہیے

ناز برداری کی خُو دل میں ہے کچھ ایسی، ہمیں
ناز جتنا بھی کرے تو نازنینا، چاہیے

میکشوں کو چشمِ ساقی جب کرے ہے مست خود
کس کو صہبا و سبو و جام و مینا چاہیے

کرنی آتی خوب ہے دل کی جراحت گو تجھے
سیکھنا، سینہ بھی اے جراح، سینا چاہیے

ہیں زمیں پر بھی بہت پروین و زہرہ، انجم و مہ
بہرِ دیدارِ حسیناں چشمِ بینا چاہیے

وہ کرے جلوہ گری لیکن تجلی کے لیے
شوقِ دیدارِ کلیم و طورِ سینا چاہیے

ہجر نے لاغر کیا گرچہ تجھے شیؔدا ولے
وصل کی خاطر ابھی کچھ اور جینا چاہیے

◆

مجھے بندِ غم سے نہ آزاد کر   خدارا ستم اور ایجاد کر
تو کر پاسِ ناموسِ رسمِ ستم   نہ اے بے رحم ، ترکِ بیداد کر
ہوا دار کو کچھ ، ہوا اور دے   یہ برباد دل اور برباد کر
اے خانہ بر انداز ، آ کر کبھی   تو غارت دلِ خانہ برباد کر
پریشاں اُسے اور، پریشاں جو ہے   پرستانِ دل ، اے پری زاد کر
نئے دے کے رنگِ عتاب وغضب   فزوں اور حسنِ خدا داد کر
گرا درگہہِ حق سے تو خود ہے دل   نہ کر داد اتنی ، نہ فریاد کر

کٹی عمر شیدا ہوس میں تری
ہے وقت آخری ، اب خدا یاد کر

◆

رہا باقی نہ کچھ دم خم ہمارا
یہ کیا تو نے کیا عالم ہمارا

ہے کیسا عشق کا حکمِ خموشی
لگا گھٹنے ہے اس سے دم ہمارا

یہ خونخواری ہے کیسی ، دل کو کھا کر
پئے خونِ جگر ہے غم ہمارا

ہے گر عالم میں فائق حسن تیرا
نہیں ہے عشق بھی کچھ کم ہمارا

یہ کیا محفل تری ہے جس میں ساقی
رہا خالی ہے جامِ جم ہمارا

ڈرا آہوں سے فقیروں کے دلوں کی
مزاج اتنا نہ کر برہم ہمارا

بہت طغیانیاں کرتا ہے برپا
اگر ہوتا ہے دیدہ نم ہمارا

یہ کیا شیون کدہ شیدا ہے جس میں
نہیں کرتا کوئی ماتم ہمارا

⊙

وعدے پہ اعتبار کیا ، میں نے کیا کیا
دن رات انتظار کیا ، میں نے کیا کیا

دل کی لگام دے کے رہِ عشق میں اُسے
رہزن کو ایک یار کیا ، میں نے کیا کیا

جز صبر جب علاج نہیں دردِ عشق کا
شکوہ جو ایک بار کیا ، میں نے کیا کیا

پردہ دری کو غمزۂ غماز کم نہ تھا
جامہ جو تار تار کیا ، میں نے کیا کیا

رسوائی دیکھ کر مری بولی گلہ نہ کر
تُو نے ہی خود کو خوار کیا ، میں نے کیا کیا

پچھتا کے اور ڈھاوے ہے دل پر قیامتیں
ظالم کو شرمسار کیا ، میں نے کیا کیا

غمخواری مدعا تھا ، ملیں پر نصیحتیں
شیدا کو راز دار کیا ، میں نے کیا کیا

⊙

ہے دَور باغ میں پھولوں کے مسکرانے کا
چلی بھی آؤ کہ موسم ہے دل لگانے کا

گلاب مست ہے، مخمور چشمِ نرگس ہے
بندھا چمن میں سماں ہے شراب خانے کا

گلوں کے ہاتھ میں ساغر ہیں، تُو بھی آ ساقی
کہ آیا وقت ہے پینے کا اور پلانے کا

رہا ہے دیکھ کے بلبل کو خندۂ سوسن
قفس کا خوف نہ اندیشہ آشیانے کا

نہ تابِ دید اگر ہم میں ہے تو ان کو بھی
ملا ہے ایک بہانہ یہ منہ چھپانے کا

مزہ رہا نہ جلانے میں دل کو جب کوئی
وہ پوچھتی ہیں پتا میرے آشیانے کا

ملاتا مُنہ سے ہوں میں مُنہ اگر تو کہتی ہیں
صلہ یہ دیتا ہمیں ہے تو منہ لگانے کا

ملایا ان کو جو شیؔدا سے دیکھ کر بولیں
دکھاؤ ہم کو کوئی آدمی ٹھکانے کا

* * *

لگی ہے ڈھلنے شبِ انتظار کہتے ہیں
نسیم لائی ہے بوئے نگار ، کہتے ہیں

گل و گلاب کو نیرنگِ رنگ و بو دے کر
گیا ہے قافلۂ نوبہار ، کہتے ہیں

بدل گئے ہیں قوانینِ عاشقی سارے
اب ان کا عہد بھی ہے استوار ، کہتے ہیں

رواجِ اہلِ وفا بھی بدل گیا ہے بہت
قرار سے ہے دلِ بیقرار ، کہتے ہیں

وہ سن کے بسملِ الفت کی نالہ و زاری
بہت ہے خاطرِ نازک پہ بار ، کہتے ہیں

ذرا تو دیکھئے دانش کی خود فریبی کو
قضا کو اہلِ خرد اختیار کہتے ہیں

شبِ فراق کی ظلمت کو دیکھ کر شیدؔا
افعیِ گیسوئے شب رنگِ یار کہتے ہیں

* * *

دے کر سلام، کر کے دعا، بھیجتا ہوں میں
پیغام اک بدستِ صبا بھیجتا ہوں میں

یہ جان کر کہ یار جفا کار ہے مرا
ہر دم پیام ہائے وفا بھیجتا ہوں میں

کیسی یہ سادگی ہے، دلِ لخت لخت کو
قاتل کے پاس بہرِ شفا بھیجتا ہوں میں

قاصد کو دے کے زہرِ ہلاہل مرے لیے
کہتا ہے تیرے دُکھ کی دوا بھیجتا ہوں میں

ق

پوچھا جو میں نے تحفہ یہ بھیجا ہے کس لیے
کہنے لگا برائے خدا بھیجتا ہوں میں

ق

جز مرگ کچھ علاج نہیں تیرے درد کا
کرنے سہل یہ تجھ پہ قضا بھیجتا ہوں میں

مطرب کے ساتھ شیدائے خستہ کی اک غزل
بدخو کو اُس ، بساز و نوا بھیجتا ہوں میں

◆

ساقیا بزم میں کچھ اور تجمل ہووے
دورِ ساغر میں اگر ایک تسلسل ہووے
آویں مے نوش ہر اک سُو سے صدا سن کر
محفلِ عیش میں شیشے جو قلقل ہووے
بیٹھ کر صحنِ گلستان میں توڑیں توبہ
ساغرِ گل سے چھلکتی ہوئی گر مُل ہووے
چشم و رخسار پہ بکھری ہوئی زلفوں سے خجل
چشمِ نرگس، رخِ گل، گیسوئے سنبل ہووے
ہوویں خنداں نہ گل و لالہ چمن میں ایسے
نہ بہاراں میں اگر نالۂ بلبل ہووے
گر ترے لب سے لگے جامِ لبالب شیدا
شور اتنا نہ ترا آج نہ غلغل ہووے

* * *

بزم کرتا ہے فروزاں رُوئے رخشاں آپکا
عکسِ رخ کرتا ہے جامِ مے درخشاں آپکا

کرتی زُہرہ ہے ستائش دیکھ کر زُہرہ جبیں
ماہِ رخ نے کر دیا ہے مہ مدح خواں آپکا

کرنے آتے ہیں زمیں بوسی ستارے رات کو
جگمگاتا دیکھتے ہیں جب وہ ایواں آپکا

دیکھ کر گلزار میں اک دن گلِ رخسار کو
عاشق شیدا بنا ہے مرغِ شب خواں آپکا

زلف کی زنجیر مانگے ہے زلیخا آپ سے
چاہتا یوسف بھی ہے چاہِ زنخداں آپکا

ہوتی دیوانوں کی آشفتہ سری ہے اور فزوں
جب بھی کرتی ہے صبا کاکل پریشاں آپکا

آپ ہی کرتیں نہیں جور و ستم عشاق پر
ظلم کچھ کرتا نہ کم ہے ان پہ درباں آپکا

دیکھئے شیدؔا کو در پر بیٹھ کر کس رشک سے
دیکھتا رہتا ہے وہ شب بھر شبستاں آپکا

نامہرباں وہ کبھی گر مہرباں ہو جائے
ہے
مجھ کو آہوں پر رسائی کا گماں ہو جائے ہے
ڈالتی ہے جب بھی وہ دلدار دزدیدہ نظر
دل سے رخصت یک بہ یک دردِ نہاں ہو جائے ہے
قصۂ نوشِ لبِ شیریں یہ دیکھو کس طرح
ذکرِ جُو و تیشہ و سنگِ گراں ہو جائے ہے
بارِ غم اتنا نہ دو اپنا کہ اِس کو دیکھ کر
ناتواں دل اور بھی کچھ ناتواں ہو جائے ہے
کھینچے ساقی ہاتھ ہے جب درمیانِ میکشی
اک کشاکش اس کے میرے درمیاں ہو جائے ہے
چشمِ دل سے دیکھتے ہیں جب بتِ کافر ادا
رازِ پنہاں صوفیوں پر بھی عیاں ہو جائے ہے
جب دکھاتی ناز ہے نازش سے کوئی نازنیں
دیکھ کر پیری میں پھر شیدؔا جواں ہو جائے
ہے

◆

کم نہ ہوتی کسی صورت مری رنجوری ہے
وعدۂ وصل بڑھاتا غمِ مہجوری ہے

چھیڑتا کوئی ہے گر قصۂ زلفِ جاناں
اور بڑھ جاتی شبِ ہجر کی دیجوری ہے

فیض سے عشق کے اے ملکۂ خوباں تیرے
دیکھ کیسی مری ناچاری و مجبوری ہے

سادگی دیکھ بناتا ہوں میں رہبر اس کو
رہزنی جس کے لیے کارِ بدستوری ہے

رخ دکھاتے ہی چھپاتی جو ہے زلفوں میں اسے
کیسی یہ جلوہ گری، کیسی یہ مستوری ہے

جا کے کرتے ہیں درِ خلد پہ رضواں سے دعا
سن کے عشاق کہ تجھ سی کوئی واں حوری ہے

جب طلب گار ہیں میخانے میں اتنے ساقی
خم میں مستور یہ کیوں دخترِ انگوری ہے

ناز کر عشق پہ شیداؔ کہ رقیبوں کو بہت
باعثِ رشک تری خواری و مجبوری ہے

* * *

توبہ سے کم نہ شوقِ وصالِ صنم ہوا
خالی کبھی بتوں سے نہ دل کا حرم ہوا

ایسا ہے سر میں شوق کہ جب سے گئی ہے وہ
مسجود ، جو بھی مل گیا نقشِ قدم ، ہوا

دل جوئیِ حبیب کا دیکھو اثر ہے کیا
دل کو عزیز اور بھی کچھ اس کا غم ہوا

کیا مل گئی رسائی دلِ نامراد کو
کیسے یہ آج اہلِ ستم کا کرم ہوا

نرگس بھی دیکھ کر ہوئی شبنم کی منتظر
کچھ اس طرح یہ دیدۂ غمناک نم ہوا

ساقی سمجھ حقیر نہ جامِ سفال کو
اک جام بھی نہ بن سکا، جب خاک جم ہوا

ہے ساز تیرا زیر و زبر دل تو غم نہ کر
نغمہ وہ کیا ہے جس میں نہ کچھ زیر و بم ہوا

شیدؔا رہا نہ آپ میں دم خم تو کیا ہوا
فضلِ خدا کہ زلف کا کچھ کم نہ خم ہوا

⊙

ہے علاجِ غمِ دل شربتِ دیدار ، مرا
شربتِ قند مگر دیوے ہے عطار مرا

میری تڑپن کو سمجھتا ہے وہ دھڑکن دل کی
کیسا ماہر ہے طبیبِ دلِ بیمار مرا

خون کی کوئی کمی ہے نہیں تیرے دل میں
کہتا وہ دیکھ کے ہے دیدۂ خونبار مرا

مرضِ دل کا وہ ہنرمند ہے لیکن یارب
دیکھنا اس کو سکھا دے تو دلِ زار مرا

اے معالج نہ مجھے بھیج تُو درمانگہ میں
ہے شفا خانہ مجھے کوچۂ دلدار مرا

نہ رہے مجھ کو طبیبوں سے، حکیموں سے غرض
مونسِ جان اگر ہووے لبِ یار مرا

گلِ رخسار نظر آتا خزاں میں بھی ہے گر
بنتا ہر گوشۂ دل ہے گل و گلزار مرا

جب سے آزاد کیا اس نے ہے شیداؔ مجھ کو
ہووے کوئی ہے نہ دنیا میں خریدار مرا

◆

گر وصل نہیں ، وصل کا اقرار ہے کافی
مجھ کو تو ترا وعدۂ دیدار ہے کافی

آزاد نہ کر مجھ کو ، نہ کر فکر تو اتنی
زنداں میں مجھے روزنِ دیوار ہے کافی

کرتا ہوں طلب میں نہ مسیحائی کسی سے
مل جائے اگر ، ایک ہی غم خوار ہے کافی

امید شفا کی ہے نہ خواہش ہے دوا کی
مجھ کو تو فقط پرسشِ بیمار ہے کافی

خنجر کی نہ شمشیر کی کوئی ہے ضرورت
مرنے کے لیے اک نگہِ یار ہی کافی

مت بیٹھ یوں آغوش میں اتنی کہ مجھے تو
تھوڑا سا ہی اک خدشۂ اغیار ہے کافی

کہتی ہے تُو ، اس سے میں فقط کھیل رہی ہوں
کہتا ہوں میں ، دشمن مرا ہشیار ہے کافی

ہے رات جواں ، کھینچ نہ یوں ہاتھ کو ساقی
اس دل پہ ابھی غم کا مرے بار ہے کافی

کر اور نہ شیدؔا ہوسِ گیسوئے جاناں
پہلے ہی سے تو اس میں گرفتار ہے کافی

نواز شریف کے دور میں

لب پہ نالہ نہیں آنکھوں میں نہ کچھ پانی ہے
اے عزیزو! یہ اذیت میری روحانی ہے

کن گناہوں کی سزا تُو نے یہ دی ہے یارب
قلب بے حس ہوا، دانش ہوئی دیوانی ہے

ہو رہا ملک میں کیا ہے یہ خدایا میرے
مہنگا پانی ہے بہت خون کی ارزانی ہے

بھائی بھائی کا گلا کاٹ رہا ہے اپنے
کوئی بتلائے کہ کیسی یہ مسلمانی ہے

کارواں لوٹتے جب خود ہیں محافظ اس کے
کیسی نگرانی ہے یہ، کیسی نگہبانی ہے

رہزنوں، راہ نماؤں میں رہا فرق نہ کچھ
راہ پیچیدہ ہے، خطروں کی فراوانی ہے

یوں تو آرام سے امریکہ میں مَیں ہوں شیداؔ
سن کے پر حالِ وطن ہوتی پریشانی ہے

* * *

جام میں ڈال کے رنگِ رخِ جانانہ دیا
دیکھو کیسا یہ مجھے بادۂ مستانہ دیا

دیکھنے آئے سماں مفتی و شحنہ اندر
کھول جب پیرِ مغاں نے درِ میخانہ دیا

داغ سے ایک، رخِ لالہ کی آرائش کی
خال سے ایک سجا عارضِ جانانہ دیا

حسنِ عالم سے بنایا شمعِ محفل اس کو
دل کو بھی ایک مرے جذبۂ پروانہ دیا

عقلِ ناقص ہی اگر حق میں تھی میرے یارب
شکر تیرا کہ مجھے اک دلِ دیوانہ دیا

پاس جبکہ تھا دمِ عیسیٰ مریم اس کے
میرے عطار کو کیوں پھر یہ دواخانہ دیا

قید کرنے کو کہا جب خمِ گیسو میں اسے
میں نے دل بھی دیا، دل سے اسے شکرانہ دیا

شیدا اچھا کیا ساقی نے، بہت ٹھیک کیا
ناپ کے، جانچ کے، گر اک تجھے پیمانہ دیا

⊙

کچھ بھی اس کے لیے آنا ہے نہ جانا دل کا
دل لگی سے نہیں کچھ پیش لگانا دل کا

ہے یہ کیا سادگی دلدار کی ، دیکھو یارو
دلِ ستانی کو وہ سمجھے ہے ستانا دل کا

خوش جو ہوتی ہے دُکھا کر دلِ عشاق کو وہ
کاش آ جائے اسے اور دُکھانا دل کا

گر کہا میں نے دوا کر دلِ ناشاد کی کچھ
بولی ، تجھ کو تو یہ ہے مرض پرانا دل کا

پُر جلانا ہے اگرچہ اے شمع ٹھیک ترا
ٹھیک لیکن نہیں ہنس ہنس کے جلانا دل کا

دیکھنا اس کو نہ آتا ہے اگر دل شیدا
کچھ تجھے بھی نہیں آتا ہے دکھانا دل کا

◆

زہے نصیب کہ ساقیِ دلکشا آیا
سبو بدوش ، خراماں ، لیے دوا آیا

گلوں کو چھیڑنے آئی نسیم صبح دم
چمن میں نغمہ سرا مرغِ خوش نوا آیا

سماں بندھا ہے کچھ ایسا کہ آج مطرب بھی
بہ طبل و چنگ ، لیے قول آشنا آیا

یوں اسکے کوچۂ جاناں سے آیا قاصد ہے
لگے ہے لے کے وہ پیغامِ جانفزا آیا

رقیب کوچۂ دلدار میں ، بفضلِ خدا
گیا تھا سرخ رُو ، ہو کر وہ رُوسیا آیا

ہے نا امید کچھ ایسا عدو کہ خود لے کر
ہمارے پاس سفارش کی التجا آیا

عجیب بات ہے کیا ، اتفاق ہے کیسا
جو پیش آیا وہ سب حسبِ مدعا آیا

کمی ہے کوئی اگر اب تو صرف اتنی ہے
کہ ہاتھ تیرے نہ شیدا وہ دلربا آیا

◆

جب بھی دل بن گیا نشانہ ہے   لٹ گیا اُس کا سب خزانہ ہے
شوقِ معشوقیت ہے گر تجھ کو   عشق مجھ کو بھی والہانہ ہے
تیری الفت سہی فلاطونی   عشق میرا نہ فلسفانہ ہے
کرنا غمزے کی تیرے غمازی   کیسا اندازِ محرمانہ ہے
کھانا آدم کا دانۂ گندم   کیوں ہوا عیبِ مردمانہ ہے
بتِ کافر کا پوجنا یارب   کیوں بنا جرمِ مسلمانہ ہے
خوں بہا مانگنا بنا میرا   خوں بہانے کا کیوں بہانہ ہے

کیا ہوا گر ہوا فدا شیدؔا
تجھ پہ قربان تو زمانہ ہے

◆

لاغر ہوا ، نحیف ہوا ، ناتواں ہوا
لیکن نہ غم ترا کبھی مجھ پر گراں ہوا

اے یارِ تیز گام ، تگ و تاز میں تری
کیسا رواں یہ دل ہوا ، کیسا دواں ہوا

کرنے گیا تھا حال بیاں ، دیکھ کر تجھے
گرچہ ہے صد زبان یہ دل بے زباں ہوا

دُزدی سے دیکھتا ہے مجھے بزمِ غیر میں
کیا ضبط کا پھر آج مرا امتحاں ہوا

نا مہریِ رقیب کا کرتا ہے اب گلہ
کیا مہربان وہ مہِ نا مہرباں ہوا

سرگوشیاں ہیں بزم میں کیسی یہ آج شب
کیا فاش ، محرموں ، مرا رازِ نہاں ہوا

آہ و فغاں میں کچھ نہ اثر کیا رہا مری
کیوں آج وہ نہ سن کے اسے سرگراں ہوا

شیداؔ نہ تُو ہی پیر ہوا ماہ و سال سے
لگتا ہے پیر بھی ترا بختِ جواں ہوا

* * *

گمراہ کچھ اِدھر ملے اور کچھ اُدھر ملے
اپنی طرح ہی راہ میں سب ہمسفر ملے

کیسی ہے دیکھ خوبیِ قسمت کہ راہ میں
رہبر بھی گر ملے تو ہمیں بے خبر ملے

ان کو امیدِ منزلِ جاناں ہو کس طرح
اپنا ہی ڈھونڈنے سے جنھیں خود نہ گھر ملے

جدوجہد کسی میں نہ کوشش ملی کہیں
عشاق جس قدر بھی ملے، منتظر ملے

جلوہ گری جو سب کو چکا چوندھ کر گئی
صاحب نظر بھی کُو میں ترے بے بصر ملے

نے اوج کی امنگ، نہ پرواز کی تڑپ
شاہیں ملے اگر بھی تو بے بال و پر ملے

کرتے جہاں حکیم تھے دعویٰ علاج کا
لاچار واں بہت سے ہمیں چارہ گر ملے

شیدؔا نہ ڈر، ہو بحر میں پھر غوطہ زن کہ واں
شاید ملے صدف کوئی، کوئی گہر ملے

⊙

دی تو قدرت بھی ہے، طاقت بھی ہے، تدبیر بھی ہے
ہم کو لیکن ملی مجبوریِ تقدیر بھی ہے
کیا کہوں ، کس کو دکھاؤں میں کسے کیسے لکھوں
درد پنہاں بھی ہے ، ناقابلِ تحریر بھی ہے
قتل کے واسطے کافی نہیں چشم و ابرو
خونِ عاشق کے لیے ہاتھ میں شمشیر بھی ہے
کم نہیں کرتی گرفتار ہیں باہیں گرچہ
باندھنے کے لیے اک زلف کی زنجیر بھی ہے
بے چلے پار جو ہو جائے جگر کے یکدم
مانگتا دل میرا ایسا وہ ترا تیر بھی ہے
ڈر خدا سے تُو اے قاتل کہ فرشتہ تیرا
نامہ لکھتا بھی ہے لیتا تری تصویر بھی ہے
جستجو دل میں مسلسل جو ہے تیرے شیدؔا
زہرِ قاتل بھی ہے ، جاں کے لیے اکسیر بھی ہے

* * *

برخلافِ رائے طبی خواہشِ یاری ہوئی
باوجودِ حبسِ دم ، دل کو ہواداری ہوئی

تھا غمِ فرقت اگرچہ ، فزبہی بڑھتی گئی
کچھ فشارِ خون کی بھی دل کو دشواری ہوئی

سخت ہوتی جارہی تھیں دم بہ دم دل کی رگیں
روغنی روٹی سے لیکن پیٹ کو یاری ہوئی

نوش تمبا کو کیا اور عشق بھی کرتے رہے
کیا عجب ہے پھر کہ دل کی ہم کو بیماری ہوئی

دل ملاورٹے میں تھا بدحال، لیکن کم نہیں
باعثِ افگاریِ دل کچھ جفا کاری ہوئی

تھے مریضِ قلب پہلے ہی سے لیکن ہجر میں
دل کا دورہ جب پڑا، رقت بہت تاری ہوئی

حرکتِ دل بند بے پرہیز گاری کر گئی
موت کا باعث ولے شیدا ستمگاری ہوئی

◆

ہے پریشان وہاں کوئی تو حیراں کوئی
تیرے کوچے میں نہیں صاحبِ عرفاں کوئی
بزمِ عشاق میں وحشت ہے کچھ ایسی کہ وہاں
چیرتا کوئی گریباں ہے تو داماں کوئی
ہے وہ غیروں سے گھری ایسی کہ ڈر لگتا ہے
نہ نگہباں ہے وہاں کوئی نہ نگراں کوئی
جل رہے ہیں پرِ پروانۂ دل کیوں اتنے
بن گئی کیا ہے کہیں شمعِ شبستاں کوئی
غم دلِ زار نہ کر بے سرو سامانی کا
ایک دن اس کا بھی ہو جائے گا ساماں کوئی
ڈال کے تھوڑی سے انسانیت اس میں یارب
خاک سے ایک نیا ڈھال دے انساں کوئی
چشمِ دل کھول دے شیدا کی خدایا اپنے
تار ہے رازِ نہاں اُس سے نہ پنہاں کوئی

⊙

تھی تو اپنوں سے عداوت مگر ایسی تو نہ تھی
ظلم کی تھی انھیں عادت مگر ایسی تو نہ تھی

پہلوئے غیر میں رہتی ہیں وہ ہر دم جا کر
تھی تو پہلے بھی عنایت مگر ایسی تو نہ تھی

پاس آتے ہی عدو اُن سے چپک جاتے ہیں
تھی بہت اُن میں حلاوت مگر ایسی تو نہ تھی

اب تو سب دیکھتے ہی اُن پہ فدا ہوتے ہیں
تھی بہت اُن میں صباحت مگر ایسی تو نہ تھی

دیکھنے خلد سے آتے ہیں اُنھیں رضواں بھی
تھی تو حوروں سے شباہت مگر ایسی تو نہ تھی

سن کے اب قصہ مرا لوگ تڑپ جاتے ہیں
تھی بُری پہلے بھی حالت مگر ایسی تو نہ تھی

اب ہر اک بات پہ شیدؔا سے بگڑ جاتی ہیں
تھی تو پہلے بھی شکایت مگر ایسی تو نہ تھی

⊙

ہے نہ معلوم کسی کو کہاں رہتا ہے
اس کی قربت کا مگر دل کو گماں رہتا ہے
پردہ داری کا اسے شوق ہے ایسا دیکھو
دل میں رہ کر بھی وہ آنکھوں سے نہاں رہتا ہے
یوں تو رہتے ہیں جواں سب ہی جواں سالی میں
اس کو دیکھو کہ وہ پیری میں جواں رہتا ہے
ہو کے رہتا ہے مکیں کون و مکاں ہی میں نہیں
لامکاں میں بھی بنا کر وہ مکاں رہتا ہے
دل سے ہوتا نہ جدا ہے کبھی عشاق کے وہ
جائے بھی چھوڑ کر تو بن کے نشاں رہتا ہے
دل کو روشن کبھی کرتا ہے تجلی سے اگر
بن کے وہ داغ بھی شعلہ بھی وہاں رہتا ہے
عقل کی چشم سے گرچہ وہ نہاں ہے شیدا
آنکھ کے سامنے دل کی وہ عیاں رہتا ہے

◆

نہیں تو آتی اگر دیکھنے دِکھانے کو
نہ آ خدا کے لیے دل بھی پھر دُکھانے کو

دل اور دیکھ کے ہوتا ہے ناتواں اسکو
نہ اس قدر دے اسے بارِ غم اُٹھانے کو

بہانہ زخمِ جگر سے ہی خون سب اے دل
بچا کے رکھ بھی تو کچھ آنکھ سے گرانے کو

دلیری شوخ کی دیکھو کہ ظلمتِ شب میں
چراغِ رخ لیے آتی ہے دل چرانے کو

ق

جو ہوتی شہرت دُزدی ہے سن کے کہتی ہے
نہ جانے کیسے خبر ہوگئی زمانے کو

نہ کر بہار میں یوں نالہ و فُغاں شیدا
چمن میں دیکھ تو پھولوں کے مسکرانے کو

⊙

بت ہم جب وہ کافر ادا دیکھتے ہیں
کرشمہ ترا اے خدا دیکھتے ہیں

یہ کیا معجزہ ہے خدایا کہ اس پر
جسے دیکھتے ہیں ، فدا دیکھتے ہیں

چھپا ہے نظر سے تو کیا، چشمِ دل سے
اُسے دم بہ دم ، جابجا دیکھتے ہیں

خود ہی جا کے کرتے نشانہ ہیں سیدھا
جو تیر اس کا ہوتا خطا دیکھتے ہیں

وہ ظالم جو گِھیرے ہے دل دوستوں کے
اُسے دشمنوں سے گِھرا دیکھتے ہیں

کریں خود ہی گہرا ہیں ناخون سے ہم
اگر زخم بھرتا ہوا دیکھتے ہیں

ہوئی اب کے دُوری کچھ ایسی ہے ہم سے
اُسے قرب میں بھی جُدا دیکھتے ہیں

غریبی ہے ایسی ہماری کہ کوئی
نہ یک ہم سخن ، ہم نوا دیکھتے ہیں

دل ایسا بھرا زندگی سے ہے شیدؔا
کہ ہم زہر میں بھی دوا دیکھتے ہیں

⊙

وہ آنے لگے ہیں وہ جانے لگے ہیں
اب آ کے مجھے خود منانے لگے ہیں

جو آنکھیں چراتے تھے اب مست ہو کر
وہ آنکھوں سے مجھ کو پلانے لگے ہیں

جو تلچھٹ پلاتے تھے اب عکسِ رخ سے
وہ ساغر مرا جگمگانے لگے ہیں

ہم آغوش خلوت میں ہونے کی خاطر
چراغوں کو خود ہی بجھانے لگے ہیں

جو مجھ کو دکھاتے جھلک تک نہیں تھے
وہ چلمن کو اب خود اٹھانے لگے ہیں

بلاتے نہ محفل میں جو تھے مجھے خود
وہ صدر اب بنا کے بٹھانے لگے ہیں

کبھی جو نہ آئے جواں جب تھے شیدؔا
وہ آئے ہیں اب جب وہ جانے لگے ہیں

◆

کر کے آنے کا وہ اقرار اگر جاتے ہیں   بیقرار اور دلِ زار کو کر جاتے ہیں

ڈالتی چشمِ غزالی ہے اگر ایک نظر   شیر افگن بھی اُسے دیکھ کر مر جاتے ہیں

جھانکتی زُہرہ و پرویں ہیں شبستانوں میں   نیم عریاں جو وہاں رشکِ قمر جاتے ہیں

دیکھتے نورِ خدا دیر میں بھی عاشق ہیں   پوجنے بُت وہ دل و جان سے گر جاتے ہیں

خانقاہوں کی، خرابات کی کچھ شرط نہیں   دیکھتے پرتوئے حق ہیں وہ جدھر جاتے ہیں

دیکھ کر عکسِ خدا خود میں، بہت اور بلند   وہ سلیب و رسن و دار کو کر جاتے ہیں

جان پُر غم، دلِ پُر سوز و الم، سوئے عدم   تیرے دیوانے بھرا چھوڑ کے گھر جاتے ہیں

مرتے دم دیکھنی آساں نہیں شیدا کی تڑپ
تھام کر خود ملک الموت جگر جاتے ہیں

◆

دنیا میں حسنِ یار کا ہم نام کر چلے
کیا خوب کام عاشقِ ناکام کر چلے

جتنے بھی گل بہار میں تھے باغ و راغ میں
ہم سب وہ نذرِ عارض گلفام کر چلے

لے کر سفید آئے تھے، رہ کر مگر یہاں
دفتر برنگِ زلف سیاہ فام کر چلے

جب قیدِ زندگی سے رِہا موت نے کیا
غمگین و غمزدہ غمِ ایام کر چلے

آئے تھے کرنے شیخ جو تحریمِ میکشی
خالی، وہ پی پلا کے، خُم و جام کر چلے

شیدؔا ہیں خوش نصیب کہ قیدِ حیات میں
آرام کچھ بہ فیضِ دل آرام کر چلے

* * *

طناز وہ اک ناز سے دیکھے ہے جدھر بھی
زخمی وہ کرے دل بھی ہے سب کا وہ جگر بھی

کچھ ایسی سمائی ہے وہ آنکھوں میں ہماری
آتی ہے نظر ہم کو اِدھر بھی وہ اُدھر بھی

دردِ غمِ الفت میں ہے تاثیر کچھ ایسی
ہو جائے ہے زائل وہاں دارُو کا اثر بھی

پیچیدہ کچھ ایسی ہے رہِ منزلِ جاناں
ہو جائے ہے گمراہ وہاں جا کے خضر بھی

اللہ رے چلنے کا یہ انداز ہے کیسا
جب پاؤں لڑھکتا ہے لچکتی ہے کمر بھی

روتا ہے جدائی میں تری ابرِ بہاراں
دیدہ مرا بارش نے کیا اور ہے تر بھی

شیدا ہے طلب گار ترے نیشِ نظر کا
اے جانِ جہاں نُوشِ رواں دیکھ اِدھر بھی

⊙

آپ سا دل سے کبھی کوئی جدا ہوتا ہے
ہنس کے پھر دیکھئے پھر دیکھئے کیا ہوتا ہے

دل ہے دیوانہ مرا، دیکھئے آ کر تو کبھی
دیکھ کر آپ کو کیسے یہ فدا ہوتا ہے

کیجیے آ کے بہاراں میں مسیحائیِ دل
سبزہ و گل سے مرا زخم ہرا ہوتا ہے

پہلے ہی حشر سے اِک وادیِ خاموشاں میں
آپ آتی ہیں تو اِک حشر بپا ہوتا ہے

ناروا سب کو اگرچہ ہے دُکھانا دل کا
آپ کے واسطے لیکن وہ روا ہوتا ہے

شکوہ کرتے ہیں اگر، آپ کو ہوتا ہے گلا
نہ کریں شکوہ تو پھر اور گلا ہوتا ہے

ہوتے محشر میں ہیں سرشار مئے کوثر سے
جن کا پیمانۂ دل غم سے بھرا ہوتا ہے

عشق کرتے ہیں جو مخلوقِ خدا سے شیداؔ
ایسے عشاق کا مشتاق خدا ہوتا ہے

* * *

خونخوار ، چکھ کے خون کو ، غم اس قدر ہوا
کھا کر یہ دل کو ، در پئے خونِ جگر ہوا

جو چشمِ خونفشاں سے بچا کر رکھا تھا کچھ
سارا وہ خون تیغِ نظر کی نذر ہوا

تیرے بغیر ، خانہ بر انداز دیکھ تو
برباد آرزو کا چمن کس قدر ہوا

گرچہ غموں نے ہوش نہ لینے دیا مجھے
میں کچھ خیال سے نہ ترے بے خبر ہوا

آنے کی تھی امید نہ تیری اگر تو کیوں
دل اس قدر یہ مضطرب و منتظر ہوا

کیا اب کریں علاج بتا ساقیا کہ جب
دارو سے بھی نہ چارۂ دردِ جگر ہوا

مایوس یوں ہے ہجر میں کیوں ، دیکھ کس طرح
پیدا بطن سے رات کے نورِ سحر ہوا

بے چارگیِ دل تری شیداؔ وہ دیکھ کر
لاچار ہو کے ، خود ہی ترا چارہ گر ہوا

⊙

گرچہ ملنے کے لیے آتا رہا جاتا رہا
پھر بھی میرے ہاتھ سے دلبر مرا جاتا رہا

رہ گئی رسمِ تکلف ، چل بسے راز و نیاز
وہ تعلق ، وہ تلطف ، وہ مزا جاتا رہا

دیکھیے کیسی مسیحائی ہے اُس جلاد میں
دیکھتے ہی اُس کو دردِ دوا لا جاتا رہا

کچھ غمِ فرقت نہ کم تھا ، چھوڑ کر جب تو گیا
مٹ گئی امید دل سے آسرا جاتا رہا

عشق کر کے غیر سے مجھ پر مہربانی ہے کیوں
کیا ترا جانِ جہاں ، ذوقِ جفا جاتا رہا

قتل سے کرتا نہیں آ کر علاجِ جانکنی
دل سے کافر کیا ترے خوفِ خدا جاتا رہا

دے کے دل کیوں ڈھونڈتا پھرتا ہے شیداؔ تو اسے
کیا ہوا گر کھو گیا ، اچھا ہوا جاتا رہا

○

دل بتوں سے تو لگانا چاہیے
ان کا لیکن غم نہ کھانا چاہیے

تختِ گل پر بیٹھ کر گلزار میں
وقتِ گل پینا پلانا چاہیے

دیکھ کر ہم کو بھی ، پھولوں کی طرح
گل رُخوں کو مسکرانا چاہیے

عید کیا جب بھی کبھی موقع ملے
اُن کو سینے سے لگانا چاہیے

ظلم کی عادت ہے گرچہ آپ کو
دل نہ اتنا بھی دُکھانا چاہیے

جتنا چاہے غیر سے ملیے مگر
ملنے ہم سے بھی تو آنا چاہیے

ہیں تو شیداؔ آپ لیکن آپ کو
دل نہ اتنا بھی
لگانا چاہیے

کلامِ شیدا بقلمِ شیدا

ہو لبِ بام جو جلوہ تری رعنائی کا   کم ہوا اے چاند اندھیرا شبِ تنہائی کا

دیدۂ شوق، دلِ شیدا، طبیعت شائق   سارا سامان بہم ہے مری رسوائی کا

ناتواں ہجر میں ایسا ہوں کہ ڈر لگتا ہے   چھوٹ نہ جائے کہیں دامان شکیبائی کا

جابجا رکھے کئی پہلو نہیں رکھا دل ہے جدا   دیکھو شیوہ ہے کیسا مرے ہرجائی کا

لیتا بدلے میں زمانوں کے خدائی ہی بہت   کتنا اچھا ہے یہ سودا ترے سودائی کا

داغ لالہ کو دیا، خار دئے پھولوں کو   شیوہ کیسا ہے یہ تیری چمن آرائی کا

چشمِ شیدا سے بہت گرتے ہیں انجم لیکن

کم نہیں ہوتا اندھیرا شبِ شیدائی کا

سہرا

یہ جو عامر کے سجا آج ہے رخ پر سہرا　　ایسا دیکھا ہے کسی نے کوئی دلبر سہرا

ایسی شہرت ہوئی عالم میں کہ مہماں بن کر　　دیکھنے آتے ہیں امشب مہ و اختر سہرا

شاکرہ ہی کی زباں شکر سے شیریں نہ ہوئی　　نور کی چشم بھی کرتا ہے منور سہرا

بن گیا اپنی درخشانی و رخشانی سے　　شاہ صاحب کے لیے بھی دُر و جوہر سہرا

دلکشی ایسی عمر کے بھی لیے ہے اس میں　　کرتا جراحیِ دل ہے یہ سراسر سہرا

یوں سجی آج عروسِ سخنِ شیدا ہے
کہ بنا حسن کا ہے اُس کے یہ زیور سہرا

سہرا

سعدؔ کے سر پہ جو پھولوں کا لگایا سہرا
پھولے یوں پھول کہ پھولا نہ سمایا سہرا
گل فروشوں کے لیے کام یہ آسان نہ تھا
پھول چن چن کے انھوں نے جو بنایا سہرا
اپنی زیبائی سے تھا غیرتِ گلشن ایسا
باغباں رشک سے پھر دیکھ نہ پایا سہرا
رہی پروا نہ گلستان و نشیمن کی اسے
بلبلِ زار کے یوں دل میں سمایا سہرا
کرنے عش عش لگے مہماں رخِ نوشہ پر
کر کے آراستہ جب ان کو دکھایا سہرا
لائے پر سامنے دولہا کو جو وقتِ شادی
منہ چھپا دیکھ کے دلہن کو نہ بھایا سہرا
کی تو کوشش ہے بہت آپ نے شیداؔ لیکن
کہنا اچھا سا کوئی پھر بھی نہ آیا سہرا

سہرا

روئے مُونس پہ جو اِک آج سجا ہے سہرا
مُونسِ جان محبوں کا ہوا ہے سہرا
ہجر کی جھیلی بلائیں ہیں بہت تب جا کر
دردِ مُونس کی ہوا آج دوا ہے سہرا
ماند کرتا ہے یہ الماس و دُرو لعل و گہر
گل و سُوری و سمن سے جو بنا ہے سہرا
بُشریٰ و کسریٰ و یُسریٰ کی بھی اور آپ کی بھی
یہ انیس ایک دعاؤں کا صلا ہے سہرا
دیکھنے آئے ہیں مہمان جو دنیا بھر سے
کس قدر، کہتے ہیں سب، زیبِ لِقا ہے سہرا
منہ چھپا دیکھ کے مُونس کا مگر شادی میں
سعدیہ کو نہ ذرا سا بھی جچا ہے سہرا
لکھ تو شیدا دیا فرمائشِ بُشریٰ پہ مگر
تو کُجا، شعر کُجا اور کُجا ہے سہرا

سوچ
کلام حافظ
گلیات غالب
خس و اور اقبال
سوچ
ڈاکٹر
سید رشید امجد

ڈاکٹر خالد حمید شیدا کی مایہ ناز کتب

پاکستان میں درج ذیل اداروں سے بھی دستیاب ہیں

★ **برائٹ بکس**، اردو بازار، لاہور

★ **فیروز سنز**، شاہراہِ قائدِ اعظم، لاہور

★ **ویلکم بک پورٹ**، اردو بازار، کراچی

★ **بک سنٹر**، حیدر روڈ، راولپنڈی

★ **بیکن بکس**، گلگشت، ملتان

★ **ناشاد بکس**، جناح روڈ، کوئٹہ

★ **بک بینک**، ارباب روڈ، پشاور

★ **مسٹر بکس**، آبپارہ مارکیٹ، اسلام آباد

بذریعہ وی پی پی طلب کیجیے۔ ڈاک خرچ بذمہ ادارہ

سورج پبلشنگ بیورو

2/12، میاں چیمبرز، 3 ٹمپل روڈ، لاہور۔ فون: 7146970, 6280305